اسمائے النبی ﷺ
پیراہن شعر میں
toobaa-elibrary.blogspot.com
رحمۃ للعالمین
ابو الامتیاز ع س مسلم

اسماء النبی ﷺ

پیراہن شعر میں

ابو الامتیاز ع س مسلم

القمر انٹرپرائزز
رحمان مارکیٹ
اردو بازار: لاہور

خوبصورت، معیاری کتابیں

القمر انٹرپرائزز
اہتمام: محمد سعید اللہ صدیقی

ISBN:978-969-8981-50-1

اشاعت اوّل : ۲۰۱۰
مطبع : عرفان افضل پرنٹرز، لاہور
قیمت : ۱۲۵۰ روپے

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ عَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِکَ فِیْ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیْنَ ○ (۲۷- نمل-۱۹)

"اے میرے ربّ مجھے توفیق (اور مداومت) بخش کہ مَیں تیری نعمتوں (ایمان، علم و عمل) کا جو تُونے مجھے اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی ہیں، شکر ادا کروں، اور اس کی بھی کہ مَیں نیک اعمال پر کاربند رہوں، جس سے تُو راضی ہو، اور مجھے اپنی رحمتِ خاصہ سے اپنے نیک بندوں میں شامل رکھ○

(اور کبھی بھی اِس نعمتِ قُرب سے دُور نہ فرما)"

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ

یٰٓاَیُّهَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○ (۳۳-احزاب-۵۶)

"بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے، نبیؐ (کریم صلی اللہ علیہ وسلم) پر رحمت بھیجتے ہیں، اے اہلِ ایمان تم بھی (میری اور میرے فرشتوں کی متابعت میں) آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر رحمت اور خوب (جیسا کہ حق ہے) سلام بھیجا کرو۔"

سلام اُن پر جنہیں اللہ نے خود بھی سراہا
ازل سے تا ابد کون و مکاں نے جن کو چاہا

سلام اُن پر مبارک نام ہیں سارے اُنہیں کے
محمدؐ، احمدؐ و نورِ ہُدیٰ، یاسینؐ و طٰہٰ

ثنا اور سلام

ثنا اُس کی جو ہے مُؤمِن، مُہَیمِن، رحم والا
سلام اُس پر کیا ہے حق نے جس کا بول بالا

ثنا اُس کی وہ بخشایش گَر و غفّار یکتا
سلام اُس پر جو ہے غُفراں، شفاعت کار یکتا

ثنا اُس کی نہیں آنکھوں نے مستلم جس کو دیکھا
سلام اُس پر سرِ قوسین جس نے اُس کو دیکھا

فہرس

شماریات

تعدادِ اشعار .... ۴،۵۶۵

تخمینہ اَسمائے گرامی .... ۳،۵۰۰ - ۴،۰۰۰

ابوالامتیاز ع س مسلم

کاروانِ کُن فکاں

کاروانِ کُن فکاں، ہر دم رواں　　لمحہء تعمیر میں ہے ہر جہاں

ہے ابھی تک اُس کو منزل کی تلاش　　گُم ہے اِک حیرت کدے میں کہکشاں

پے بہ پے زد میں ہے قلبِ کائنات　　کِس کے حُسنِ شوخ کی ہیں بجلیاں

ہر نفس رنگ و طلسمِ نَو بہ نَو　　آئینے، رعنائیاں، حیرانیاں

زلزلہ پا کب سے ہے نبضِ زمیں　　ہے نمو کے کرب میں آتش فِشاں

ہے پسِ زنگاریِ گُل پیرہَن　　کوئی تو معشوق، پر وہ ہے کہاں

ہر زمانے میں ستیزہ کار ہیں　　زندگی جن کی ہے نقشِ جاوداں

ہے رقم لوحِ جبینِ وقت پر　　لمحے لمحے کے سفر کی داستاں

ہے پرِ پرواز میں بادِ خیال
ہے کہاں مُسلّم حدِ کون و مکاں!

ابوالامتیاز ع س مسلم
ریاض الجنت ، اتوار ، ۷۔ شعبان ۱۴۱۵ھ

آپ صلی اللہ علیہ وسلّم

صبحِ نَو آپؐ، بادِ صبا آپؐ ہیں
نورِ اُمّید ، موجِ رَجا آپؐ ہیں

محورِ قلب و جاں، روحِ فکر و حِکَم
ہر نفَس کے مدارِ بقا آپؐ ہیں

نقطہء ابتدا، مرکزِ زندگی
مصدر و مدعا، مُنتہیٰ آپؐ ہیں

رہبرِ اِنس و جاں، رہنمائے جہاں
مشعلِ راہ، نورُ الھُدیٰ آپؐ ہیں

آپؐ خیر البشرؐ، آپؐ ختمُ الرُّسُل
صاحبِ خیر، خیرُالوریٰ آپؐ ہیں

اوّلیں نورِ حق، آخریں نورِ حق
آپؐ سے ابتدا، انتہا آپؐ ہیں

طائرِ فکرِ پرّاں کے جلتے ہیں پر
سِدرہء فکر سے ماوریٰ آپؐ ہیں

کس کا ہے مرتبہ، کس کے عنوان میں
خود کہا حق نے صلِّ علیٰ، آپؐ ہیں

کس نے مجھ کو کہا مسلمِ بے نوا
میری ہر اک نوا، ہر دعا آپؐ ہیں

ابوالامتیاز ع س مسلم

مُحَمّد صلّی اللہ علیہ وسلّم

اَے تُو مجموعۂ خوبی بچہ نامت خوانم

اشکوں کی شبنم میں پھُولوں کی خوشبو کو گھولوں
تیرے نام سے پہلے مَولاؐ، مُشک سے مُنہ کو دھولوں

یہ تقاضائے فطرت ہے کہ انسان وفورِ محبت میں اپنی محبوب ودلنشیں ہستیوں کو نِت نئے، خوبصورت اور محبت بھرے ناموں سے یاد کرتا، بلاتا اور پکارتا ہے، جنہیں اُس کے جذب وشوق کی فراوانی اور کیف و احساس کی جِدّت، مَوجِ والہانہ کی طرح اُس کے وِجدان پر وارد کر کے الفاظ و بیان میں ڈھال کر قلب و زبان پر جاری کر دیتی ہے۔

پھر اُس محبوب و مقبول ذاتِ پاک کے کیا کہنے جسے اُس کے خالِق نے نہ صرف اپنا حبیب کہا بلکہ اُسی کی زبان سے اپنے بندوں کو ترغیب و تحریص دی کہ اگر تم اُنؐ سے محبت کرو گے تو اللہ (اِسے اتنا پسند کرے گا کہ وہ خود) تم سے محبت کرنے لگے گا۔ یعنی وہ تو اللہ کا حبیب ہے ہی، محمد صلی اللہ علیہ وسلّم سے محبت کی نسبت خود تمہیں بھی اللہ کا محبوب بنادے گی (۳:۳۱)۔

قَدۡ جَآءَ کُمۡ مِنَ اللّٰہِ نُوۡراً (۵:۱۵) کہہ کر آپ کو سراپا نُور کے لقب سے یاد کیا --- اور سرچشمۂ نورِ ہدایت قرار دیا --- کبھی فرمایا کہ وہ "شَاھِد" ہے --- ہمہ دم حاضر وناظر اور اپنے خالق کی ذات، نیز تمام عالمِ انسانیت کے ایمان واعمال کا گواہ ہے --- وہ "مُبَشِّر" ہے۔ رُشد وہدایت اور بخشش و مغفرت کی نوید لے کر آیا ہے --- وہ "نذِیر" ہے۔ سُوءِ اَخلاق اور کج روی سے خبردار کرتا ہے، تاکہ لوگ خطاونسیان میں پڑکر راہِ راست سے نہ بھٹک جائیں (۳۳:۴۵)" اور اللہ کے عذاب کو دعوت دے بیٹھیں --- وہ "دَاعیاً اِلی اللّٰہ" ہے اور اُس کے حکم سے جمیع نوعِ انسانیت کو دعوتِ حق دیتا ہے --- انہیں سچائی کی طرف بلاتا ہے --- وہ سِراجِ مُنیر ہے --- روشن چراغ ہے تاکہ تمہیں جہالت کے اندھیروں سے نکالے اور علم وایمان اور خیر وبرکت کی روشنی میں لے آئے (۳۳:۴۶)۔

اللہ اپنے بندوں سے اپنی لامتناہی شفقت و محبت کی بِنا پر اُن پر اتنا رؤف و رحیم ہے کہ اُس نے اپنی اِس صفت سے اپنے محبوب رَسول محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کو بھی مُتصِف فرماکر خود شہادت دی کہ "تمہاری تکلیف اور مشکل اُن پر بہت شاق گزرتی ہے۔ چنانچہ وہ بہر طور تمہاری دینی و اُخروی فلاح و آسایش کے بڑے خواہاں رہتے ہیں، اور اہلِ ایمان کے حق میں نہایت ہی شفیق و مہربان ہیں (۱۲۸:۹)"۔

وہ خالقِ مُطلَق اپنی مخلوق کے لئے سراپا رحیم و کریم ہے، اور یومِ ازل سے اپنے مُرسَلین اور سلسلہ ٔ صحائف کے ذریعے سے اُن کی ہدایت کا اہتمام فرماتا ہے جس کا وعدہ اُس نے جنت سے سفرِ ارضی کے ہنگام پر ہمارے باپ آدمؑ سے یہ کہتے ہوئے فرمایا: "تم سب یہاں (جنت) سے اتر جاؤ، اور یقین جانو کہ تم کو میری جانب سے ہدایت اور رہنمائی ملتی رہے گی۔ پس جو اُس ہدایت کی پیروی کرے گا اُس کو کچھ خوف نہ ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (۳۸:۲)"

اُس ذاتِ عالی مقام و مرتبت کے ازَلی و ابدی اعزاز و اِکرام کا کس پیمانے سے تعیُّن ہو سکتا ہے جس کے بارے میں اُس کے خالق و مالک نے کہا:

"اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۝ بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے نبیء (کریم صلی اللہ علیہ وسلّم) پر رحمت بھیجتے ہیں۔ اے اہلِ ایمان تم بھی (تاقیامت) آپؐ پر رحمت اور خوب (جیسا کہ حق ہے) سلام بھیجا کرو۔ (۵۶:۳۳)"۔

اور یہ عمل اَزل سے جاری ہے اور ابد تک جاری رہے گا۔ اہلِ ایمان ایسی رفاقتِ عمل کا شُکر کس طرح بجالائیں جو اتنا رفیعُ الشّان ہے کہ اللہ اور اُس کے فرشتوں کی معیّت میں ادا ہوتا ہے۔ اور جس کا ایک پرَتو "وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (۴:۹۴)" میں برقِ نور کی طرح چمکتا ہے، اور اِس شان سے کہ کلمہ طیبہ ہو، اذان ہو یا آپ کا نام ہی لبوں پر آجائے تو ہر جگہ اللہ کے ذِکر کے ساتھ آپ کا ذِکر بھی لازم و ملزوم ہو جاتا ہے۔

حُسن و جمالِ اَسماءُ النبیؐ

پھر آپؐ کی شانِ عُلا کا کن الفاظ میں بیان ہو کہ آپؐ کے مُحِب، باری تعالیٰ نے آپ کو رحمۃً للعالمین کے منفرد لقب سے یاد کیا جو کسی اور رَسول اور نبی کے حصے میں نہیں آیا، بلکہ خصوصی اور نمایاں اہمیت (EMPHASIS) کے لئے "وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ" کا یگانہ تاج سر پر رکھا۔ یعنی "ہم نے تجھے (صرف ہدایت و رسالت کے منصب تک محدود کر کے نہیں) بلکہ تمام کائنات (اور جہانانِ جنّ و انس) کے لئے بطور رحمتِ خاص بھیجا ہے (۱۰۷:۲۱)"۔

حالؔی نے آپؐ کی اِس منفرد شان کو یوں خراجِ عقیدت پیش کیا:

وہؐ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مرادیں غریبوں کی بر لانے والا

اور یہ وہ رحمت ہے جو اُس مالکِ ارض و سماء نے (اپنے بندوں کے لئے) بلا شک و رَیب (خود) "اپنی ذات پر (بھی) واجب کر لی ہے (۱۲:۶)" اور کوئی طالب اِس سے محروم نہ رہے گا---اور جس کے بارے میں وہ اپنے بندوں کو اطمینان دلاتا ہے کہ "اے میرے بندو جو (کبھی بُھولے سے بھی حد سے گزر کر غلطی کر بیٹھے ہوں) میری رحمت سے ہرگز مایوس نہ ہونا۔ مَیں بخشنے والا ہوں---اور رحیم و کریم ہوں (۵۳:۳۹)"۔ وحدتِ رحمت کی اِس یکتائی پر الفاظ و زبان گُنگ رہ جاتے ہیں---حذر---الحذر---بس کہ حدِّ ادب۔

پیار، محبت، جذب و شوق، لطف و انعام اور اِعزاز و اِکرام کے ناموں کے علاوہ اُس نے اپنے بندوں پر بھی آپؐ کی محبت لازم کر کے شہادت دی کہ "مومنین اُنہیں اپنی جان سے زیادہ (عزیز اور) قریب سمجھتے ہیں (۶:۳۳)"۔ ہمہ دم اُن پر فریفتہ ہونے کو اپنی جان ہتھیلی پر لئے پھرتے ہیں---"ہمارے ماں باپ آپ پر فِدا و قربان ہوں" اُن کا تکیۂ کلام رہتا ہے۔ اور پھر آپؐ ہی کی زبان سے یہ کہلوا کر خوشخبری دی کہ "اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو، تو میرا اِتّباع کرو (میرا اِتّباع ہی مجھ سے محبت کی دلیل ہے اور اِس طرح اگر تم مجھ سے محبت کرو گے) تو اللہ تم سے (نہ صرف) محبت کرنے لگے گا (بلکہ) تمہارے (سارے) گناہ (بھی) بخش دے گا (۳:۳۱)"۔ یعنی آپؐ سے محبت تمہیں اللہ کا محبوب بنا دے گی۔

خود محبوبؐ کے الفاظ میں "تم میں سے کوئی شخص (بھی) اُس وقت تک مومنِ (کامِل) نہیں ہوتا، جب تک اُسے میری محبت اپنے باپ، اپنی اولاد، اپنے اہل اور تمام عالَمِ انسانیت سے زیادہ محبوب نہیں ہو جاتی"۔ (حدیث ۱۳-۱۴، ص ۲۰-۲۱، صحیح بخاری، جلد اول، باب حُبِّ رَسولؐ، تاج کمپنی)۔

اِسی نسبتِ محبت کا تقاضا ہے کہ اللہ اور اُس کے بندے اِس محبوبِ مشترکؐ کو چُن چُن کر محبت کے منتخبِ روزگار ناموں سے یاد کرتے ہیں:

تُو محمودؐ، محمدؐ، حامدؐ، تُو احمدؐ، تُو انورؐ
سارے سُندر نام ہیں تیرے، تو یٰسینؐ، تہامی (زَبورِ نعت ۱۲۷)

یہی محبت اہلِ ایمان کے قلب و روح کو حیات بخشتی اور اُن کے خون میں عشق و مستی کی بجلیاں بن کر تڑپتی ہے۔ وہ سوتے جاگتے اُنؐ کو خوابوں میں دیکھتے، اُن کے چہرہ انور کے واری صدقے جاتے،

جذبِ شوق و محبت میں اُن پر دُرود و سلام نچھاور کرتے، اور انہیں اپنی اپنی پرواز کے مطابق خوبصورت اور حسین ناموں سے یاد کرتے اور پکارتے ہیں۔ وہ آپؐ کے احترام میں معمولی سی لغزش بھی برداشت نہیں کر سکتے، اور آپ کے ننگ و ناموس پر قربان ہو جانے ہی کو ازلی و ابدی زندگی کی سعادت تصور کرتے ہیں۔ چنانچہ علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں:

''مَیں تو یہ بھی برداشت نہیں کر سکتا کہ کوئی شخص میرے پاس آکر یہ کہے کہ ''تمہارے پیغمبرؐ نے ایک دن مَیلے کپڑے پہنے ہوئے تھے''۔ (روزگارِ فقیر، جلد ا، ص ۱۳)

تمام خوبصورت ترین نام ذاتِ باری تعالیٰ ہی کے لئے ہیں جس نے انہیں خود اَسماء الحُسنیٰ قرار دے کر اُن کے مُستجاب الدُّعا ہونے کی بشارت دی اور فرمایا: ''سارے خوبصورت نام اللہ ہی کے ہیں، اُنہیں سے اُسے پکارو (۷: ۱۸۰)''، ---''وہ ارض و سماء ہی کیا، ساری کائنات کا مالک ہے، اور ہر شے پر قدرتِ کاملہ رکھتا ہے (۳:۱۸۹)''--- چنانچہ ''زمین اور آسمانوں کے درمیان جو کچھ بھی ہے سب اللہ کی (تعریف و عظمت اور کبریائی کی) تسبیح کرتے ہیں، کیونکہ وہی ہر اقتدار و طاقت کا حامل اور حکمت والا ہے (۵۷:۱)''۔ تعریف و عظمت اور کبریائی کی یہ تسبیح ہر نوعِ مخلوق،--- اِنس و جِنّ، چرند و پرند، بحر و بر، شجر و حجر، شمس و قمر اور انجم و افلاک --- نظامِ کائنات میں، اپنے مقام و مرتبہ، نوعیتِ خِلقت، فطرتِ طبیعی اور مُعیّنہ کردار کے جِبلّی تقاضوں اور آداب کے مطابق زبانِ حال سے کرتی ہے، جس کے باعث تمام نظام، لمحۂ کُن سے بغیر انتشار و خلل کے ایک منظّم انداز سے اُستوار اور اَزل تا ابد جاری و ساری ہے۔

فلسفۂ اَسماء

ناموں (اَسماء) کی اہمیت ایک ابدی حقیقت ہے۔ فرشتوں پر آدمؑ کی فضیلت کا آغاز عِلمُ الاَسماء ہی کا مرہونِ منت تھا جو اُنہیں اُن کے خالق نے تعلیم کیا، اور وہ مسجودِ ملائک ٹھہرے۔ ''اَسماء'' ہی عِلم اور معرفت کا ذریعہ اور اُس کی بنیاد بھی ہیں۔ ہم مختلف اشیاء، مناظر اور کیفیتوں کو اُن کے نام ہی سے DEFINE کرتے یا پہچانتے ہیں۔ نام، کائنات میں تنوع، حُسن، رنگ و بو، تغیر و تبدُّل، نظامِ قدرت کے عرفان اور عِلم و حکمت کے اِرتقاء و فروغ کی بنیاد ہیں۔ اِن کے بغیر عِلم و ہنر، ایجاد و اِبداع، حکمت و تدبر، ترقی و تحرُّک میں تقدُّم کے بجائے تعطُّل کا لامتناہی اندھیرا ناگزیر تھا۔

چنانچہ یہ ایک منطقی بات ہے کہ مٹّی کے آدم کی تعلیم، ناموں کی پہچان: ''وَ عَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا'' (اور اللہ نے آدمؑ کو نام سکھلا دیے --- تمام کے تمام۔ ۲: ۳۱)'' سے شروع ہوئی۔ یعنی تمام اشیائے کائنات کے اَسما اور آثار و خواص کا علم اور معرفت آپ کو ودیعت فرمادیا۔ ''اِسم''، ''مسمّٰی کی ذاتِ

حقیقی کا ظاہری لباس ہے، جو اُس کے عِرفانِ ماہیت کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ اِسم ہی ''حقیقتِ مسمّٰی'' کی کلید ہے اگر عِرفانِ ذات نہ ہو تو صرف ''اِسم'' جان لینا کوئی خاص معنیٰ نہیں رکھتا۔۔۔ گویا تمام علوم وفنون جو انسانِ قیامت تک حاصل کر سکتا ہے، وہ آدمؑ کی وساطت سے ''اَسْمَآءَ کُلَّهَا'' کی ترکیب میں ابنِ آدم کی گھٹی یعنی جِبلّت میں رکھ دیئے گئے۔۔۔ ''کُلَّهَا'' کی لامحدودیت محتاجِ بیان نہیں، صرف آج کے عُلوم وفُنون کی ترقی ہی خیرہ کُن ہے، اور ابھی تو ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں۔

یہ بھی عین منطقی تسلسل ہے کہ وہ، جو محمد صلی اللہ علیہ وسلّم اور ساری کائنات کا خالق ہے، اور جس کی تخلیق کا نقطۂ آغاز نورِ محمدیؐ تھا، اور وہی نقطۂ اختتام بھی کہ اُس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلّم پر ''دین کو مکمل کر دیا اور اپنی نعمت (درجۂ) اِتمام کو پہنچا کر حجت پوری کر دی (۵ : ۳)''۔ اور آپؐ خاتم الانبیاء اور ختم ُالرسل کے منفرد خطاب سے سرفراز ہوئے۔ اُسے اپنی طرح اُن کے لئے بھی اچھے اچھے اور خوبصورت نام محبوب ہیں۔ چنانچہ جس طرح اُن سے محبت کو اپنی محبت گردانا، اُسی طرح اُنؐ کو بھی اپنے خوبصورت ترین ناموں کی طرح حسین ناموں سے یاد کیا۔ بلکہ اپنے بہت سے نام اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلّم کے لئے مختص کر دیئے۔

وہ رؤف و رحیم ہے۔ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کو بھی اِنہیں ناموں سے پکارتا ہے۔۔۔ (وَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْف'' رَّحِیْم'' (۹ : ۱۲۸)۔ وہ ''عزیز'' ہے اور اپنے رسولؐ کو بھی یہی نام دیتا ہے (۹ : ۱۲۸)۔ وہ ''کریم'' ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کو بھی اسی نام سے یاد کرتا ہے (۶۹ : ۴۰)۔

اقبالؒ جب آپؐ کے ذِکر میں قلم اُٹھاتے ہیں تو تمام بلندیاں ہیچ رہ جاتی ہیں:

لَوح بھی تُو، قلم بھی تُو، تیرا وجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے مُحیط میں حباب

باری تعالیٰ کے ننانوے نام مشہور ہیں۔ اتنی ہی تعداد میں اَسماء النبیؐ بھی شمار کئے جاتے ہیں۔ سطورِ بالا میں ''رحمت'' کی یکتائی کے علاوہ مشہور عام ننانوے ناموں میں اللہ اور بندے کے درمیان بہت سے نام مشترک ہیں۔ ظاہر ہے کہ ننانوے کا شمار محض ایک تمثیلی حیثیت کا حامل ہے، ورنہ اُس خالق و مالکِ کائنات کے اَسماء و صفات حدوشمار سے مَاوریٰ ہیں۔ باری تعالیٰ کے اسماءِ حُسنیٰ کی مثال اُس بحرِ بیکراں کی ہے جس کی کوئی اتھاہ نہیں:

وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَام'' وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْز'' حَکِیْم'' ۔ (۳۱:۲۷) : ''اور رُوئے زمین کے تمام درخت اگر سب قلم بن جائیں اور (اس کے موجودہ سمندر) کے علاوہ (ایسے ہی) سات

اور سمندر (روشنائی) ہو جائیں (تو یہ سب ختم ہو جائیں گے) مگر اللہ کے کلمات (کی حکایت کبھی) ختم نہ ہو گی۔ بے شک اللہ بڑا زبردست ہے، حکمت والا ہے"۔

اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم جن کا نور نظامِ تخلیق کا اوّلین مظہر ہے، جو وجہِ وجودِ کائنات ہیں اور جن کا نام اللہ کے نام سے اِس طرح جُڑا ہُوا ہے کہ زمین و آسمان پر اُس کے نام کے ساتھ لیا جاتا ہے، اور جس پر وہ ذاتِ باری تعالیٰ نہ صرف خود سلام ورحمت بھیجتی ہے، بلکہ اپنے فرشتوں (کل مخلوقات اور نوعِ انسانی) بطورِ خاص اہلِ ایمان کو اِس میں شامل کرتی ہے، اور جن کے اسماء و صفات میں خالقِ مطلق کی اپنی ذات و صفات کا پرتَو جھلکتا ہے تو "وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ (۹۴:۴)" کی روشنی میں اُن کی پہنائی کہاں حدِ اِدراک و شمار میں سموئی جاسکتی ہے! اہلِ دل ہمیشہ سے قرآن و حدیث کی روشنی اور اپنی محبت اور وِجدان اور ظرف کے مطابق آپؐ کو اِنہیں حلاوت سے بھرپُور حسین ناموں سے یاد کرتے آئے ہیں، جو قیامت تک اَن گِنَت کہکشانوں اور اُن کے لاتعداد ستاروں کی طرح اُن کے قلوب کو منوّر کرتے اور اُن کی بخشش کا سامان مہیا کرتے رہیں گے۔

"زَبورِ نعت" پر اپنا جائزہ تحریر فرماتے ہوئے ڈاکٹر ریاض مجید نے لکھا:

> "اِسی مجموعہ میں محبت و آداب کے بیان اور حضورِ اکرمؐ کی سیرت و سوانح کے مختلف واقعات، متعلقات، اخلاق و پیغام اور فیوض و برکات کے اِظہار کے ذیل میں اَسمائے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم کا ایک بڑا ذخیرہ بھی تخلیق ہو گیا ہے۔ جو بذاتِ خود ایک جداگانہ مطالعہ کا متقاضی ہے۔ یہ سرمایہ لُغوی، فکری اور معنوی طور پر اتنا اہم ہے کہ "زَبورِ نعت" پر گفتگو کرتے ہوئے پہلی توجہ اِسی طرف جاتی ہے"۔ (ص ۴۶)

انہوں نے بہ کمال شفقت و اہتمام اِن اسمائے گرامی کی ایک تعداد شاملِ تجزیہ کر دی۔ نہ صرف یہ بلکہ اُن کی محققانہ نگاہ سے وہ تراکیبِ لفظی بھی اوجھل نہ رہ سکیں جو "زَبورِ نعت" کی نعتوں میں مستعمل ہوئی تھیں۔ تجزیے میں اُن کی بھی ایک جھلک نظر آئے گی۔ اِس سے یہ خیال اِرتقاء پذیر ہوا کہ کیوں نہ عاشقانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کی تسکینِ ذوق کے لئے آپؐ کے اُن تمام اسماء گرامی کو حروفِ تہجی کے اعتبار سے ایک جگہ جمع کر دیا جائے جن سے اِس گدائے درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم نے اپنے آقا و مولا کو مختلف اوقات میں، جذباتِ محبّت و عقیدت اور فدائیت میں یاد کیا اور دادرسی کے لئے پکارا ہے۔ یہ بھی محسوس ہُوا کہ ناموں کی مجرد فہرست جذب و شوق کی اس گرمی کی عکاس نہیں ہو سکتی جو زبانِ شعر کا خاصہ ہے۔ اس لئے اِن اسماء کو لباسِ شعر میں پیش کرنا ناگزیر ٹھہرا۔

شمارِ اشعار و اسمائے مبارکہ

اکثر اسماء گرامی مختلف انداز سے آئے ہیں۔ نیز جذبوں کی فراوانی سے اکثر ایک ہی شعر میں متعدد اَسمائے مبارکہ قلم بند ہوئے۔ بہت سے اسمائے مبارکہ مُرکّبُ الصِفات ہونے کے باعث اپنی ترکیب اور تہجی کے اعتبار سے ایک سے زیادہ بار شاملِ ترتیب ہو کر باعثِ صد سعادت و برکت ہوئے۔ یہ ایک ایسا ایمان افروز، سرُورِ قلب و جاں اور روح پرور تجربہ تھا کہ اس سے اجتناب انتہائی بد نصیبی ہوتا۔ یہ پیشکش اُسی سعی کا مَاحصل ہے ---

گلدستۂ معنی کو نئے ڈھنگ سے باندھوں
اِک پھول کا مضموں ہو تو سَو رنگ سے باندھوں (میر انیسؔ)

چنانچہ اسمائے گرامی کا درست شمار محال نہیں تو مشکل ضرور تھا، اور بے حساب رحمتوں کی طلبگار طبیعت کو بھی گوارا نہ ہُوا کہ آپ کے تذکار کا حساب کیا جائے۔ تاہم بعض متجسس اَذہان کی تسکینِ طبع کے لیے معلوماتِ ذیل شاید کافی ہوں:

تعدادِ اشعار........................ ۴،۵۶۵

تخمینہ اسمائے گرامی .... ۳،۵۰۰ - ۴،۰۰۰

بعض خاص خاص اَسماء و صِفات کی نسبت سے چند ذیلی عنوانات قائم کر دیے گئے ہیں۔ نیز سہولت کے لئے اصل مادے سے متعلق مختلف تہجی کے چند اَسماء بھی ساتھ درج ہیں، مثلاً شافع ---اور مُشَفَّع --- تاہم ایسے اَسماء مبارکہ اپنے تہجی کے تحت بھی شاملِ کتاب ہیں۔

ہر شعر اپنی جگہ الگ حیثیت کا حامل ہے، تاہم اُس کا انتخاب، اَسماءُالنّبی صلی اللہ علیہ وسلّم سے مَلزوم ہونے کے باعث، سیاق و سباق کے ممکنہ تجسس کی تسکین کے لیے، صاحبانِ ذوق، متعلقہ حوالے کی وساطت سے پوری نعت سے لُطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

اَسماءُالنّبیؐ کی تدوین کے دوران میں یہ حقیقت بھی سامنے آئی کہ ناموں کے علاوہ اشعار کی ایک بہت بڑی تعداد میں آپؐ کا ذِکر یا آپؐ سے اِستغاثہ اَسمائے ضمائر (مثلاً: اُس -- اُن -- اُنہیں -- وہ -- وہی -- تُو -- تم -- تیرا -- تمہیں) جیسے الفاظ میں ہُوا ہے۔ ذرا سے غور سے احساس ہوا کہ عرضِ حال کا یہ انداز، زبان و قلب کو ایک ایسی والہانہ اور بے تکلفانہ لذتِ بیان سے سرشار کرتا ہے جو نبضِ دل کے لئے صد سامانِ تسکین ہے --- تاہم موجودہ مجموعے کی ضخامت کے پیشِ نظر اس میں اشعارِ ضمائر کی

گنجایش نہیں ہے۔ اِن شا اللہ و بتوفیقِ الٰہی ''پیراہنِ شعر'' کی ترتیب کے فوری بعد ان کی الگ ترتیب و تدوین ہاتھ میں لے لی جائے گی۔

امید ہے یہ کوشش شیفتگانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کے لئے لذتِ ذِکر، تسکینِ قلب اور جذبِ محبت میں اضافے کا باعث ہو گی۔ میری استدعا ہے کہ وہ میرے حق میں دعا فرمائیں کہ اِسے اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کا شرفِ قبولیت حاصل ہو، اور ضمائر کے سلسلہ میں باری تعالیٰ مجھے حوصلہ اور ہمت بخشیں۔

ابوالامتیاز ع س مسلم

دبئی، ۱۲۔ ربیع الاوّل ۱۴۳۰ھ
پیر، ۹۔ مارچ ۲۰۰۹ء

تشکُّر

برادرِ محترم پروفیسر عبدالجبار شاکر مرحوم (جنہیں مرحوم لکھتے ہوئے کلیجہ منہ کو آتا ہے) نے کمال محبت اور محنت سے فقیر کی اس کوشش پر ''حرفِ اوّل'' کے عنوان سے بسیط علمی و تحقیقی مقالہ قلم بند کر کے اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم کی اہمیت اور تاریخی حیثیت سے ہمیں آگاہی بخشی۔ حُبِّ رسول صلی اللہ علیہ وسلّم اُن کی تحریر کی ایک ایک سطر بلکہ ایک ایک لفظ میں آنکھوں کی شبنم بن کر جھلک رہی ہے --- عقیدت کے اس سفر میں ان کی سبک روی کا مظہر اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے کہ مجموعے کی ترتیب کا سنتے ہی انہوں نے فرمایا کہ اس کا مقدمہ وہ تحریر فرمائیں گے، اور جب مَیں نے عرض کیا کہ مَیں ایک اور دوست سے اس کی فرمایش کر چکا ہوں، تو بے تکلف کہا، کوئی بات نہیں دو مقدمے ہو جائیں گے۔

اُن کے ذوق و شوق کو دیکھتے ہوئے مَیں نے ''اَسماءالنبی صلی اللہ علیہ وسلّم۔ صدفِ ضمائر میں'' کا ذِکر چھیڑا تو اچھل پڑے کہ اِس کا مقدمہ بھی میں تحریر کروں گا۔ چنانچہ تعمیلِ ارشاد میں مسودہ ان کی خدمت میں پیش کر دیا گیا، اور پھر جب بھی کسی سلسلے میں فون پر رابطہ ہوا تو اس کی تعریف میں رطب اللسان ہو جاتے کہ ''مَیں تو اس کے کیف و سرور میں ڈوبا ہوا ہوں'' --- اس کا خاکہ نہ صرف یقیناً ان کے ذہن میں مرتب ہو چکا تھا، بلکہ عین ممکن ہے کہ انہوں نے تحریر کا آغاز بھی کر دیا ہو۔ (لیکن وقت نے شاید مہلت نہ دی اور بعد وفات اُن کے صاحبزادے جناب رفیع الدین حجازی سے معلوم ہُوا کہ اُن کے کاغذات

میں ایسی کوئی تحریر دستیاب نہیں ہوئی۔ باری تعالیٰ انہیں اس مبارک ارادے کا اجر عطا فرمائے)۔

وہ دِل کے آپریشن کا ارادہ رکھتے تھے۔ ۱۳۔ اکتوبر ۲۰۰۹ء کی صبح اُن کے موبائل پر فون کیا، تو انہوں نے خود جواب دیا کہ ہسپتال میں داخل ہوں اور عنقریب آپریشن کا عمل شروع ہو جائے گا۔ وہ ویسے ہی ہشاش بشاش تھے جیسے کوئی فکر کوئی تشویش اُن کے پاس تک نہ پھٹکی ہو۔ دِن میں کئی بار خیریت دریافت کرنے کے لیے فون کیا، لیکن کسی سے رابطہ نہ ہو سکا۔ اگلے روز ۱۴۔ اکتوبر اُن کے دفتر سے علم ہوا کہ وہ ۱۳۔ تاریخ ہی کو غالباً میرے فون کے ایک گھنٹے بعد ہی آپریشن کے دوران اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ اِنَّالِلّٰہِ وَ اِنَّـآ اِلَیْہِ راجِعُوْنَ۔ اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند کرے۔

لطف یہ ہے کہ میرا اُن سے تعارف صرف چند ماہ قبل ہوا تھا، اور ملاقات صرف ایک بار ہو سکی، لیکن ایسا لگتا تھا جیسے ہم برسوں سے ایک دوسرے کو جانتے ہیں۔ اکثر فرماتے ''آپ سے پہلے کیوں نہ ملاقات ہوئی''۔

مَیں کس منہ سے ان کا شکریہ ادا کروں۔

ڈاکٹر ریاض مجید میرے پرانے کرم فرما ہیں، اور اپنی شفقتوں کے اظہار کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ عبدالجبار شاکر صاحب سے تذکرہ کرتے وقت جن دوسرے مہربان دوست کا نام میرے ذہن میں تھا، وہ ڈاکٹر ریاض مجید ہی کی ذاتِ گرامی تھی۔ وہ پاکستان بھر میں پہلے سکالر ہیں جنہوں نے موضوعِ نعت پر تحقیق و تدقیق کی طرح ڈالی، اور چار سال کی محنت شاقہ کے بعد ۱۹۸۱ء میں پی ایچ ڈی ڈگری سے سرفراز ہوئے، ورنہ اُس وقت تو شعرائے کرام غزل کے مقابلے میں نعت کو پوری طرح شعری صنف کے طور پر قبول کرنے کے بھی روادار نہ تھے۔ اللہ نے انہیں نعت کی چھان پرکھ کا خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، اور ان کو ایسا ذہنِ رسا اور چشمِ بصیرت بخشی ہے جس میں ان کا ثانی نہیں ہے۔ وہ اپنے بحرِ فکر کی غواصی میں مضامین کے ایسے لطیف و نادر گوہر ڈھونڈ نکالتے ہیں کہ بے اختیار زبان پر یہ الفاظ مچلنے لگتے ہیں:

ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

اُن کی تحریر ''مطالعہ'' سے بڑھ کر تخلیقی پہنائیوں کی عکاس ہے۔ گویا وہ اپنے ''مطالعے'' میں اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلّم کی شعری تخلیق اور ترتیب کے دوران قدم بقدم میرے ساتھ اور میری حوصلہ افزائی کر رہے ہیں، اور انبعاثِ فکر و خیال میں بھی میرے ہمرکاب اور ہم پرواز ہیں۔

مَیں ان کا تہِ دل سے شکر گزار ہوں۔ باری تعالیٰ سے دعا ہے کہ انہیں عمرِ طویل عطا فرمائے۔ ان کی فضیلتوں اور درجات میں اضافہ کرے، اور ان کی عنایتیں ہم پر ایسے ہی سایہ کناں رہیں۔

میری خوش بختی ہے کہ حضرت بشیر حسین ناظمؔ کی نگاہِ التفات و محبت و کرم مجھے ہمیشہ اپنے حصار میں رکھتی ہے۔ باری تعالیٰ نے انہیں فکر و خیال، علم و ادب اور شعر و سخن کی تمام خوبیوں سے نوازا ہے۔ اردو اور پنجابی کے علاوہ فارسی اور عربی اور متعلقہ علوم پر انہیں کامل دسترس حاصل ہے۔ وہ بیک وقت شاعر، نثّار، نعت گو اور نعت میں اعلیٰ ترنم رکھتے ہیں، اور اپنے خزائنِ خلوص و حُسنِ اخلاق سے دوستوں کی حوصلہ افزائی میں دل کے غنی ہیں۔ اِس فقیر کے بارے میں ان کی ایک نظم کے چند اشعار ملاحظہ فرمائیے:

وہ نعت میں ہے حضرتِ حسّانؓ کا ردِیف
وہ مثلِ کعبؓ شہؐ کا محاسن طراز ہے

اُس کی زباں میں نور و حلاوت ہیں جلوہ ریز
وہ سایہء بُوصیریؒ عالَم نواز ہے

وہ پیکرِ خلوص و عنایت ہے بالیقیں
دانندہء معانیء حرفِ نیاز ہے (۱۰۔ مارچ ۲۰۰۹ء)

''اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم - پیراہنِ شعر میں'' جب ان کی خدمت میں پیش کی تو انہوں نے ''ارمُغانِ انیقہ فی اسماء و القاب رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلّم'' کے زیرِ عنوان ایک علمی تاریخی مقالہ سپردِ قلم فرمایا، جو شاملِ کتاب ہے، اور یقیناً اہلِ ذوق کی تسکین کا باعث ہو گا۔

مَیں ان کا تہِ دل سے شکر گزار ہوں اور دعا گو ہوں کہ باری تعالیٰ انہیں تا دیر صحت و سلامتی سے رکھے، تاکہ ان کا دستِ شفقت ہم پر ہمیشہ سایہ کُناں رہے۔

ابوالامتیاز ع س مسلم

دبئی، ۲۰۔ ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ
پیر، ۵۔ اپریل ۲۰۱۰ء

پروفیسر عبدالجبار شاکر☆

حرفِ اوّل

اللہ تعالیٰ کے اَسماءُالحسنٰی کے بعد اس کائنات کے بزرگ ترین، مقدس اور محترم نام ''محمد'' اور ''احمد'' صلی اللہ علیہ وسلّم ہیں، جو حجاز میں قریش کے ممتاز قبیلے اور خاندانِ بنو ہاشم کی ایک معتبر شخصیت عبدالمطلب کے پوتے اور عبداللہ اور آمنہ کے فرزندِ ارجمند ہیں۔ مخلوقاتِ عالم کا شاہکار اور احسنِ تقویم آدمؑ ہے، اور اولادِ آدم میں سب سے زیادہ برگزیدہ، متقی اور نیکوکار بندے انبیاء کرام علیہم السلام اجمعین ہیں۔ اِن انبیاء و رُسُل علیہم السلام کے سرتاج اور خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم ہیں جن کی آمد اور بِعثت کی بشارات سے صُحف مقدسہ بھرے ہوئے ہیں۔ قرآن مجید ان کی شخصیت اور سیرت کا سب سے مستند حوالہ ہے جس کے باعث آپؐ خود قرآنِ ناطقؐ ہیں۔

جس طرح قرآن مجید کا ایک ایک لفظ محفوظ ہے بعینہٖ حیات مصطفویؐ کا ہر ہر لمحہ بھی محفوظ ہے۔ آپؐ کی سیرتِ مقدسہ کا ہر پہلو علمی اور عملی ہر دو اعتبار سے اِس کائنات کا سب سے روشن اور شیریں تذکارِ جمیل ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے اُس پر دائمی درود بھیجتے ہیں۔ دن رات کے آٹھ پہروں میں کوئی لمحہ ایسا نہیں گزرتا کہ مسلمانانِ عالم اپنی اذانوں، تکبیروں، نمازوں اور درود و وظائف میں اُسے یاد نہ کرتے ہوں۔ ایسی ہی کامل و اکمل اور جمیل و اجمل شخصیت کے لیے قرآن مجید کا پیش کردہ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ کا تاج دائمی طور پر شانِ رسالت کا طغرائے امتیاز ہے۔

چشمِ اقوام یہ نظّارہ ابد تک دیکھے
رفعتِ شانِ ''رَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ'' دیکھے (اقبال)

پیشِ نظر رہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانِ اوّل حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے پہلے جس علم کی تعلیم دی وہ علم الاسماء ہے جس کے باعث وہ مسجودِ ملائک ٹھہرا، اور انہوں نے آدمؑ کو تعظیمی سجدہ کیا۔ تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے نام بامعنی ہیں مگر اپنے مفہوم کی وسعت، فصاحت اور بلاغت کے اعتبار سے

☆ ڈائریکٹر، سیرہ اسٹڈی سنٹر، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد

''محمد'' اور ''احمد'' کے اسماء میں ایک بحر معانی موجزن اور متلاطم دکھائی دیتا ہے۔ خالقِ کائنات نے اپنے آخری صحیفہ قرآنی میں حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی ذاتِ والا صفات کے لیے کن پیرایوں اور اسالیب میں تعریف و توصیف کے مضامین پیش کیے ہیں، اس کی لذت اور لطف کے لیے صرف ان چند آیاتِ مبارکہ پر توجہ کیجئے:

- اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰۤاَیُّھَاالَّذِیْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○ (الاحزاب ۳۳: ۵۶): ''اللہ اور اس کے ملائکہ نبیؐ پر دُرود بھیجتے ہیں، اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تم بھی ان پر دُرود و سلام بھیجو''۔
- قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○ (آلِ عمران ۳: ۳۱): ''اے نبیؐ، لوگوں سے کہہ دو کہ اگر تم حقیقت میں اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی اختیار کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہاری خطاؤں سے در گزر فرمائے گا وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحیم ہے''۔
- لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ لِّمَنْ کَانَ یَرْجُوا اللّٰہَ وَالْیَوْمَ الْاٰخِرَ وَ ذَکَرَاللّٰہَ کَثِیْراً ○ (الاحزاب ۳۳: ۲۱): ''در حقیقت تم لوگوں کے لیے، اللہ کے رسولؐ میں ایک بہترین نمونہ ہے، ہر اس شخص کے لیے جو اللہ اور یومِ آخر کا امیدوار ہو اور کثرت سے اللہ کو یاد کرے''۔
- وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ○ (القلم ۶۸: ۴): ''اور بے شک آپؐ اخلاق کے بڑے مرتبے پر فائز ہیں''۔
- یٰۤاَیُّھَاالنَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا ○ وَّدَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا ○ (الاحزاب ۳۳: ۴۵-۴۶): ''اے نبیؐ، ہم نے تمہیں بھیجا ہے گواہ بناکر، بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بناکر، اللہ کی اجازت سے اس کی طرف دعوت دینے والا بناکر اور روشن چراغ بناکر''۔
- لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ○ (التوبہ ۹: ۱۲۸): ''دیکھو! تم لوگوں کے پاس ایک رسول آیا

ہے، جو خود تم ہی میں سے ہے، تمہارا نقصان میں پڑنا اس پر شاق ہے، تمہاری فلاح کا وہ حریص ہے، ایمان لانے والوں کے لیے وہ شفیق اور رحیم ہے"۔

- فَلَا وَ رَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَہُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِہِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَ یُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○ (النساء ۴: ۶۵): "نہیں اے محمدؐ! تمہارے ربّ کی قسم یہ کبھی مومن نہیں ہو سکتے جب تک کہ اپنے باہمی اختلافات میں یہ تم کو فیصلہ کرنے والا نہ مان لیں، پھر جو کچھ تم فیصلہ کرو، اس پر اپنے دلوں میں بھی کوئی تنگی نہ محسوس کریں، بلکہ سربسر تسلیم کر لیں"۔

- یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْہُ اِلَی اللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ کُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِکَ خَیْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ○ (النساء ۴: ۵۹): "اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور ان لوگوں کی جو تم میں سے صاحبِ امر ہوں، پھر اگر تمہارے درمیان کسی معاملہ میں نزاع ہو جائے تو اسے اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف پھیر دو، اگر تم واقعی اللہ اور روزِ آخر پر ایمان رکھتے ہو۔ یہی ایک صحیح طریق کار ہے اور انجام کے اعتبار سے بھی بہتر ہے"۔

- وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ○ (الانبیاء ۲۱: ۱۰۷): "اے نبیؐ! ہم نے تم کو دنیا والوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے"۔

- وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَہٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَہُوْا ۚ (الحشر ۵۹: ۷): "جو کچھ رسولؐ تمہیں دے، وہ لے لو اور جس چیز سے وہ تم کو روک دے، اس سے رُک جاؤ"۔

- اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ - (الاحزاب ۳۳: ۶): "بلاشبہ نبیؐ تو اہلِ ایمان کے لیے، اُن کی اپنی ذات پر بھی مقدم ہے"۔

قرآن مجید میں تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو ان کے ذاتی ناموں سے یاد کیا گیا ہے جیسے آدمؑ، ابراہیمؑ، موسیٰؑ، عیسیٰؑ، یحییٰؑ، زکریاؑ، مگر آپؐ کو ہر مقام پر صفاتی ناموں سے ملقب کیا گیا ہے جیسے یٰٓاَیُّہَا الْمُزَّمِّلُ، یٰٓاَیُّہَا الْمُدَّثِّرُ، یٰٓاَیُّہَا الرَّسُوْلُ، یٰٓاَیُّہَا النَّبِیُّ، مگر ذرا ان ناموں پر بھی توجہ دیجیے جو مختلف سورتوں کی

بعض آیات میں بیان کیے گئے ہیں:

شَہِیْد (البقرہ ۲:۱۴۳)- مُصَدِّق (آلِ عمران ۳:۸۱)- شَکُوْر (الزمر ۳۹:۲۶)- بَشَر (الکہف ۱۸:۱۱۰)- کَرِیْم (الحاقہ ۶۹:۴۰)-سِرَاجٌ مُّنِیْر (الاحزاب ۳۳:۴۶)- عَزِیْز (التوبہ ۹:۱۲۸)- رَؤُفٌ رَّحِیْم (التوبہ ۹:۱۲۸)- وَلِی (المائدہ ۵:۵۵)- دَاعِی (الاحزاب ۳۳:۴۶)-صَادِق (الاحزاب ۳۳:۲۲)- اَمِیْن (الاعراف ۷:۶۸)- اَلنَّبِیُّ الْاُمِّیُّ (الاعراف ۷:۱۵۷)- رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْن (الانبیاء ۲۱:۱۰۷)- مُدَّثِّر (مدثر ۷۴:۱)- مُزَّمِّل (مزمل ۷۳:۱)- خَاتَمَ النَّبِیّن (الاحزاب ۳۳:۴۰)- رَسُوْل اللّٰہِ (الاحزاب ۳۳:۴۰)- شَاہِد، مُبَشِّر (الاحزاب ۳۳:۴۴-۴۵)- نَذِیْر، بَشِیْر (البقرہ ۲:۱۱۹)- رَسُوْلُ اللّٰہِ (الاعراف ۷:۱۵۸)- بُرْہَان (النساء ۴:۱۷۴- امام سفیان بن عینیہ نے اس کی تفسیر میں برہان سے حضور کو مراد لیا ہے)- نُوْر (المائدہ ۵:۱۵)- عَبْدِہٖ (الفرقان ۲۵:۱)- عَبْدِنَا (الانفال ۸:۴۱)- حَرِیْص (التوبہ ۹:۱۲۸)-

قرآن مجید کے علاوہ سابقہ صُحفِ سماوی زَبور، تورات اور انجیل میں بھی آپؐ کو مختلف ناموں سے یاد کیا گیا ہے، بالخصوص لفظ "احمد" تورات اور انجیل میں ذِکر ہوا ہے۔ آپؐ کی احادیث مبارکہ میں آپؐ کے متعدد اسماء گرامی درج ہیں۔ جبیر بن مطعم کی روایت میں محمد -- احمد -- ماحی -- حاشر اور عاقب کے پانچ نام آئے ہیں۔ ابو موسیٰ اشعریؓ کی ایک روایت میں محمد -- احمد -- مقفی -- حاشر -- نبی التوبہ اور نبی الرحمۃ کے اسماء ملتے ہیں۔ اسی طرح بعض دوسری روایات میں جواد -- حبیب اللہ -- رسول الرحمۃ -- شافع -- خازن -- سید القوم -- مصطفیٰ اور ولی کے نام بھی ملتے ہیں۔ قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری نے اپنی شہرۂ آفاق سیرت "رحمۃ للعالمینؐ" کی تیسری جلد کی فصل پنجم میں "اسماء الرسولؐ" پر خصوصیت سے بحث کی ہے جو لائقِ مطالعہ ہے۔ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے بزرگوں کے ناموں پر توجہ دلاتے ہیں اور ان کو "ارہاصِ نبوت" قرار دیتے ہیں۔ آپؐ کے والد گرامی کا نام "عبد اللہ"، والدہ ماجدہ کا نامِ نامی "آمنہ" اور دایہ کا اسم گرامی "حلیمہ" ہے۔ بقول قاضی صاحب:

"یعنی حضور ہی ایسے مقدس ہیں جن کا پیکرِ اطہر عبودیت کے خون سے بنا، جنہوں نے امن کے بطن میں مراتبِ وجود کو مکمل فرمایا، جن کی تربیت حِلم و بردباری کے شِیر سے ہوئی۔ کیا ایسے اسماء کا اجتماع محض اتفاقی ہے؟ نہیں، بلکہ قدرت اِس مولودِ مسعود کی شانِ رفیع کی

آئینہ داری فرما رہی ہے اور بتلا رہی ہے کہ جس بچے کے پیکرِ عنصری میں ایسے فضائل کی جامعیت نمودار ہو، ضرور ہے کہ وہ بچہ حقیقتاً "محمدؐ" ہو۔

محمدؐ "مجموعۂ ہر خوبی"

اسماء رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کے ماخذ، مراجع اور مصادر پر غور کیا جائے تو سب سے پہلے قرآن مجید میں بیان کردہ اسماء گرامی ہیں۔ جن حضرات نے قرآن مجید کی آیاتِ مبارکہ کی غواصی کی ہے تو اس میں سے دو سو سے زائد اسماء کو تلاش کیا گیا ہے۔ احادیث کے مختلف مجموعوں میں تلاش و جستجو سے بھی پچاس سے زائد اسماء گرامی کا پتہ چلتا ہے۔ اسماء الرجال، مغازی اور تاریخ کی کتب میں بھی بہت سے صفاتی نام ملتے ہیں، جنہیں اِس موضوع کی مختلف کتابوں میں درج کیا گیا ہے۔

مطالعہ و تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ اسماء النبیؐ کے سلسلے میں سب سے بڑا ذخیرہ مدائحِ نبویہ اور نعت و نیائش کے گلدستوں میں اپنی مہک اور بہار دکھا رہا ہے۔ ایسے تمام ناموں پر غور کیا جائے تو اُن کی ساخت اور تشکیل میں آپؐ کی ذات اور پیغام سے ایک گہری عقیدت اور بصیرت دکھائی دیتی ہے۔ آپؐ کی سیرت و کردار اور اُسوۂ حسنہ کے ہر پہلو اور ہر رنگ نے ایک صفاتی اسم کو تخلیق کیا ہے اور یہ محبت بھرا سلسلہ ہمیشہ قائم رہے گا۔ اسماء النبی الکریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ایک محبت آمیز اور عقیدت افروز دریچہ وہ بھی کھلتا ہے جس کا تعلق آپؐ کے جسمانی اور بدنی حسن و جمال اور شمائلِ نبویہ سے ہے۔ جمالِ رسالت سے عقیدت کو ہم آہنگ کیا جائے تو کچھ اس طرح کی قوسِ قزح ترتیب پائی ہے، جس میں بہت مزید رنگوں کا اضافہ ممکن ہے:

> الاحشمؐ، حسن النعمؐ، البدیعؐ، الاحسنؐ، احسن النّاسؐ، احلی النّاسؐ، احلم من کلامؐ، ابلجؐ، الازھرؐ، ابیضؐ، الادعجؐ، الازجؐ، الاشنبؐ، الکحیلؐ، تام الاذنینؐ، حسن العینینؐ، حسن الحیةؐ، رجب الصدرؐ، حسن الصوتؐ، الدّھینؐ۔

آسمان پر آپؐ کا نام "احمدؐ" ہو یا زمین پر آپؐ کا اسم گرامی "محمدؐ" ہو، یہ دونوں لفظ "حمد" سے مشتق ہیں۔ قرآن مجید کا آغاز بھی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ سے ہوتا ہے۔ آخرت میں آپؐ کے مقامِ شفاعت کو "مقامِ محمود" سے یاد کیا گیا ہے۔ آپؐ کی امت کو "حمّادون" قرار دیا گیا ہے، جب کہ آپؐ کا علَم یا جھنڈا "لِواء الحمد" کہلاتا ہے۔ لغتِ عرب میں "محمدؐ" کے معنی مجموعۂ خوبی اور مخلوقِ کامل کے ہیں۔

اسی باعث یانامِ گرامی بذاتِ خود ختمِ نبوت کی ایک دلیل قرار پاتا ہے۔

صاحبِ "قاموس" نے لفظ "محمدؐ" کے دو معنی بیان کیے ہیں ایک یہ کہ "جس کا حق پورا کر دیا گیا ہو" اور دوسرے یہ کہ "جس کی تعریف بے اختیار کی گئی ہو"۔ اِسی لغت نگار نے ایک اور معنی کی طرف بھی توجہ دلائی ہے کہ "وہ جس کا ہر جزو قابلِ تعریف ہو"۔ محمدؐ کا لفظ "تعریف کیا گیا" کے معنیٰ میں بھی کثرت سے استعمال ہوا ہے۔

عجیب بات ہے کہ دنیا میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والے اِس لفظ کی معنوی تعبیریں، لغوی نفاستیں، وصفی کمالات اور لسانی تشکیلات جس قدر نظم میں بیان ہوئی ہیں، اُس کا ہزارواں حصہ بھی نثر میں دکھائی نہیں دیتا۔ سیرتِ نبوی کا نثری سرمایہ اپنی جامعیت اور وسعت کا کوئی شمار نہیں رکھتا مگر بسا اوقات سیرت کی کوئی بڑی کتاب بھی قاری کے قلب و نظر پر اتنا گہرا اثر نہیں چھوڑتی جتنا کسی نعت کا ایک شعر دل و دماغ میں انبساط و انشراح پیدا کر دیتا ہے۔ ایسا شعر سماعت کے مرحلے سے گزر کر قلب و نظر کی دنیا ہی تبدیل کر دیتا ہے۔ عربی، فارسی اور اردو کے نعتیہ ذخیرے سے چند اشعار درج کیے جاتے ہیں، جس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ مِدحتِ نبویؐ اور نعتِ پیغمبرؐ کے بیان میں مضامین و موضوعات کا تنوع، اسالیب کی جِدت، الفاظ کا انتخاب، تراکیب کی ساخت اور اصنافِ سخن کی بُو قلمونی اذہان و جذبات پر کیا اثرات مرتب کرتی ہے:

انَا النَّبِیُّ لَاکَذِبُ
انَا ابنُ عَبدُالمُطَّلِبُ (محمد رسول اللہؐ)

وَاَبْیَضُ یُسْتَقَی الْغَمَامَ بِوَجْھِہٖ
ثِمَالُ الْیَتَامیٰ عِصْمَۃٌ للارامل (ابو طالب)

وَأحُسَنُ مِنکَ لَمْ تَرَقَطُّ عَینی
وَأجْمَلَ مِنْکَ لَمْ تَلِدِ النساء
خُلِقْتَ مُبرّاً مِّنُ کُلِّ عَیْبِ
کَأنَّکَ قَدْ خُلِقْتَ کَماَ تَشَاء (حسان بن ثابتؓ)

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائماً اَبدًا
عَلیٰ حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ (امام بوصیری)

بلغ العلیٰ بکمالہٖ کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ صلّوا علیہ وآلہٖ (سعدی شیرازی)

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر
نفس گُم کردہ می آید جنیدؒ و بایزیدؒ اینجا (عزت بخاری)

ہزار بار بشویم دہن زمشک و گلاب
ہنوز نام تو گفتن کمالِ بے ادبی است

حُسنِ یوسفؑ، دمِ عیسیٰؑ، یدِ بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند توﷺ تنہا داری (عبدالرحمٰن جامی)

نسیما جانب بطحا گزر کن
زِ احوالم محمدﷺ را خبر کن (عبدالرحمٰن جامی)

غالب ثنائے خواجہﷺ بہ یزداں گذاشتیم
کاں ذاتِ پاک مرتبہ دان محمدﷺ است (غالب)

آفاق ہا گردیدہ ام، مہر بتاں ورزیدہ ام
بسیار خوباں دیدہ ام اما توﷺ چیزے دیگری (خسرو دہلوی)

خدا خود میرِ مجلس بود اندر لامکاں خسرو
محمدﷺ شمعِ محفل بود شب جائیکہ من بودم (خسرو دہلوی)

ہشدار کہ نتواں بیک آہنگ سرودن
نعتِ شہ کونینﷺ و مدیح کے و جم را (عرفی)

عرفی مشتاب ایں رہِ نعت است نہ صحرا است
آہستہ کہ رہ بر دمِ تیغ است قدم را (عرفی)

درِ دلِ مسلم مقامِ مصطفیٰﷺ ست
آبروئے ما ز نامِ مصطفیٰﷺ ست (اقبال)

یا صاحبَ الجمال و یا سیدِ البشر
مِن وجِہکَ المُنِیر لقد نَوّرَ القمر
لا یمکن الثنا کما کَان حقُہٗ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر
(غیر مُحقّق، اغلباً سعدی شیرازی)

چشمِ رحمت بکشائے سُوئے من انداز نظر
اے قریشیؐ لقَب و ہاشمیؐ و مُطّلِبیؐ
(قدسی)

اے خاصۂ خاصانِ رسلؐ وقتِ دعا ہے
امت پہ تری آ کے عجب وقت پڑا ہے
(حالی)

ہو نہ یہ پھول تو بلبل کا ترنم بھی نہ ہو
چمنِ دہر میں کلیوں کا تبسّم بھی نہ ہو

یہ نہ ساقی ہو تو پھرمے بھی نہ ہو خُم بھی نہ ہو
بزمِ توحید بھی دنیا میں نہ ہو، تم بھی نہ ہو

خیمہ افلاک کا اِستادہ اسی نام سے ہے
نبضِ ہستی تپش آمادہ اسی نام سے ہے
(اقبال)

قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں اسمِ محمدؐ سے اجالا کر دے
(اقبال)

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا، لوح و قلم تیرے ہیں
(اقبال)

وہ دانائے سُبُل، ختمُ الرُسُل، مَولائے کُل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا، فروغِ وادیٔ سینا

نگاہ عشق و مستی میں وہی اوّل، وہی آخر
وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ
(اقبال)

دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمہیؐ تو ہو
ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تمہی تو ہو
(ظفر علی خاں)

جو فلسفیوں سے کھل نہ سکا اور نکتہ وروں سے حل نہ ہوا
وہ راز اِک کملیؐ والے نے بتلادیا چند اشاروں میں
(ظفر علی خاں)

سلام اے آمنہ کے لالؐ، اے محبوبِ سبحانیؐ
سلام اے فخرِ موجوداتؐ، فخرِ نوعِ انسانیؐ
(حفیظ جالندھری)

سلام اس پر کہ جس نے بے کسوں کی دست گیری کی
سلام اس پر کہ جس نے بادشاہی میں فقیری کی
(ماہر القادری)

دانشؔ میں خوفِ مرگ سے مطلق ہُوں بے نیاز
مَیں جانتا ہوں مَوت ہے سنت حضورؐ کی
(احسان دانش)

ہے میرے لفظ لفظ میں گر حُسن و دلکشی
اس کا یہ راز ہے میرا معیار آپؐ ہیں
(احمد ندیم قاسمی)

تُو بشر بھی ہے، مگر فخرِ بشر بھی تُو ہے
مجھ کو تو یاد ہے بس اتنا سراپا تیرا
(احمد ندیم قاسمی)

کوئی اس کا مشابہ ہے نہ ہمسر نہ نظیر
نہ کوئی اس کا مماثل، نہ مقابل نہ بدل
(محسن کاکوروی)

ہاں اسمِ محمدؐ ہے مرے نطق کی توقیر
الفاظ کو مفہوم ملا سرورِ دیںؐ سے
(ابوالخیر کشفی)

جعفرؔ مرے معبدِ غزل میں
مِدحت کا چراغ جل رہا ہے
(جعفر بلوچ)

فروغِ اسمِ محمدؐ ہے میرا نصب العین
بکارِ احسن و اعلیٰ، اِک اسفل و ادنیٰ
(عبدالعزیز خالد)

مختصر یہ ہے کہ اے جانِ ضمیرِ کائناتؐ
تیرے فیضِ عام نے انساں کو انساں کر دیا
(روشؔ صدیقی)

ہر قول و فعلِ حضرتِ محبوبِ کبریاؐ
تا حشر خلق کے لیے دستور ہو گیا
(خواجہ عزیز الحسن مجذوب)

خدا نے آپ کہا ہے تجھے سراجِ منیرؐ
جہاں کو نورِ ہدایت تری جبیں سے ملا
(محشرؔ رسول نگری)

جو پہلی ہی منزل میں تھا مسجودِ ملائک
معراج کی شب کو وہ بشر کیسا لگے گا
(نذرؔ صابری)

جو شعر تیری صفت میں ہو کیوں نہ خوشبو دے
گلاب و لالہ و نسرین و نسترن کی طرح
(امینؔ گیلانی)

نعت منشائے الٰہی، نعت نطقِ جبرئیل
نعت ہے حکمت کی بُرہاں، نعت عرفاں کی دلیل
نعت جذبِ جاودانی، نعت کیفِ سرمدی
نعت ہے مینائے کوثر، نعت موجِ سلسبیل
(علیمؔ ناصری)

نہیں لائقِ نذر بہزادؔ کچھ بھی
مَیں کیا پیشِ شاہِ شہاںؐ لے کے جاؤں
(بہزادؔ لکھنوی)

لے جائے گی منزل سے بہت دُور بشر کو
جو جادہ سفر کا ترے جادے کے سوا ہے

صیدِ مژگانِ محمدؐ ہیں، غزالانِ حرم
اس لیے ناوک و پیکاں کے سزاوار نہیں
(سید سلیمان ندوی)

مدینے کا سفر ہے اور مَیں نم دیدہ، نم دیدہ
جبیں افسردہ افسردہ، قدم لغزیدہ لغزیدہ
(اقبالؔ عظیم)

پوچھو نہ فرشتوں سے نہ انسان سے پوچھو
عظمت شہ ابرارؐ کی قرآن سے پوچھو (اعجاز رحمانی)

خوشبو ہے دو عالم میں تری اے گلِ چیدہ
کس منہ سے بیاں ہوں ترے اوصافِ حمیدہ
یوں دُور ہوں تائبؔ مَیں حریمِ نبوی سے
صحرا میں ہو جس طرح کوئی شاخِ بریدہ (حفیظ تائبؔ)

آزادؔ اور فکر جگہ پائے گی کہاں
الفت ہے دل میں شاہِ زمن کی بھری ہوئی (ابوالکلام آزاد)

تیرے اوصاف فقط تجھ سے بیاں ہوتے ہیں
نعت خود لکھی، بہ پیرایۂ سیرت لکھی (خالد احمد)

موسمِ حبِّ نبیؐ میں پھلیں غنچے میرے
ذکر سُن سُن کے ترا نسل جواں ہو میری (ریاض مجید)

اگر تم مقصدِ عالم نہیں ہو
تو پھر کچھ مقصدِ عالم نہیں ہے (شان الحق حقی)

آنکھیں بچھا رہے ہیں مہ و برق و آفتاب
کیسے بیاں ہو میرے آقاؐ کی روشنی (صبیح رحمانی)

طیبہ میں سدا صبحِ مسلسل کا سماں ہے
جس شہر میں سورج ہے وہاں رات کہاں ہے (عاصی کرنالی)

آئینِ مصطفیٰؐ کے سوا حلِّ مشکلات
یہ عقل کا فریب، نگاہوں کی بھول ہے (کوثر نیازی)

بظاہر فاصلے ہوں، دُوریاں ہوں، لاکھ پردے ہوں
مگر انؐ سے تعلق روح کو اندر سے ملتا ہے (ذکی کیفی)

بعثتِ خواجہؐ ہوئی بعد رسولانِ کرام
صفیں ہو جائیں مکمل تو امامؑ آتا ہے (حافظ مظہر الدین)

وہ انقلاب کہ اسلام جس کو کہتے ہیں
وہ تیرے نُطق سے پیدا دکھائی دیتا ہے (یوسف جمال انصاری)

اشکوں کی شبنم میں پھولوں کی خوشبو کو گھولوں
تیرے نام سے پہلے مَوْلا، مُشک سے منہ کو دھولوں

اس زمین پر ایک لمحے کو بھی شب ہوتی نہیں
ہر گھڑی، ہر آن ہے گویا سحر کی روشنی

محبوبِ رب جو ہے وہی میرا حبیب ہے
ہم ذوقِ ذوالجلال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں

شب کی تنہائی میں اُن کی یاد ہے اشکِ رواں
ایک سیلِ نور اندھیاروں کو اجیارا کرے

تیرا راج دلوں کے اوپر، تیرے بول رسیلے
امرت ہے ہر روگی من کو تیری حسن کلامی (ابوالامتیاز ع س مسلم)

ایک تصویر نگاہوں کو سکوں دیتی ہے
امِ معبدؓ سے سنا مَیں نے سراپا تیرا
جانے کس شان سے جبریلِ امین پڑھتا تھا
مصحفِ پاک میں لکھا جو قصیدہ تیرا (عبدالجبار شاکر)

یہ مدحتِ پیغمبرؐ اور نعتِ نبیؐ کا مختصر ترین اور انتہائی نامکمل شعری انتخاب ہے جس میں عربی، فارسی اور اردو کے محض چند شعراء کرام کے منتخب اشعار پیش کیے گئے ہیں وگرنہ اس گلستان میں ہزاروں شعراء کے لاکھوں اشعار اپنی بہار دکھا رہے ہیں۔ مسلمانوں کے لیے تو یہ بیان وجہِ سکونِ حیات اور طمانیتِ قلب و جان ہے مگر اس پیغمبرِ جمالؐ کے دل دادگان اور فریفتگان میں تمام مذاہب و اَدیان کے شعراء صف باندھے دکھائی دیتے ہیں۔ برصغیر پاک و ہند میں سیکڑوں ہندو شعراء کرام نے نعت کے میدان میں اپنے اعلیٰ

جذبات کا اظہار کیا ہے جو اُن کی انسان دوستی اور رواداری کی ایک قابلِ قدر اور لائقِ تحسین مثال ہے۔

ڈاکٹر سید عبداللہ نے اپنے تحقیقی مقالے ''ادبیاتِ فارسی میں ہندوؤں کا حصہ'' میں بہت وضاحت سے لکھا ہے کہ کس طرح سے برِّصغیر میں مسلمانوں کے ہزار سالہ عہد حکومت نے عربی اور فارسی کے حوالے سے اپنے اثرات دوسرے مذاہب کے افراد میں منتقل کیے۔ ۱۸۳۱ء تک جب کہ فارسی زبان کا چلن ہمارے سرکاری اداروں میں جاری تھا، ہندو مسلم سبھی لوگ اس زبان سے تعلق رکھتے تھے۔ فارسی کے ساتھ اردو زبان نے جب اپنی جڑیں برصغیر کے مختلف علاقوں میں مضبوط کیں تو اردو زبان بھی ایک مشترکہ سرمائے کے طور پر مشہور اور مقبول رہی۔ یہی وجہ ہے کہ اس زبان کے تہذیبی اور ثقافتی رچاؤ نے دوسرے مذاہب کے علم دوست حضرات کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ انہوں نے ان زبانوں میں اسلامی ادبیات کا مطالعہ کیا اور اور اس کے اثرات ان کی شاعری میں بھی مرتب ہوئے جس کا ایک اظہار نعتیہ ادب کی صورت میں ہوا۔

ہندو شعراء کے نعتیہ کلام کا جائزہ لیں تو اس میں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلّم کا تذکارِ جمیل زیادہ تر ایک عظیم انسان اور ایک بلند اخلاق کی حامل شخصیت کے طور پر ہوا مگر ان میں سے بعض شعراء وہ بھی ہیں کہ جنھوں نے آپؐ کی پیغمبرانہ حیثیت اور آپؐ کے اخلاقی اور روحانی فیوض و برکات کی بھی تعریف و توصیف کی ہے۔ اسلام کی روشن کرنیں یوں تو خلافتِ عثمانی میں مکران اور قلات کے علاقوں کو روشن اور منور کررہی تھیں مگر محمد بن قاسم (۹۳ھ - ۷۱۱ء) کے سندھ میں ورودِ مسعود سے اس کی جڑیں مزید مضبوط ہوتی چلی گئیں۔ محمد بن قاسم کے اخلاق اور شرافت سے ہندو اس قدر متأثر ہوئے کہ انہوں نے اُس کے بت بنا کر اپنے مندروں میں سجائے اور اسے پرنام کیا۔ اس کے بعد ہزار سالہ مسلم دَورِ حکومت میں اسلامی تعلیمات اور مسلم اقدار و روایات نے کروڑوں انسانوں کو متأثر کیا۔ لاکھوں خاندان دامانِ مصطفوی سے مستقلاً بندھ گئے مگر ہزاروں اپنے مذاہب پر قائم رہتے ہوئے بھی مسلم تہذیب کی ثقافتی اقدار کے گرویدہ ہوئے اور اس گرویدگی کا ایک اظہار وہ نعتیہ ادب بھی ہے جو ہندو شعراء نے تخلیق کیا اور وہ بلاشبہ سیکڑوں نعتوں کے ہزاروں اشعار پر مشتمل ہے۔ چار سو کے قریب ایسے ہندو، سکھ اور عیسائی شعراء کا اردو کلام ملتا ہے جنھوں نے نعتِ نبیؐ کی سعادتوں سے اپنے دامن کو بھرا ہے۔

کلام ہندو - دیگر غیر مسلم شعراء اور حفظِ مراتب

ان غیر مسلم شعراء کے نعتیہ کلام کا مطالعہ کرتے ہوئے ایک خوش گوار حیرت کا سامنا ہوتا ہے کہ

ان حضرات نے اپنے نعتیہ مضامین میں حفظِ مراتب کا بہت لحاظ رکھا ہے۔ مجھے اپنے چند ہندو اور سکھ احباب سے علمی گفتگو کرتے ہوئے اس عقیدت کا ذاتی تجربہ بھی ہوا۔ میرے دوست سردار سرجیت سنگھ لانبہ جنہوں نے نعتِ رسولؐ کہنے کی عزت حاصل کی اور سیرتِ نبویؐ پر ایک مستقل کتاب ''قرآنِ ناطقؐ'' کے عنوان سے لکھی ہے جو مکتبہ ''نشریات'' اردو بازار، لاہور سے شائع ہو چکی ہے۔ اس کتاب پر اگر ایک سکھ مصنف کا نام نہ لکھا ہو تو کوئی گمان بھی نہیں کر سکتا کہ یہ کسی غیر مسلم کی لکھی ہوئی کتابِ سیرت ہے۔ ان میں سے بہت سے حضرات کے ہاں محض لفاظی اور مضمون آفرینی ہی نہیں بلکہ اخلاص اور جذبات کی فراوانی بھی ملتی ہے۔ مسلمانوں کے ہاں مولود کے نام سے جن مجالس کا انعقاد ہوتا تھا، ان میں دُرگا سہائے سُرور جہاں آبادی (م ۱۹۱۰ء) کی ایک مخمس کو بہت شہرت حاصل تھی، اس کا ایک بند ملاحظہ ہو:

نہیں خورشید کو ملتا ترے سائے کا پتا
کہ بنا نور ازل سے ہے سراپا تیرا
اللہ اللہ ترے چاند سے مکھڑے کی ضیا
کون ہے ماہِ عرب، کون ہے محبوبِ خدا
اے دو عالَم کے حسینوں سے نرالے آجا

منشی روپ کشور نامی سہارنپوری نے جس قدر غزلیں کہی ہیں، ان کا مطلع ہمیشہ نعتیہ مضمون کا حامل ہوتا تھا۔

آیا جو نامِ پاک محمدؐ زبان پر
صلِّ علیٰ کا شور ہُوا آسمان پر

رسولوں میں محمدؐ مصطفیٰ تم سب سے برتر ہو
قسیمِ آبِ کوثر ہو، شفیعِ روزِ محشر ہو

برصغیر کے غیر مسلم ہندو شعراء میں پنڈت ہری چند اختر کا کلام بہت پسندیدگی کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ ان کی یہ نعت تو مقبولیت کی آخری حدوں کو چھوتی دکھائی دیتی ہے۔ اس کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

کس نے قطروں کو ملایا اور دریا کر دیا
کس نے ذرّوں کو اُٹھایا اور صحرا کر دیا

کس کی حکمت نے یتیموں کو کیا دُرِّ یتیم
اور غلاموں کو زمانے بھر کا مَولا کردیا
آدمیت کا غرض ساماں مہیا کردیا
اِک عربؐ نے آدمی کا بول بالا کردیا

غیر مسلم شعراء کی نعتیہ کاوشوں کی جمع و ترتیب کے حوالے سے سب سے اوّلیں کوشش پنجاب کے تاریخی قصبے سوہدرہ کے حکیم عبدالمجید خادمؔ سوہدروی نے کی جنہوں نے ہندو شعراء کے نعتیہ کلام کو جمع کر کے شائع کیا۔ فیصل آباد سے "ہندو شعراء کا نعتیہ کلام" کے عنوان سے ایک کتاب فانی مراد آبادی کی ترتیب سے شائع ہوئی۔ "ہندو شعراء دربارِ رسولؐ میں"، محترم محمد محفوظ الرحمٰن کی کاوش ہے۔

"اردو کے مسیحی شعراء" کے عنوان سے ایک کتاب ڈی اے ہیری سن قرباںؔ نے مرتب کی جو بھارت سے شائع ہو چکی ہے۔ "اردو ادب میں سکھوں کا حصہ" کے نام سے ایک مفید کتاب امام مرتضٰی نقوی کی کوششوں کی رہینِ منت ہے۔ برصغیر کے عیسائی شعراء میں سے الن جون مخلصؔ بدایونی پہلے شاعر ہیں جن کا نعتیہ کلام "گلدستۂ نعت" کے نام سے ۱۹۳۹ء میں بدایوں سے شائع ہو چکا ہے۔ مگر اس سلسلے کا سب سے اہم اور وقیع تحقیقی کام کراچی سے محترم نور احمد میرٹھی نے کیا ہے جو " بہَر زمان بہَر زبان صلی اللہ علیہ وسلّم" کے عنوان سے ادارہ فکرِ نو، کراچی سے ۲۰۰۶ء میں شائع ہوا ہے اور اس میں ۳۹۱ غیر مسلم شعراء کا نعتیہ کلام شامل ہے۔ اس گراں قدر تحقیقی کام میں ان تمام شعراء کے حالات و سوانح کی ممکنہ تفصیلات کو بھی پیش کیا گیا ہے۔ راقم کے نزدیک یہ علمی اور تحقیقی کاوش خزینۂ سیرت کا ایک انمول ہیرا ہے۔ نعت نبویؐ کی عالمی تفہیم کے حوالے سے یہاں چند غیر مسلم شعراء کے نمونۂ کلام کو پیش کیا جاتا ہے۔

کونین ہے اِک کوچہء محبوبِ دو عالم
فردوس ہے اِک گوشۂ دامانِ محمدؐ
ہر ایک کا حصہ نہیں نعتِ نبیؐ جوہرؔ
اللہ جسے بخش دے عرفانِ محمدؐ (چندر پرکاش جوہرؔ)

پڑھتا ہوں نعت جب میں تو کہتے ہیں اہلِ دل
اے قیسؔ! تُو ہے بلبلِ بُستانِ مصطفٰیؐ (امرچند قیسؔ جالندھری)

انوار بے شمار معدود نہیں
رحمت کی شاہراہ مسدود نہیں
معلوم ہے کچھ تم کو محمدؐ کا مقام؟
وہ امتِ اسلام میں محدود نہیں (فراقؔ گورکھ پوری)

الفتِ حضرتؐ کا ناقدؔ ایک ادنیٰ ہے یہ وصف
یہ کمالِ نعت گوئی اور پھر ہندو میں ہے (ناقدؔ دہلوی)

کیوں وجد آفریں نہ ہو احساسِ زندگی
گونجا ہے سازِ روح پر نغمہ رسولؐ کا (گوپال کرشن شفقؔ)

کچھ عشقِ محمدؐ میں نہیں شرطِ مسلماں
ہے کوثریؔ ہندو بھی طلب گارِ محمدؐ
ہے حسّانؓ پہلا تو مَیں دُوسرا ہوں
نہیں فرق اوّل میں ثانی میں رکھا
خدا نے اُسے سونپی محفل عرب کی
مجھے بزمِ ہندوستانی میں رکھا (دِلّو رام کوثریؔ)

شانِ معراج سے یہ عقدہ کھلا
مرکزِ عشق ہیں خاتم الانبیاء
"لانَبِیَّ بعدی" قولِ محبوبِ حق
وِرد اس کا ہے بھگوانؔ صبح و مسا (جسٹس رانا بھگوان داس)

تصویر اگر شمعِ رسالتؐ کی لکھوں میں
خامہ سے نکل جلوۂ شقُّ القمر آوے (بالا پرشاد ربطؔ)

کافر ہوں کہ مومن ہوں خدا جانے مَیں کیا ہوں
پر بندہ ہوں اس کا جو ہے سلطانِ مدینہ

شمس الضحیٰ، بدر الدجیٰ، خیر الوریٰ، نور الھدیٰ
شانِ خدا، فضلِ اِلہ، شاہانشا، کرسی نشیں
ختمُ الرُّسُل، ہادیٔ کُل، ہیں باعثِ ہر جُز و کُل
سلطانِ دیں، شمس الیقیں، ہیں رحمۃ للعالمیں (مہاراجہ کشن پرشاد شادؔ)

نہ قول و عمل میں کوئی فرق مطلق
پیامی سراسر، پیام اللہ اللہ
مَدح سرائے مصطفیٰ ہے تو عمل بھی چاہیے
عرشؔ جو ہو سکے تو ہو عزم میں پُر ثبات تُو
دنیا کی کشاکش میں اے دل یوں راحتِ جنت ملتی ہے
توحید کا نعرہ ہو لب پر، تصویر نبیؐ کی سینے میں (بال مکند عرش ملسیانی)

مبارک پیشوا جس کی ہے شفقت دوست دشمن پر
مبارک پیشرو جس کا ہے سینہ صاف کینے سے
انہی اوصاف کی خوشبو ابھی اطرافِ عالم میں
شمیمِ جاں فزا لاتی ہے مکّے اور مدینے سے (تلوک چند محرومؔ)

سلام اس ذاتِ اقدس پر، سلام اس فخرِ دوراں پر
ہزاروں جس کے احسانات ہیں دنیائے امکاں پر
سلام اس پر جو آیا رحمۃ للعالمینؐ بن کر
پیام دوست لے کر، صادِق الوعد و امیں بن کر (جگن ناتھ آزادؔ)

اترے ہیں جب بھی ذہن میں اشعار نعت کے
اے سوزؔ انؐ سے میری عقیدت سِوا ہوئی (ہیرانند سوزؔ)

سکھ شعرائے نعت

ہندو محبانِ رسالت کے بعد اب سکھ مشتاقانِ نبوت کے جذبات ملاحظہ ہوں:

لے جائیں گے جب ہم کو حالات مدینے میں
کیا جانیے، کیا کر دیں جذبات مدینے میں
اللہ نے دی مجھ کو توفیق اگر لانبہ
دن گزرے گا مکّے میں اور رات مدینے میں (سرجیت سنگھ لانبہ)

تصور میں میرے محمدؐ محمدؐ، تخیل میں میرے محمدؐ محمدؐ
بہاریں مرے اب قدم چومتی ہیں، بہاروں کی مجھ کو ضرورت نہیں ہے (شمشیر سنگھ شیر)

قیامت سے مجھ کو ڈراتا ہے ناصح
پتا ہے کہ مَیں ہوں غلامِ محمدؐ (سرجیت سنگھ ناشاد)

آرزوئے جلوۂ دلدار گر بی ڈی تراست
عرض من دارم نثارِ احمدؐ مختار شَو (بیگم سردار بوڑ سنگھ بی ڈی)

آسمانی عظمت و تقدس کا مظہر ہے تُو
مختصر یہ ہے خدا کا خاص پیغمبر ہے تُو (کرپال سنگھ بیدار)

بلندی پہ اپنا نصیب آگیا ہے
درِ پاکِ مولا قریب آگیا ہے
زباں پر جو ذِکرِ حبیب آگیا ہے
میرا وقتِ بخشش قریب آگیا ہے (کنور مہیندر سنگھ بیدی، سحر)

عیسائی شعرائے نعت

مداحینِ رسالتؐ میں عیسائی احباب نے بھی خامہ فرسائی کی ہے۔ اہلِ علم جانتے ہیں کہ آپؐ نویدِ مسیحا ہیں اور مُبشّرِ مسیح علیہ السلام بھی ہیں۔ فارقلیط -- منحمنا -- ماذماذ -- منحمنّا -- طاب طاب اور حمطایا جیسے الفاظ تورات، انجیل اور زَبور میں حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے صفاتی ناموں کی واضح مثالیں اور علامتیں ہیں۔ اردو کی نعتیہ شاعری میں دو مسیحی شاعروں کے نعتیہ دیوان موجود ہیں۔ الن جون مخلص بدایونی کے ''گلدستۂ نعت'' کا ذِکر ہو چکا ہے۔ جناب نذیر قیصر کا مجموعۂ نعت ''اے ہَوا موذّن ہو'' بھی لائقِ ذِکر ہے۔

میری دعا یہ الٰہی قبول ہوجائے
مجھے نصیب جمالِ رسولؐ ہوجائے

کیوں نہیں چلتا دلِ ناداں مدینے کی طرف
ہند میں رہ کر گرفتارِ بلا ہوجائے گا (الن جون مخلصؔ بدایونی)

خامشی--، غارِ حرا--، دل میرا
تیرے قدموں کی صدا--، دل میرا

قیصرؔ اس سے بڑھ کے ہو کیا اور درسِ زندگی
جینا سکھا گئے. ہمیں، مرنا سکھا گئے

آسماں، آسماں قدم اُس کے
معجزے خاک پر رقم اُس کے (نذیر قیصرؔ)

برصغیر کے غیر مسلم شعراء میں بہت سے ایسے بھی ہیں جنہوں نے فارسی زبان میں نعت لکھی ہے۔ ایسے حضرات میں مرزا غالب کے شاگرد ہرگوپال تفتہؔ، رائے میولال صفاؔ لکھنوی، گوپی ناتھ امنؔ لکھنوی، راجا گردھاری پرشادؔ باقی، بیگم سردار بوڑ سنگھ بیؔ ڈی، پنڈت ہر کشن لعل، جارج فان توم جبیںؔ وصاحبؔ، رگوناتھ خطیب سرحدی، اوم پرکاش ساحرؔ ہوشیارپوری، منشی شنکر لال ساقیؔ، لالہ سکھ راج سبقتؔ، بابو رگھونندن کشور شوقؔ رامپوری، منشی ہیرالال عجمیؔ رام پوری، دیوان نند کشور عشقؔ، لالہ رام چند فرحتؔ، مصرارام داس قابلؔ لاہوری، منشی رائے موہن داس ملکانیؔ، راجا الفت رائے الفتؔ اور موہن لعل انیسؔ کا کلام موزوں اور مناسب ہے۔ اس سلسلے کی مزید تفصیلات ہمیں ڈاکٹر سید عبداللہ کے مذکورہ تحقیقی مقالے ''ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصہ'' سے میسر آسکتی ہیں۔

ادبیات عالم میں نعت سب سے منفرد اور ممتاز صنفِ سخن ہے۔ عالمی تاریخ کے دامن میں ایسی کوئی شخصیت نہیں کہ جس کے حالات و سوانح، اعمال و افعال، خصائل و فضائل، دلائل و شمائل اور مدارِج و معارِج پر اس وسعت اور عقیدت سے لکھا گیا ہو۔ آج دنیا میں ۶۷۸۰ زبانیں اظہار اور نطق کا وسیلہ ہیں۔ ان میں سے ہر وہ زبان جسے مسلمانوں کی کوئی جماعت یا گروہ، کوئی قوم یا قبیلہ، کوئی خاندان یا شعب استعمال کرتا ہے، اس میں کسی نہ کسی شکل میں نعتیہ شاعری یا درود و سلام یا مولود ناموں کا وجود ملتا ہے۔

برصغیر میں نعت کا سب سے بڑا سرمایہ تو بلاشبہ اردو زبان میں ہے اور اس حوالے سے ہزاروں نعتیہ مجموعے، مولود نامے، پیدائش نامے، معراج نامے، نور نامے، جنگ نامے، حلیہ نامے، شمائل نامے، وفات نامے اور درود نامے وغیرہ پائے جاتے ہیں۔

مِدحتِ رسولؐ کی تاریخی نوعیت

جہاں تک اس موضوع کی تاریخی نوعیت کا تعلق ہے، سیرتِ نبویؐ اور مِدحتِ پیغمبرؐ کا آغاز عہدِ رسالت مآبؐ میں ہو چکا تھا۔ قرآنِ مجید بلاشبہ آپؐ کی تعریف و توصیف کا مستند قصیدہ ہے۔ احادیثِ مبارکہ میں اس موضوع کی تفصیلات کئی حوالوں سے موجود ہیں۔ پھر مغازی، سِیَر، دلائل، شمائل، خصائص، مدارِج اور معارِج کے عنوان سے کتبِ سیرت کے خزائنِ بے شمار الگ ہیں۔ آپؐ کی مقدس زندگی کے کوائف اور آپؐ کی سیرت کی تفصیلات کا وہ کون سا پہلو ہے جسے کمالِ عقیدت اور احتیاط سے محفوظ نہ کیا گیا ہو۔ سیرتِ نبوی کے متنوع ماخذوں میں ایک اہم ترین ماخذ اور مصدر مدائحِ نبویہ کا وہ ذخیرہ ہے جس میں آپؐ کے کارنامۂ سیرت اور اوصاف و کمالات کو نظم و نثر ہر دو صورتوں میں پیش کیا گیا ہے۔ اگر محض ایسے سیرت نگاروں اور نعت گوؤں کے صرف اسماء کو جمع کیا جائے تو اس کے لیے کئی دفتر درکار ہوں گے۔ "معجم ما أُلِّفَ عن رسول الله صلى الله عليه وسلّم" جو ۱۹۸۲ء میں بیروت سے شائع ہوئی، اس کے مرتب الدکتور صلاح الدین المنجد نے مدح الرسول کے عنوان سے ۲۹۰ کتب کا ذِکر کیا ہے جو تمام تر عربی زبان میں ہیں۔

سیرتِ نبویؐ اور مِدحتِ پیغمبرؐ کے حوالے سے چھوٹی بڑی تیس فہارس اور کتابیات میں اس وسیع ذخیرے کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے جو گزشتہ چودہ صدیوں سے لکھا جا رہا ہے اور اس میں عہد بہ عہد اور سال بہ سال، نو بہ نو موضوعات کا اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اس سرمایۂ سیرت اور خزینۂ مِدحت میں نثر اور نظم ہر دو پیرایوں میں وقیع کام دکھائی دیتا ہے۔

برصغیر میں اسلام کی روشنی تو خلافتِ فاروقی میں بلوچستان کے علاقوں مکران، قلات، خُضدار اور پنجگور میں پہنچ چکی تھی مگر مسلمانوں کی باقاعدہ سلطنت دیبل سے ملتان تک ۹۳ھ میں محمد بن قاسم کے ہاتھوں سے قائم ہوئی جو مختلف جغرافیائی حدود کے ساتھ کامل ایک ہزار برس تک قائم رہی۔ ان تمام صدیوں اور سالوں میں جن موضوعات پر مسلسل اور متواتر نظم و نثر میں لکھا جاتا رہا، ان میں ایک زندہ اور توانا موضوع سیرت و مِدحت کا ہے۔ اس سلسلۃ الذہب کا آغاز ابو معشر نجیح بن عبدالرحمٰن سندھی مدنی

(م ۱۷۰ھ) کی کتاب المغازی سے ہوا جس کا ذکر مسلمانوں کے اوّلیں کتابیاتی تذکرہ ''الفہرست'' میں موجود ہے جسے ابن الندیم نے مرتب کیا۔ اس اہم ماخذ کا اردو ترجمہ مولانا محمد اسحاق بھٹی نے کیا جو ادارہ ثقافتِ اسلامیہ لاہور سے شائع ہوا۔

برصغیر میں سیرت نگاری کا آغاز عربی زبان میں ہوا مگر جلد ہی فارسی زبان میں اسلامی علوم کی کتابیں لکھی جانے لگیں۔ میرے علم کی حد تک شیخ علی ہجویریؒ (م ۱۰۹۲ھ) کی کشف المحجوب، برصغیر میں فارسی نثر کی پہلی کتاب ہے۔ اردو زبان میں کتب کی تحریر کا سراغ ہمیں خواجہ سید شرف الدین جہانگیر سمنانی کے ایک تصوف کے رسالے کی صورت میں ملتا ہے جس کا سن تالیف ۷۰۸ھ / ۱۳۰۸ء ہے۔ اردو زبان کی پہلی شائع ہونے والی کتاب خواجہ بندہ نواز گیسو دراز (م ۱۴۲۲ء) کی ''معراج العاشقین'' ہے۔ اس کے بعد گزشتہ چھ صدیوں میں سیکڑوں موضوعات پر ہزاروں کتابیں لکھی جا چکی ہیں جن میں سیرتِ پیغمبرؐ اور نعت نبویؐ کی کتابیں اور مجموعے خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔

اربابِ تحقیق اس حقیقت سے باخبر ہیں کہ برصغیر میں کتبِ سیرت کا جو آغاز عربی زبان سے ہوا، اس میں بہت جلد فارسی اور اس کے کچھ عرصہ بعد اردو بھی اس میدان میں شامل ہو گئیں۔ ''برصغیر پاک وہند میں عربی نعتیہ شاعری'' جیسے سنگلاخ موضوع پر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی نے دادِ تحقیق دی۔ فارسی زبان میں منظوم سیرت اور نعتیہ شاعری کا جائزہ خان بابا مشار کی کتاب ''فہرست نسخہ ہائے چاپی در فارسی'' کی متعدد جلدوں سے لگایا جا سکتا ہے۔ اردو میں نعتیہ شاعری کا پہلا تحقیقی اور فنی جائزہ ڈاکٹر ریاض مجید نے ''اردو میں نعت گوئی'' کے عنوان سے لیا ہے۔ جب کہ سیرت کی اردو میں منظوم کاوشوں کا ایک بھرپور جائزہ راقم نے سیرت کی ایک منظوم کتاب ''بلغ العلیٰ بکمالہٖ'' کے دیباچے میں کیا ہے۔ اس میں سیکڑوں مولود ناموں کے علاوہ ایک صد کے قریب منظوم کتب سیرت کی تفصیلات بھی فراہم کی گئی ہیں۔

نعت گوئی پل صراط سے گزرنے کا کام ہے۔ موضوعاتِ نعت میں عبدیت کے دائرے سے تجاوز نہ کرنا اور اُلوہیت کے مقامِ کبریا کا خیال کرنا اور لحاظ رکھنا ایک نعت گو کے لیے آزمایش کا مقام ہے۔ آپؐ خیرالبشرؐ ہیں مگر فوق البشر نہیں۔ شاعری میں مبالغے کی کارفرمائی ایک عام بات ہے۔ مگر نعت ایک ایسا مقام ہے جس میں افراط و تفریط سے بچتے ہوئے اپنے ممدوح کے حقیقی خصائل کو پیش کرنا کسی شاعر کی حقیقی کامیابی ہے۔ قرآن مجید شعر کے آہنگ میں ڈھلا ہونے کے باوجود شاعری کی کتاب نہیں۔ پیغمبر اعظم و آخر صلی اللہ علیہ وسلّم افصح العرب اور جوامع الکلم کے حامل ہونے کے باوجود صفِ شعراء میں

کھڑے دکھائی نہیں دیتے۔ مگر آپؐ نے خود شعر کہے اور دوسروں کے نعتیہ قصائد پر داد تحسین پیش کی۔ بعض مواقع پر شعری اصلاح کا فریضہ بھی انجام دیا جو آپؐ کے گراں قدر ادبی ذوق کا اظہار ہے۔ بقول عرفیؔ:

عرفیؔ مشتاب ایں رہِ نعت است نہ صحرا است
ہشیار کہ رہ بر دمِ تیغ است قدم را

اردو زبان میں نعت

اردو زبان کی نعتیہ شاعری جس کا آغاز مولودناموں کی شکل میں ہوا، جنوبی ہند سے تعلق رکھتی ہے۔ محمد قلی قطب شاہ اور ولی دکنی نے اس زبان کے شعری مزاج کی تطہیر اور تزئین میں بنیادی کردار ادا کیا۔ شاہ علی محمد جیوگام دھنی (م ۱۵۶۵ء) کی نظم "معراجِ نبوی" اردو نعتیہ شاعری کا سر آغاز دکھائی دیتی ہے۔ اس سے پہلے بھی اِکادکا اشعار تذکروں میں ملتے ہیں مگر نعتیہ نظموں، مثنویوں اور مولودناموں کا ایک طویل سلسلہ دکنی ادب کی تاریخ میں ملتا ہے جسے متعدد ادبی تواریخ اور تذکروں میں قلم بند کیا گیا ہے۔ اردو زبان میں سیرت و مِدحت کا کمالِ نظم و نثر ہر دو صورتوں میں انیسویں صدی عیسوی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں ملتا ہے۔

گزشتہ دو صدیوں سے سیرت و مدحت کے میدان میں جو گلہائے رنگ رنگ اردو زبان کے گلستان میں مہک دکھارہے ہیں۔ اس کا مقابلہ دنیا کی کوئی دوسری زبان نہیں کر سکتی۔ گزشتہ نصف صدی میں نعت کے میدان میں جو تجربات ہوئے ہیں اور جن اعلیٰ موضوعات و مضامین کو پیش کیا گیا ہے اور اس کے لیے جن اصنافِ سخن میں اسالیب کے اعلیٰ معیار قائم کیے گئے ہیں، اس سلسلے میں اوزان و بحور کو جس سلیقے سے استعمال کیا گیا ہے اور تراکیب اور تشبیہات کا جو ذخیرہ سامنے آیا ہے، ان سب نے مل کر نعت کے سرمایۂ سخن کو اردو زبان و ادب کا افتخار بنادیا ہے۔ اور خدا لگتی بات تو یہ ہے کہ اردو زبان شاید نعت گوئی ہی کے لیے وجود میں آئی ہے۔

اس سلسلے میں نعت گو شعراء کی ایک کہکشاں ہے کہ جس نے ادبیات کی فضائے بسیط کو منور و معطر کر رکھا ہے۔ نعت گو شعراء کے تذکرے اور تنقیدی کتب کا ایک وسیع سلسلہ ہمارے کتب خانوں اور مطالعے کی زینت ہے۔ جس میں ہزاروں نعت گو شعراء کے لاکھوں اشعار رفعنالک ذکرک کی ایک

نئی تفسیر پیش کر رہے ہیں۔ نعت پر مستقل رسائل اور جرائد شائع ہو رہے ہیں۔ دینی اور ادبی پرچوں کے "رسول نمبر" شائع ہو رہے ہیں۔ کتبِ سیرت کے انعامی مقابلے منعقد ہوتے ہیں اور نعت گوئی کی محافل کو آراستہ کیا جاتا ہے۔

اسلامی ادبیات میں نعت کے کلچر نے ایک انفرادیت حاصل کر لی ہے۔ اردو ادبیات کا آغاز مثنویوں سے ہوا۔ پھر مرثیے اور قصائد نے اپنی دھوم دکھائی، قطعات و رباعیات نے اپنا رنگ جمایا۔ آزاد نظم کو بھی دائرۂ ادب میں داخل ہونے کے آداب سکھائے گئے۔ غزل نے جوش و سرمستی اور تخیل کی فسوں کاریاں دکھائیں مگر آج نعت جبینِ ادب کا جھومر ہے اور ان تمام تر اصناف کا حسن اس طرح سے اپنے اندر سمویا ہے کہ ہم اس عہد کو اردو ادب کا نعتیہ دَور قرار دے سکتے ہیں۔

جالندھر کا خطۂ مردُم خیز

اردو ادب میں نعت کا سفر کئی مراحل سے گزرا ہے۔ مگر قیامِ پاکستان کے بعد برصغیر کے دونوں حصوں میں بہت نامور نعت گو گزرے ہیں، جن کے فن پر اعلیٰ درجے کے مضامین اور کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ لاہور دبستانِ نعت میں اقبال اور ظفر علی خاں کے بعد بھی بہت سے نامور حضرات گزرے ہیں جن میں اختصاصاً حفیظ تائب کی نعتیں اپنے مضامین اور ہیئت کے اعتبار سے بلند پایہ ہیں۔ صرف کراچی میں ایک ہزار سے زیادہ نعت گو حضرات ہیں۔

یہ ایک عجیب اتفاق ہے کہ جالندھر کی مردم خیز زمین سے ایسے شاعر پیدا ہوئے ہیں جن کی شعری کاوشیں اردو ادب میں اپنا ایک خاص مقام رکھتی ہیں۔ ابوالاثر حفیظ جالندھری نے شاہنامۂ اسلام لکھ کر اپنے فن کو دوام بخشا ہے۔

اسی سرزمین سے ایک اور شخصیت اُٹھی جو اِن دنوں اردو کے عالمی ادب میں ابوالامتیاز ع س مسلم کے نام سے معروف ہے، جن کا شعری اور نثری کارنامہ دونوں متنوع جہات کا حامل ہے۔ اس ضمن میں ایک اور عہد ساز اور منفرد نعت گو عبدالعزیز خالدؔ بھی ہیں جن کی مثال مجھے کسی دوسری زبان میں دکھائی نہیں دیتی۔ ان کے نعتیہ مجموعے فارقلیط، منحمنا، حمطایا، ماذماذ اور عبدہٗ کو دیکھئے تو اساطیری روایات، تاریخی تلمیحات اور علمی اصطلاحات کا ایک جہان آباد دکھائی دیتا ہے جس نے ان کو نعت گوؤں میں ایک یگانہ

انفرادیت عطا کی ہے۔ یہاں ہم بیسیوں اہم نعت گوؤں کا ذکر کیے بغیر اپنے ممدوح خاص کی نعتیہ شاعری پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

پنجاب کے جغرافیے پر نگاہ مرکوز کیجئے۔ مشرقی پنجاب میں ایک مردم خیز ضلع جالندھر ہے جس کی تحصیل نکودر کے ایک گاؤں لوہگڑھ میں چودھری نبی بخش کے ہاں ایک بچے نے ۱۹۲۲ء میں جنم لیا۔ پنجاب کے ہزاروں دوسرے خاندانوں کی طرح اس خاندان میں بھی حصولِ معاش کے لیے ایک طویل جدوجہد کا انداز ملتا ہے۔ اس معاشرتی اور معاشی کشمکش سے نبرد آزما ہونے والے حضرات میں سے بسا اوقات ایسے لوگ بھی نکل آتے ہیں جو ایک خود ساز شخصیت کے ڈھانچے اور سانچے میں ڈھل کر عزم و عزیمت کی داستان رقم کر جاتے ہیں۔ کچھ یہی کیفیت عبد الستار مسلم کی ہے جو عمرِ عزیز کی نویں دہائی میں بھی جواں فکری کے تخلیقی سوتوں کو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ ان کے کارنامۂ حیات کا تذکرہ "لمحہ بہ لمحہ زندگی" نامی خود نوشت میں پڑھا جا سکتا ہے، ان کی زندگی کا ایک نقشہ غالبؔ کی زبان میں یوں پیش کیا جا سکتا ہے:

مثال یہ مری کوشش کی ہے، کہ مرغِ اسیر
کرے قفس میں فراہم خس آشیاں کے لیے

مولانا حسرتؔ موہانی والی طرفہ طبیعت کا مزا انہوں نے بھی پایا ہے۔ مشقِ سخن اور چکی کی مشقت دونوں جاری ہیں۔ مگر انہوں نے اپنی جواں ہمتی اور عزمِ راسخ کے ساتھ اپنا جادۂ حیات خود تراشا ہے۔

زندگانی کی حقیقت کوہکن کے دل سے پوچھ
جوئے شیر و تیشہ و سنگِ گراں ہے زندگی (اقبال)

وہ جالندھر کی زرخیز سرزمین سے اُٹھے تو عروس البلاد کراچی میں وارد ہوئے جہاں سمندر کی موجوں کے مدوجزر کی طرح یہاں کے باسیوں کو بھی مختلف نوع کے مدوجزر سے گزرنا پڑتا ہے۔ بس اس کشمکشِ حیات نے ان کے ہاں حقیقی تخلیقی جوہر بیدار کیا۔ ان سے ملنے والے سبھی لوگ اس بات کی گواہی دیں گے کہ ان کی شخصیت میں ایک عجیب دلآویزی اور دل کشی ہے۔ وہ خوئے آدمیت کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ شرافت و اصالت اور عزت و احترام کی اقدار نے ان کی قامت کو سر بلند کیا ہے۔ سنجیدگی، متانت، شگفتگی، زندہ دلی، خود آگہی، بیدار مغزی اور اخلاص و مروت نے ان کی شخصیت کو چاروں اور گھیر رکھا ہے۔ ان میں بلند نظری ہے مگر بد دماغی نہیں۔ خود شناسی ہے خود سری نہیں، ان کی جہت ساز اور ہشت پہلو

شخصیت نے انہیں ایک کامیاب اور بھرپور فرد کے بطور متعارف کرایا ہے۔

ان کا شیوہ اور کلچر مسلسل ریاضت ہے۔ اِس ریاضت کا مظاہرہ انہوں نے علم کے حصول، معیشت کے خارزاروں سے گزرتے، فضائیہ کی ملازمت میں تنظیم سازی کرتے، آزاد تجارت کو اختیار کرتے اور مختلف ادبی اصناف کی تخلیقی ہیئت کو سنوارنے میں ہر جگہ خوب کام کیا ہے۔ خالصتاً ادبی زمرے میں ان کی صلاحیتیں شاعری، افسانہ نویسی، صحافت، کالم نگاری، تنقید و تحقیق اور سفر ناموں کے لکھنے میں صرف ہوئی ہیں۔ اس کے علاوہ بھی بعض ایسے موضوعات پر خامہ فرسائی کی ہے جس کی ہمارے ہاں کے بیشتر لوگوں کو خبر بھی نہیں۔ ان کی قرطاس و قلم کی حدود نے متعدد موضوعات میں متنوع اسالیب کو استعمال کیا ہے۔ ان کی فکر کو جہاں جس روپ میں دیکھیے ایک عصری تداول دکھائی دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اگر دولتِ علم کے ساتھ زرومال کی ثروت سے نوازا تو خدمتِ خلق اور ایثار و قربانی کا ایک گہرا اور بے لوث جذبہ بھی عطا کیا۔ الغرض ان کی شخصیت کی نستعلیقیت ہر ملاقاتی اور ان کے تخلیقی کارناموں کے ہر قاری کو متاثر کرتی ہے۔

مجھے اُن کی نظم و نثر کو پڑھتے ہوئے تین عشرے ہو رہے ہیں۔ کتابوں کے علاوہ مختلف رسائل اور اخبارات میں ان کے رشحاتِ فکر کے مطالعے کا بھی موقع ملا ہے۔ وہ گزشتہ نصف صدی سے مسلسل متنوع موضوعات پر لکھ رہے ہیں۔ ان کے ہاں ہر جگہ ایک مقصدیت پوشیدہ ہے نیز وہ نظم ہو یا نثر اُس کے فنی تقاضوں کو نظرانداز نہیں کرتے۔ ان کی اردو کی نگارشات سب سے زیادہ ہیں مگر پنجابی میں پہلا ہی مجموعۂ کلام ''واگاں مَیں وَل موڑ'' مرتب کیا تو کہنہ مشق پنجابی شاعر حیرت میں ڈوب گئے۔ اس کی روحانی، علمی، فنی، تہذیبی اور لسانی سطح کو دیکھتے ہوئے اسے جامعہ پنجاب کے نصاب میں شامل کر لیا گیا ہے۔

انگریزی زبان پر بھی مناسب قدرت رکھتے ہیں۔ شعر و ادب اور دینی اور معاشرتی موضوعات پر ان کی تیس کتابیں منصۂ شہود پر آچکی ہیں۔ ادب الاطفال بھی ان کے ذوقِ خاص کا ایک میدان ہے جس میں دس کتب شائع ہو چکی ہیں۔ یوں علم و ادب کا جو چہل ستون انہوں نے تعمیر کیا ہے اس کے رنگ و روغن اور نقاشی کے بہت سے سلسلے ان شاءاللہ مستقبل قریب میں اپنی جھلک دکھاتے رہیں گے۔

ع س مسلم کی نعت

شاعری میں وہ کسی خاص دبستان سے تعلق نہیں رکھتے۔ خود گل و خود گلِ کوزہ و خود کوزہ گر والی

مثال ہے۔ البتہ جن اصنافِ سخن میں انہوں نے فنی ہنر مندی دکھائی ہے اُن میں حمد و نعت کو گُلِ سر سبد کی حیثیت حاصل ہے۔ وہ سنگلاخ اور سخت زمینوں میں بھی عمدہ مضامین پیش کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اپنی شاعری کا جو قصرِ جمیل انہوں نے تعمیر کیا ہے، وہ اپنی ہیئت اور ساخت کے لحاظ سے دلآویز ہے۔ نعتیہ شاعری میں انہوں نے جو نَو بہ نَو فنی تجربات کیے ہیں۔ تراکیب کے وضع کرنے میں جو چابکدستی دکھائی ہے، تلمیحات کے انتخاب میں جو ندرت دکھائی ہے۔ موضوعاتِ شعری میں جس بلند فکری کا اظہار کیا ہے۔ یوں وہ تین عشروں سے قارئین کے سامنے فکر و فن کے نَو بہ نَو انبار لگا رہے ہیں۔

ہماری نعت گوئی میں عقیدت کا جوش اور مبالغے کی کار فرمائی بہت زیادہ ہے۔ عبدیت اور اُلوہیّت کی سرحدیں آپس میں مدغم دکھائی دیتی ہیں مگر مسلم صاحب نے عقیدت کے ساتھ عقیدے کے تقاضوں کا التزام رکھا ہے۔ اس توازن نے اُن کی فکری سطح کو بلند کیا ہے۔ گزشتہ تین عشروں سے ان کے نعتیہ سفر اور ارتقاء کا جائزہ لیں تو اندازہ ہوتا ہے کہ وہ مسلسل بلندیوں کے سفر کی جانب رواں دواں ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے معیارِ عظمت نے اُن کے معیارِ سخن کو بھی بلند کر دیا ہے۔ علامہ اقبال، نعیم صدیقی، حافظ مظہر الدین، حافظ لدھیانوی، عبدالعزیز خالد، حفیظ تائب اور ع س مسلم کی نعتیہ شاعری کا مطالعہ کرتے ہوئے مجھے احساس ہوتا ہے کہ قرآن مجید موضوعاتِ نعت کا معدن و مخزن ہے تو حدیث مبارکہ نعت کی لغت فراہم کرتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم دانش و حکمت کا لامتناہی خزانہ ہیں جو شخص یا ادیب اُس کے جس قدر قریب ہوگا، اس کی فکری آبشار اسی قدر اپنا رنگ اور جوہر دکھائے گی۔

یہاں مَیں قارئین کی توجہ اُن کی کتابوں کے عنوانات کی طرف بھی دلانا چاہتا ہوں، جو اپنے موضوع کے بھرپور ترجمان ہیں۔ ان کے بعض مجموعے حمد و نعت کا امتزاج لیے ہوئے ہیں، بعض خالصتاً نعتیہ اسلوب کے حامل ہیں اور چند ایک میں سلام، درود اور زیارت حرم کے تاثرات بیان ہوئے ہیں۔ اردو زبان میں حمد و نعت، اللہ و رسولؐ، کعبہ و طیبہ، کاروانِ حرم، زمزمۂ درود، زمزمۂ سلام اور زبور نعت وہ مجموعے ہیں، جن میں مسلم صاحب کے عقیدت و ارادت سے مملو جذبات ایک مترنّم لے اور سرود میں ڈھل گئے ہیں۔ "واگاں میں ول موڑ" پنجابی زبان میں ان کا اس موضوع پر ایک نیا ادبی شاہکار ہے۔

ان کے موضوعات شعری، ہیئتی تجربات اور فکری تنوعات کے مطالعے کے لیے ان کی نعت کے ان چند منتخب اشعار کا مطالعہ کیجیے، وگرنہ ان کے آٹھ نعتیہ مجموعوں میں "کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا اینجا ست" والا معاملہ ہے۔ خود زیرِ نظر "اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ پیراہنِ شعر میں" کے مجموعے کے مطالعے سے

سیکڑوں اشعار نظروں کو اس محبوبِ دل نوازؐ سے ملاتے اور دل کی دھڑکنوں میں سماتے دکھائی دیتے ہیں:

وقفِ ذِکرِ حضرتِ خیرُ البشرؐ ہوتی گئی
زندگی لحہ بہ لحہ معتبر ہوتی گئی

دِلوں کے درد کا ذِکرِ رسولؐ ہے درماں
حیاتِ روح کا ساماں یہاں سے ملتا ہے
درود و رحمتِ حق کی بہار ہے جس پر
تری زمیں کا پتا آسماں سے ملتا ہے

ہے اُسی کے نور سے فکر و نظر کی روشنی
ظلمتِ شامِ خرد میں، صبحِ عرفاں کی نمود
اُس کی چشمِ فیض سے فکر و نظر کا انقلاب
اُس کے لفظِ لب نے توڑے ہیں طلسماتِ جمود

نعتِ رسول پاکؐ میں میرے جو لب کھلے
دارَین کی فلاح کے ابواب سب کھلے
اُمّی لقب رسول کے فیضانِ علم سے
دروازہ ہائے دانش و علم و ادب کھلے

دُکھ، دَلِدّر، دل کی خلش اور وہم و گماں سب دُور ہوئے
اُس مدنی محبوبؐ کا مسکلم جس دم دامن تھام لیا

ماسِوا میں کون ہے، اُن کے سوا جلوہ فگن
رُخ جدھر اُنؐ کا ہوا، دنیا اُدھر ہوتی گئی

شہرِ نبیؐ میں قلب پہ بارانِ رُشد و نور
لذت بڑی عجیب تھی کیف و سُرور کی

آؤ دیکھو بٹ رہی ہے دولتِ جُود و کرم
دانشِ حق و صداقت کے خزانے لوٹ لو

آنکھوں میں اشک ہائے ندامت لیے ہوئے
مسلّم گدائے صاحبِ لولاک ہوگیا

پائے اطہر جدھر گئے ہوں گے
سارے رستے سنور گئے ہوں گے

آشا کے پٹ کھول کے بیٹھی مولیٰ تیرے پگ میں
سو شاہی سے بڑھ کر تیرے دَر کی ایک غلامی

سلام ان پر کہ جو دلِ خستگاں کے چارہ گر ہیں
وہی حرفِ دعا ہیں، اور وہی مَوجِ اثر ہیں

بھروں جھولی درِ خیر البشرؐ سے
حِکَم سے، فہم سے، علم و ہنر سے
اڑا کر لے چلی طیبہ کی جانب
یہی ارماں ہے اپنی مشتِ پر سے

اَسماءُالنبی صلی اللہ علیہ وسلّم - پیراہنِ شعر میں

اَسماءُالنبیؐ کا اوّلین ذخیرہ

زیرِ نظر کتاب ''اَسماءُالنبی صلی اللہ علیہ وسلّم - پیراہنِ شعر میں'' بذاتِ خود کوئی نعتیہ مجموعہ نہیں مگر حضرت مسلّم کی نعت گوئی کے ایک ایسے فن، جہت، افق، ہنر، سلیقے اور محبت کا خلاصہ پیش کرتا ہے کہ جس میں حضور خیر الانامؐ کے ذاتی اسماء گرامی کے علاوہ ان کے سیکڑوں صفاتی ناموں کو ہزاروں اشعار میں پیش کیا گیا ہے۔ اسماء الرسولؐ کے موضوع پر عربی، فارسی، اور اردو زبانوں میں بہت بلند پایہ کتابیں لکھی گئی ہیں مگر کسی ایک نعت گو کے کلام میں اسماء رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کا ایسا ذخیرہ اردو شاعری تو کجا دنیا بھر کی شاعری کی اوّلیات میں سے ہے۔ اس سے اس تعلقِ خاطر کا اندازہ ہوتا ہے جو مسلّم صاحب جیسے دلِ بیدار رکھنے والے شاعر کو اپنے محبوب رسولِ کریمؐ کے ساتھ ہے۔ اسماء الرسولؐ پر عربی زبان میں جو وقیع

ذخیرہ ماضی میں لکھا گیا ہے، اس کی جھلک ۱۹۸۲ء میں شائع ہونے والے تذکرے "معجم ما الف عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلّم" میں دیکھیے جسے الدکتور صلاح الدین المنجد نے مرتب کیا ہے:

۱- أحاديث شجرة النبيّ و ذِكر أسمائه – عن جُبَيْرؓ بن مطعم

۲- أحسن الوسائل في نَظْم أسماءُ النبيّ الكامل – ليوسف بن اسماعيل النبهاني (۱۳۵۰ھ)

۳- أُرجوزة في أسماء النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم – لعلم الدين السخاوى عليّ بن محمد بن عبدالصمد (۶۴۳ھ)

۴- أرجوزة في أسماء النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم – محمد بن أحمد القرطبي (۶۷۱ھ)

۵- أسماءُ النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم – لعمر بن الحسن ابن دِحية الكلبي (۶۳۳ھ)

۶- أسماءُ النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم – لعلي بن أحمد الحرَالي (۶۳۷ھ)

۷- أسماءُ النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم مع شرحها – للحافظ تقيّ الدين عبدالرحمٰن بن عبدالمحسن الواسطي (۷۴۴ھ)

۸- أسماءُ النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم – لمحمد بن عبدالدايم ابن المُلَيْق (۷۹۷ھ)

۹- الأسمى فيما لسيّدنا محمدؐ من الأسماء – ليوسف بن اسماعيل النبهاني (۱۳۵۰ھ)

۱۰- بذل العسجد في شيء من أسرار اسم محمدؐ – لعبدالوهاب بن أحمد الطنطاوي

۱۱- بُشرى الكريم الأمجد بعدم تعذيب من يُسمّى بأحمدؐ و محمدؐ – للشيخ عثمان الفتوحي الحنبلي)

۱۲- البهجة السنيّة في الأسماء النبوية – لجلال الدين السيوطي (۹۱۱ھ)

۱۳- تذكرة المحبين في أسماء سيّد المرسلينؐ – لمحمد بن قاسم التلمسانى الرصّاع (۸۹۴ھ)

۱۴- جالية الكرب بأسماء سيّدالعجم والعُرُبؐ – لجعفر بن حسن البرزنجي (۱۱۸۷ھ)

۱۵- الجامع الأعظم في أسماء نبيّناالمعظمؐ – لمحمد بن محمود المدنى الطرابزوني (۱۲۰۰ھ)

۱۶- الدرّ المنضّد فيما قيل في اسم محمدؐ – لشمس الدين محمد بن طولون الصالحي الدمشقي (۹۵۳ھ)

۱۷- الدرّالمنضّد في الاسم الشريف أحمدّ - لإبراهيم بن عامر بن علي العُبَيْدي المصري (۱۱۰۱ھ)

۱۸- الرياض الأنيقة في شرح أسماء خير الخليقةّ - للحافظ السيوطي (۹۱۱ھ)

۱۹- شرح أسماءُ النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم - لعمر بن حسن ابن دِحْيَة الكي (۶۳۳ھ)

۲۰-شرح السنّة العليّة فی الأسماء النبويةّ - لعلي بن أحمد الحرَالّی المراكشي (۶۳۷ھ)

۲۱- الشمس المنيرالأعظم في أسماء البدرالمسيّرالمعظّم - لروح اللّٰه بن عبداللّٰه القزويني (۱۵۴ھ)

۲۲-الغسول في أسماء الرسولّ - لمحمد بن يوسف إطفيّش الجزائري الأباضي (۱۳۳۲ھ)

۲۳-فتح الرحيم الغفّار بشرح أسماء حبيبه المختار - لأحمد بن محمد السجاعي (۱۱۹۷ھ)

۲۴-الفوائد الجليّة في الأسماء النبويةّ - للسخاوي محمد بن عبدالرحمن (۹۰۲ھ)

۲۵-المزايا والأحكام لاسم نبيّ الإسلام - لباقر بن أحمد آل عصفور

۲۶-المرقاة العليّة في شرح الأسماء النبويةّ - للحافظ السيوطي (۹۱۱ھ)

۲۷-المستوفى في أسماء المصطفیٰ - لابن دِحْية الكلبي (۶۳۳ھ)

۲۸-المغنى في أسماء النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم - لأحمد بن فارس اللغوي (۳۹۵ھ)

۲۹- مناهل الشفا فيما تضمّنه من الفوائد اسم المصطفیٰ - لعمر بن عبدالوهاب العَرَضي الحلبي (۱۰۲۴ھ)

۳۰-النهجة السوِيّة في الأسماء النبويةّ - للحافظ السيوطي (۹۱۱ھ)

الدکتور صلاح الدین المنجد کی اسماء الرسولؐ کے موضوع پر فراہم کردہ تیس کتابوں کے علاوہ ہمیں درج ذیل کتب کے بارے میں بھی معلومات حاصل ہوئی ہیں، جنہیں موضوع کی مناسبت سے پیش کیا جاتا ہے:

۱- أسماءُ النبيّ صلى اللّٰه عليه وسلّم - از شیخ ابوالحسن علی بن احمد المعروف بالحوالی (۱۹۹ اسماء الرسولؐ)

۲- القول البدیع - از علامہ سخاوی

۳- کتاب الشفا - از قاضی ابوالفضل عیاض

۴- القبس و الاحکام - از ابن عربی (نمبر شمار ۳-۴ میں چار سو نام گنوائے گئے ہیں)

۵- دلائل الخیرات - از امام غزالی (۲۰۱ اسماء الرسولؐ لکھے گئے ہیں)

۶- قصید الحسنیٰ فی أسماء النبيّ العظمی - از مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی (اس قصیدے میں ۵۲۱ نام منظوم کیے گئے ہیں)

۷- البرکات المکیة - از محمد موسیٰ روحانی بازی (اس میں آٹھ سو سے زائد اسماء الرسولؐ ہیں)

۸- حدیقة الصفا فی اسماء النبيّ المصطفی صلی اللّٰه علیه وسلّم - از مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی (۱۱۷۷ اسماء الرسولؐ کا تذکرہ ہے)

۹- شرح أنموذج اللبیب - از شیخ عبدالرؤف مناوی (اس میں ابنِ فارس کا قول ہے کہ حضورؐ کے ۲۰۲۰ اسمائے گرامی ہیں)

۱۰- اسماء النبيّ صلی اللّٰه علیه وسلّم - از صوفی برکت علی لدھیانوی (۱۴۳۸ اسماء الرسولؐ کا تذکرہ ہے)

۱۱- اسم محمدؐ - از ابو محمد عبدالمالک

۱۲- انوار اسم محمدؐ - از حفیظ احمد قادری

۱۳- حقیقتِ اسمِ محمدؐ - از عبدالبر قاسم

۱۴- شرح اسماء النبی الکریمؐ - از محمد نعیم نگوری

۱۵- معرفتِ اسمِ محمدؐ - از متین خالد

۱۶- اسماء النبیؐ از عاصمہ رحمت (مقالہ ایم اے علوم اسلامیہ)

۱۷- اسمائے مصطفیٰؐ - از محمد طاہر القادری

۱۸- اسمائے نبوی صلی اللہ علیہ وسلم - از سید آل احمد رضوی

۱۹- اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا فیضان - از عبداللہ بن عبداللہ

۲۰- انوار اسماء النبیؐ - از قیصرہ حیات

۲۱- بوسیلہ محمدؐ مشکل کشا: اسم النبی، مشکلات کا حل - از محمد الیاس عادل

۲۲- تجلیاتِ اسمِ محمدؐ - از مولانا منیر احمد معاویہ

۲۳- جمال اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم - از یونس ادیب

۲۴- سیرۃ الرسول فی اسماء الرسولؐ - از محمد طاہر مصطفیٰ

۲۵- شرح اسماء النبی الکریم صلی اللہ علیہ وسلم مع اعمال و فضائل - از محمد علی چراغ

۲۶- عظمتِ نام مصطفیٰؐ - از محمد امین

۲۷- فلسفہ اسمائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم - از ڈاکٹر محمد طاہر مصطفیٰؒ

۲۸- معارفِ اسم محمدؐ - از محمد نعیم احمد برکاتی

۲۹- معارفِ اسم محمدؐ - از محمد ثناء اللہ سعد شجاع آبادی

۳۰- معارفِ اسم محمدؐ - از محمد طاہر القادری

اسماء الرسول صلی اللہ علیہ وسلم پر یہاں عربی اور اُردو زبان کی صرف ساٹھ کتابوں کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔ اس سلسلۃ الذہب میں ''اسماءُ النبیؐ صلی اللہ علیہ وسلّم - پیراہنِ شعر میں'' ابوالامتیاز ع س مسلم کی منفرد اور یگانۂ روزگار کاوش ہے۔ اس مجموعے میں اندازاً پانچ ہزار اشعار کا حوالہ دیا گیا ہے جو محترم مسلم صاحب کے مختلف مجموعہ ہائے نعت سے اخذ کیے گئے ہیں۔ یہ اشعار ان کے نعتیہ مجموعوں ''زَبورِ نعت''، ''زمزمۂ سلام''، ''زمزمۂ درود'' اور ''کاروانِ حرم'' سے لیے گئے ہیں۔ شعر و سخن کی دنیا میں یہ ایک ایسی انفرادیت ہے، جس کی کوئی دوسری مثال کسی جگہ کسی زبان میں موجود نہیں۔

اس تحقیقی اور تخلیقی کارنامے کو خزینۂ نعت اور اسماء الرسولؐ کے موضوع پر ایک مستقل افتخار اور سبقت حاصل رہے گی۔ زیرِ نظر انتخاب اسماء الرسولؐ میں الف بائی ترتیب سے اسماء کو درج کیا گیا ہے۔ ہر

شعر کے ساتھ وہ علامت موجود ہے جس سے اس شعر کے مجموعہ ٔ کلام کا تعین ہو جاتا ہے، نیز اس مجموعہ ٔ کلام کے متعلقہ صفحہ کا نمبر شمار بھی سامنے درج کر دیا گیا ہے تا کہ کسی شعر کی اصل کی تحقیق و تخریج مطلوب ہو تو آسانی رہے۔

پیشِ نظر رہے کہ تمام ذاتی اور وصفی ناموں کو الگ الگ مگر ایک ہی جگہ جمع کر دیا گیا۔ مثلاً آپؐ سراجِ منیر یا سراج نور کے وصفی نام کو دیکھنا چاہیں تو وہ سب ایک ساتھ بیان کر دیئے گئے ہیں۔ اس طریق سے ایک وصفی نام متعدد اشعار میں کس کس اسلوب اور کیسے کیسے انداز میں پیش کیا گیا ہے، اپنی معنویت کی نَو بہ نَو جہات کو پیش کر تا ہے۔ عالمِ نعت میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلّم کے اوصاف و محامد کے امکانات تو پہلے بھی متعدد اور متنوع تھے مگر اس علمی اور تخلیقی کاوش نے آپؐ کی ذات سے عقیدت و محبت کا ایسا دریچہ کھول دیا ہے کہ صفحہ بہ صفحہ، شعر بہ شعر، جہاں جہاں نگاہ پڑتی ہے، اِک عالمِ نَو استقبال کر تا دکھائی دیتا ہے۔

جناب ابوالامتیاز ع س مسلم کی شخصیت تو پہلے بھی اردو داں اور اردو خواں حلقوں میں معروف تھی۔ مگر اس تخلیقی کرشمے نے ان کے ادبی قد و قامت میں ایک باوقار اضافہ کر دیا ہے۔ کتاب کی پیش کش، طریق کار اور ترتیب و تبویب نے اسے حضور رسالتمآبؐ میں ایک عقیدت کی سوغات بنادیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس محبت و عقیدت کی سوغات کو قبول فرمائے اور مشتاقانِ رسالت اور محبّانِ نبوت کے لیے اس کارنامے کو وسیلہ ٔ شفاعت بنادے۔ "حرفِ اوّل" کے یہ چند الفاظ اور جملے اُس روحانی لذت کے ترجمان نہیں ہو سکتے جسے میں گزشتہ کئی ماہ سے اپنے نہاں خانہ ٔ دل میں محسوس کر تا ہوں۔ یہ خریطہ ٔ جواہر ادبیاتِ اردو کے گلستانِ نعت میں گلِ سرسبد کی حیثیت رکھتا ہے۔ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک نام کتنے متنوع اور متعدد اوصاف میں ڈھل گیا ہے، "اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ پیراہن شعر میں" اس کا ایک متبرک اور مترنم اظہار ہے۔ ربِّ محمدؐ، مسلم صاحب کی اس تخلیقی عقیدت کو ان کی حسنات میں شمار فرمائے اور عامۃ المسلمین کے قلوب میں محبتوں کے زمزمے پیدا کر دے۔ آمین

پروفیسر عبدالجبار شاکر
ڈائریکٹر، سیرہ اسٹڈی سنٹر،
انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد

پروفیسر ڈاکٹر ریاض مجید

اَسمائے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم

ع س مسلّم کی نعت کے حوالے سے ایک مطالعہ

قرآن مجید میں آیا ہے:

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (الاعراف ۷:۱۸۰) : "اللہ اچھے ناموں کا مستحق ہے اس کو اچھے ناموں سے پکارو"۔

اچھے ناموں سے مراد وہ نام ہیں جن سے خدا کی عظمت و برتری، اُس کے تقدس اور پاکیزگی اور اس کی صفاتِ کمالیہ کا اظہار ہوتا ہو۔[۱]

صاحبِ "لغات القرآن" نے تاج، راغب اور محیط کے حوالے سے لفظ اسم پر تفصیل سے بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اسم کا مادہ س-م - و ہے۔اُن کی تعریف کے موجب :

"اسم کے معنی ہیں کسی چیز کی علامت، جس سے اِسے پہچانا جائے۔ پھر نام کو بھی اسم کہتے ہیں۔اِس کی جمع اسماء ہے---"۔(اسم کے لفظ میں یہ قرینہ موجود ہے کہ) اس سے وہ چیز پہچانی جاتی ہے، جس کے لیے یہ بولا جائے، یعنی اسم سے مسمّٰی پہچانا جاتا ہے اور اسی سے اُسے بلندی و عزت حاصل ہوتی ہے۔ سمّی" کے معنی ہم نام اور ہم نظر و ہم پلّہ کے آتے ہیں۔مُسَامَاۃ" کے معنی باہم مفاخرت کے آتے ہیں۔ مسمّی تسمیة": نام رکھنا؛ المسمّٰی کے معنی نام رکھا ہوا، بتایا ہوا، نامزد کیا ہوا نیز مُعیّن مقرّر اور معلوم۔

۱-ترجمہ قرآن مجید مع مختصر حواشی: سید ابو الاعلیٰ مودودی، ص ۴۶۳ (حاشیہ ۵۱)، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، طبع ششم ۱۹۸۸ء

صاحبِ مفردات نے "عَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ" پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ معرفة الاسماء لاتحصَل اِلّا بمعرفة المسمّٰی (جب تک مسمّٰی کا علم نہ ہو اِس کا تعارف کچھ فائدہ نہیں دیتا)۔اس کا مطلب یہ ہے کہ آدم کو علم اشیاء کی ایسی صلاحیت دی گئی ہے کہ وہ ہر چیز کو اُس کی شکل اور اُس کے خواص سے معلوم کر کے اُس کو پہچاننے کے لیے نام رکھتا ہے...

آدم کے علم الاسماء کے ضمن میں ایک مغربی مفکر ڈاکٹر ایم ایل ٹیلر (Dr. M. L. Tyler) نے اپنے نقطۂ نگاہ سے بڑی دلچسپ بات لکھی ہے۔ وہ ہومیوڈرگ پکچررز (Homeo Drug Picturers) کے دیباچہ میں لکھتا ہے:

"آدم پر تمام زندہ اشیاء کا نام رکھنے کی ذمہ داری عائد کی گئی۔ یہ بہت بڑی ذمہ داری اور مشکل کام تھا،اس لیے کہ جن چیزوں کا نام نہیں رکھا جاتا اُن کے خواص بھی غیر مُعیّن رہ جاتے ہیں، اور جن چیزوں کے غلط نام رکھے جاتے ہیں اس سے بڑے نقصان پہنچتے ہیں"۔ (۱)

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ اور نبیءِ مکرّم صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے صفات کے رکھنے کے پس منظر میں انسان کے اندر سب سے بڑا جذبہ وہ جذبۂ ممنویت ہے جو ہر ذوقِ سلیم رکھنے والے کی فطرت میں ہمیشہ سے جبلّی طور پر موجود ہے۔

حمد کی صِنف انسان کے ذوقِ مدیح کی مظہر ہے --- مخلوق کی طرف سے خالق کے حضور اپنے جذبۂ ممنویت کا اظہار، اظہارِ تشکر کی ایک صورت، احسان مندی کا بیان --- عبد جس قدر عبدہٗ ہو گا یہ جذبہ، اظہار اور بیان اتنا ہی شدید، مسلسل اور لگاتار ہو گا۔ حمد کا یہ قرینہ اور تسلسل تسبیح کی ایک شکل ہے۔ قرآن کے مطابق:

يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (الحشر ۵۹:۲۴): "زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اللہ کی تسبیح بیان کر رہا ہے"۔

سورہ حشر کی آخری آیت میں جہاں یہ بیان ہوا ہے وہاں اِس سے پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنے کچھ اسمائے حسنہ گنوائے ہیں۔ ویسے تو قرآن مجید میں سینکڑوں جگہ پر اللہ تعالیٰ کے مبارک نام آئے ہیں مگر ایک ایک، دو دو یا تھوڑی تعداد میں۔ سورہ حشر کی آخری تین آیات (۲۲-۲۴) میں کثرت کے ساتھ یہ

۱- لغات القرآن، ج دوم (پرویز)، ص ۹۰۴-۹۰۵، ششم ایڈیشن، ۲۰۰۸ء، طلوعِ اسلام، لاہور

مبارک نام گنوائے گئے ہیں۔ مثلاً اَلْمَلِکُ - الْقُدُوسُ - السَّلامُ - الْمُؤْمِنُ - الْمُهَيْمِنُ - الْعَزِيْزَ - الْجَبَّارُ - الْمُتَكَبِّرُ - الْخَالِقُ - الْبَارِئُ - الْمُصَوِّرُ - الْعَزِيْزُ - الْحَكِيْمُ ---اس فہرست میں اِن آیات کے آغاز کا ذاتی نام اللّٰہ اور صفاتی نام عَالِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ شامل کرنے سے بیک جا یہ اسمائے مبارکہ ۱۵ بن جاتے ہیں۔ انہی (تین) آیات میں لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى کہہ کے اللہ تعالیٰ نے اپنے ناموں کی عظمت اور جمالیات کی طرف بھی اشارہ کر دیا ہے۔

اِن اَسمائے حسنہ کے ساتھ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم، صحابہ کرامؓ، اولیائے کرام، بزرگانِ دین اور صوفیائے عظام کے علم، اُن کے باطنی مشاہدات اور معارف کی روشنی میں تأثرات و کیفیات کا ایک دلآویز اور مؤثر سلسلہ وابستہ ہے۔ اِن اسمائے حسنہ (جن کی معروف صفاتی تعداد ۹۹ بتائی جاتی ہے) کے وِرد و وظیفہ، اَسماء کی تسبیح --- اور اِن کی بہ تکرار و تسلسل گردان اور ذِکر کو ایک اہم عبادت کا درجہ حاصل ہے۔ مختلف احوال و کیفیات میں --- صبح و شام کے مختلف اوقات میں --- مختلف ضروریات اور نتائج کے حصول کے لیے طے شدہ تعداد یا بے شمار دفعہ کی گردان اور وظیفہ کے حوالے سے انہیں نہ صرف یہ کہ مرتب کیا گیا ہے بلکہ صوفیائے کرام کے سلاسل میں ایسی تسبیحات کو خاص اہمیت حاصل ہے جن کا تعلق اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ سے ہے۔

اسلامی تہذیب و معاشرت اور علوم و شعائر سے وابستگان نے پیغمبرِ اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے مبارکہ کو بھی عقیدت و محبت سے جمع کیا اور انہیں اپنے تذکار کا معمول بنایا ہے۔

اسمِ "مُحَمدؐ" کا مادۂ اِشتقاق بقول امام سہیلی رحمۃ اللہ علیہ درج ذیل ہے:

"یہ اسمِ صفت سے منقول ہے۔ لغت میں محمد اُس کو کہتے ہیں جس کی بار بار تعریف کی جائے کیونکہ مُفَعَّل کے وزن میں اس فعل کا تکرار مقصود ہوتا ہے۔ مَضَرَّب اور مُمَدَّح کا وزن بھی مُفَعَّل ہی ہے۔ ان کے معنی میں بھی تکرار ہے"۔

اسم "احمد" کے مادۂ اِشتقاق کے بارے میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کا اسمِ گرامی احمد بھی ہے۔ یہ وہ بابرکت نام ہے جسے حضرت عیسیٰ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان سے موسوم کیا گیا۔ یہ بھی صفت ہے۔ احمد کا معنی ہے اپنے رب کی حمد--- ہر حمد کرنے والے سے زیادہ کرنے والا۔

وہ اس باب میں مزید لکھتے ہیں:

" .... محمدؐ صفت کا صیغہ ہے۔ یہ محمود کے معنیٰ میں ہے، لیکن اس میں مبالغہ اور تکرار پایا جاتا ہے۔ محمد وہ ہوتا ہے جس کی یکے بعد دیگرے تعریف کی جائے۔ جس طرح مکرّم وہ ہوتا ہے جس کی بار بار تکریم کی جائے۔ مُمَدَّح بھی اِسی طرح ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کا یہ اسم مبارک اللہ تعالیٰ نے خود رکھا تھا۔ یہ نبوت کے اِعلام میں ایک عِلم ہے۔ یہ اسم سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلّم کی ذات والا صفات پر پوری طرح صادق آتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلّم دنیا میں قابلِ ستائش اس لیے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلّم نے لوگوں کو اللہ کا راستہ دکھایا اور علم و حکمت کے دریا بہائے۔ اور آخرت میں معزز و محترم اس لیے ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کی شفاعت کو شرفِ قبولیت سے نوازا جائے گا۔ جس طرح لفظ کا تقاضا ہے اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلّم بھی دنیا و آخرت میں قابلِ صد تکریم ہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلّم اس وقت تک محمد نہیں ہو سکتے جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلّم اپنے رب کے سب سے زیادہ حمد سراء نہ ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلّم نے اپنے رب کی سب سے زیادہ تعریف کی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کو مقامِ نبوت پر فائز فرمایا اور عزت و کرامت سے نوازا۔

اَسمائے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی جمع آوری کی ایک مبارک روایت، زمانۂ قدیم سے موجود ہے۔ سیرت نگاروں اور مؤرخین نے اپنی کتابوں میں اسمائے رسول مقبولؐ کے حوالے سے جداگانہ ابواب قائم کیے ہیں۔

عربی کتبِ سیرت سے اسمائے رسولؐ کی جمع آوری کا آغاز ہوا۔ عربی سیرت نگاروں نے نہ صرف ایسے اسماء جمع کیے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی صفات کے مظہر تھے، بلکہ ان الفاظ کے مفاہیم بھی تفصیل سے لکھے۔ اِس بارے میں ملنے والی معلومات کا جائزہ لیں تو ہمیں ان الفاظ کے معنوی جہات کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس باب میں چند کتابوں کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

قاضی عیاض نے اپنی کتاب " الشفاء " میں اس حوالے سے ایک جداگانہ باب مرتب کیا ہے۔ اسی طرح امام سیوطی نے " الریاض الانیقه فی شرح اسماءِ خیر خلیقه " میں اسمائے رسول کا تذکرہ کیا ہے۔ امام قسطلانی نے " المواہبِ اللَّدُنیه " میں --- صاطی نے " سبل الهدیٰ " میں --- ابن سعد نے " طبقات " میں --- قاضی ابو بکر نے " جامع ترمذی " کی شرح میں --- ابن دحیہ نے " المتوفی فی اسماء المصطفیٰ " میں --- اور شیخ عبدالحق نے " مدارج النبوه " میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے مبارکہ کی نشاندہی، جمع آوری اور تذکار کے ساتھ اِن کے مفاہیم و معانی کے باب میں

دلآویز نکات پر روشنی ڈالی ہے۔

قرآن کریم، احادیثِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم، کتبِ سیَر و مغازی، کتبِ شمائل و تاریخ، دیگر آسمانی صحائف اور کتابوں میں آنے والے اسمائے مبارکہ کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے۔ان میں سے کچھ معروف نام دیکھئے:

مُحَمّد - اَحمد - اَلامّی - اَلامین - البُرہان - البَشیر - اَلحامد - حرِیصٌ علیکم - خاتَم النَبیین - الدّاعی - الرحمة - رحمت للعالمین - الرحیم - الرسول - النبّی - الرؤف - سراج المنیر - الشّارح - الشّاکر - الشّفیع - الصّاحب - الصّادِق - الطّاہِر - طٰہٰ - اَلطّیَب - اَلغفور - الکریم - المُبشّر - النَّذیر - المُزکّی - المُزّمِل - المُدّثِر - المصطفیٰ - نُور - الوکیل - یٰسین -

یہ اسمائے مبارکہ قرآن کریم سے ماخوذ ہیں اگر گہرائی میں جاکر قرآن کریم سے اسمائے رسول صلی اللہ علیہ وسلّم کی فہرست مرتب کی جائے تو یہ دو سو سے زائد تک جا پہنچتی ہے۔ "فلسفه اسمائے رسول صلی اللّٰه علیه وسلّم" کے مرتب ڈاکٹر محمد طاہر مصطفیٰ نے قرآن مجید سے ۲۲۳ اسمائے رسولؐ کی تخریج کی ہے۔[۱] اور احادیث رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم میں ملنے والے اسمائے رسولِ مقبول --- ابطحی - اَجوَد - احسن النّاس - اشجع النّاس - امام الخیر - جوّاد - حاشِر - حامِل الوَحی - حبیب اللہ - سیّدالقوم - شافع - شکور - قاسم - منیب - مَولیٰ - داعی - زاہد - محمودالمقام --- اور آسمانی صحائف اور مذہبی کتابوں میں درج آپؐ کے مبارک نام --- فارقلیط - منحمنا - احید - حاط حاط - حمطایا - کالکی اَوتار ---کا ایک طویل سلسلہ ہے۔ عربی فارسی اردو اور پاکستان کی دوسری زبانوں اور اسلامی معاشرتوں، ملکوں، خِطّوں اور زبانوں میں سینکڑوں ایسے اسمائے مبارک مل جاتے ہیں جنہیں نعتیہ شاعری کا حصہ بنایا گیا۔

اسمائے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم دراصل یک لفظی یا دو لفظی (بعض صورتوں میں چند لفظی) نعتیں ہیں۔ وصف، صنف نعت کا مرکزی و محوری موضوع ہے۔ نعت کے مضامین و افکار کی تمام شاخیں اِسی تنے سے پھوٹتی ہیں۔ وصف اور تعریف اور ستائش و مدح کی نبیاد، آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے اوصافِ

۱- محمد طاہر مصطفیٰ، ڈاکٹر: "فلسفہ اسمائے رسولؐ"، الفیصل، لاہور، ۲۰۰۸ء، ص ۱۶

حمیدہ، اخلاقِ عالیہ اور سیرت و کردار کے مختلف شعبوں اور گوشوں میں آپ کی معراج مقام عظمت ہے (جو تخلیقِ نعت میں ایک غیر متزلزل محرّک کے طور پر آغاز ہی سے کار فرما رہی ہے)۔ یہ عظمت کسی دوسرے بشر اور رسول کو حاصل نہیں۔

مکارمِ اخلاق کی تکمیل، بنی نوع انسان پر آپؐ کے دائمی فیضان اور خَیر زا اثرات نے آپ کو رسالت و بشریت کی جو انتہائی سربلندی عطا کی ہے اسی کے سبب آپ کے لیے قرآن مجید میں وَ رَفَعْنَالَکَ ذِکْرَکَ کی الُوہی سندِ اعتبار و وقار اور تمجیدی سرافرازی (Celestial Blessings) کی نوید ہے۔ یہ نوید ایک ایسا مبارک اور بابرکت ذِکر ہے جس کی تائید و توثیق صدیوں سے نعت گویان کر رہے ہیں۔ لاریب اللہ کے کلام کو کسی تائید، تصدیق یا توثیق کی ضرورت نہیں۔ یہ تو حُب داروں کے لیے حصولِ رحمت کا ایک بہانہ ہے۔ آیہء فَذْکُرُوْنِی اَذْکُرْکُمْ کی باطنی تفصیلات و تشریحات میں اس بابرکت ذِکر کے دنیوی اور اخروی ثمرات ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔

اس ذِکر کا بیان جب نعت میں آیا تو سب سے پہلے آپ کے اسمائے مبارکہ نے ہی وابستگانِ نعت کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ آپ کے چھوٹے چھوٹے چار حرفی اسماء (محمد اور احمد) نے بڑے بڑے نعتیہ مضامین کو جنم دیا--- اُن جھرنوں اور چشموں کی طرح، جن کا منبع بہت چھوٹا ہوتا ہے مگر جو اپنے منبع سے نکل کر ---اور پھیل کر اُن وسیع و عریض زمینوں کو سیراب کرتے اور زرخیز بناتے جاتے ہیں جہاں جہاں سے وہ گزرتے ہیں۔ نعت نگاروں کے اَذہان و قلوب بھی اولاً اِن اسماء سے فیض یاب ہوئے۔ اِن کے ورد اور گردان نے اِن ناموں کے اندر چھپی خصوصیت کی وسعتوں میں جھانکنے کا موقعہ دیا تو انہیں ان اسماء کے اندر مضامینِ نعت کے کئی آفاق نظر آئے--- ہر دم بڑھتے اور پھیلتے آفاق---

نعت گو شاعروں نے اِن ناموں پر نعتیں لکھیں۔ اِن ناموں کو نعتوں میں استعمال کیا، ردیف اور قافیہ میں اِن ناموں کے شمول سے طرح طرح کے مضامین و موضوعات پیدا کیے اور ایسے محسوسات و کیفیات کے تناظر میں اِن اسمائے مبارکہ کو اپنے بیان اور اظہار کا وسیلہ بنایا۔ عاصیوں نے شفیعُ المُذنبِین، رحمت جویاؤں نے رحمتٌ لِلّعالَمین، شفاعت طلبوں نے شفیِع، شافِع اور پھر اس سے شافِعِ حشر، شافِعِ محشر، شافِعِ روزِ جزا --- اور یوں مختلف ناموں سے یاد کیا۔ موقع بیاں اور محلِ اظہار اور درپیش کیفیات نے ایک طویل اور نہ ختم ہونے والے 'سلسلۂ خطاب' و 'قرینۂ یاد' کے مبارک راستے نکالے۔ سلسلۂ خطاب اِس لیے کہ آپ کو اِن ناموں سے مخاطب کیا گیا۔ اور قرینۂ یاد اس

حوالے سے کہ آپ کو اِن مبارک، پاکیزہ اور حمیدہ ناموں سے یاد کیا گیا--- نام بہ نام اور شاعر بہ شاعر یہ سلسلہ بڑھتا گیا۔ یہ چھوٹی چھوٹی نعتیں بڑی بڑی نعتوں کا حصہ بنیں تو نعت کے تأثر میں ہی اضافہ نہیں ہوا نعت کے وقار اور اعتبار میں بھی ایک ثروت مندی پیدا ہوئی۔

لاریب، اِن اسمائے مبارکہ کا اوّلین اثاثہ قرآن مجید سے حاصل ہُوا۔ کتبِ احادیث، کتبِ سیَر و مغازی اور دوسرے مذہبی صحائف سے اور سینکڑوں اسمائے مبارک دریافت ہوئے۔ اہلِ علم اور صوفیائے کرام نے اپنے اپنے تجربات اور واردات کے حوالے سے نئے نئے ناموں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کا ذِکر کیا۔ دینِ اسلام کا فیضان اور ثمرات عرب سے نکل کر دوسری زمینوں، تہذیبوں، معاشرتوں اور زبانوں تک پہنچے تو انہوں نے اِس 'قرینہ یاد' میں طرح طرح کی لُغوی اور ادبی دلآویزیاں پیدا کیں۔ آپؐ کے اسمائے مبارکہ کو عربی لب و لہجہ اور مروّجہ اِملا و تلفظ کے ساتھ قبول کرنے کے ساتھ ساتھ بعض زبانوں میں اِن اسمائے مبارکہ کا ترجمہ کر لیا گیا۔ کسی کسی جگہ عربی الفاظ کے ساتھ یہ مقامی زبانوں کے الفاظ ملنے سے ملی جلی تراکیبِ اسم کو رواج ملا--- گزشتہ چودہ صدیوں میں اِن ناموں کی تخلیق، تدوین، تشریح اور استعمال میں ایک مسلسل سعئ جمیلہ کارفرما نظر آتی ہے۔ جیسا کہ مَیں نے پہلے عرض کیا ہے کہ یہ اسماء ایک تنے کے مانند ہیں۔ چونکہ اِن کا تعلق آپؐ کے اوصافِ مبارکہ سے ہے لہٰذا نعت کی صنف کا ہر مضمون کسی نے کسی حوالے سے بالواسطہ یا بلاواسطہ ان ناموں میں سے کسی ایک سے مبارک انسلاک کی تشریح و تفصیل کے دائرے میں آجاتا ہے۔

اسمائے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم کی جمع آوری کے مبارک شوق نے بھی ایک مستقل سلسلۂ تدوین کو جنم دیا۔ اب سیرت مبارکہ کے ذیلی عنوانات میں سے 'ایک نام' اور 'کام' اِن اسمائے حمیدہ کو مرتب کرنے کا بھی ہے۔ سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلّم کی کسی فہرست کو دیکھیں اس میں بیسیوں ایسی کتابوں / کتابچوں کا ذِکر ملے گا جو آپ کے اسمائے مبارکہ کے حوالے سے ہیں۔ ان کتابوں میں سب سے ضخیم کتاب پانچ جلدوں پر مشتمل ہے جسے ابوانیس محمد برکت علی نے دارالاحسان، فیصل آباد سے ۱۹۸۸ء میں شائع کیا۔ اس میں سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلّم اور سیّدنا احمد صلی اللہ علیہ وسلّم (معروف دو ناموں کے بعد) الف بائی ترتیب سے ۱۴۳۸ اَسمائے مبارکہ کا تفصیلی ذِکر ہے۔ ہر اسم مبارک کا ترجمہ اور اِس کے ماٰخذ پر گفتگو کی گئی ہے۔ قرآنِ کریم، احادیث نبویؐ اور دیگر کتبِ سیَر و تاریخ کے حوالہ جات کو ترجمہ کے ساتھ متن کا حصہ بنایا گیا ہے۔ یہ پانچوں جلدیں بڑے سائز (A/4) میں بہت عمدہ نفیس گراؤنڈ والے

دانے دار کاغذ پر چار سے زائد رنگوں میں اعلیٰ جلد بندی کے ساتھ تیار کی گئی ہیں۔ اسمائے مبارکہ کی خطاطی حافظ یوسف سدیدی مرحوم نے کی ہے۔[1]

انگریزی ترجمے سے ان اسمائے مبارکہ کی کئی اور جہات سامنے آئیں۔ الفاظ کے اِملا اور تلفظ کے ساتھ ان کے مفاہیمِ روحانی کا ایک غیر مرئی ہالہ سا بھی ہوتا ہے جسے زبان دان اور نعت کے مزاج شناس ہی سمجھ سکتے ہیں۔ اسماء کے انگریزی تراجم میں قرآنی الفاظ اور عربی زبان کی وسعت معانی تو نہیں آسکتی، تاہم انگریزی میں بھی ان اسماء کے تراجم کے اندر ایک شکوہ، وقار اور بلوغت کا احساس ملتا ہے۔

نعتیہ شاعری میں اسمائے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم کا استعمال اور ظہور، نثر سے مختلف کیفیات کا مظہر ہے۔ علامت، تشبیہ، استعارہ اور دوسرے شعری علائم و رموز کے سبب نعتیہ شاعری میں یہ اسماء جس قرینہ کے ساتھ آئے ہیں انہوں نے جہاں نعت کو برکت آثار بنایا ہے وہاں اسمائے مبارکہ کی تعداد کو مسلسل 'اضافہ رُو' رکھنے کی ایک غیر ارادی سبیل بھی پیدا کر دی ہے۔ اسماء کے اس روز افزوں بلکہ 'نعت افزوں' بڑھاوے میں کسی باقاعدہ منصوبہ بندی کی بجائے ایک فطری اور تخلیقی رویّے کی کارفرمائی کا زیادہ عمل دخل ہے---

اس کی صداقت کا یقین ع س مسلّم کے نعتیہ کلام کے مطالعے سے ہوتا ہے۔ نعت بہ نعت اور کتاب بہ کتاب اُن کے ہاں اسمائے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم کا ایک بڑا وقیع اور مبارک ذخیرہ از خود وضع ہوگیا ہے۔ وضع کے اس تخلیقی عمل میں (یہاں مَیں 'وضع' اور 'تخلیق' کی دلالتِ وضعی کی باریکیوں کو ملحوظ رکھ کر بات کر رہا ہوں) از خود ایک ایسی ہنر کاری کا ظہور ملتا ہے جو کسی باضابطہ پلاننگ سے ممکن ہی نہیں۔ واردات و کیفیات کے اظہار اور عروض و آہنگ کے مابین کبھی کبھار جو دلآویز خلا پیدا ہو جاتے ہیں

۱۔ مَیں اس کتاب کی ترتیب و تدوین کے دوران میں ہی اِس کے بارے میں متجسس اور اس کے حصول کا آرزومند رہا ہوں۔ مَیں نے اپنے پی ایچ ڈی کے مقالہ "اردو نعت" (جو اردو میں نعت گوئی کے عنوان سے ۱۹۹۱ء میں اقبال اکادمی لاہور سے شائع ہوا) ایک خصوصی ضمیمہ، اسمائے رسولِ مقبولؐ، میں جن اسمائے رسولِ مقبول کا ذِکر کیا ہے اس کا بڑا حصہ مجھے حافظ یوسف سدیدی کے شاگردِ رشید برادرم خالد یوسفی سے حاصل ہوا جو اُن دنوں (بحدود ۷۸-۱۹۷۷ء) حافظ صاحب کے ساتھ روزنامہ 'امروز' لاہور کے شعبہ کتابت سے منسلک تھے۔ اُن دنوں 'اسماء النبی الکریم صلی اللہ علیہ وسلّم' کتابت کے مرحلے سے گزر رہی تھی اور اس کی اشاعت کے خطوط کار اور فارمیٹنگ پر غور و خوض ہو رہا تھا۔

بعد میں اِس کتاب کا انگریزی میں بھی ترجمہ ہوا۔ اردو والے وقیع اور ضخیم سائز میں بلکہ زیادہ دبیز کاغذ اور مختلف رنگوں کے ساتھ مجھے برادرم عطا محمد صاحب (کراچی) جو صوفی برکت صاحب کے حلقۂ ارادت سے وابستہ ہیں کے پاس انگریزی ترجمے کی پہلی جلد دیکھنے کا اتفاق ہُوا۔

انہیں بہ آسانی آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے مبارکہ سے پُر کیا جاسکتا ہے کہ آپؐ کے اسما مختلف اوزان میں دستیاب ہیں۔ سہ حرفی، چہار حرفی، پانچ حرفی اور تراکیب کے ساتھ سات، آٹھ، دس لفظی تک --- جیسے شہ، شاہ، شہنشاہ اور پھر اُن کے ساتھ حرم، طیبہ، مدینہ، دوجہاں، کونین اور سینکڑوں نہیں ہزاروں اور الفاظ جن کا قرینے کے ساتھ شمول، نعت کے معنوی آفاق کو پھیلانے کا سبب بھی بنتا ہے اور اس کے اظہار کی تاثیر میں اضافہ بھی کرتا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے صفات کا حصر و تعین نہیں ہو سکتا۔ ہر زمانے کے اہلِ ذِکر، اہلِ قلم اور حُب داروں کے لیے اِن اسماء کے آفاق نہ صرف کُھلے ہیں بلکہ روز بروز پھیل رہے ہیں۔ تراکیب کے ساتھ جودتِ طبع، جدتِ فکر اور اظہار و بیان کی نادرہ کاری کے لیے اس میں 'اضافہ آمادہ' ہونے کے لیے امکانات کبھی ختم نہیں ہو سکتے۔ 'شہ' کے دوحرفی لفظ کو دیکھیے اس سے شہِ طیبہ، شہِ حرم، شہِ مکی مدنی، شہِ بحر و بر، شہِ زمان و مکان، شہِ کونین، شہِ مدینہ، شہِ دوجہاں --- چلتے جائیے --- سوچتے جائیے --- اور تراکیب سازی سے اسماء کے نئے نئے مرکباتِ حسنہ بناتے جائیے۔

ریاضی میں صفر سے نو تک کے ہندسوں سے جس طرح آپ لاتعداد اعداد بناتے چلے جاتے ہیں اعداد کے یہ Combinations ختم نہیں ہونے کے --- اسی طرح ا سے ی تک کے حروف سے بننے والے الفاظ و اسماء کا ذخیرہ بھی ختم نہیں ہو سکتا۔ ترکیب در ترکیب سے اس میں ذہن بہ ذہن، زماں بہ زماں اضافہ ہوتا رہے گا --- نئے اسمائے صفات کی تخلیق میں جو بات پیشِ نظر رہنی چاہیے وہ قرینے کی ہے۔ یہ قرینہ، حسن و خوبی کا عکّاس ہو اور اس کی تخلیق میں ذاتِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلّم کے احترام اور آداب کو ملحوظ رکھا جائے۔

نعت کی تخلیق میں احترام و آداب کے اِس لحاظ کے ساتھ اگر تخلیقی عقیدت نگاری کی حامل شاعری (Creative Devotional Poetry) کے معیار کا بھی خیال رہے تو یہ اور بھی مبارک اور احسن کام ہوگا، یعنی اَصفائے صفات اپنی جگہ بہت خوب، اُن کی ترکیبی ساخت، جمع آوری اور ورد و وظیفہ میں اُن کا استعمال بھی بہت مبارک، مگر نعت کی صنف میں اُن کے استعمال میں اگر تخلیق کا رنگ ڈھنگ آجائے تو اُس سے شعر کے معنوی آفاق پھیل جائیں گے۔ فیض کا یہ شعر دیکھیے:

اُمّی و دقیقہ دانِ عالم
بے سایہ و سایہ بانِ عالم

یہاں اُمّی کے ساتھ دقیقہ دان اور بے سایہ کے ساتھ سایہ بان کے الفاظ شعر کے مفہوم کی پرتوں کو نمایاں کرتے ہیں (مگر یہاں دقیقہ دانِ عالم اور سایہ بانِ عالم دو نئے اسماء بھی تخلیق ہو گئے ہیں)۔

ع س مسلم کے کلام میں اسمائے رسول مقبول کا ظہور متنوع طور پر ہُوا ہے۔ بعض مقامات پر اسماء حسنِ ترتیب سے جمع کر دیئے گئے ہیں۔ ایسا عام طور پر وہاں ہُوا ہے جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسماء مبارکہ دو یا دو سے زیادہ آئے ہیں۔ یہ اشعار دیکھیے:

محمدؐ — زِہے یہ مقدّر زِہے اَوجِ قسمت — بنی ہے حلیمہ محمدؐ کی دائی
ہوئی اُس کی آغوش پُر برکتوں سے — جہانوں کی رحمت ہے جھولی میں آئی

محمدؐ — اَے کونَین میں امجدؐ سو جا — میٹھی نیند محمدؐ سو جا

خیرُ البشَرؐ — سلام اُن کامِل و اکمل پہ جو خیرُ البشَرؐ ہیں
جو نُورِ قلب، نُورِ عین ہیں، نُورِ نظر ہیں

سرِ نبوّت — وحید و واحِد، امینِ وحدت — رسولِ یکتاؐ، سرِ نبوّت

معزّز — سلام اُن پر، اُنہیں کے دم سے ہے توقیرِ آدَم
معزّز، محترَم، اَولیٰ، معظّم اور مقدّم

نعیم و نعمت — غیاث و غَوث و نعیم و نعمت — نزولِ غَیثِ سحابِ رحمت

یہاں اور اس طرح کے بیسیوں اور اشعار میں حُسنِ ترتیب نمایاں ہے، لیکن اسماء کے استعمال کا ایک اور رُخ زبانِ تخلیقی بھی ہے۔ شعر نمبر ۱۳۱۴ (السِّراج) کے ذیل میں دیکھیے:

مُصلح و مِصباح و نُور و اَلسّراجُ، اَلمُنیر — رحمتٌ لِلعالمیں خیر البشرؐ کی روشنی

روشنی ردیف کی مناسبت سے مصباح، نور، السّراج اور المُنیر جیسے 'ہم قرینہ' الفاظ نے شعر کو جگمگا دیا ہے۔ یہاں پہلا لفظ 'مُصلح' بظاہر الفاظ کے نورانی قبیلے سے باہر کا لفظ لگتا ہے لیکن علامتی مفاہیم میں حُسن، روشنی، نور، خیر، صلح، اخلاص مثبت مفاہیم کے 'ہم اعتبار' الفاظ ہیں۔ لہٰذا 'رحمتٌ لِلعالمین' دوسرے

مصرعے کے پہلے لفظ سے مطابقت کی نیابت کا فریضہ احسن طریقے سے انجام دیتے ہیں۔اسی طرح:

عمادِ نُور — سلام اُس جلوۂ تابندۂ غارِ حرا پر
عمادِ نُور، مینارِ ہُدیٰ، شمعِ خدا پر

مُجیب — نہ ہو کیوں قبول مِری دُعا، جہاں تُو رحیم و مُجیب ہو
تُو شفیع و حامی دمِ جزا، تُو کریم ہو تُو مُنیب ہو

واقفِ کارِ منزِل — سلام اے صاحبِ منہاج و واقف کارِ منزِل
سلام اے گمرہانِ بے بضاعت کے نگہباں

ہادی — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ آیاتِ قرآں
دلیل و داعی و ہادی و سرخَیلِ رَسولاں

اور بے شمار اور اشعار ایسے ہی معنوی قرینے اور رعایتِ لفظی کے حوالے سے تخلیقی اندازِ استعمال کے بہتر نمونے پیش کرتے ہیں۔

یہاں اسماء شعر کے عروضی نظام اور اوزان و آہنگ کی مناسبت سے ترتیب یاب ہوتے ہوئے بھی ایک شعری قرینہ رکھتے ہیں۔اس قرینہ پر لسانی اور لسانیاتی دونوں حوالوں سے گفتگو ہو سکتی ہے۔ بحر اور شعر پارے کے مجموعی آہنگ کا خیال رکھتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے ایسے اسماء کا انتخاب کیا گیا ہے جو اِس مقامِ شعر کی فضا اور لسانی ماحول سے مناسبت رکھتے ہوں۔اِس مناسبت میں زیادہ لحاظ تراکیب کے حوالے سے ہے۔ بعض جگہ یک لفظی اسماء، بعض جگہ تراکیب اور عطف کے ساتھ دو دو تین تین اور چار چار لفظی اسماء---

بعض اوقات یہ اسماء خالص تخلیقی قرینے سے شعر کا حصہ بنے ہیں۔یہاں اسماء کا استعمال، شعری پایہ اور معنوی اعتبار میں بھی اضافہ کرتا نظر آتا ہے۔یہ اضافہ اُن معنوی پرتوں اور علائم و رموز کے سبب سے ہے جو تخلیق کے دوران میں از خود (اپنے طویل معنوی پس منظر کے سبب) جزوِ شعر بن گئے ہیں۔ ایسے مقامات پر نعتیہ شاعری کے معنوی آفاق زیادہ تہ دار اور وسیع ہوئے ہیں۔کچھ مثالیں دیکھیے:

آبِ نظر — سلام اُن پر جو ہر محبوب سے محبوب تر ہیں
سراپا حُسن ہیں، آبِ نظر، حُسنِ نظر ہیں

آفتابِ مطلعِ صبح بہاراں — سلام اے ماہتابِ ظُلمتِ فصلِ زمستاں
سلام اے آفتابِ مطلعِ صُبحِ بہاراں

آقاؐ — رُوپ انُوپ، تو کامل، اکمل، تو اعلیٰ، تو اَولیٰ
تُو خوبی ہی خوبی آقا، مَیں خامی ہی خامی

رَشحۂ شبنم — دشتِ گُماں میں رَشحۂ شبنم صلی اللہُ علیہِ وسلّم

روشنیِ راہِ ہدایت — اُس سے روشن ہے راہِ ہدایت شمعِ جنت نشاں ہے محمدؐ

سائرِ اَفلاک — اے صبا کہنا سلام اُس صاحبِ لَولاک سے
حالِ دل کہنا مرا اُس سائرِ اَفلاک سے

صاحبِ منہاج — سلام اے صاحبِ منہاج و واقف کارِ منزل
سلام اے گمرہانِ بے بضاعت کے نگہباں

عریسِ بزمِ عالَم — سلام اے مصطفیٰؐ، مقبول و محبوبِ الٰہی
عریسِ بزمِ عالَم، زینتِ اَورنگِ شاہی

ماہِ تمامِ آسمانِ رُشد — جلوۂ انوار تیرا شش جہات آسمانِ رُشد کے ماہِ تمام

بعض مقامات پر عام اور بظاہر غیر صفاتی لفظ بھی---اوصاف و محاسن کی صف میں جگہ پا گئے ہیں۔ یہ مسلم صاحب کی تخلیقی معجز نمائی ہے جس نے اِن الفاظ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی نسبتِ حُب اور قرینۂ ذِکر سے ارجمند کر دیا ہے یوں ؎ ''جمالِ ہم نشیں در من اثر کرد'' کے مصداق یہ عام لفظ ہی

بالواسطہ یا بلاواسطہ نعتیہ شاعری میں شمار ہو گئے ہیں مثلاً یہ مصرعے:

گمک (دفِ دل میں) ۔ اُنہیں کی صَوتِ پا کی ہے دفِ دل میں گمک

گہنا (بزمِ کُن کا) ۔ سلام اُس پر ہے جس کا حُسن بزمِ کُن کا گہنا

لحنِ بلند آہنگ ۔ وہ لحنِ شیریں بلند آہنگ، کلام عطرِ کمالِ فرہنگ

لعلِ فروزانِ حقیقت ۔ وہی ہیں صیقلِ لعلِ فروزانِ حقیقت

صِلہ دُعائے انبیاء ۔ سلام اُن پر جو نبیوں کی دعاؤں کا صِلہ ہیں

مآلِ التجا ۔ جو بے اندازہ صدیوں کے مآلِ التجا ہیں

اس طرح کے مصرعوں اور شعروں کی تعداد سینکڑوں میں ہے جہاں معروف اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم کے علاوہ عام استعمال کے غیر اوصافیہ الفاظ کو مسلّم صاحب کی نسبتِ حُب اور ذوقِ نعت گوئی نے اَسمائے صفات کا درجہ دے دیا ہے۔

نعت ایک تخلیقی عمل ہے جو ایک حوالے سے ترکیبی عمل بھی ہوتا ہے، جس میں شاعر کا حسیاتی نظام، اُس کا مطالعہ، مشاہدہ، تجربہ --- دیدہ، شنیدہ پر مبنی واردات کے ساتھ ساتھ اس کے شعور سے لاشعور اور اجتماعی لاشعور تک غیر محسوس طور پر سینکڑوں عوامل کار فرما ہوتے ہیں، ایسے عوامل جن کے بارے میں جزئیاتی تفصیلات خود شاعر کی آنکھ اور آگہی سے بھی اوجھل ہوتے ہیں۔ اِس عمل میں وراثت سے ماحول کے اثرات کے ساتھ ساتھ لسانیات (Linguistics) سے جڑی ہوئی معاشرت اور سماجیات کا بھی گہرا تعلق ہوتا ہے۔

تخلیقِ نعت میں اسماءُ النبی الکریم صلی اللہ علیہ وسلّم تخلیقی تجربے کا حصہ کیسے بنتے ہیں؟ اِس سوال کا جواب مشکل ہی نہیں قریب قریب ناممکن ہے۔ اس تخلیقی اور غیر محسوس ترکیبی عمل سے اکثر اوقات شاعر بھی لاعلم ہوتا ہے۔ معروف اسمائے مبارکہ کے علاوہ اِن مرکباتِ حَسنہ کا بڑا تعلق تراکیب سازی کے عمل سے وابستہ ہے، اور تراکیب سازی کے رشتے نُدرتِ فکر، نادرہ کاریٔ اظہار اور ترکیب سازی سے وابستہ جدتِ طبع سے جُڑے ہوتے ہیں --- اور پھر یہ سارا عمل ایک اور غیر محسوس آہنگ سے وابستہ ہے جس کا تعلق بحور و اوزان کے نظام سے ہے۔ شاعر ایک شعر کہتے ہوئے ایک ترکیب بناتا ہے۔ ترکیب کے

بعد بھی مصرع میں آہنگ کی ایک 'جگہ' رہ جاتی ہے جسے پُر کرنے کے لیے وہ ترکیب کو بڑھاوا دے کر اسے دو لفظی سے سہ لفظی یا چہار لفظی تک پھیلا دیتا ہے۔ یوں وہ 'جگہ' بھی نہ صرف یہ کہ پُر ہو جاتی ہے بلکہ جَودتِ طبع کی دلآویزی ترکیب در ترکیب سازی کے عمل سے اُس کو ایک نیا رُخ اور بعض اوقات کئی نئے رُخ عطا کر دیتی ہے۔ اِس سے ترکیب یک سطری مفہوم سے بالا ہو کر کثیر الجہات مفاہیم کی حامل ہو جاتی ہے۔ مثلاً:

...... شاہِ حرَم

...... شاہِ حرَمِ خُلد

...... شاہِ حرَمِ خلدِ مدینہ

...... شاہِ حرَمِ خُلدِ مدینہ ٔ محبت

یہ مثال مَیں نے بے ساختہ دی ہے اور مجھے اِس توسیعی عملِ ترکیب کی مثال دیتے ہوئے اپنے قلم کو ایک لمحے کے لیے بھی روکنا نہیں پڑا---اپنے شعری تجربے کی بنیاد پر مَیں نے ایک لفظ شاہ (بروزن فاع) سے ؎ شاہِ حرَمِ خُلدِ مدینہ ٔ محبت (مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن) تک کے الفاظ سے عروضی طور پر مصرع کو مکمل کر دیا۔ اب اگر مدینہ کی جگہ خیابان کو قافیہ رکھا جاتا تو اِسی مناسبت سے قافیہ کے ماقبل کے الفاظ میں بھی تبدیلی ہو جاتی، یا ردیف میں محبت کی جگہ (مثال دیتے ہوئے) مدینہ کا لفظ ذہن میں آجاتا اور خیابانِ مدینہ قافیہ و ردیف بن جاتے تو مصرعے میں ترکیب سازی کے عمل میں یہ از خود تبدیلی آجاتی۔ پھر شاید سارا مصرع یوں ہو جاتا ؎ سَروِ حرمِ خُلدِ خیابانِ مدینہ

ممکن ہے کچھ قارئین کو یہ بحث موجودہ مضمون کے حوالے سے نسبتاً ایک غیر ضروری سی نظر آئے، لیکن یہ غیر متعلقہ نہیں ہے۔ شعر کہنے والے اِس عمل سے بخوبی واقف ہیں۔ مصرع کی ساخت، الفاظ کی دَروبست، اور ترکیب سازی کے عمل کی پہلے سے منصوبہ بندی نہیں کی جاتی۔ جدتِ طبع اور نُدرتِ اظہار کا قرینہ مصرع کی پُراسرار ڈھلائی (صورت گری) کے وقت از خود ایک ایسی تخلیق میں مصروف کار رہتا ہے جس کا حتمی نتیجہ (الفاظ کی دَروبست) کے حوالے سے شاعر پر خود واضح نہیں ہوتا---کوزہ گری کے عمل کی طرح گندھی ہوئی مٹی چاک پر ہے اور چاک گردش میں ہے۔ کوزہ گر کے پاؤں چاک کو حرکت دے رہے ہیں اور اس کے ہاتھ اور انگلیاں ایک ماہر کی طرح گندھی مٹّی کی صورت گری میں مصروف ہیں۔

کبھی کبھار وہ پاس پڑے پانی سے ہاتھ گیلا کر کے مٹّی کو مزید لچکیلا کر لیتا ہے---ایک مشتاق اور ماہر شاعر بھی شعر کہتے ہوئے الفاظ کی ترتیب اور دَر و بست، مصرع کی ساخت اور تراکیب سازی کے جادوئی عمل میں اس محویت اور مہارت سے مصروف کار اور مشغولِ فکر ہوتا ہے کہ وہ خود بھی اپنے نتائجِ فکر سے لاعلم ہوتا ہے، خصوصاً تر کیب سازی کی سحر کاری اس کی گرفت سے باہر کسی ایسے جذب کی عطا ہوتی ہے جو شعر کے آہنگ سے منسلک ہوتا ہے۔

فارسی اور اردو نعتیہ شاعری کے تناظر میں ع س مسلم کی ان کوششوں کا مطالعہ کیا جائے جو نعتیہ خیالات و جذبات، واردات و مشاہدات اور تجربات و محسوسات کے ساتھ اسمائے رسول مقبول کو آمیز کرنے کے حوالے سے ہوئیں تو ہمیں اس ثروت مندی کا اندازہ ہوتا ہے جو دوسرے شاعروں کے مقابلے میں مسلم صاحب کے حصہ میں آئی۔ یہ ثروت مندی مقدار اور معیار دونوں حوالوں سے ہے۔

میری دانست اور محدود مطالعے میں مسلم صاحب کا یہ سرمایہ (نعت میں اسماءُ النبیؐ کا استعمال) معاصر اور ماقبل کے نعت گو شاعروں سے منفرد نوعیت اور اہمیت کا حامل ہے۔ اس کی بھی کئی وجوہات ہیں۔ ایک یہ کہ مسلم صاحب کا نعتیہ کلام مقدار میں زیادہ ہے۔ دوسرے یہ کہ ان کے تخلیقی جوہر میں زبان و لسانیات کا مطالعہ غیر شعوری طور پر لَو دیتا رہتا ہے۔ زبان و بیان پر اُن کی گرفت، لفظ شناسی کی صلاحیت اور الفاظ پر مسلسل غور و فکر کے سبب اُن کے ہاں ایک ایسی مہارت کار فرما نظر آتی ہے۔ جس کے پیچھے اُن کا گہرا مطالعہ اور برسوں پر پھیلی مشقِ شعر ہے جو الفاظ کے انتخاب سے تراکیب سازی تک کے عمل میں مؤثر انداز میں اپنا ظہور کرتی ہے۔

تیسری اور اہم بات اسلام اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلّم سے اُن کی گہری عقیدت ہے جو شیفتگی اور والہانہ پن سے تخلیقِ نعت میں کئی عشروں سے ایک مبارک محرک کے طور پر کار فرما ہے۔ نعت گوئی کے مبارک فن کے ساتھ اس مسلسل گہری اور غیر متزلزل وابستگی نے جہاں موجود و معروف اسمائے رسولؐ کو شاملِ نعت کرنے کا شوق پیدا کیا وہاں انہیں نت نئے اسمائے مبارکہ تخلیق کرنے کا راستہ بھی دکھلایا۔ اور یہ سارا مبارک عمل جیسے کہ پہلے بھی کہا گیا ہے اُن سے از خود---اپنے آپ ہوتا گیا ہے۔ بقول مولانا حالی:

نیا ہے، لیجیے جب نام اُن کا
بڑی وسعت ہے میری داستاں میں

یہاں 'داستاں' کو 'شاعری' پڑھیے تو آپ دیکھیں گے کہ مسلّم صاحب کے ہاں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کا اسم مبارک ہزاروں نت نئے قرینوں سے از خود دَر آیا ہے۔

از خود سے میری مراد یہ ہے کہ مسلّم صاحب کی نعتیہ شاعری میں اسمائے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم کا استعمال فطری انداز کی بے ساختگی لیے ہوئے ہے۔ بظاہر اسمائے مبارکہ کی یہ کثرت ایک اہتمام کا نتیجہ نظر آتی ہے۔ مگر ایسا نہیں ہے --- ایسا ہو ہی نہیں سکتا --- یہ اشتباہ زیر نظر کتاب میں اُن اسمائے مبارکہ کی جمع آوری سے اُن معدودے چند قارئین کو ہو سکتا ہے جنہوں نے قریب قریب نصف صدی پر پھیلے ہوئے مسلّم صاحب کے نعتیہ کلام کو کتاب بہ کتاب نہیں پڑھا۔ واضح ہو کہ اُن کے کلام میں اِن اسمائے مبارکہ کا ظہور تخلیقِ نعت کے دوران میں موقع و محل اور مضامین و موضوعات کے حوالے سے ہُوا ہے۔ انہوں نے اسمائے رسولِ مقبولؐ کا یہ سرمایہ کسی منصوبہ بندی سے جمع نہیں کیا۔

نعت کی صنف (غزل کے برعکس) ایک فکری وحدت کی ترجمان ہوتی ہے۔ یہ فکری وحدت حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی ذات والا صفات، آپ کی سیرت مبارکہ، آپ کے معجزات، غزوات، اصحابؓ، عترت و آلِ اطہار، ازواجِ مطہرہ --- آپ کے فرائض، پیغامات، آپؐ کے فیضان، بنی نوع پر آپؐ کے احسانات عظیمہ کے ساتھ ساتھ آپؐ کی احادیث، سُنَن، اَخلاقِ عالیہ اور شمائل مبارکہ کے تذکار سے اس طرح جڑی ہوئی ہے کہ اس صنف کے بارے میں آپؐ کے خیال، تصوّر اور دھیان کو مرکزِ تخلیق بنانے کے علاوہ سوچا ہی نہیں جا سکتا۔

یوں دنیا بھر کی اصنافِ شاعری میں یہ صنفِ مبارک آپ کی ذات والا صفات کے تذکارِ جلیلہ کا مظہر قرار پائی ہے۔ آپؐ کی سیرت کے بیان میں وہ تمام مقامات، میدان، غاریں، مساجد، شہر، گلی کوچے اور دوسرے متعلقات و مناسبات بھی محترم ٹھہرے جو کسی نہ کسی حوالے سے آپؐ سے نسبت کے شرف اور اعتبار سے مُتصِف ہیں --- آپؐ کے اسمائے مبارکہ کی تحقیق و تدوین اور تفحّص و تلاش میں یہ تمام تذکار و موضوعات ایک اہم حوالے کا درجہ رکھتے ہیں جن کا اوپر ذِکر کیا گیا ہے۔ مثلاً لفظ (شہر) مدینہ ہی کو لیجیے اس نسبت سے مدنی - ماہِ مدنی - رسولِ مدنی - آفتابِ مدنی - شاہِ مدنی - مدنی سرکار - دس بیس نہیں، سینکڑوں نہیں، ہزاروں اسمائے مبارکہ (تخلیق ہوئے اور) تخلیق کیے جا سکتے ہیں۔

اسی طرح حرَم سے شہِ حرَم، شاہِ حرَم، ماہِ حرَم، سروِ حرَم (حافظ لدھیانوی مرحوم کا یہ مصرع دیکھیے:

جب سے گزرگاہِ ہستی میں سروِ حرمؐ نے خرام کیا)۔

اسی انداز میں، رسول، نبی، پیغمبر، سیّد ایسے سینکڑوں الفاظ ہیں جن سے دوسرے متعلقات ترکیب دیتے ہوئے آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ہزاروں اسمائے مبارکہ کشید کیے گئے، تخلیق کیے گئے، وضع کیے گئے، سوچے گئے اور نعتیہ اشعار میں استعمال کیے گئے۔ نعت پر تنقیدی و تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے اس روز بروز بڑھتے اور شاعر بہ شاعر پھیلتے موضوع پر تفحّص و تلاش کی بڑی گنجایش ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نعت کے موضوعات میں اسمائے رسولِ مقبول کا استعمال ایک جداگانہ موضوع قرار پایا۔

اردو میں امیر خسرو کے زمانے سے ملنے والی جکریوں، وفات ناموں، مولودناموں، معجزات ناموں، پیغمبر ناموں، جنگ ناموں اور مثنویوں میں ملنے والے نعتیہ شاعری کے ابتدائی نمونوں سے اکیسویں صدی کی پہلی دہائی تک کے نعتیہ منظرنامے تک آتے آتے اِن اسمائے مبارکہ کی تخلیق، جمع آوری اور استعمال میں جو اضافہ ہُوا، وہ بلاشبہ ایک طویل تحقیقی مقالے کا موضوع ہے۔ خصوصاً اگر ان اسماء کے استعمال کو تہذیبی و ثقافتی اور سماجی و سیاسی پس منظر میں دیکھا جائے، اور مکانی و زمانی حوالوں کی روشنی میں اس کا تجزیہ کیا جائے تو نعتیہ مطالعات کے کئی نئے دَر وَا ہو سکتے ہیں۔

مثلاً درج ذیل اشعار دیکھیے:

اُس کی اُمت میں ہوں مَیں، میرے رہیں کیوں کام بند
واسطے جس شہؐ کے، غالبؔ گنبدِ بے دَر کُھلا — شہؐ / مرزا غالب

ایک میرا ہی رحمت پہ دعویٰ نہیں
شاہ کی ساری امت پہ لاکھوں سلام — شاہؐ / رضا بریلوی

تجھ میں راحت اُس شہنشاہِ معظمؐ کو ملی
جس کے دامن میں اماں اقوامِ عالم کو ملی — شہنشاہؐ / علامہ اقبال

(کلیاتِ اقبال، نظم بلاد اسلامیہ، ص ۱۷۲، اقبال اکادمی، لاہور)

پہلے شعر میں بند، ''گنبدِ بے دَر کُھلا'' کے الفاظ میں ظاہر رعایتوں کے علاوہ امت، شہ اور معراجِ حضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے واقعہ کا ذِکر ہے۔ غالبؔ نے یہاں آپؐ کے لیے 'شہ' کا لفظ

استعمال کیا ہے۔

مولٰینا احمد رضا نے رحمت اور امت کے ساتھ شاہ کے لفظ کا انسلاک کیا، جب کہ علامہ اقبال نے 'بلادِ اسلامیہ' کے ذیل میں شہنشاہِ معظم کے لفظ استعمال کیے۔ ان تینوں شعروں میں برتے گئے تینوں الفاظ شہ، شاہ اور شہنشاہِ معظم کے (لغوی، معنوی، معاشرتی، نفسیاتی اور تہذیبی حوالے سے) تجزیاتی مطالعات سے کئی دلآویز سلسلہ ہائے مضامین پیدا ہوتے ہیں۔ یہ بظاہر ہم معنی لفظ، موقع و محل کی مناسبت سے، دو مختلف زمانوں کے عظیم شاعروں نے کتنی خوبصورتی اور شائستگی سے استعمال کیے ہیں۔

غالبؔ کے ہاں شہ کے لفظ کے بغیر بھی (وزن کو پورا کرنے کے لیے کسی اور دو حرفی لفظ کی شمولیت سے) مصرع مکمل کیا جاسکتا تھا مگر غالب نے شہ کے لفظ کی گنجایش کیوں نکالی؟--- مولٰینا احمد رضا نے سامنے کے لفظ آپ کی جگہ 'شاہ' کیوں برتا--- اِس پر غور کرنے سے اس لفظ کی کئی بلیغ معنوی پرتیں کھلیں گی--- اِسی طرح علامہ اقبالؒ 'شہنشاہِ معظم' کی جگہ 'مبشر اور ہادی' یا آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے ہزاروں اسمائے مبارکہ سے اس وزن (مفاعِلین فعولن / فعولن فاعلاتن وغیرہ) کے دو اسم لے کر وزن پورا کرسکتے تھے مگر انہوں نے 'شہنشاہِ معظم' ایسی نئی ترکیب (آپؐ کے نام کے لیے) کیوں وضع کی۔

یہاں دونوں جگہ شاعروں کی شعوری کوشش اور اہتمام کے بجائے اس تخلیقی رَو کی معجز نمائی کا اثر نظر آتا ہے جو فکری ہیولٰی کو الفاظ کے قالب میں ڈھالتے ہوئے بغیر کسی پیشگی منصوبہ بندی کے تخلیقِ شعر کے مراحل میں بڑے شاعروں کی شریکِ کار ہوتی ہے اور جس کے سبب معانی و مضامین کو اپنے آپ مناسب الفاظ ملتے جاتے ہیں۔ ایسے مقامات پر تخلیقی عمل ایک وحدتِ کار کا مظہر ہوتا ہے اور عظیم شاعروں کے ہاں موقع و محل کی مناسبت سے بہترین (Best) اور موزوں (Proper) الفاظ از خود صفحۂ قرطاس پر اتر آتے ہیں۔

اسمائے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم کے استعمال میں بھی عظیم تخلیق کاروں نے حسنِ انتخاب کے قرینے کو ملحوظ رکھا ہے۔ اس قرینے سے انہوں نے نعتیہ اشعار کی معنوی فضا کو اظہار و اسلوب کی رعنائی، بلاغت کی خوبصورت اور لفظ و معنی کی نزاکتوں اور رعایتوں سے اپنے فن کو زیادہ بلیغ، جامع، مؤثر اور دلکش بنایا ہے۔ اسمائے نبوی صلی اللہ علیہ وسلّم کے ذیل میں یہ اشعار دیکھیے:

سلام اُن صاحبِ جوَدت پہ ہر جوَدت ہے جن کی صاحبِ حُسنِ کرَم
خلوص و بخشش و حُسنِ کرَم عادت ہے جن کی

عمادِ نُور — سلام اُس جلوۂ تابندۂ غارِ حرا پر
عمادِ نُور، مینارِ ہُدیٰ، شمعِ خدا پر

فروزشِ مشکوٰۃِ دل — تُجھی سے اے سراجِ نُور ساری روشنی ہے
مری مشکوٰۃِ دل بھی نورِ حق سے کر فروزاں

نُورِ لَم یزَل — تیری تجلّیوں سے ہی اے نورِ لَم یزَل
سب کائنات صورتِ مشکوٰۃ ہوگئی

نیازِ بزمِ کُن فکاں — سلام اُن پر جو بزمِ کُن فکاں کی، تھے نیاز
انہیں کی چشمِ رحمت سے درِ بخشش ہے باز

اب اسمائے رسولِ مقبولؐ کے استعمال کے یہ نمونے دیکھیے:

آقا — قبول آقاؐ سلام میرا سلام میرا سلام مرا

آقائے جہاں — سلام اُن پر جو آقائے جہاں ہادیء کُل ہیں
سرُورِ قلبِ مسلم، رحمت و الفت کی مُل ہیں

اِستعارۂ اِلٰہِ واحد — لہو میں توحید کا شرارہ اِلٰہِ واحد کا استعارہ

اَصفیٰ الاصفیاء — اَصفیٰ اُلاَصفِیاء، اَقدَس الاَقدَساء افضلُ الاَنبیاءَ، مصطفیٰ، مصطفیٰ

یٰسین — تُو محمودؐ، محمدؐ، حامدؐ، تُو احمدؐ، تُو انورؐ
سارے سُندر نام ہیں تیرے، تو یٰسینؐ، تہامیؐ

پہلی مثالوں کے اسماء کا استعمال اپنے معنوی قرینوں اور لفظی رعایتوں کے لحاظ سے زیادہ موثر، جامع اور بلیغ، اور شعر کی معنوی فضا میں خوبصورتی کا موجب ہے، جب کہ دوسری مثالوں میں اسماء کا

استعمال---استعمالِ محض کے ذیل میں آتا ہے (اگرچہ یہ 'استعمالِ محض' بھی رحمت و برکت کی لازوال متاع لئے ہوئے ہے) اور شعریت و خلاقیت کی اس سطحِ اوصاف کو چھُوتا نظر نہیں آتا جیسا پہلے والی مثالوں میں ملتے ہیں۔

نعت میں آپؐ کے اسمائے مبارکہ کا خوبصورت استعمال وہاں ہوتا ہے جہاں آپؐ کے اسم مبارک کا انتخاب شعر کی تخلیقی فضا کے مطابق، اور مفاہیمِ روحانی کے انداز، قرینے اور اسلوبِ تذکار کے عین مطابق ہوتا ہے۔ تخلیقی نعتوں میں حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ایسے ہی اسمائے مبارکہ کی جمع آوری ہوئی ہے۔ ان اسمائے مبارکہ کی جمع آوری کے محرکات و ماخذات کم و بیش وہی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ کے ہیں۔ دین سے وابستہ کسی کام، عمل، علم اور ریاضت کے محرکات میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی خوشنودی کا حصول ہے، جو بذاتِ خود خیر و خوبی، نجات طلبی اور حصولِ شفاعت و مغفرت ایسے ثمراتِ عظیمہ لیے ہوئے ہے۔

ع س مسلم کی نعت گوئی میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے مبارکہ کے استعمال کے ماٰخذات میں سب سے پہلے قرآن مجید اور اس کے بعد احادیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم اور دیگر آسمانی اور مذہبی صحائف شامل ہیں۔ ان کے علاوہ ایک کثیر سرمایہ نعت گو شاعروں کی تخلیقِ نعت کی ضرورتوں کے حوالے سے بھی ظہور میں آیا جنہوں نے اپنے کلام میں آپ صلی اللہ علیہ وسلّم سے خطاب اور آپ کی مدح کے بیان میں نادرہ کاری کا اظہار کرتے ہوئے آپ کو قسم قسم کے ناموں سے یاد کیا۔

یک لفظی اَسماء

مسلم صاحب کے مختلف مجموعہ ہائے نعت میں اسماءُالنبی صلی اللہ علیہ وسلّم کا ظہور مختلف طرح سے ہوا ہے بعض مقامات پر اسماء سیدھے سادے انداز میں آئے ہیں یعنی یک لفظی جیسے:

اَجلیٰ - اسعَد - اماں - اُمّید - حامِد - صاحِب - عَطوف - کُن

یک لفظی، دو لفظی یا اس سے بھی زیادہ لفظی اسماء و تراکیب میں سے چند کو خط کشیدہ کر دیا گیا ہے، تاہم ان مثالوں میں ایسے اَسماء و تراکیب بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں، جن میں اس سے زیادہ الفاظ یا پورے کے پورے مصرعے ہی اسماءُالنبی صلی اللہ علیہ وسلّم سے معمور ہیں۔

لُبھائے اُس کی زبانِ شیریں، وہ جُوئے آب روانِ شیریں
رچے دلوں میں بیانِ شیریں، مُبین و بَیّن، بَلیغ و اَجلیٰ

جائے کس در پہ مسلم اماں کے لیے — ہر اماں آپؐ، کہفُ الوریٰ آپؐ ہیں

سلام اُن پر جو ہیں اُمّیدِ ہر کوتاہ و قاصِر — یتیموں، بدنصیبوں اور بیواؤں کے ناصِر

سلام اُن پر جو محفل کی مراد و مُدّعا ہیں — خلیل و صاحِب و مختار و موصولِ خدا ہیں

وہی خُلق و خوبی، وہی رُوپ، گُن — وہی عفو و اِحساں، وہی دان پُن

دو لفظی (اور زائد) اَسماء

کئی جگہوں پر انہیں عطف کے ذریعے جمع کر دیا گیا ہے یعنی دو دو، تین تین، چار چار اور بعض جگہوں پر اس سے بھی زیادہ جیسے:

برگ و بارِ بُستانِ حق — رحمتِ ہر دو جہاں — سرِخَیلِ رسُولاں — سردارِ متیں — سعد و اَسعَد

سلام اُن پر جو مسلم سر بسر عُنوانِ حق ہیں
شمیم و برگ و بار و رونقِ بُستانِ حق ہیں

سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ آیاتِ قرآں — دلیل و داعی و ہادی و سرِخَیلِ رسُولاں

سعید و مسعود و سعد و اَسعَد — مجید و ماجِد وہ مجَد و امجد

السّلام اے رحمتِ ہر دو جہاں، نورِ ہُدیٰ — السّلام اے سرورِ عالم محمدؐ مصطفیٰ

سلام اُن پر جو تابندہ ہیں، ظاہر ہیں، مُبیں ہیں
ولی و سیّد و ذوالفضل و سردارِ متیں ہیں

جہانِ عَفو، سردارِ متیں سب سے الگ — یتامیٰ اور مساکیں کے مُعیں سب سے الگ

دو یا زائد لفظی تراکیب

کئی مقامات پر واحد اسم کی بجائے آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کی صفات کا اظہار تراکیب کی صورت میں ہوا ہے یعنی دو لفظی ترکیب، تین لفظی ترکیب یا اس سے زیادہ الفاظ پر مشتمل تراکیب مثلاً:

آہنگِ غِناء - ابرِ اَظلالِ ظَلیلہ - اِتمامِ اِنعام و اِکرام - اِستعارۂ اِلٰہِ واحد - اصلِ مدارِ زندگی - امینِ اسرارِ ایزد - اِنشراحِ اُمور - اُولوالعزم و شجیع - بحرِ ترحّمِ دلِ رحمان - بختاورِ کونَین - بعثتِ محیطِ شش جہات - بہارِ گلستانِ لالہ فامِ زندگی - پاسبانِ اُسلوبِ دیانت - پاسدارِ بندگانِ پا شکستہ - پرچمِ مراحم و عاطفت - پُلِ میانِ بندہ و معبود - پیشوائے رحیلِ فکر - تمیز و فرقاں بحق و باطل - ثمرِ شیرینِ نخلِ ذِکر - چارہءِ ژَولیدگی - حاصِلِ جملہ مَظاہر

سلام اُن پر ہے رہنِ رنگِ رُخ جن کی حِنا
وہی سازِ تنفّس میں ہیں آہنگِ غِناء

گُماں کی تیرگی میں رُشد کا روشن فتیلہ
سرِ محشر کرَم کا ابرِ اَظلالِ ظَلیلہ

وہ موضوعِ آغاز و انجام ہے
وہ اِتمامِ اِنعام و اِکرام ہے

لہو میں توحید کا شرارہ
اِلٰہِ واحد کا اِستعارہ

تُو شہیدِ جلوہ گاہِ خلوتِ ربِّ جلیل
کون ہے تیرے سوا اَسرارِ ایزد کا امیں

اُسی سے ضمیرِ خرَد میں شعُور
اُسی کا بیاں اِنشراحِ اُمور

گُلِ ہستی میں فیضانِ تبسُّم ہیں تو آپؐ
دلِ رحمان میں بحرِ ترَحُّم ہیں تو آپؐ

سلام اُن پر ہے جن کے دم سے بزم کائنات
ہے جن کی رحمت و بعثت محیطِ شش جہات

سلام اُن پر جو ہیں ماہِ تمام زندگی
بہارِ گلستانِ لالہ فام زندگی

ہیں جبریلِ امیں بھی جن کے دَر پر دست بستہ
وہی ہیں پاسدارِ بندگانِ پا شکستہ

دلوں کا درماں، جگر کا مرہم
مراحم و عاطِفت کا پرچم

وسیلہ ہیں میانِ بندہ و معبود پُل ہیں — گلستانِ براہیمی کے برگ و بار و گُل ہیں

نبی، مُعلّم، کتاب و قرآں — بحقّ و باطل تمیز و فرقاں

وہ جن کا ذکرِ اطہر چارۂ ژُولیدگی ہے — نظر جن کی کشودِ عقدِ ہر پیچیدگی ہے

سلام اُن پر جو اوّل تھے، ہوئے آخر میں ظاہر — حقیقت میں وہی ہیں حاصِلِ جملہ مظاہر

بعض جگہوں پر انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی صفات کو خالص اسم کی بجائے اسے استعاراتی قرینے میں استعمال کیا ہے جیسے مشبہ کو مشبہ بہ کے طور پر استعمال کیا جائے۔ کہیں ان میں مجاز مُرسَل کا سلیقہ بھی دَر آیا ہے۔ ایسے مقامات کا تجزیہ علمِ بیان کے ماہرین کریں تو محاسنِ شعری کے کئی حوالوں سے اِس بحث کو اور تناظرات میں وسیع کیا جا سکتا ہے۔ ایسے مقامات پر اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم اسمِ صفت کے طور نہیں آئے بلکہ صفت کی نشاندہی کو ہی اسم سے تعبیر کر لیا گیا ہے۔ زیرِ نظر کتاب میں بیسیوں نہیں سینکڑوں اشعار ایسے ہیں جو آپؐ کے محاسن و صفات کے تذکارِ مبارک ہی کو اسم کی صورت میں متشکل کرتے نظر آتے ہیں۔ عام قاری اگر اسماء کے طور پر ان کی جمع آوری کرنا چاہے، تو وہ نہ کر سکے، لیکن مسلّم صاحب کی ژرف نگاہی نے انہیں بھی اسماء کے طور پر چُن لیا ہے۔ شاعری (اور شاعرانہ نثر میں بھی) یہ بیان کا معجزہ ہے کہ صفت اور موصوف متبادل ہو جاتے ہیں جیسے رحیم کو رحم یا مجسّم رحمت سے تعبیر کیا جائے اور کریم کو کرَم اور حَسین کو حُسن کہہ کے پکارا جائے۔

مسلّم صاحب نے اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم کی تدوین اور جمع آوری میں ایسی شعری رعایتوں سے مُتصِف ہونے والے الفاظ کو بھی اَسماء کا درجہ بخشا ہے۔ یہ نسبتاً ایک مشکل کام ہے مگر محبت کے جذبے نے جو انہیں نعت اور مرکزِ موضوعِ نعت حضور صلی اللہ علیہ وسلّم سے ہے (لیجیے ایک اور نیا اسم وضع ہو گیا) ان کے لیے اس کارِ تدوین کو آسان اور دلآویز بنا دیا۔ یوں مسلّم صاحب نے محبت کا یہ سفر دو بار کیا: پہلی بار شعر کہتے ہوئے یعنی اسماء کو شعر کا پیراہن عطا کرتے ہوئے --- اور دوسری بار اپنے نعتیہ مجموعوں میں سے اسماء کی بازیافت کے وقت --- پہلا سفر تخلیق کا تھا اور نسبتاً ایک لمحہ پُر اں کی عطا --- دوسرا سفر ترتیب، تدوین اور جمع آوری کا تھا جو بعض اسماء کے حوالے سے ذرا دِقتِ طلب اور وقت طلب تھا --- پہلے سفر کی عنان دل اور جذبے کے ہاتھ میں تھی اور دوسرے کی شعور، چھان پھٹک، پرکھ پرچول اور لسانیاتی قواعد کی باریکیوں سے منسلک۔

الحمد للہ مسلم صاحب نے دونوں سفر خوش اسلوبی، شوق، جذبے اور لگن سے طے کیے، اور سینکڑوں ایسے اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی تخلیق اور دریافت کیے جو بظاہر اسماء کی مروّجہ صورت کی معنوی وسعتوں سے متعلق نہیں ہیں، لیکن جہاں شارع علیہ السلام صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ جلیلہ، صفاتِ حسنہ، خصائلِ حمیدہ، فیضان واثراتِ مبارکہ اور پیغامات و فرامین اور ان کے متعلقات ہی اسمائے طیّبہ کی صورت میں متشکل ہو گئے ہیں۔ مثلاً درج ذیل تراکیب اور اظہار کے قرینے دیکھیے:

رَشحہ ٔشبنم — دشتِ گُماں میں رَشحہ ٔ شبنم
صلی اللہُ علیہِ وسلّم

سایہ گُسترِ حشر — حشر کی حِدّت میں بس اِک سایہ گُستر ہے وہی
مامَن و حفظِ فراواں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول

شافعِ روزِ قیامت — کون تجھ بِن شافعِ روزِ قیامت یا شفیع
ہے طلبگارِ شفاعت نوعِ انسانی جمیع

صاحبِ حُسنِ کرَم — سلام اُن صاحِبِ جوَدت پہ ہر جوَدت ہے جن کی
خلوص و بخشش و حُسنِ کرَم عادت ہے جن کی

کامِل — اُسوہ ٔ کامِل ترا آئینہ دارِ اَلکتاب — ہر عمل تیرا سَنَد، ہر قول ہے تیرا وَقیع

کتاب — وہ مُزَکّیِ، وہ مُعلّم، وہ کتاب — کتنے ہی دَر ذہن کے اَندر کُھلے

کرَم گار و حلیم — سلام اُن پر نہیں جن سا کرَم گار و حلیم
طبیب و چارہ ساز و مُصلحِ قلبِ سَقیم

مصطفیٰ — اُس کا جو نقشِ پا، وہ مرا راستہ — مُقتدیٰ، مُقتضیٰ، مصطفیٰ، مصطفیٰ

مُقتضیٔ دو جہاں — سلام اُن پر کہ جو دونوں جہاں کے مُقتضیٰ ہیں
فروغِ مرضیِ حق، امرِ حق ہیں، مُرتضیٰ ہیں

مُؤثّر — سلام اُن پر جو ہیں اِشکالِ ذہنی کے مُیسّر
حکیم و نکتہ ور، عُقدہ کُشا، ہادی، مُؤثّر

نگینِ ختمِ نبوّت — تُو ہے اُمّی پر مُجسّم شہرِ علم و آگہی
تاجدارِ انبیاء، ختمِ نبوّت کا نگیں

نُور کا مُبتدیٰ — کون یوم ازل کی نہاد
نُور کا مُبتدیٰ اور کون

یمِ بے کرانِ تحمّل — تحمّل میں وہ اک یمِ بے کراں
ترحّم کا اک چشمۂ جاوداں

نعتیہ شاعری کے جائزے میں جہاں ہم افکار و جذبات کے ساتھ فنی محاسن کا مطالعہ کرتے ہیں وہاں 'اسمائے رسول مقبولؐ' کا حوالہ بھی ایک اہم مطالعاتی موضوع بن گیا ہے۔ یہ مسلم صاحب سے پہلے کی نعتیہ شاعری میں کم کم تھا، مگر اس کتاب کی اشاعت کے بعد کسی بھی نعت گو شاعر کے فکری وفنی محاسن کے جائزہ میں ایک رُخ مطالعہ 'اسمائے رسول مقبولؐ کے حوالے سے بھی ہو سکتا ہے۔ اس کتاب کا پایہ اور اعتبار اسمائے رسولؐ کی تعداد، معنوی حجم اور تنوع کے سبب آئندہ کے نعتیہ مطالعات میں ایک نئے زاویۂ نظر اور نعتیہ تنقیدات میں ایک نئے رجحان کا باعث بن سکتا ہے۔

اس کتاب میں اسمائے رسول مقبولؐ کی جمع آوری میں ع س مسلم نے جس لگن، جذبہ اور دِقّتِ نظر کا ثبوت دیا ہے اس کی اہمیت وہی تدوین کار سمجھ سکتے ہیں جو اس قسم کی 'محنت' سے گزرے ہوں۔ یہ 'محنت' چونکہ 'محبت نہاد' تھی اس لیے مسلم صاحب نے بڑی عرق ریزی سے اپنی نعتیہ تصانیف کا بار بار مطالعہ کیا اور ان سے اسمائے مبارکہ تلاش کر کے انہیں الفبائی ترتیب میں جمع کیا۔ انہیں کام کے آغاز میں اس وسعت کا خود اندازہ نہیں ہوگا۔ تراکیب و اسماء کے تعیّن و تلاش کا مرحلہ نسبتاً مشکل تھا--- مگر وہ اس کارِ محنت و محبت سے سرفراز ہوئے۔ ترتیب، تدوین اور دوسرے اشاعتی امور میں ان کی روایتی شائستگی (جو تحقیق کے تقاضوں پر ہر لحاظ سے پُورا اترتی ہے) اس کتاب کو اہلِ نعت کے لیے ایک خوبصورت مرقع کی صورت میں پیش کر رہی ہے۔

اللہ تعالیٰ اُن کی مساعی جلیلہ کو مشکور و مقبول فرمائے--- اردو نعت کے باب میں یہ ایک تاریخ ساز اور گراں قدر کام ہے۔ خصوصاً کئی عشروں میں کہے گئے شعروں میں غیر محسوس طور پر ہزاروں

اسماء کا تخلیق ہو جانا (وہ ضمائر کے حوالے سے لسّی انداز کی ایک اور ضخیم کتاب بھی ترتیب کر چکے ہیں) ایسا منفرد کارنامہ ہے جس کی نظیر دنیائے نعت کی تاریخ میں پہلے کہیں نہیں ملتی۔

اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم کی جمع آوری، اُن پر غور و خوض، اُن کی ترتیب اور تخلیق، اشعار میں اُن کا استعمال، نعتیہ مضامین و افکار کے ذیل میں قرینے کے ساتھ اُن کا انسلاک، وظیفہ جات میں اُن کا وردِ مسعود --- ہر سعیٔ جمیلہ کے ڈانڈے آیۂ قرآنی وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ کی معنوی توسیعات سے جا ملتے ہیں۔ یہ ایک مبارک سعی ہے جس میں تخلیق کے مرحلے سے ترتیب و تدوین کی منزل تک مسلّم صاحب نے جس خلوص و اِنہماک اور محبت و محنت کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابلِ ستائش اور لائقِ تقلید ہے۔ نعت نگاروں اور حُب داروں کے لیے اس کتاب کی اشاعت سُرور و انبساط کا باعث ہے۔

اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ ہوں یا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے مبارک، حمد و نعت کے ذیل میں یہ مختصر ثناپارے ہیں جن کا تذکار اور وردِ اخلاص سرشت حب داروں اور اطاعت نژاد اور نعت نگاروں کے لیے حیرت و بہجت اور انکشافات و مشاہدات کی کئی امکان بھری دنیاؤں کے دَر وا کر سکتا ہے۔

اس کتاب سے استفادے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اس کے مسلسل مطالعے کے بجائے اِسے کہیں سے کھول لیجیے اور اشعار کو پڑھنا شروع کیجیے، اشعار میں تخلیق ہونے والے اسمائے مبارکہ پر غور کرتے جایئے کچھ اشعار کے مطالعے یا کچھ اوراق پلٹنے کے بعد کوئی اسم ایسا آپ کو مل جائے گا جو اس ساعتِ موجود میں، آپ کو رُوبپیش مسائل اور معاملات کے حوالے سے آپ کو اپنی نفسی ذہنی (اور روحانی) کیفیت کے قریب اور مطابق لگے گا۔ یہاں 'قریب' اور 'مطابق' کے الفاظ کی میں تشریح نہیں کر سکتا مگر ایسا ہو گا ضرور کہ ایسا ضرور ہوتا ہے۔ غالباً فیضی کا شعر ہے:

اعتدالِ معانی از من پُرس   کہ مزاجِ سخن شناختہ ام

مَیں ع س مسلّم کی اس کتاب کو پڑھتے ہوئے اس شعر میں یوں تصرف کر کے پڑھتا ہوں کہ :

'برکاتِ' معانی از من پُرس   کہ مزاجِ ثنا، شناختہ ام

آپ بھی 'برکاتِ' معانی کے حصول کے لیے اس ثنا سرشت اور نعت آثار مجموعہ اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم کا مطالعہ کیجیے --- اور جس اسم مبارکہ پر دیدہ و دل جگمگا اُٹھیں اور جو اُس ساعتِ مطالعہ اور کیفیت موجود میں اپنے قریب اور مطابق لگے اس کو چند بار دہرایئے۔ اسمِ مبارکہ کا اپنا ہالۂ معنویت خود

آپ کو اپنی گرفت میں لے لے گا۔

یہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمِ مبارک کے حوالے سے اپنے اِن نعتیہ شعروں کا حوالہ دیتے ہوئے مجھے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

مراقب ہو کے جب صلِّ علیٰ کا ورد کرتا ہوں حدِ امکان تک اسمِ محمدؐ پھیل جاتا ہے
سراپا روشنی میں ڈوب جاتا ہے ہر اِک جانب قضا میں یوں جمالِ نورِ احمدؐ پھیل جاتا ہے!

وجود اپنا ہواؤں میں فضاؤں میں خلاؤں میں مجھے یوں چاروں جانب پھیلتا محسوس ہوتا ہے
کہ جیسے دائرہ در دائرہ ہر سُو کوئی نقطہ خود اپنی ذات کے مرکز سے بے حد پھیل جاتا ہے

'نفخت فیه من روحی' کی خوشبو کا سمندر گھیر لیتا ہے بن ہر مُو پکار اُٹھتا ہے 'یااللہ'
مہکتا ہے ازل کی صبح کا مستور نافہ، جسم کے زندان کا نورِ مقید پھیل جاتا ہے

تجلّی کے ذخائر ہیں کینت کے جزائر ہیں عجب نوری مناظر ہیں بڑے روشن دوائر ہیں
یہ کس ہستی کے ناظر ہیں؟ یہ کس محفل میں حاضر ہیں؟ جہاں اعصاب تک میں نورِ ایزد پھیل جاتا ہے

اپنی چند دعائیہ رباعیوں پر اس مضمون کو ختم کرتا ہوں۔

مشکور یہ سَعْی، یہ تگ و تازِ نعت — مقبول یہ لحنِ حُب، یہ اندازِ نعت
تخلیق ہوئے نئے ہزاروں ہی اِسم — مبروک ہو منفرد یہ اعزازِ نعت

ترتیبِ اَسمائے شَہ کی کوشِش — مقبولِ حضرتؐ ہو تیری کاوِش
مشکور ہو سَعْی، یہ بیاضِ مِدحت — مبروک یہ توشۂ نجات و بخشِش

فیصل آباد

پروفیسر ڈاکٹر ریاض مجید

بشیر حسین ناظم

اَرمُغانِ انیقہ
فی اسماء والقابِ رحمۃ للعالمین
صلّی اللہ علیہ وسلّم

اہلِ اسلام و صاحبانِ عرفان وایقان کی لکھی ہوئی کتبِ قیمّہ کا مطالعہ کیا جائے تو پتا چلتا ہے کہ حضور سرورِ عالم و عالمیانؐ کی کنیت مبارکہ ابوُالقاسم ہے کیونکہ حضورؐ کے پہلے ولدِ مکرم کا اسمِ گرامی قاسم تھا۔ (معارج النّبوت، ج ۲، ص ۷۶)

عربوں کا طریقہ تھا کہ پہلے فرزند کے ساتھ کنیت اختیار کیا کرتے اور کرتے ہیں، اور دوسری روایت یہ ہے کہ جب حضورؐ کے دوسرے فرزندِ کریم حضرت ابراہیم ماریہ قبطیہؓ سے پیدا ہوئے تو سیّدنا جبریل علیہ السلام نے حضورِ اکرمؐ کی کنیت ابوابراہیم رکھی لیکن حضورؐ کے اسماء مبارکہ قرآن مجید اور احادیث مبارکہ میں جو مذکور ہیں ایک سو (۱۰۰) اور بعض نے اسمائے الٰہی جل جلالہٗ کے مطابق احادیثِ معتبرہ میں ننانوے (۹۹) اَسماء متعین فرمائے ہیں۔ حضرت مولانا ملا معین واعظ الکاشفی الہرویؒ نے اپنی مہتم بالشان تصنیف ''معارج النبوت'' میں اُن اسمائے گرامی کا ذِکر کیا ہے جو قرآنِ کریم میں ہیں اور احادیثِ معتبرہ میں مذکور ہیں اور وہ آیاتِ بیّنات بھی نقل کی گئی ہیں جن میں سرکارِ دوعالمؐ کے اسماء مذکور ہیں--- آپؐ کے اَسماء میں سے پہلا نام محمدؐ ہے۔

حضرت مولانا ملاّ معین الکاشفی الہروی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد جس ہستی نے اَسماءُ النّبی علیٰ صاحبھا الصلوٰۃ والسّلام کی تجمیع پر قلم اٹھایا ہے اِن کا اسمِ گرامی حضرت مولانا مخدوم سید محمد ہاشم ٹھٹھوی سندھی رحمۃ اللہ علیہ ہے۔ اِن کی تصنیف و تالیفِ مُنیف کا نام ''حدیقۃ الصفا فی اسماء النبیِ المصطفیٰ'' ہے۔ اس میں حضور رحمۃ'' لِلعالمین صلّی اللہ علیہ وسلّم کے گیارہ سو ستتر (۱۱۷۷) اَسمائے گرامی ہیں۔

کتاب کے مصنف مخدوم سید محمد ہاشم ٹھٹھوی سندھیؒ ٹھٹھہ کی ایک مضافاتی بستی بتورہ میں ربیع الاوّل ۱۱۰۴ھ بمطابق ۱۶۹۲ء میلادی پیدا ہوئے۔ آپ کا نام ونسب یوں ہے:

''مخدوم محمد ہاشم بن عبدالغفور بن عبدالرحمٰن بن عبداللطیف بن عبدالرحمٰن بن خیر الدین حارثی بتورائی بہرامپوری ٹھٹھوی سندھی''۔

آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والدِ محترم شیخ عبدالغفور بن عبدالرحمٰن سندھی (م-۱۱۱۳ھ) سے حاصل کی۔ بعدازاں حضرت مخدوم ضیاء الدین ٹھٹھوی (م-۱۱۷۱ھ) کے سامنے زانوئے تلمّذ تہہ کیا۔ پھر حرمین شریفین کے علماء واساتذہ سے علوم و معارفِ مُتَداوَلہ کا اِکتساب کیا۔ کسبِ عُلوم کے بعد تزکیۂ نفس کی طرف توجہ مبذول فرمائی۔ اس ضمن میں آپ کی تربیت حضرت شیخ نورالحق ابوالقاسم نقشبندی (م-۱۱۳۸ھ) نے فرمائی۔ آپ علم وعمل میں یکتائے روزگار تھے۔ آپ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ دہلوی کے ہم عصر تھے اور خطہءِ سندھ کے شاہ ولی اللہ کے نام سے مشہور تھے۔ آپ نے ایک مدت تک اپنے دَور کے لوگوں کی علمی وروحانی رہنمائی فرمائی اور ۶۔ رجب ۱۱۸۴ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا اور مکلی کے مشہور قبرستان میں دفن ہوئے۔

آپ نے اپنی اِس کتاب میں کچھ نام ایسے لکھے ہیں جن کا تذکرہ قرآن مجید میں ہے۔ یا وہ جو توراۃ، انجیل، زَبور یا دیگر کتبِ آسمانی میں مذکور ہیں۔ دیگر اسمائے کریمہ کا تذکرہ احادیثِ مبارکہ سے ماخوذ ہے۔ پھر وہ اَسمائے عالیہ ہیں جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کرامؒ کے آثار سے ماخوذ ہیں۔ بعض اسمائے گرامی وہ ہیں جنہیں اکابر علمائے سلف نے حضورِ اکرمؐ کے اسماء میں شمار کیا۔ آپ کی کتاب ''تسرُّ الناظرین'' کے زمرے میں آتی ہے اور عشاقِ رحمۃ ''للعالمین صلی اللہ علیہ وسلّم کے لیے ارمغانِ محبت ہے۔

حضرت خواجہ سید محمد ہاشم ٹھٹھوی علیہ الرحمۃ کے بعد سیدِ عالَم و عالمیان صلی اللہ علیہ وسلّم کے عاشق زار و پیکرِ مودّت حضرۃ العلّام یوسف بن اسماعیل النبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیفِ منیف ''الانوارُ المحمدیّہ مِن المَوَاھِبِ اللّدنیّہ'' میں آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے کریمہ کا بڑی محبت سے ذِکر کیا ہے۔ ان کی تعداد ایک سو ساٹھ (۱۶۰) کے قریب ہے---اور فارقلیط - موز موز - اُحید - حمطایا - ماذ ماذ - المنحمِنّاء- کا خصوصی تذکرہ کیا ہے۔ ملاّ معین الکاشفیؒ کی طرح انہوں نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے کچھ اسمائے گرامی ایسے لکھے ہیں جو اہلِ جنت، اہلِ نار، اہلِ عرش، عِند الملائکہ، عِند الانبیاء علیہم السّلام، عِند الجنّات، عِند الجبال، عِند الحِیتان، عِند الجور و البرایا، عِند الوحوش، عِند السِّباع، عِند البہائم اور عِند المومنین مشہور ہیں۔ اِن ناموں کو پڑھ کر عشاق عجیب کیف وسرور اور راحت وفرحت محسوس کرتے ہیں۔

ہمارے پیارے دوست حضرت مولانا سید آلِ احمد رضویؒ مصنفِ کتبِ کثیرہ جو ہم سے اپنے عنفوانِ شباب میں ہی بچھڑ گئے، نے بھی حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کے تقریباً پانچ صد (۵۰۰) اسمائے گرامی مختلف منابع سے اکٹھے کر کے چھاپ کروائے ان کی طباعت حضرت قبلہ سید ذاکر شاہ مُدیر ماڈرن بک ڈپو

اسلام آباد نے فرمائی۔ یہ کتاب ''اسماء النبیؐ'' کے نام سے تقریباً بیس سال پہلے مطبوع ہوئی۔اس کے تراجم سندھی اور پشتو زبان میں کیے گئے۔ اللہ سید آلِ احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ کو دین و دنیا میں مزید سے مزید تر سرخرو فرما کر حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی شفاعت سے بہرہ ور فرمائے، آمین۔

۱۹۷۷ء میلادی میں ''دارالاحسان'' کی شان و شوکت حضرت پیر صوفی محمد برکت علی رحمۃ اللہ علیہ نے چار جلدوں میں حضور رحمۃ ''للعالمین صلی اللہ علیہ وسلّم کے سترہ سو ستانوے (۱۷۹۹) اَسمائے گرامی پر مشتمل کتابِ منیف المسمّٰی ''نسخہ مایہ یُحیِ العظام اسماء النبی الکریم صلی اللّٰہ علیہ وسلّم'' نہایت ہی محبت و مودّت سے چاپ کر کے عُشاقِ مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والثناء کے دلوں کے لیے سامانِ فرحت وراحت فراہم فرمایا۔ اِس سے پہلے آپ نے ''کتاب العمل بالسُنّہ'' کی اشاعت سے اہلِ ایمان وایقان کے دلوں کی تسخیر کی اور وہ اس کتاب کے مافیہات سے کماحقہٗ مستفیض و مستفید ہوئے۔

کتاب ''اسماء النبی الکریمؐ'' عُشاقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کے لیے ارمغانِ انیق ہے۔ یہ کتاب ''حدیقۃ الصفا فی اسماء النبیِ المصطفیٰ'' علیٰ صاحبھا الصلوٰۃ والثناء کے بعد نہایت ہی عمدہ اہتمام کے ساتھ منصۂ شہود پر لائی گئی ہے۔ اس کا ہر صفحہ ملوّن اور مطلاّ و مُذہّب ہے۔ کتاب سے اہلِ ذوق کی نظر نہیں ہٹنے پاتی۔ اس کا ایک ایک ورق روحانی مقناطیسی طاقت لیے ہوئے ہے۔ اس کتاب کے منابع بھی قرآن حکیم، آسمانی صحائف، آثارِ صحابہ، روایاتِ تابعین واتباعِ تابعین اور اقوالِ محدثین ومفسرین کرام ہیں۔

کتاب کی ترتیب میں سب سے پہلے ''سیّدنا'' ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کا اسمِ گرامی ہے اور اس کے آگے صلی اللہ علیہ وسلّم ہے۔ قرآنِ کریم کے بعد احادیث کی عبارات سے صراحت و توضیح اسم گرامی کی گئی ہے اور یہ عمل شروع سے آخر تک اپنی شان دکھاتا چلا جاتا ہے۔ رُواۃ میں حضرت ابوہریرہؓ، حضرت ابوسعید خدریؓ، حضرت انسؓ، حضرت سیدہ عائشہ سلام اللہ علیہا، حضرت جابرؓ، حضرت اُمّ معبدؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہؓ ابن عباسؓ، حضرت عقبہؓ بن عامرؓ، حضرت شیبہؓ بن عثمانؓ، حضرت عمرؓ ابن الخطاب، حضرت ابی بن کعبؓ، حضرت عبداللہ ابن سلامؓ، حضرت امام جعفرؒ، حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت علقمہؒ، حضرت ابوبکر الصدیقؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت ابوذر غفاریؓ، حضرت عروہؓ، حضرت اُسید بن حضیرؓ، حضرت عطاء بن لسیارؒ، حضرت حسن بصریؒ، اور دیگر معتبر اور ثقہ ہستیاں شامل ہیں۔

حیرت کی بات ہے کہ اسماء النبی الکریم علیٰ صاحبھا الصلوٰۃ والسّلام کا دیباچہ سپردِ قلم نہیں کیا گیا۔ دیباچہ کی بجائے تشکر و اِمتنان کے عنوان سے اُن تمام اشخاص وافراد کا شکریہ ادا کیا گیا ہے جن کے توسّل

سے ان چار جلدوں کی تالیف و تدوین، ترتیب و تنظیم، تشکیل و تکمیل اور تشریح و تفسیر ہوئی۔ علاوہ ازیں ان اصحابِ علّام و معارف کا بھی شکریہ ادا کیا گیا ہے جن سے علمی، ادبی، نظری، فکری، قلمی، عملی، مالی اور لسانی استمداد حاصل کی گئی ہے۔

حضرت صوفی پیر محمد برکت علی علیہ الرحمۃ والغفران ملتِ اسلامیہ بالخصوص عاشقانِ مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے شکر و سپاس کے مستحق ہیں جن کی روحانی ضیافت فرما کر آپ مرحمت گاہِ ربانی میں آرام فرما ہیں۔ اللہ آپ پر لاکھوں رحمتیں فرمائے، آمین۔

"اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلّم - پیراہنِ شعر میں"

اِس دَورِ قحط الرجال میں حضرت علامہ ع س مسلّم مدظلہُ العالی کا وجودِ مسعود دنیائے شعر و ادب کے لیے ایک نعمتِ غیر مُترقّبہ ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ جب میثاق کے دن ربّ العالمین جلّ مَجدہٗ نے اَلَستُ بِرَبِّکُمْ فرمایا تو اسبق قالُوا بلیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کی سنت میں ع س مسلّم نے لفظ "بلیٰ"، ایمان وایقان و عرفان کی اس صلابت واستقامت کے بعد اِس طرح زینتِ لب بنایا کہ ربّ الرسول جلّ مَجدہٗ نے حضرت مسلّم کو افادی شاعری اور حمد و نعت کے لیے اپنے برگزیدہ و چنیدہ بندوں میں شامل کر لیا۔ حضرت مسلّم مدظلہ العالی کی نظم و نثر ایک دوسرے کی زمیل و مثیل ہیں۔ نظم کو دیکھ کر نثر شاد کام و شاداں ہے اور نثر کو دیکھ کر عروسِ ادب نادم و منفعل رہا ہے۔ اس دَور میں یہ شانِ کیوانی اور شواہقِ سُہائی صرف اور صرف حضرت مسلّم کے ہی لائق ہے۔ اگر حضرت مسلّم مدظلہٗ میر تقی میر، غالب، ذوق، مومن اور دیگر شاعرانِ عرش مقام کے عہد میں ہوتے تو غالب، مسلّم کی نثر کو پڑھ کر بالضرور داد دیتا اور مومن حضرت مسلّم کی لوذعیت اور یلمعیت (RESPLENDENCE) کو تسلیم کرتا۔

ع س مسلّم کے نزدیک بیٹھ کر اُن کے چہرے اور بُشرے کا دیدار کیا جائے تو ایسا لگتا ہے کہ وہ ایسے صوفی ہیں جنھوں نے دائرۂ تصوف کی لکیر پر پاشنۂ پا رکھنے سے پہلے اپنی بائیں طرف کے کاتبِ کریم کو کم از کم بیس برس تک کسی ایک مُنکر کے لکھنے کا موقع نہیں دیا ہوگا۔ اُن کا جذبۂ تسلیم و رضا اس قدر پروان چڑھا کہ وہ آہستہ آہستہ راہِ سلوک کی ساتوں منازل ایک شانِ استقلال سے طے کر گئے۔ انہیں قدم قدم پر مستی کی محمود صورتیں نظر آئیں۔ وہ سچے عاشقِ الٰہی بن گئے۔ انہوں نے حظوظ و کیفیات پر کبھی فخر و مباہات کا اظہار نہ کیا۔ وہ ایک ثروت مند اور متمول ہوتے ہوئے بھی فقیر اللہ اور صعلوکِ محمدِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ہی رہے اور ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں دلِ بیدارِ فاروقی اور دلِ بیدارِ کراری سے نوازا۔ اور مسِ دِل کو کیمیا میں بدل دیا۔ حضور اکرم پر درود و صلوٰۃ کی برکت سے اُن کا دل ''آئینۂ جہاں نما'' بن گیا۔ اُن کے قلب پر قرآن کی تجلیّات اور معارفِ رسولؐ کی سَنائیں اور روشنیاں وارد ہوئیں۔ انہوں نے بندشِ حواسِ ظاہر اور تنویرِ حواسِ باطن کے تجربات کیے۔ انہوں نے درد کی فضیلت کے جلوے دیکھے۔ قلب کی وسعتیں اُن پر ظاہر ہوئیں۔ اور وہ محبوبِ حقیقی کے حسن و جمال میں کھو کے اُسی کے مظہر بن گئے۔ وہ ابن الوقت بھی رہے اور ابوالوقت بھی رہے۔ انہوں نے زمانِ منقسم (SERIAL TIME) میں بھی وقتِ زندگی گزارا اور زمانِ حقیقی (PURE DURATION) میں بھی وقت گزارا۔ اُن کا نفسِ امّارہ مطیع (DOCILE) ہو چکا ہے۔ وہ تزکیۂ نفس کی منزل سے گزر کر تہذیب اور اَخلاق کے اورنگِ زرّیں پر براجمان ہو چکے ہیں۔ اُن کا دل شاکر ہے تو زبان حماد ہے۔ سادگی اُن کے ماتھے کا جھومر ہے۔ تواضع کے ثمرات سے متمتع ہو رہے ہیں۔ صِدق و راستی کے مَنار پر ایستادہ ہیں۔ محتاجِ وسائل کے سوال پورا کرنے کی برکات سے واقف ہیں۔ نہایت ہی عاقبت اندیش ہیں۔ ان کا پروردگار اُن پر بہت ہی خوش ہے اور وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی رضاؤں اور خوشنودیوں کی رِداؤں میں ملفوف ہیں۔

یہ اِس سے قبل عرض کیا جا چکا ہے کہ حضرت علامہ ع س مسلّم۔ ''یہ سلامت رہیں ہزار برس'' اپنی پیرانہ سالی اور شیخوخت میں جدید تعریف قوّتِ متخیلہ و واہمہ (IMAGINATIVE POWER) کے مالک ہیں۔ پنجابی، ہندی، پوربی، اردو، فارسی، عربی اور انگریزی زبانوں پر یکساں عبور رکھتے ہیں اور عالمِ ناسوت میں بیٹھ کر اپنی قوّتِ واہمہ کی کمندیں عالمِ مثال پر پھینکنے میں کسی بھی بڑے شاعر سے کم نہیں۔ اُن کی کمندِ فکر عین نشانے پر پڑتی ہے اور عالمِ مثال سے الفاظِ دلکش، تراکیبِ انیقہ، عمدہ صنائع بدائع اور خیالاتِ عالیہ کی تسخیر کر کے عطارد کے سینے سے تقطیر کر کے عالمِ ناسوت میں اہلِ نظر اور اہلِ ادب کی ضیافت کرتی ہے۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔

حضرت علامہ ع س مسلّم زاد اللہ شرفہٗ ایک سچے عاشق رسولِ انام صلی اللہ علیہ وسلّم ہیں۔ اُن کی فکر مصفّا اور خیالات مجلّٰی ہیں۔ محبّ اللہ ہونے کے باعث اُن کے قلب و فواد تجلیاتِ الٰہی سے مُزیّن و مُلوّن ہیں، اور اب تو وہ تمکین کے درجے پر فائض و فائز ہیں۔ ان کی توفیقات اور عشق و مودّتِ مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسّلام جلوہ ساز میں اضافے ہوتے جاتے ہیں۔ عشقِ مصطفیٰ اُن کا اساسی اثاثہ و متاعِ عظیم ہے۔ وہ اسی اثاثے سے فقیری میں امیر ہیں اسی لیے وہ حضرت حکیم الامت ترجمانِ حقیقت علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے منظوم فرمودات کو حرزِ جان بنائے ہوئے ہیں:

ہر کہ عشقِ مُصطفیٰ سامان اُوست
بحر و بر در گوشہ ٔ دامانِ اُوست
رُوح را جُز عشقِ اُو آرام نیست
عشق اُو روزیست، کُو را شام نیست

اِسی عشقِ مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والثناء کی پھلجھڑیوں نے حضرت مسلّم مدظلہ کے دل ودماغ اور فکر وخیال کو ہزاروں چلچراغوں سے مزیّن ومنور کر رکھا ہے۔ اُن کا شبدیزِ کِلک اور رخشِ قلم ہر آن افادی شاہراہوں پر پویاں رہتا ہے۔ چنانچہ انہوں نے پنجابی اردو کی جملہ اصناف پر اپنے راہوارِ فکر کو دوڑایا ہے اور پنجابی واردو کی کوئی ہی صِنف ہوگی جو انہوں نے تسخیر نہیں کی۔ مسلّم صاحب مدظلہٗ کے آگے الفاظِ انیقہ اور تراکیبِ دلکشادست بستہ کھڑی رہتی ہیں اور بہ زبانِ حال نظم ونثر میں استعمال ہونے کے لیے مرافعہ کرتی رہتی ہیں۔

حضرت مسلّم مدظلہ کے سینے میں ایک قلبِ سلیم ہے جو انہیں ہر وقت بنی نوعِ انسان کی خدمت کے لیے ترغیب دیتا رہتا ہے۔ قلبِ سلیم اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلا شبہ ایک انعامِ عظیم ہے۔ قلبِ سلیم کی ترغیب سے مسلّم صاحب کے کِلک وقلم رواں دواں رہتے ہیں۔ فکر جواں رہتی ہے اور نت نئے خیالات دل میں اٹھکیلیاں لیتے ہیں۔

انہوں نے تشبیبی شاعری کو نوازا ہے اور قاری کے سامنے الفاظ کے ذخائر اور خیالات وافکارِ دلکشا کے ایسے انموذ جات رکھے ہیں کہ اُن کے تحیُّر میں خوشگوار اضافے ہوتے چلے گئے ہیں۔ آپ کی کافیوں اور غزلوں میں اسلاف کے اَلوانِ ثابتہ (COLOURFULNESS) ہیں۔ عالیجناب حضرت ع س مسلّم صاحب مدظلہ العالی کا اِس دَور میں حمد ونعت ومناقب میں بھی کوئی مثیل وہمسر نہیں۔ انہوں نے حمد کہی ہے تو توحید کی رعنائیوں اور تابانیوں سے تلمیح کر کے۔ نعتِ مصطفیٰ کہی ہے تو حمد ونعت کے باریک ترین خط کو پیشِ نظر رکھا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ حمد ونعت کے درمیان باریک تریں خط کشی کی توفیق حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے بارگاہِ قدس سے ارزانی ہوئی ہے۔ راقم الحروف کے قلم سے یہ شعر صداقتوں کے جلَو میں نکلا ہے:

حمدِ حق اور نعت میں باریک سا خط ہے جسے
کھینچ سکتا ہے وہی جو صاحبِ عرفان ہے

اسی ضمن میں راقم الحروف کو بات کہنے کی توفیق بھی ارزانی ہوئی:

جسم و جاں میں مُنعکِس جلوہ تیری تنویر کا
کیا تشکر ہو سکے بندے سے اس تقدیر کا
عبدِ ممکن کے لیے اے ہستیءِ واجب، تری
حمد کہنا بالیقین لانا ہے جوئے شِیر کا

(''جمالِ جہاں فروز''۔ بشیر حسین ناظم)

حضرت مسلّم مدظلہ العالی دَورِ حاضر کے بے مثال شاعرِ حمد و نعت ہیں۔ حمد کے معانی اللہ تعالیٰ کی فضیلت کے ساتھ اس کی ثنا بیان کرنے کے ہیں۔ حمد، مَدح سے خاص اور شُکر سے عام ہے، کیونکہ مَدح اُن افعال پر بھی ہوتی ہے جو انسان سے اختیاری طور پر سرزد ہوتے ہیں اور اُن اوصاف پر بھی جو پیدائشی طور پر اُس میں پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ جس طرح مال کے خرچ کرنے اور سخاوت و علم پر انسان کی مَدح ہوتی ہے اسی طرح اس کی درازیٔ قد و قامت اور چہرے کے رعنائی پر بھی ہوتی ہے۔ لیکن حمد صرف افعالِ اختیار پر ہی ہوتی ہے نہ کہ اوصافِ اضطرار پر۔ اور شُکر تو صرف کسی کے احسان کی وجہ سے اُس کی تعریف کو کہتے ہیں۔ لہٰذا ہر شکر حمد ہے مگر ہر حمد شُکر نہیں ہے۔ ہر حمد مَدح ہے مگر ہر مَدح حمد نہیں ہے۔ اور جس کی تعریف کی جائے اُسے محمود کہتے ہیں مگر محمد صلی اللہ علیہ وسلّم صرف اسی کو کہہ سکتے ہیں جو بکثرت قابلِ ستائش خصلتیں رکھتا ہو اور قابلِ ستائش کام کو محمِدت کہا جاتا ہے۔

حضرت مسلّم مَدظلہ نے جو حمدیں بتوفیقِ پروردگار کہی ہیں ان میں شُکر کی تابانیاں بھی ہیں، مَدح کی رعنائیاں بھی ہیں اور اِن دونوں شکر و مَدح پہ حمد کے جلوے بھی محیط ہیں۔ وہ حمد ایک حمّادِ مُنکَسِر کی طرح کہتے ہیں۔ لیکن اُن کے حمدیہ موضوعات و مضامین و عناوین اپنے اندر ایک خاص شانِ استحکام و استقامت لیے ہوئے ہیں۔ مسلّم صاحب کی کہی ہوئی ہر حمد شرک کی تلویث سے مُنزّہ و مبرّا ہے۔ اس میں توحیدِ خالص کے جلوے ہیں وہ اس لیے شاعر و عبدِ مخلَص ہے۔ ذالِک فضل اللّٰهُ یُوتِیْه مَن یَشَآءُ (۵:۵۴)۔

حضور اکرم نورِ مجسم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں گلہائے نعوت پیش کرنے والوں میں حضرت ع س مسلّم مدظلہ العالی کا درجہ ایسا اعلیٰ ہے کہ اُس کے شواہق کیوان وسُہا سے ملتے نظر آتے ہیں۔ اس لیے اِس زمانے میں اگر انہیں ''عمیدِ نعت گویاں'' کہا جائے تو انسب ترین ہوگا۔

نعت عربی لفظ ہے جو احادیث کے مجموعوں میں موجود ہے۔ نعت کا لفظی معنیٰ کسی کا وصف بیان کرنا ہے۔ عربوں میں رواج تھا کہ جو شخص تمام خوبیوں، اچھائیوں، رعنائیوں، شمائل، عمدہ خصائل، محامِد اور محاسن کا پیکر ہوتا اُسے ''ھُوَ نُعْتَة'' کہا جاتا تھا۔ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور صلی اللہ علیہ وسلّم

کی نماز اور دیگر اعمالِ حسنہ کی نعت بیان کیا کرتے تھے۔ وَکانَ اَنَسُ یَنْعَتُ لَنَا صلواۃُ النبیّ (اور حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی نماز کی نعت (وصف) بیان کیا کرتے تھے)۔

میرے خیال میں "ھُوَ نُعْتَۃ" کا کماحقہٗ اِطلاق حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سِوا کسی پر نہیں ہو سکتا لہٰذا آپ "مَنْعُوتِ الٰہی" ٹھہرے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی نعت کبھی یٰسین کہہ کر کہی، کبھی طٰہٰ کہہ کر کہی، کبھی یَآیُّھَاالْمُدَّثِّرُ کہہ کر کہی، کبھی یَآیُّھَا الْمُزَّمِّلُ کہہ کر کہی۔ اگر دیدۂ عشق سے دیکھا جائے تو کہنا پڑتا ہے: ہمہ قرآن در شان محمد صلی اللہ علیہ وسلّم است۔

اِسی طرح نعت سنتِ الٰہی ٹھہری۔ اِس سنت الٰہی کو انبیاء علیہم السلام نے اپنایا۔ صحائفِ آسمانی میں حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی نعت مذکور ہے۔ حافظ مظہر الدین مظہر رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرف یوں اشارہ کیا ہے:

لبِ ایوّب پہ نغمے تیری زیبائی کے
دِلِ یعقوب و براہیم میں تیری تکریم

اِس سے قبل مُرشدِ اقبالؒ حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا:

بود در انجیل نعتِ مصطفیٰ
آں سرِ پیغمبراں بحرِ صفا

انبیاء علیہم السلام کی اِس سنتِ زیبا کو صحابہ کرام نے اپنایا اور حضور علیہ السلام کی شان میں گلہائے نعت پیش کئے۔ ایک خوش نصیب کو چادرِ اطہر انعام کی گئی۔ حسانؓ کے لیے منبر پر چادرِ اقدس بچھائی گئی۔ حضرت سیّدنا صدیق اکبرؓ، سیدنا عمرؓ، سیدنا عثمانؓ، حضرت سیدنا علیؓ، حضرت امیر حمزہؓ، حضرت کعب الاحبارؓ، حضرت عبداللہ بن رواحہؓ، حضرت سیدہ زہراء سلام اللہ علیہا اور حضرت آمنہ سلام اللہ علیہا نے دلکش و دلربا نعتیں کہیں۔ ایک تحقیق کے مطابق سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے احیانِ دنیوی میں دوسَو اَسّی (۲۸۰) شعرائے نعت موجود تھے۔

نعت، دنیا کی ہر زبان میں لکھی گئی ہے۔ عربی فارسی اور اردو میں نعت کے اَن گنت ذخیرے اور دواوِین موجود ہیں۔

حضرت ع س مسلم مدظلہٗ کو جیسا کہ ہم نے پہلے عرض کیا ہے بارگاہِ ربّ العالمین جلّ مجدہٗ اور بارگاہِ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلّم سے توفیقات ارزانی ہوئی ہیں، اور انہوں نے متعدد نعتیہ مجموعوں کے علاوہ،

اُن میں سے حضور ختمی مرتبت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چار ہزار پانچ سو پینتالیس (۴،۵۴۵) اسمائے گرامی، نامِ نامی "اسماءُ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلّم - پیراہنِ شعر میں" کے عنوان سے مرتب کیے ہیں۔

"اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلّم - صدفِ ضمائر میں"

حضورؐ سے فریاد و استغاثے، تخاطب، نعت اور درود و سلام میں اسمائے ضمیر خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔ قرآنِ کریم میں باری تعالیٰ نے ضمائر کو نہ صرف اپنی ذاتِ ذُوالجلال والاِکرام کے لیے، بلکہ اپنے رسولِ محبوبؐ، دیگر انبیاء اور بندوں کے لیے بکثرت استعمال کیا ہے۔ ضمائر میں تلطُّف و قُرب کا خاص رنگ بہار دیتا ہے۔ "پیراہنِ شعر میں" کے علاوہ ع س مسلم نے اپنے ہدیۂ نعت و درود و سلام میں سے تین ہزار سات سو پانچ (۳،۷۰۵) اشعار کا الگ مجموعہ "اسماءُ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلّم - صدفِ ضمائر میں" کے عنوان سے مرتب کر کے حضورؐ کی بارگاہ میں نذر گردانا ہے، جو اِس وقت آپ کے پیشِ نظر ہے۔

یہ دونوں کاوشیں حضرتِ مسلم مد ظلہ کی حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم سے محبت و مودّت کا شہکار ہیں اور اکیسویں صدی کا لازوال تہذیبی سرمایہ ہیں۔ یہ ایک سعیٔ عظیم ہے جو اِس سے پہلے کسی نعت گو شاعر نے نہیں کی اور نہ ہی آیندہ کسی سے ہو سکے گی، اِلّا ماشآء اللہ۔

میری صائب رائے یہ ہے کہ ۴،۵۶۵ اشعار میں اَسمائے گرامی کو "پیراہنِ شعر" اور ۳،۷۰۵ اشعار کو "صدفِ ضمائر" (کل ۸،۲۷۰ اشعار) میں لانا "کاوِ کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی" کے مترادف ہے۔ مَیں اپنے مرشد عالیجناب و کیوانِ فکر شاعر الحاج ع س مسلم مدّ ظلہ کو اعماقِ دل سے درخشاں و تاباں تہنیت و ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں اور ان کی صحت و تندرستی کے لیے دعاگو ہوں۔ رب العزت اُن کا سایہ ہمارے سروں پر دائم قائم رکھے اور یہ گیسوئے عروسِ شاعری کی مشاطگی کر کے لوگوں کی دعاؤں سے متمتع ہوں، آمین۔

خاکپائے علماء و ادباء و شعراء
بشیر حسین ناظم، تمغۂ حسنِ کارکردگی
علامہ اقبال خصوصی طلائی تمغہ

اسلام، آباد، مورخہ ۱۳۔ جون ۲۰۰۹ء

ابوالامتیاز ع س مسلم

یا محمد مصطفیٰ ﷺ

یا محمدؐ، مصطفیٰؐ، خیرُ البشرؐ　　تیری اعلیٰ شان مَازاغَ البَصَر
خُلق تیرا فاتحِ قلبِ جہاں　　معجزہ ادنیٰ ترا شقُّ القمر
میہمانِ لامکاں، ممدوحِ حق　　تُو محمدؐ، عرش تیرا مُستقر
یوں تو مَرکب تھی سلیمانؑ کی، ہَوا　　ہے شرَف معراج سا کِس کا سفر
امرِ حق، جیسے ہو کوندا برق کا　　لفظِ کُن، یعنی کلَمحِ بِالبَصَر
تُو امینِ جلوہء صبحِ وجود　　کون تجھ سا ہے جہاں میں دیدہ ور
قُرب میں قوسَین سے نزدیک تر　　اَور جلوے ہیں کہ تا حدِّ نظر
مَیں بھی طالِب ہوں ترے دیدار کا　　دل دریدہ، چشم تر، پارہ جگر
وا بہ لُطفِ مصطفائیؐ ہو گئے　　تجھ پہ سب اَسرارِ حق مثلِ سَحَر
ہے ازل سے اِک سفر میں کائنات　　اَور تُو منزل ہے اُس کی مُستظَر
سیدُ الاَبرار، شاہِ انبیاء　　سرورِ دیں، رہبرِ جِنّ و بشَر
تجھ سے نفسِ مُطمئِنہ کی جِلاء　　تو نے جو کچھ کہہ دیا وہ معتبر
تیری آمد سے ہُوا یا ذُوالمِنَن　　پایۂ جبر و ستَم زیر و زبَر
تجھ سے امیدِ دلِ اُفتادگاں　　خستگانِ دل کا تُو ہی چارہ گر

یا الٰہی دے بحقِّ مصطفیٰؐ
اپنے مسلم کی دعاؤں میں اثر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم

مُحَمَّد صلّی اللہ علیہ وسلّم

اِسمِ ذات - قِسمِ اوّل

قِسمِ دوم ''م'' کی تختی میں ملاحظہ فرمائیں

شمارِ اشعار	اسمائُ النبیؐ ⊙		
۰،۰۰۱-	محمدؐ	ہو محبت سے ادا نام محمدؐ ایک بار عمر بھر کے واسطے ہو سانس میری مُشکبار	۱۶۵ *
۰،۰۰۲-	محمدؐ	تابشِ نامِ محمدؐ سے مِرے فن کی جِلا لوحِ دل پر ہر نفَس کرتا ہوں یہ نقش و نِگار	۱۶۶ *
۰،۰۰۳-	محمدؐ	پھر تڑپتا ہے دِلِ مسلم حضوری کے لیے یا محمدؐ اِذن کا ہے منتظِر یہ خاکسار	۱۶۶ *

❁ ❁ ❁

۰،۰۰۴-	محمدؐ	غزل کے لیے ہو مچلتی طبیعت، تو پھر نعت کہیے محمدؐ کی دل میں ہو جاگی محبت، تو پھر نعت کہیے	۸۹ *
۰،۰۰۵-	محمدؐ	مُعَطَّر، مُطَہَّر کرے روح و دل، بُوئے نامِ محمدؐ ہے قلب و نظر کو وُضو کی ضرورت، تو پھر نعت کہیے	۸۹ *
۰،۰۰۶-	محمدؐ	بہت برکتوں سے کیا اُس نے معمور ذِکرِ محمدؐ ہے مطلوب حق سے دعا کی اِجابت، تو پھر نعت کہیے	۸۹ *
۰،۰۰۷-	محمدؐ	ہر اِک ضربِ دل سے زباں پر رواں ہی رہے نام اُن کا جو ذکرِ محمدؐ بنے دِل کی عادت، تو پھر نعت کہیے	۹۰ *

❁ ❁ ❁

صفحہ نمبر زَبورِ نعت *   زمزمۂ سلام ○   زمزمۂ درود ❖   کاروانِ حرم ☆

⊙ چونکہ اسمائے مبارکہ کا شمار، تعدادِ اشعار سے مختلف ہے۔ صحیح صورتِ حال کے لیے مصنف کا پیش لفظ ''محمد صلی اللہ علیہ وسلم''، ص ۷! ملاحظہ فرمائیں۔

۰۰۰۸،۰- محمدؐ
مِرے رنج و غم کی دوا ہیں محمدؐ
اندھیرے دلوں کی جِلاء ہیں محمدؐ *۱۱۵

۰۰۹،۰- محمدؐ مُعطّر ہُوا تا اَبد باغِ ہستی ہدایت کی موجِ صبا ہیں محمدؐ *۱۱۵

۰۱۰،۰- محمدؐ نہ کچھ بزم میں تھا بجزُ رقصِ ظلمت جہانانِ حق کی ضیا ہیں محمدؐ *۱۱۵

۰۱۱،۰- محمدؐ ہُوا ذات پر اُن کی اِتمامِ نعمت جو افضل تریں ہے عطا، ہیں محمدؐ *۱۱۵

۰۱۲،۰- محمدؐ نہیں دامنِ دل کبھی میرا خالی خدا ہے یہاں، ماسِوا ہیں محمدؐ *۱۱۵

۰۱۳،۰- محمدؐ رضائے الٰہی کی ہے جو تمنا تو دنیا میں اُس کی رِضا ہیں محمدؐ *۱۱۶

۰۱۴،۰- محمدؐ نہ پہنچا کوئی خاکِ پا تک بھی اُن کے کہ درجے میں سب سے عُلا ہیں محمدؐ *۱۱۶

۰۱۵،۰- محمدؐ زباں بند ہے میری عجزِ بیاں سے کہ ہر اِک بیاں سے سِوا ہیں محمدؐ *۱۱۶

۰۱۶،۰- محمدؐ کہاں پر دھروں پاؤں اِس سرزمیں میں کہ ہر جا ترے نقشِ پا ہیں محمدؐ *۱۱۶

۰۱۷،۰- محمدؐ
کسی اَور دَر سے نہ مانگوں گا مسلّم
کہ میرے شہِؐ اغنیاء ہیں محمدؐ *۱۱۶

❁ ❁ ❁

۰۱۸،۰- محمدؐ
شمعِ بزمِ جہاں ہے محمدؐ
نورِ کون و مکاں ہے محمدؐ *۱۱۷

۰۱۹،۰- محمدؐ کچھ نہ تھا، تو محمدؐ وہاں تھا کچھ نہیں ہے جہاں، ہے محمدؐ *۱۱۷

۰۲۰،۰- محمدؐ اُس سے روشن ہے راہِ ہدایت شمعِ جنت نشاں ہے محمدؐ *۱۱۷

۰۲۱،۰- محمدؐ ہر بُنِ مُو اُسی کو پکارے مَیں بدن ہوں تو جاں ہے محمدؐ *۱۱۷

۰۲۲،۰- محمدؐ میرے سر پر اُسی کا ہے سایہ مَیں زمیں، آسماں ہے محمدؐ *۱۱۸

۰۲۳،۰- محمدؐ پائی ہے نعمتِ اسمِ اعظم میرے وردِ زباں ہے محمدؐ *۱۱۸

۰۲۴،۰- محمدؐ ساقیٔ حوضِ تسنیم و کوثر جانِ تشنہ لباں ہے محمدؐ *۱۱۸

۰،۰۲۵- محمدؐ باری، خالق ہے باغ جہاں کا بے گماں باغباں ہے محمدؐ ۱۱۸ *
۰،۰۲۶- محمدؐ خوفِ جادہ نہ ہے فکرِ منزل سرورِ کارواں ہے محمدؐ ۱۱۸ *

* * *

۰،۰۲۷- محمدؐ ہادیء مہرباں ہے محمدؐ
رہبرِ رہبراں ہے محمدؐ ۱۱۹ *
۰،۰۲۸- محمدؐ اُس سے روشن ہیں ساری دلیلیں تا اَبد ضَوفشاں ہے محمدؐ ۱۱۹ *
۰،۰۲۹- محمدؐ حق نے بھیجی کتابِ ہدایت اور طرزِ بیاں ہے محمدؐ ۱۱۹ *
۰،۰۳۰- محمدؐ دل میں کیونکر نہ قرآن اُترے شارِح و ترجماں ہے محمدؐ ۱۱۹ *
۰،۰۳۱- محمدؐ لُوٹیے علم و حکمت کے موتی داعیء نکتہ داں ہے محمدؐ ۱۲۰ *
۰،۰۳۲- محمدؐ اُس سے جاری ہے فیضانِ رحمت چشمہء جاوِداں ہے محمدؐ ۱۲۰ *
۰،۰۳۳- محمدؐ مِٹ گئے درد و غم سب دلوں کے راحتِ قلب و جاں ہے محمدؐ ۱۲۰ *
۰،۰۳۴- محمدؐ غیر فانی ہے رحمت خدا کی رحمتِ دوجہاں ہے محمدؐ ۱۲۰ *
۰،۰۳۵- محمدؐ کس کو تابِ نظارہ تھی مسلّم جلوۂ حق نِشاں ہے محمدؐ ۱۲۰ *

* * *

۰،۰۳۶- محمدؐ باعثِ کُن فکاں ہے محمدؐ ۱۲۱ *
امرِ حق کی زباں ہے محمدؐ
۰،۰۳۷- محمدؐ حرف کو حُسنِ تخلیق کہیے اَور حُسنِ بیاں ہے محمدؐ ۱۲۱ *
۰،۰۳۸- محمدؐ منبعِ علم و رُشد و ہدایت رہبرِ انس و جاں ہے محمدؐ ۱۲۱ *
۰،۰۳۹- محمدؐ کون پہنچا بھلا لامکاں تک سرحدِ لامکاں ہے محمدؐ ۱۲۱ *
۰،۰۴۰- محمدؐ کس نے دیکھا ہے سورج کا سایہ ایک نورِ عیاں ہے محمدؐ ۱۲۲ *
۰،۰۴۱- محمدؐ اُسکے دامانِ رحمت کی وسعت ماٗمنِ عاصیاں ہے محمدؐ ۱۲۲ *
۰،۰۴۲- محمدؐ دشتِ دل ہو چمن زار جس سے آبِ ابرِ رواں ہے محمدؐ ۱۲۲ *

۰۰،۰۴۳- محمدؐ سَہل ہے منزلِ لن ترانی واسطہ درمیاں ہے محمدؐ ۱۲۲*

۰۰،۰۴۴- محمدؐ دونوں عالم میں محبوب مسلم قبلہء عاشقاں ہے محمدؐ ۱۲۲*

❁ ❁ ❁

۰۰،۰۴۵- محمدؐ بیکل ہے تپِ ہجر میں بیمارِ محمدؐ
لادستِ شفا، موجِ چمن زارِ محمدؐ ۱۹۵*

۰۰،۰۴۶- محمدؐ وہ نام کہ آیا تھا نظر بابِ جناں پر
اُس لمحے سے یہ دِل ہے طلبگارِ محمدؐ ۱۹۵*

۰۰،۰۴۷- محمدؐ پھر میرے مقدّر میں مدینے کا سفر ہو
پھر کوئی بنے صورتِ دیدارِ محمدؐ ۱۹۵*

۰۰،۰۴۸- محمدؐ دنیا میں میسّر ہو اطاعت شہِ دیں کی
عقبٰی میں ملے قربتِ سرکارِ محمدؐ ۱۹۵*

۰۰،۰۴۹- محمدؐ مجھ بندۂ عاصی پہ بھی یارب یہ کرم ہو
محشر میں رہوں ہمرہِ ابرارِ محمدؐ ۱۹۶*

۰۰،۰۵۰- محمدؐ ہے مُژدہِ "مَن زَارَنِی" جاں بخشی کو ورنہ
ہے مَوردِ تعزیر خطاکارِ محمدؐ ۱۹۶*

۰۰،۰۵۱- محمدؐ ہر ضرب میں دِل کی ہے اُسی نام کی دھڑکن
ہر سانس مِری رشتۂ اَذکارِ محمدؐ ۱۹۶*

۰۰،۰۵۲- محمدؐ نازاں نہ ہو کیوں طالعِ بیدار پہ مسلم
دامن ہے مِرا، دستِ گہربارِ محمدؐ ۱۹۶*

❁ ❁ ❁

۰۰،۰۵۳- محمدؐ ہو دھوپ تو ہو پرتوِ انوارِ محمدؐ
ہو سایہ تو پھر سایہء دیوارِ محمدؐ ۲۳۹*

محمدؐ-۰،۰۵۴
ہَے روضۂ خَضراؑ سے ہی شادابیٔ گلشن
صَد رشکِ جِناں رونقِ گلزارِ محمدؐ * ۲۳۹

محمدؐ-۰،۰۵۵
کیا رِفعتیں بخشی ہیں انہیں ربِّ عُلا نے
خود حق کے لبوں پر بھی ہیں اَذکارِ محمدؐ * ۲۳۹

محمدؐ-۰،۰۵۶
ہے عالمِ موجود پہ جو اُن کی سیادت
ہے عرش پہ بھی مِدحتِ سرکارِ محمدؐ * ۲۳۹

محمدؐ-۰،۰۵۷
جُز خالِق کونَین کہ ہے خالِقِ اَسرار
ہَے کون جو ہو واقفِ اَسرارِ محمدؐ * ۲۳۹

محمدؐ-۰،۰۵۸
ہر سجدے میں پائی ہے نئی لذّتِ معراج
معیار مِرا پرتوِ معیارِ محمدؐ * ۲۴۰

محمدؐ-۰،۰۵۹
پڑھتا ہوں دُرود اُن پہ میں ہر نیند سے پہلے ٥
ہو خواب میں شاید کبھی دیدارِ محمدؐ * ۲۴۰

محمدؐ-۰،۰۶۰
دلِ لذّتِ دیدار سے ہر آن ہے مدہوش
ہے خُلدِ نظَر جلوۂ دربارِ محمدؐ * ۲۴۰

محمدؐ-۰،۰۶۱
معراج کی منزل تھی! جھپک ایک نظر کی!
اِک برق کا گوندا تھا کہ رَہوارِ محمدؐ * ۲۴۰

محمدؐ-۰،۰۶۲
یارب ہو سرِ حشر عطا اُنؐ کی شفاعت
یارب ہو مِرا حشر بأبرارِ محمدؐ * ۲۴۰

محمدؐ-۰،۰۶۳
یوں قسمتِ خوابیدۂ مسلم کی سَحَر ہو
ہر سانس رہے مطلَعِ انوارِ محمدؐ * ۲۴۰

***

محمدؐ-۰،۰۶۴
قلب وجاں نے بھی مِرے اب اوڑھ رکھا ہے وُہی
رنگ ہے اللہ کا جو، ہے محمدؐ کا بھی رنگ * ۱۵

٭٭٭

۰۶۵،۰- محمدؐ
یا محمدؐ دل سے میرے دھویے غفلتؔ کا زنگ
پھر مجھے سکھلایے ایمان سے جینے کا ڈھنگ
۲۲۷٭

۰۶۶،۰- محمدؐ
یا محمدؐ اب شفاعت کیجیے اللہ سے
ہے اُسے محبوب خُلقِ احمدی کا انگ انگ
۲۲۸٭

۰۶۷،۰- محمدؐ
یا محمدؐ مصطفٰیؐ چشمِ کرم فرمایے
دل کو گھر کر لیجیے آنکھوں میں رچ بس جایے
۹۳٭

۰۶۸،۰- محمدؐ
یا محمدؐ، مصطفٰیؐ، خیرُ البشرؐ تیری اعلٰی شان مَازاغَ البَصَر
۱۰۲٭

۰۶۹،۰- محمدؐ
میہمانِ لامکاں، ممدوحِ حق تُو محمدؐ، عرش تیرا مُستقر
۱۰۲٭

۰۷۰،۰- محمدؐ
یا محمدؐ مصطفٰیؐ یا رحمۃً لِلعالمیں
تُو پناہِ عاصیاں ہے یا شفیعُ المُذنِبیں
۱۰۷٭

۰۷۱،۰- محمدؐ
تو محمدؐ، تو ہی احمدؐ، حامِد و محمود تو
سارے اچھے نام تیرے، یا عزیزُ یا متیں
۱۰۸٭

۰۷۲،۰- محمدؐ
دامنِ ایماں ہے خارِ معصیت سے تار تار
یا محمدؐ ڈھانپ لے کملی میں اب میرے تئیں
۱۰۹٭

۰۷۳،۰- محمدؐ
اپنے قدموں میں بلالو یا محمدؐ ایک بار
پھر نہ جیتے جی کبھی چھوڑوں یہ فردوسِ بریں
۱۰۹٭

۰۷۴،۰- محمدؐ
اے بطحا کے چاند محمدؐ، بے چاروں کے سوامی
تیرے بِن طَیبہ کے والی کون ہے میرا حامی
۱۲۶٭

۰۷۵،۰- محمدؐ
تُو محمودؐ، محمدؐ، حامدؐ، تُو احمدؐ، تُو انورؐ
سارے سُندر نام ہیں تیرے، تو یٰسینؐ، تہامی
۱۲۷٭

۰،۰۷۶- محمدؐ
دل جب سے ہُوا والہٗ و شیدائے محمدؐ
ہر آہ رَسا ہے مِری، نالوں میں اثر بھی
* ۱۳۰

۰،۰۷۷- محمدؐ
صدقے میں محمدؐ کے عطاء دل ہو وہ یا ربّ
مُستغنیٔ دنیا ہو، مِٹیں نفع و ضرر بھی
* ۱۳۰

۰،۰۷۸- محمدؐ
وہ سلطانِ کُل انبیّاء بن کے نکلے
محمدؐ رسولِ خدا بن کے نکلے
۱۳۴ * ۱۳۴ *

۰،۰۷۹- محمدؐ
محمدؐ کو دیکھو نگاہِ عمرؓ سے
وہ کیا بن کے آئے تھے کیا بن کے نکلے
۱۳۵ * ۱۳۵ *

۰،۰۸۰- محمدؐ
محمدؐ کا دل میں جہاں نام آئے
زباں سے وہ صَلِّ علیٰ بن کے نکلے
۱۳۶ * ۱۳۶ *

۰،۰۸۱- محمدؐ
یا محمدؐ نِگاہ میں رکھیے
حشر میں بخشوایے رَب سے
* ۱۴۱

۰،۰۸۲- محمدؐ
جب نقش ہوا دل پہ مِرے نامِ محمدؐ
سب دولتِ ایماں کے ملے مجھ کو دفینے
* ۱۴۳

۰،۰۸۳- محمدؐ
نقش بردارِ کفِ پائے محمدؐ
کفش بوسِ قادمِ اَفلاک ہوں مَیں
* ۱۵۱

۰،۰۸۴- محمدؐ
اے نُورِ محمدؐ صلِّ علیٰ
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
اے مہرِ یقیں، قِندیلِ ہُدیٰ
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
۱۷۳ * ۱۷۳ *

۰،۰۸۵- محمدؐ
ہو محمد مصطفیٰؐ پر اے خدا ہر دَم دُرود
جس کے دَم سے ہے مُعطّر گلشنِ غیب وشُہود
* ۱۷۵

۰،۰۸۶- محمدؐ
وقت کی دھڑکن میں ہے صبحِ ازل سے مَوجزن
تُو محمدؐ بھی ہے حامِد بھی ہے اور محمود بھی
* ۱۷۷

۰۰۸۷،۰- محمدؐ یا محمدؐ ہو اب تو حضوری
جان میری یہ لے لے گی دُوری ۱۸۱*

۰۰۸۸،۰- محمدؐ دل مِرا ہے کہ برقِ تپاں ہے سر پہ عِصیاں کا بارِ گراں ہے
کوئی مجھ سا نہیں ہے قُصوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۱*

۰۰۸۹،۰- محمدؐ ہوں سیہ کار اور دِل ہے کالا اِس میں ایمان کا ہو اُجالا
ایسی قِندیل روشن ہو نُوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۱*

۰۰۹۰،۰- محمدؐ ساقیٔ آبِ تسنیم و کوثر دے شَفاعت کے شربت کا ساغر
ایک جامِ شرابِ طہوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۲*

۰۰۹۱،۰- محمدؐ مجھ کو ہر طَور پختہ یقیں ہے وہ ہے مالک اگر، تُو امیں ہے
اور باتیں ہیں سب بے شُعوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۲*

۰۰۹۲،۰- محمدؐ کاش پھر میں ترے دَر پہ آؤں کاش پھر نُور آنکھوں کا پاؤں
یہ تمنّائے مسلم ہو پوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۲*

۰۰۹۳،۰- محمدؐ جان میری یہ لے لے گی دُوری
یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۲*

* * *

۰۰۹۴،۰- محمدؐ یا محمدؐ ہو اِذنِ مدینہ دُور تجھ سے نہیں کوئی جینا
زندگانی ہے مسلم ادھوری یا نبیؐ ہو میسّر حُضوری ۱۸۴*

۰۰۹۵،۰- محمدؐ یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری
جان لے لے گی ورنہ یہ دُوری ۱۸۵*

۰۰۹۶،۰- محمدؐ تُو ہی اَوج و شرَف میں ہے کامِل حق و باطِل میں اِک حدِ فاصِل
اُونچی تیری ہے شانِ ظُہوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۵*

۰،۰۹۷- محمدؐ دِل میں خوفِ الٰہی کی لَو ہو اور تیری محبت کی ضَو ہو
حاصلِ زیست ہے یہ سُرُوری یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری ۱۸۵*

۰،۰۹۸- محمدؐ عہد کر کر کے مَیں ڈولتا ہوں آنسوؤں کے گُہر رولتا ہوں
چھائی ہے ظلمتِ ناصُبوری یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری ۱۸۶*

۰،۰۹۹- محمدؐ بس وہی مالکِ یومِ دیں ہے اور تُو رحمتِ عالَمیں ہے
اور سب کاذبی و کُفوری یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری ۱۸۶*

۰،۱۰۰- محمدؐ تیری رحمت کا ہے بابِ عالی مسلم خستہ جاں ہے سوالی
اُس پہ آساں ہو یومِ نُشوری یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری ۱۸۶*

۰،۱۰۱- محمدؐ جان میری یہ لے لے گی دُوری
یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری ۱۸۶*

❁ ❁ ❁

۰،۱۰۲- محمدؐ باعثِ تنویرِ عالم ہے محمدؐ کا وُرود
سایۂ خیرُالبشرؐ، نوعِ بشَر پر ابرِ جُود ۱۹۳*

۰،۱۰۳- محمدؐ سارے اچھے نام دیتا ہے اُسے ربِّ حمید
وہ محمدؐ، احمدؐ و محمود و حَمّاد و حَمود ۱۹۳*

۰،۱۰۴- محمدؐ ہے محمدؐ سے چمن زارِ جہاں میں تازگی
ہیں مدینے کی ہوائیں رشکِ عطر و مُشک و عُود ۱۹۳*

۰،۱۰۵- محمدؐ رفعتِ شانِ محمدؐ کا یہ ادنیٰ سا نشاں
نقشِ پا سے، کہکشاں ہر رہ گزر ہوتی گئی ۲۰۰*

۰،۱۰۶- محمدؐ ہو محمدؐ کی نگاہِ التفات بےگماں ہر جادۂ انور کُھلے ۲۰۷*

۰،۱۰۷- محمدؐ نشاط و اِنبساطِ قلبِ مسلم محمدؐ ہی کے فیضانِ نظر سے ۲۱۴ *

۰،۱۰۸- محمدؐ جو میرے رہنما و ناخدا ہیں محمدؐ ہی نکالیں گے بھنور سے ۲۱۶ *

۰،۱۰۹- محمدؐ محمدؐ کے قدم کی خاک ہوں میں وہ ذرّہ ہوں کہ مِہرِ دو جہاں ہوں ۲۱۹ *

۰،۱۱۰- محمدؐ مرے صیقل گرِ دل ہیں محمدؐ مَیں اُن کی روشنی میں دُرفشاں ہوں ۲۲۰ *

۰،۱۱۱- محمدؐ محمدؐ ہیں درسِ ہُدیٰ دینے والے اندھیرے دلوں کو جِلاء دینے والے ۲۳۱ *

❁ ❁ ❁

۰،۱۱۲- محمدؐ یا محمدؐ مدینے بلالو دل ہے بیتاب دل کو سنبھالو
اب نہیں تابِ دُوری کی مجھ کو اب بلا لو گلے سے لگا لو ۲۳۳ *

۰،۱۱۳- محمدؐ خاتمُ الانبیاء یا محمدؐ سیّدُ الاَصفیاء یا محمدؐ
تم ہو بدرُالدُجیٰ یا محمدؐ چادرِ نور مجھ پر بھی ڈالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۳ *

۰،۱۱۴- محمدؐ اے محمدؐ جہانوں کے والی سر بسر رحمتِ ربِ عالی
دید کے منتظِر ہیں سوالی اب تو چہرے سے پردہ ہٹالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۴ *

۰،۱۱۵- محمدؐ کون تم سا فصیحُ اللِّساں ہے دل میں اُترے جو ایسا بیاں ہے
مَیں ہوں گردابِ وہم و گُماں ہے کشتیٔ دل کو میری سنبھالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۴ *

۰،۱۱۶- محمدؐ صاحبِ آبِ تسنیم و کوثر شافعِ مُذنبیں روزِ محشر
رحمتِ عالَمیںؐ سب کے سروَر اپنی رحمت میں مجھ کو چھپالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۴ *

١١٧،٠- محمدؐ عمر گزری ہے گمراہیوں میں کچھ خیالوں میں کچھ وسوسوں میں
سانس گھٹتی ہے تاریکیوں میں قعرِ ظلمت سے اَب تو نکالو
یا محمدؐ مدینے بلالو * ۲۳۵

١١٨،٠- محمدؐ گردشِ عصر میں ہے مقدّر شب ہے تاریک اور دل بھی مضطَر
اے مدینے کے بدرِ منّور نورِ ایمان سینے میں ڈھالو
یا محمدؐ مدینے بلالو * ۲۳۵

١١٩،٠- محمدؐ مَیں اسیرِ گناہ و خطا ہوں طالبِ لطف ومہر و عطا ہوں
سخت عاجز ہوں بے دست وپا ہوں گر پڑا ہوں مگر تم اُٹھالو
یا محمدؐ مدینے بلالو * ۲۳۵

١٢٠،٠- محمدؐ آپ کے دَر پہ نظریں گڑی ہیں میرے دل میں اُمیدیں بڑی ہیں
یہ جدائی کی گھڑیاں کڑی ہیں یا بلاؤ یا آ کے پتا لو
یا محمدؐ مدینے بلالو * ۲۳۶

❁ ❁ ❁

١٢١،٠- محمدؐ یا محمدؐ تحفہ ٔ دردِ محبت ہو قبول نذر ہَیں گلہائے دل، زخمِ جگر کی روشنی ۲۴۲ *

١٢٢،٠- محمدؐ پھر مشرف ہوگئے شہر و دِیارِ بندگی
بڑھ گیا دم سے محمدؐ کے وقارِ بندگی * ۲۴۷

١٢٣،٠- محمدؐ یا محمدؐ آپ کے قدموں سے دُور ایک ساعت بھی گزر ہوتی نہیں ۲۴۹ *

١٢٤،٠- محمدؐ بھیجئے نامِ محمدؐ پر دُرود کوئی ساعت بے محل ہوتی نہیں ۲۵۳ *

١٢٥،٠- محمدؐ گر محمدؐ سا نہ ہو شافی طبیب کوئی تدبیرِ عِلَل ہوتی نہیں ۲۵۳ *

١٢٦،٠- محمدؐ یا محمدؐ ہجر میں تسکینِ جاں ایک لمحہ، ایک پَل ہوتی نہیں ۲۵۴ *

۱۲۷،۰- محمدؐ سر تا بہ قدم رحمتِ کونین محمدؐ ٹُو شافعِ اُمت ہے کرَم تیری ادا ہے ۲۵۶ *

۱۲۸،۰- محمدؐ غم جو دل کے ہیں سارے مِٹاؤ
پھر شفاعت کا مژدہ سناؤ
یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۷ *

۱۲۹،۰- محمدؐ شب اندھیری ہے گھڑیاں کڑی ہیں آندھیاں ظُلمتوں کی چلی ہیں
اپنی رحمت کی شمعیں جلاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۷ *

۱۳۰،۰- محمدؐ لاکھ کرتا ہوں توبہ کے پیماں نفسِ سرکش ہُوا دشمنِ جاں
سایۂ عاطفت میں چھپاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۷ *

۱۳۱،۰- محمدؐ ختم ہو بھی عزائم کی لرزِش کالعدم ہو تذبذب کی یورِش
علم و عرفاں کی فصلیں اُگاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۱۳۲،۰- محمدؐ دُور وہم و گُماں کے ہوں ڈیرے دِل میں ایمان کے ہوں سویرے
پھول عین الیقین کے کِھلاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۱۳۳،۰- محمدؐ ڈر کے اپنے ہی اعمال سے مَیں وسوسوں کے حَسیں جال سے مَیں
بھاگ کر آ گیا ہوں بچاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۱۳۴،۰- محمدؐ دامنِ دل میں ویرانیاں ہیں اور لاکھوں پشیمانیاں ہیں
رحمتوں کے خزانے لٹاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۱۳۵،۰- محمدؐ خوابِ غفلت میں سوتا رہا ہوں حاصلِ عمر کھوتا رہا ہوں
میرے خوابوں سے مجھ کو جگاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۱۳۶،۰- محمدؐ در پہ آ کے سوالی کھڑا ہوں بحرِ عصیاں میں کچّا گھڑا ہوں
ناخدا اب کنارے لگاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۹ *

۱۳۷،۰- محمدؐ مسلم خستہ جاں ہے بھکاری تم شفاعت کی بادِ بہاری
مغفرت کی بشارت سناؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ * ۲۵۹

۱۳۸،۰- محمدؐ غم جو دل کے ہیں سارے مِٹاؤ
یا محمدؐ مجھے بخشواؤ
پھر شفاعت کا مژدہ سناؤ * ۲۵۹
یا محمدؐ مجھے بخشواؤ

❁ ❁ ❁

۱۳۹،۰- محمدؐ یا محمدؐ، میرے آقا، نُورِ حق، شاہِ عرب
جامعِ اوصافِ جملہ انبیاء محبوبِ رب * ۲۶۰

۱۴۰،۰- محمدؐ ہو خمیرِ خاک و خوں مَسجودِ نورِ قُدسیاں
ہے محمدؐ سے شرف، ذاتِ بشر میں کچھ نہیں * ۲۶۳

۱۴۱،۰- محمدؐ ملالِ ہجر مِری آہ کو شرر دے گا
یہ سوزِ دل ہی محمدؐ کو جا خبر دے گا * ۲۶۶

۱۴۲،۰- محمدؐ یہ درِ محمدؐ کا آستاں ہے یہی مِری خُلدِ آشیاں ہے * ۲۷۴

۱۴۳،۰- محمدؐ محمدِؐ مصطفٰی کا زینہ یہ خاتمُ الانبیاءؐ کا زینہ * ۲۸۰

۱۴۴،۰- محمدؐ حمید و حمّاد و حامِد، احمد حمود و محمود و حق، محمدؐ * ۲۸۶

۱۴۵،۰- محمدؐ حبیب و محبوبِ حق محمدؐ محبتوں کا سبَق محمدؐ * ۲۸۷

۱۴۶،۰- محمدؐ وہی محمدؐ ہے میرا آقا وہی محمدؐ ہے میرا مَولا * ۲۸۹

۱۴۷،۰- محمدؐ وہی محمدؐ ہے میرا مَلجا وہی محمدؐ ہے میرا ماویٰ * ۲۸۹

۱۴۸،۰- محمدؐ وہی محمدؐ مرا سہارا وہی ہے دردِ جگر کا چارہ * ۲۹۰

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆ غیر مطبوعہ غ م

۱۶۱،۰- محمدؐ

وہ جلوہ حُسنِ مطلَق نے محمدؐ کو دکھایا
نگاہ و قلبِ محبوبیؐ پہ مِہرِ نُور چھایا ○ ۵۳

۱۶۲،۰- محمدؐ

چراغِ نُور ظُلماتِ گماں میں یوں جلایا
بصد احساں محمدؐ کو مِرا رہبر بنایا ○ ۵۴

۱۶۳،۰- محمدؐ

سلام اُن پر ہے احمدؐ اور محمدؐ نام جن کا
زمیں سے تا سرِ بامِ فلک اِکرام جن کا ○ ۵۷

۱۶۴،۰- محمدؐ

سلام اُن پر انہیں کیا خطرۂ آزار، مسلّم
محمدؐ ہے مُرَبّی، مہرباں، غنّام جن کا ○ ۵۸

۱۶۵،۰- محمدؐ

سلام اُن پر جو ہیں خُورشیدِ تابانِ حقیقت
ہے عِرفانِ محمدؐ اصلِ عرفانِ حقیقت ○ ۷۶

۱۶۶،۰- محمدؐ

سلام اُن پر کہ جن کے ہجر میں رویا تھا منبر
کہ پھر ہوں گا قدم بوسِ محمدؐ مَیں تو کیونکر ○ ۸۶

۱۶۷،۰- محمدؐ

سلام اُن پر جو احمدؐ ہیں، محمد مصطفیٰؐ ہیں
شہید و شاہد و مشہود و ممدوحِ خدا ہیں ○ ۱۳۲

۱۶۸،۰- محمدؐ

وہ جن سے پایۂ جبر و ستم زیر و زَبر ہے
محمدؐ سروَرِ دیں، رہبرِ جنّ و بشَر ہے ○ ۲۰۵

۱۶۹،۰- محمدؐ

سلام اُن پر کہ جن کے ذِکر میں ہر لفظ خم ہے
ثناء لکھے محمدؐ کی کوئی ایسا قلم ہے! ○ ۲۰۹

❁ ❁ ❁

صلوٰۃ و سلام

۱۷۰،۰- محمدؐ

یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام
تاجدارِ اصفیاء تجھ پر سلام

۵۱ ٭

۱۷۱،۰- محمدؐ پیکرِ مہر و وفا خیر الانام منبعِ صدق و صفا فیضُ الکرام
دم بدم ہے راحتِ جاں تیرا نام تُو جو والی ہے تو دوزخ ہے حرام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام

۵۱ ٭

۱۷۲،۰- محمدؐ کس زباں سے ہوں بیاں تیری صفات عرش سے تا فرش ہے بانگِ صلاۃ
جلوۂ انوار تیرا شش جہات آسمانِ رُشد کے ماہِ تمام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام

۵۲ ٭

۱۷۳،۰- محمدؐ اے کہ تُو وجہِ قرارِ روح و جاں سایۂ دامن میں تیرے ہے اماں
مُقتدی تیرے ملائک، اِنس و جاں اے رَسولوں اور نبیوں کے اِمام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام

۵۲ ٭

۱۷۴،۰- محمدؐ صبحِ رُخسار و شبِ گیسوئے تو والضُّحیٰ والّیل شانِ رُوئے تو
جُود و لطف و عفو و رحمت خُوئے تو از نگاہِ رحمتے کُن شاد کام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام

۵۲ ٭

۱۷۵،۰- محمدؐ تُو ازل سے تا ابد موجود ہے وجہِ آدم میں تُو ہی مَسجود ہے
تُو ہی شاہد ہے تُو ہی مشہود ہے تُو ہی مقصد اور تُو نَیلِ مرام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام

۵۳ ٭

۱۷۶،۰- محمدؐ رحمۃٌ لِلعٰلمیں تیرا وُجود عرش سے تجھ پر ہے بارانِ دُرُود
در ترا ہے چشمہ سارِ لطف و جُود تیرے حرفِ لب میں اِک کیفِ دوام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام

۵۳ ٭

۱۷۷،۰- محمدؐ تجھ سے قائم ہے رگِ تارِ حیات تجھ سے نغمہ زن لبِ تارِ حیات
ہے تو ہی شمعِ شبِ تارِ حیات ہے سَحر تیرا ہی نقشِ اِبتسام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۳

۱۷۸،۰- محمدؐ ایک ہل چل ماسِوا میں آج ہے زمزمہ پیرا شبِ معراج ہے
آرہا ہے وہ کہ جس کا راج ہے قدسیو دیکھو یہ عِزّ واِحتشام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۴

۱۷۹،۰- محمدؐ سج رہے ہیں چرخ کے دیوار و بام یہ چراغاں کہکشاں یہ دھوم دھام
دم بخود ہے آج قدرت کا نظام دیدہ و دل فرشِ راہِ خوش خرام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۴

۱۸۰،۰- محمدؐ ہیں غم و اندوہ سے دل لالہ فام ہے عمل کے باب کا مضمون خام
خشک لب ہیں حشر میں اب تشنہ کام ساقیِ کوثر ملے رحمت کا جام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۴

۱۸۱،۰- محمدؐ کِشتِ کردار و عمل ویران ہے ہاتھ خالی ہیں لبوں پر جان ہے
بس شفاعت پر ہی تیری مان ہے اے رحیم و محسنِ عالی مقام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۵

۱۸۲،۰- محمدؐ اب تو درمانِ دلِ رنجور کر میری جانب بھی رُخِ پُرنور کر
قلبِ مسلم کی سیاہی دُور کر اے سراجِ نور مصباحُ الظّلام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام
تاجدارِ اصفیاء تجھ پر سلام ❖ ۵۵

❁ ❁ ❁

(قافیہ بہ اعتبار تہجی)

۱۸۳،۰- محمدؐ صَلِّ علیٰ نبیّنا
صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۰

۱۸۴،۰- محمدؐ راہِ یقین کا دِیا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ
قلب و نگاہ کی جِلا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۰

۱۸۵،۰- محمدؐ حرف و سُخن ہے الکتاب خُلقِ حَسَن ہے الکتاب
شرحِ پیامِ کبریا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۰

۱۸۶،۰- محمدؐ فکر کے کُھل گئے ہیں باب علم کے کِھل گئے گلاب
موجۂ حکمت و ذکا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۱

۱۸۷،۰- محمدؐ واقفِ کُن فکاں ہیں آپؐ واصلِ لامکاں ہیں آپؐ
رمزِ خدا کے آشنا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۱

۱۸۸،۰- محمدؐ صدرِ جہانِ ممکنات صاحَبِ جملہ معجزات
میرِ وَرا و مَاوَرا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۱

۱۸۹،۰- محمدؐ حق کی ہے ترجماں حدیث کوکبِ ضَو فشاں حدیث
نورِ طریقِ حق نما صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۱

۱۹۰،۰- محمدؐ رب کے ہو واقفِ مزاج نُور و بشَر کا امتزاج
ربِّ کریم کی رِضا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۱

۱۹۱،۰- محمدؐ سازِ نفَس ترا خَراج ذکر ہے جانِ اِبتہاج[۱]
صبحِ حیات کا صِلہ صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❊۴۱

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❊ کاروانِ حرم ☆

۱- ابتہاج: مسرت، انبساط

۰،۱۹۲- محمدؐ خام ہے ظرفِ دل کا کانچ اَور ذرا یقیں کی آنچ
چشمِ عنایت و عطا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۲

۰،۱۹۳- محمدؐ خیر و ہدایت و فلاح منبعِ خوبی و صلاح
قلبِ ملول کی شِفا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۲

۰،۱۹۴- محمدؐ بارشِ رحمتِ فراخ تازہ ہے دل کی شاخ شاخ
حاصلِ گلشنِ رَجَا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۲

۰،۱۹۵- محمدؐ آپؐ سے بزم کی نہاد آپؐ ہیں گوہرِ مُراد
آپؐ ہی مَوجۂ بقا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۲

۰،۱۹۶- محمدؐ آپؐ کا دامنِ عِیاذ میری اماں مِری مَعاذ[۱]
مُعطیٔ سایۂ قبا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۲

۰،۱۹۷- محمدؐ آپؐ ہیں مشعلِ شعور لیلِ گُماں میں برقِ نور
نَیلِ مَرام کی ضیا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۲

۰،۱۹۸- محمدؐ آپؐ کے سارے اِعتزاز آپؐ کے جملہ اِمتیاز
دونوں جہاں کے پیشوا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۳

۰،۱۹۹- محمدؐ فکر، گُمان، ظَن، قیاس وہم ہے مُختَلِ حواس
رَیب و شکوک کی دوا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۳

۰،۲۰۰- محمدؐ دل میں خطاؤں کی خلِش خوف و ہراس کی تپِش
امن و امان کی رِدا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۳

۰،۲۰۱- محمدؐ خیرِ انام کے حریص آپ کی رحمتیں رَخیص[۲]
مخزنِ شفقت و سخا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ❖ ۴۳

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- معاذ: جائے پناہ ۲- رَخیص: سستی، فراواں

۰،۲۰۲- محمدؐ آپؐ طبیب ہر مرَض مرکزِ حاجت و غرَض
چشمہ ٔ بخشش و غِنا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۳ ❖

۰،۲۰۳- محمدؐ حال اسیرِ اِنحطاط کل کی ہے بے یقیں بِساط
قُم کی دلوں کو دے صدا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۳ ❖

۰،۲۰۴- محمدؐ شرعِ متیں ہے لفظ لفظ دُرِّ ثمیں ہے لفظ لفظ
گنجِ یقینِ بے بہا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۴ ❖

۰،۲۰۵- محمدؐ قلب اُدھر جو ہو رُجوع نور کی ہو سَحر طُلوع
عزم و یقین کی صبا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۴ ❖

۰،۲۰۶- محمدؐ بزم جہان کے فروغ حجلۂ جان کے فروغ
حکم روائے دوسَرا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۴ ❖

۰،۲۰۷- محمدؐ صاحبِ کرسیء شرَف لعل ہے پاؤں کی خزف
سرمۂ چشم، خاکِ پا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۴ ❖

۰،۲۰۸- محمدؐ وجہِ حسین فلَق فلَق نورِ جبیں شفَق شفَق
نور فشاں دِیا دِیا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۴ ❖

۰،۲۰۹- محمدؐ فرش سے تا سرِ فلک آپؐ کے ذِکر کی مہک
خلق و خدا کی اِک صدا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۴ ❖

۰،۲۱۰- محمدؐ آپؐ سے گلِستاں میں رنگ قلبِ حیات میں اُمنگ
آپؐ ہی دل کا حوصلا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۵ ❖

۰،۲۱۱- محمدؐ صاحبِ حسنِ لازوال خُلق و خلوص کا کمال
حُسنِ سلوک کی ادا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ ۴۵ ❖

۰،۲۱۲- محمدؐ رہبر و ہادیِ سُبُل سیّد و خاتمِ رُسُل
سرورِ نظمِ انبیاء صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۵

۰،۲۱۳- محمدؐ آپؐ حیات کا قیام آپ حیات کا دوام
آپؐ ہی سِلکِ سلسلا صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۵

۰،۲۱۴- محمدؐ آپؐ ہیں دافعِ اَلَم آپؐ ہی شافعِ اُمَم
حشر میں سب کا آسرا صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۵

۰،۲۱۵- محمدؐ بستہ لبوں کو دی زبان فکر و خیال کو اُڑان
بخشی شعور کو ضیا صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۵

۰،۲۱۶- محمدؐ راحتِ دل، قرارِ جاں چارہ گرِ غمِ نہاں
قلبِ فسُردہ کی دوا صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۶

۰،۲۱۷- محمدؐ لفظ و معانی و سخن عکسِ کلامِ ذُوالمَنن
وحیء خدا ہے جو کہا[۱] صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۶

۰،۲۱۸- محمدؐ نورِ ہدایتِ مُبیں سرورِ جملہ مُرسَلیں
خیرِ بشر، خدا نما صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۶

۰،۲۱۹- محمدؐ محسنِ جملہ عالَمیں غوث و شفیعِ مُذنبیں
معدنِ رافت و صفا صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۶

۰،۲۲۰- محمدؐ آپؐ امامِ اوّلیں آپؐ پیامِ آخریں
مبدا و قلب و مُنتہا صَلِّ علٰی محمدٍؐ ٭ ۴۶

۱- وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ط اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْىٌ يُّوْحٰى ○ (۵۳-نجم-۳/۴)

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ٭ کاروانِ حرم ☆

۰،۲۲۱- محمدؐ　مرضیِ حق کے راز داں　آپؐ سے کچھ نہیں نہاں
غیب و شہود آپؐ کا　صَلِّ علیٰ محمدٍؐ　۴۶ ❖

۰،۲۲۲- محمدؐ　آپؐ جمالِ رنگ و بُو　آپؐ سے گرم ہے لُہو
نبضِ دلِ جہانِ ما　صَلِّ علیٰ محمدٍؐ　۴۷ ❖

۰،۲۲۳- محمدؐ　دونوں جہاں کے بادشاہ　کون و مکاں کے سربراہ
شافعِ ساعتِ جزا　صَلِّ علیٰ محمدٍؐ　۴۷ ❖

۰،۲۲۴- محمدؐ　آپؐ وقارِ زندگی　آپؐ مدارِ زندگی
رُوحِ روانِ ماسِوا　صَلِّ علیٰ محمدٍؐ　۴۷ ❖

۰،۲۲۵- محمدؐ　بزم ہے آپؐ کے لیے　رزم ہے آپؐ کے لیے
نظم و نظام آپؐ کا　صَلِّ علیٰ محمدٍؐ　۴۷ ❖

۰،۲۲۶- محمدؐ　مسلمِ خستہ کے خدا　بخشش و عَفُو ہو عطا
وردِ زباں رہے سدا　صَلِّ علیٰ محمدٍؐ　۴۷ ❖

۰،۲۲۷- محمدؐ　صَلِّ علیٰ شفیعِنَا
صَلِّ علیٰ محمدٍؐ　۴۷ ❖

❁ ❁ ❁

اسمِ ذات محمد صلی اللہ علیہ وسلّم
پر مزید اشعار، قسم دوم
''م'' کی تختی میں ملاحظہ فرمائیں

اَسماءُ النّبی صلی اللہُ علیہِ وَسلّم

(بہ الف بائی ترتیب)

الف ممدودہ:

۰،۲۲۸- آبِ ابرِ رواں — دشتِ دل ہو چمن زار جس سے
آبِ ابرِ رواں ہے محمدؐ — ۱۲۲ *

۰،۲۲۹- آبِ چمن — وہ گُلِ صد فخرِ باغِ انبیاء، آبِ چمن
حاصلِ فصلِ بہاراں ہے وہ اِک صحرا کا پھول — ۹۷ *

۰،۲۳۰- آبِ چمن — سلام اُن پر جو رنگِ گُل ہیں، بُوئے یاسمَن ہیں
صبا کی تازگی، تابِ سحر، آبِ چمن ہیں — ۱۴۹ ○

۰،۲۳۱- آبِ حُسنِ نازنینِ زندگی — وہی ہیں آبِ حُسنِ نازنینِ زندگی
قرار و مرہمِ قلبِ حزینِ زندگی — ۲۱۲ ❖

۰،۲۳۲- آبِ زُجاجِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں آبِ زُجاجِ زندگی
ہدایت بخش و دانائے مزاجِ زندگی — ۱۹۳ ❖

۰،۲۳۳- آبِ سِلکِ انبیاء — سلام اُن پر کہ جو ختمِ نبوّت کے نگیں ہیں
جو سِلکِ انبیاء کی آب ہیں، دُرِّ ثمیں ہیں — ۱۵۱ ○

۰،۲۳۴- آبشارِ حکمت — ہر دم رواں دواں ہُوا حکمت کا آبشار
تسخیرِ کائنات کے سارے ہُنر ملے — ۲۲۴ *

۰،۲۳۵- آبشارِ حکمت — محمدؐ کہ حِکمت کا ہے آبشار محمدؐ سے علم و ہنر کا نکھار — ۱۴۳ ☆

صفحہ نمبر ز بُورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ دُرود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۰،۲۳۶- آبشارِ روانِ رحمت — وہ رحمت کا اِک آبشارِ رواں
وہ رِقّت میں شبنم کا سوزِ نہاں ☆ ۱۴۰

۰،۲۳۷- آبِ شیشۂ ہستی — سلام اُن پر ہے جن سے شیشۂ ہستی کی آب
ہے جن کی گرمیٔ خوں سے دلِ ذرّہ میں تاب ❖ ۸۳

۰،۲۳۸- آبِ فکر و نظر — محمدؐ سے فکر و نظر آب دار محمدؐ سے ہی معرفت کی بہار ☆ ۱۴۴

۰،۲۳۹- آبِ نظر — سلام اُن پر جو ہر محبوب سے محبوب تر ہیں
سراپا حُسن ہیں، آبِ نظر، حُسنِ نظر ہیں ○ ۱۳۸

۰،۲۴۰- آبِ نوعِ آدم — وہ نوعِ آدم کی آب بھی ہے
جبینِ خاکی کی تاب بھی ہے * ۲۸۸

۰،۲۴۱- آب و تابِ بزمی — سلام اُن پر ہے جن سے حُسن و آب و تابِ بزمی
جو نُورِ دیدہ ہیں، نُورِ بصَر ہیں، نُورِ چشمی ○ ۱۸۵

۰،۲۴۲- آب و تابِ زندگی — سلام اُن پر ہے جن سے آب و تابِ زندگی
وہی مقصد، وہی تعبیرِ خوابِ زندگی ❖ ۱۸۹

۰،۲۴۳- آب و رنگِ گُل — وہی ہیں آب و رنگِ گُل، وہی گُل کی شمیم
رواں اُن سے دواں اُن سے ہے رُودِ زندگی ❖ ۱۹۵

۰،۲۴۴- آبادکارِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں آبادکارِ زندگی
ہے جن کا اُسوۂ حُسنیٰ شِعارِ زندگی ❖ ۱۹۷

۰،۲۴۵- آبیارِ فصلِ دل — سلام اُن پر وہی تو آبیارِ فصلِ دل ہیں
سلام اُن پر ہزاروں، جو ہیں کِشتِ دل کے حارِث ○ ۷۸

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۲۴۶،۰- آخریں نورِ حق — اوّلیں نورِ حق، آخریں نورِ حق / آپؐ سے اِبتدا، انتہا آپؐ ہیں — ۱۶۰ *

۲۴۷،۰- آرامِ جاں — سلام اُن پر نظر جن کی دلوں کی راز داں ہے / سکونِ دِل، حیاتِ روح ہے، آرامِ جاں ہے — ۲۱۱ ○

۲۴۸،۰- آرزوئے دوجہاں — سلام اُن پر جو ہیں دونوں جہاں کی آرزو / کرَم صحرا بہ صحرا، رحمتِ حق کُو بہ کُو — ۱۸۵ ❖

۲۴۹،۰- آسرا بروزِ جزا — مسلّم دِل زدہ کا بروزِ جزا / شافعِ و آسرا، مصطفیٰؐ، مصطفیٰؐ — ۱۹۰ *

۲۵۰،۰- آسرا حشر میں — حشر میں سب کا آسرا صَلِّ علیٰ محمدٍ — ۴۵ ❖

۲۵۱،۰- آسرا حشر میں — محمدؐ مِرا حشر میں آسرا / یقیں ہے کہ مجھ کو بروزِ جزا / وہ دے گا بہ شفقت شفاعت کا جام / محمدؐ پہ لاکھوں دُرود اور سلام — ۶۳ ❖

۲۵۲،۰- آسرا سرِ طوفاں — سلام اُن پر سرِ طوفاں وہ میرا آسرا ہوں / بہر مُشکل، بہ اِذنِ حق مِرے مُشکل کُشا ہوں — ۱۲۷ ○

۲۵۳،۰- آسرا ہمارا — سلام اُن پر ہو مسلّم جو ہمارا آسرا ہیں / پناہِ عاصیاں، ملجائے کُل، کہف الوریٰ ہیں — ۱۳۶ ○

۲۵۴،۰- آسمانِ رحمت — رِدائے جُود، آسمانِ رحمت سروں پہ صد سائبانِ رحمت — ۲۹۰ *

۲۵۵،۰- آسماں ہے محمدؐ — میرے سر پر اُسی کا ہے سایہ مَیں زمیں، آسماں ہے محمدؐ — ۱۱۸ *

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ دُرود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۲۵۶،۰- آسودگیءِ روح — سلام اُن پر کہ جن سے روح کی آسودگی ہے
حیاتِ قلب، اُن کی یاد کی موجودگی ہے ○ ۲۱۶

۲۵۷،۰- آشنائے رمزِ خدا — رمزِ خدا کے آشنا صَلِّ علیٰ محمدٍ ✧ ۴۱

۲۵۸،۰- آغاز و انجام — محمدؐ ہی آغاز و انجام ہے
جہانوں پہ اللہ کا انعام ہے ☆ ۱۵۲

۲۵۹،۰- آفتاب — نمِ سحر، آفتاب بھی ہے
چمن میں بُوئے گلاب بھی ہے * ۲۸۸

۲۶۰،۰- آفتابِ بزمِ اِمکاں — باعثِ خَلقِ جہاں، زینت فزائے کائنات
آفتابِ بزمِ اِمکاں، رونقِ بزمِ وُجود * ۱۷۵

۲۶۱،۰- آفتابِ تیرگی — جمالِ حُسن، مسلّم، آفتابِ تیرگی ہے
جلالِ حُسن شمعِ خاورِی کی خیرگی ہے ○ ۲۱۶

۲۶۲،۰- آفتابِ جہاں — وہ شمعِ ہُدیٰ، آفتابِ جہاں
وہی ہے چراغِ رہِ سالِکاں ☆ ۱۴۶

۲۶۳،۰- آفتابِ جہانِ نبوت — جہانِ نبوت کا وہ آفتاب
بڑھی جس سے سارے رسولوں کی آب ✧ ۶۲

۲۶۴،۰- آفتابِ زندگی — جمالِ زندگی ہیں، ماہتابِ زندگی
بجا ہے اُن کو کہیے آفتابِ زندگی ✧ ۱۸۹

۲۶۵،۰- آفتابِ سحَر — شہرِ علم و ہُنر، آفتابِ سحَر
چشمہ سارِ ضیاء، مصطفیٰؐ، مصطفیٰؐ * ۱۹۲

۰،۲۶۶- آفتابِ مطلعِ صبحِ بہاراں — سلام اے ماہتابِ ظُلمتِ فصلِ زَمستاں
سلام اے آفتابِ مطلعِ صُبحِ بہاراں — ○ ۱۱۰

۰،۲۶۷- آفتاب نظر — چاند چہرہ تو آفتاب نظر
بن کے جشنِ نظر گئے ہوں گے — * ۱۶۷

۰،۲۶۸- آفتابِ نُورِ افشاں — چمک اُٹھیں جبینِ آسماں پر کہکشائیں
ترا ہر نقشِ پا ہے آفتابِ نُور افشاں — * ۳۰۲

۰،۲۶۹- آفتابِ ھُدیٰ — آفتابِ ھُدیٰ، مصطفیٰ، مصطفیٰ
رہبر و رہنما، مصطفیٰ، مصطفیٰ — * ۱۸۹

آقا صلی اللہ علیہ وسلم

۰،۲۷۰- آقاؐ — آقاؐ نگاہِ لطف و شفاعت جو ہو نصیب
منزل ہر ایک سہل ہو یومِ نُشور کی — * ۹۲

۰،۲۷۱- آقاؐ — رُوپ انُوپ، تو کامِل، اکمل، تو اعلیٰ، تو اَولیٰ
تُو خوبی ہی خوبی آقا، مَیں خامی ہی خامی — * ۱۲۷

۰،۲۷۲- آقاؐ — ترے جسمِ اَطہر کا آقاؐ پسینہ
گلِستاں سے بادِ صبا بن کے نکلے — * ۱۳۶

۰،۲۷۳- آقاؐ — یہ سوزِ جگر، یہ دیدۂ تَر
بس اب تو اِدھر، آقا ہو نظَر — * ۱۷۴

۰،۲۷۴- آقاؐ — شاہدِ حق تُو ہے آقا اور ہے مشہود بھی
باعثِ تخلیقِ عالَم خلق کا مقصود بھی — * ۱۷۷

۲۷۵،۰- آقاؐ
تجھ سے ہے میرے آقا گزارِش
حشر میں کرنا رب سے سفارِش
۱۸۴ *

۲۷۶،۰- آقاؐ
ترے قدموں میں آقاؐ جان دینا
متاعِ فخر صد عمرِ خِضرؑ سے
۲۱۳ *

۲۷۷،۰- آقاؐ
کرَم ہو اُمّتِ عاصی پہ آقا
کہیں پانی گزر جائے نہ سَر سے
۲۱۵ *

۲۷۸،۰- آقاؐ
دیکھوں تری نگاہ سے ہر منظرِ شہود
آقاؐ ترے طفیل وہ حُسنِ نظر ملے
۲۲۵ *

۲۷۹،۰- آقاؐ
یا محمدؐ، میرے آقا، نُورِ حق، شاہِ عرب
جامعِ اوصافِ جملہ انبیاء محبوبِ ربّ
۲۶۰ *

۲۸۰،۰- آقاؐ
ثنا اُس کی جو ہے اقلیمِ جان و دل کا آقا
سلام اُس پر جو ہے اقلیمِ جان و دل کا پایہ
۴۵ o

۲۸۱،۰- آقاؐ
سلام اُن پر وہ جان و دِل کے ہیں آقا و مَولا
معاً کی رہبری رحمت نے جب مَیں راہ بھُولا
۶۱ o

۲۸۲،۰- آقاؐ
سلام آقا کہ جبرائیل بھی ہے تیرا دربان
تُو ہی میرِ مقالیدِ اُمورِ بزمِ اِمکاں
۱۱۱ o

۲۸۳،۰- آقاؐ
سلام آقا ترا فرمان ہے فرمانِ یزداں
ترا ہر لفظ ٹھہرا ہے حق و باطل کی میزاں
۱۱۳ o

۲۸۴،۰- آقاؐ
سلام آقا ترے دم سے ہے تزئینِ گلستاں
تجھی سے ہیں بہم ہستی کے اجزائے پریشاں
۱۱۳ o

۲۸۵،۰- آقاؐ
زَمِستاں کی شبِ تاریک نے گھیرا ہے آقاؐ
کُھلے لطفِ تبسّم سے ترے صبحِ درخشاں
○ ۱۱۵

۲۸۶،۰- آقاؐ
ضرورت پھر سے تیری دست گیری کی ہے آقاؐ
کہ پھر ہے کشتیِ عزم و یقیں محصُورِ طوفاں
○ ۱۱۵

۲۸۷،۰- آقاؐ
سلام آقا سہارا ہے فقط تیرے کرَم کا
وگرنہ کم نہیں ہے سازشِ مِلّت فروشاں
○ ۱۱۷

۲۸۸،۰- آقاؐ
سلام آقا تری اِک اِک دُعا مقبولِ حق ہے
وہی میری دُعا ہے رب سے جو تُو نے دُعا کی
○ ۱۷۸

۲۸۹،۰- آقاؐ
سلام اے غمگُسار و والی و مختار و آقاؐ
دلِ محزونِ مسلم نے ترے دَر پر صدا کی
○ ۱۷۸

۲۹۰،۰- آقاؐ
سلام آقاؐ ہے تیرا در ہی بالآخر ٹھکانا
بھٹک کر مَیں نے منزل سے بہت ہی خاک پھانکی
○ ۱۸۰

۲۹۱،۰- آقاؐ
سلام اُن پر جو ہیں آقا محمد مصطفیٰؐ
وہی ہیں مُنتخَب، مُشفِق، مُصدَّق، مجتبیٰ
❖ ۷۵

۲۹۲،۰- آقاؐ
بجز چارہ گری آقا، نہیں راہِ نجات
صدائے بے کساں، سوزِ نہاں، ہیں مُستغِیث
❖ ۹۸

۲۹۳،۰- آقاؐ
سلام اُن پر کہ جو ہیں جامعِ اقوام سچ
وہی آقا، وہی ہیں صاحبِ اَحکام سچ
❖ ۱۰۴

۲۹۴،۰- آقاؐ
وہی محمدؐ ہے میرا آقا
وہی محمدؐ ہے میرا مَولا
* ۲۸۹

۲۹۵،۰۔ آقاؐ قبول میرا سلام آقا کرم کا بھیجو پیام آقا ۲۹۱ *

۲۹۶،۰۔ آقاؐ بلاؤ خیرُ الانامؐ آقا کہ فیضِ رحمت ہے عام آقا ۲۹۱ *

۲۹۷،۰۔ آقاؐ بلاؤ اپنے قریب آقا کہ حالِ دل ہے عجیب آقا ۲۹۱ *

۲۹۸،۰۔ آقاؐ قبول آقاؐ سلام میرا سلام میرا سلام میرا ۲۹۲ *

۲۹۹،۰۔ آقاؐ سلام ہو میرا کام آقاؐ سلامِ مسلم مدام آقاؐ ۲۹۲ *

۳۰۰،۰۔ آقاؐ سلامِ مسلم مدام آقاؐ
سلام آقا، سلام آقا ۲۹۲ *

۳۰۱،۰۔ آقا ہمارے وہی آقاؐ ہمارے ہیں، وہی حق کے مُنیب
زہے مسلم کبھی ہُوں راہ کا اُن کی غریب ۸۸ ✥

۳۰۲،۰۔ آقائے جہاں سلام اُن پر جو آقائے جہاں ہادیٔ کُل ہیں
سرُورِ قلبِ مسلِم، رحمت و الفت کی مُل ہیں ۱۴۱ ○

❁ ❁ ❁

۳۰۳،۰۔ آگاہِ اَسرار سلام اُن پر جو ہیں آگاہِ اَسرارِ مُحَرَّر
ہوئی آزاد گردش سے مری فکرِ مُدَوَّر ۸۸ ○

۳۰۴،۰۔ آلِ ابراہیمؑ طاہر و مسعود وطیّب، سیّد والاحسَب
آلِ ابراہیمؑ میں والا حشم والا نسَب ۳۰۰ *

۳۰۵،۰۔ آموزگارِ حلال وحرام سرِ چشمۂ علم، فیض الکرام
وہ آموزگارِ حلال وحرام ۱۴۲ ☆

۳۰۶،۰۔ آئینہ سلام اُن پر جو ہیں آئینہ بھی، آئینہ گر بھی
وہ نُورِ عین بھی، نورِیں بدن، خیر البشرؐ بھی ۱۶۳ ○

۰،۳۰۷- آئینۂ حق نما — تُو ہے آئینۂ حق نُما یارسولؐ
تُو ہی ٹھہرا حبیبِ خدا یارسولؐ — * ۱۳۹

۰،۳۰۸- آئینۂ خُلقِ عظیم — خلوت و جَلوت تری آئینۂ خُلقِ عظیم
خوبی وخیر وحُسن تیرے چمن کے خوشہ چیں — * ۲۱۸

۰،۳۰۹- آئینہ دارِ اَلکتاب — اُسوۂ کامل ترا آئینہ دارِ اَلکتاب
ہر عمل تیرا سَنَد، ہر قول ہے تیرا وَقیع — * ۱۷۹

۰،۳۱۰- آئینہ دارِ زندگی — سلام اُن پر وہی ہیں تاجدارِ زندگی
ہیں اُن کے نقشِ پا آئینہ دارِ زندگی — ❖ ۱۹۷

۰،۳۱۱- آئینہ گر — سلام اُن پر جو ہیں آئینہ بھی، آئینہ گر بھی
وہ نُورِ عین بھی، نورِیں بدن، خیر البشرؐ بھی — ○ ۱۶۳

۰،۳۱۲- آہنگِ عالی — سلام اُن پر مِرا، جو داعیٔ شیریں دہَن ہیں
ہے جن کی گفتگو ریشم مگر عالی ہے آہنگ — ○ ۱۰۲

۰،۳۱۳- آہنگِ غِناء — سلام اُن پر ہے رہنِ رنگِ رُخ جن کی حِنا
وہی سازِ تنفُّس میں ہیں آہنگِ غِناء — ❖ ۸۰

الف مقصورہ:

۰،۳۱۴- اِبتدا — نقطہء اِبتدا، مرکزِ زندگی
مصدر و مدعا، مُنتہیٰ آپؐ ہیں — * ۱۵۹

۰،۳۱۵- اِبتدا — اوّلیں نورِ حق، آخریں نورِ حق
آپؐ سے اِبتدا، انتہا آپؐ ہیں — * ۱۶۰

۰،۳۱۶- اِبتدا — اِبتدا بھی اِس کی تجھ سے، اِنتہا بھی اِس کی تو
تُو بِنائے بزمِ اِمکاں، تُو نِہایَت اَلسَّلام ❖ ۵۷

۰،۳۱۷- اِبتدا — سلام اُن پر جو ہر اِک اِبتدا کی اِبتدا ہیں
سلام اُن پر جو ہر اِک اِنتہا کی اِنتہا ہیں ○ ۱۳۲

۰،۳۱۸- اِبتداءِ جستجو — سلام اُن پر وہ میری جستجو کی اِبتدا ہوں
سلام اُن پر وہ میری جستجو کی اِنتہا ہوں ○ ۱۲۹

۰،۳۱۹- ابرِ اَظلالِ ظَلِیلہ — گُماں کی تیرگی میں رُشد کا روشن فتیلہ
سرِ محشر کرَم کا ابرِ اَظلالِ ظَلِیلہ ○ ۱۵۹

۰،۳۲۰- ابرِ بارانِ حقیقت — سلام اُن پر کہ جو ہیں ابرِ بارانِ حقیقت
سَحابِ معرفت ہیں، بحرِ جَولانِ حقیقت ○ ۷۴

۰،۳۲۱- ابرِ جُود — باعثِ تنوِیرِ عالم ہے محمدؐ کا وُرود
سایہءِ خیرالبشرؐ، نوعِ بشر پر ابرِ جُود * ۱۹۳

۰،۳۲۲- ابرِ رحمت — ابرِ رحمت، نُورِ ہدایت — تُو ظِلِّ رحمان نبی جی * ۱۶۳

۰،۳۲۳- ابرِ رحمت — سلام اُن پر جو ابرِ رحمت و ابرِ کرَم ہیں
چراغِ حق نما ہیں، رونقِ ہر دو حرَم ہیں ○ ۱۴۲

۰،۳۲۴- ابرِ رحمتِ جَولاں — سایہٗ ابرِ رحمتِ جَولاں — بادِ سکونِ قلبِ پریشاں ❖ ۴۹

۰،۳۲۵- ابرِ رحمتِ حق — سلام اُن پر جو کھیتی پر ہیں ابرِ رحمتِ حق
ہوئے سرسبز و شادابِ ثمر دشتِ لق و دَق ○ ۹۸

۰،۳۲۶- ابرِ کرَم — سلام اُن پر جو ابرِ رحمت و ابرِ کرَم ہیں
چراغِ حق نما ہیں، رونقِ ہر دو حرَم ہیں ○ ۱۴۲

۰،۳۲۷- ابرِ کرَم
تُو چراغِ رہِ دین و نُورِ ہُدا
کِشتِ اولادِ آدمؑ پہ ابرِ کرَم
* ۱۳۷

۰،۳۲۸- ابرِ کرَم
گھنا ہے ابرِ کرَم کا سایا حیات کا مدعا ہے پایا * ۲۷۴

۰،۳۲۹- ابرِ لطف و رحمت
ہے گوہر بار ابرِ لطف و رحمت
کوئی آسودگی کو اب نہ ترَسے
* ۲۱۴

۰،۳۳۰- ابرِ نیساں
ہے اُسی کے دم سے دشتِ کفر میں کِشتِ ہُدا
تِشنگاں کو ابرِ نیساں ہے وہ اِک صحرا کا پھول
* ۹۷

۰،۳۳۱- اتالیقِ بنی نوعِ بشر
سلام اُن پر جو ہیں منشائے خالق کے علیم
اتالیقِ بنی نوعِ بشر، ہادی، حکیم
❖ ۱۷۹

۰،۳۳۲- اِتمامِ اِکرام
وہ موضوعِ آغاز و انجام ہے
وہ اِتمامِ اِنعام و اِکرام ہے
☆ ۱۴۶

۰،۳۳۳- اِتمامِ اِنعام
وہ موضوعِ آغاز و انجام ہے
وہ اِتمامِ اِنعام و اِکرام ہے
☆ ۱۴۶

۰،۳۳۴- اِتمامِ دیں
سلام اُن پر جو تکمیلِ ہُدیٰ، اِتمامِ دیں ہیں
ضمیرِ حق ہیں، شرحِ دیں ہیں، بنیادِ یقیں ہیں
○ ۱۵۰

۰،۳۳۵- اِتمامِ نعمت
ہُوا ذات پر اُن کی اِتمامِ نعمت
جو افضل تریں ہے عطا، ہیں محمدؐ
* ۱۱۵

۰،۳۳۶- اِتمامِ نعمت
نعمت کا اِتمام محمدؐ تُو ہے خیرِ اَنام محمدؐ * ۲۹۵

۰،۳۳۷- اِتمامِ نعمت
سلام اُن پر ہے جن کی ذات خود اِتمامِ نعمت
کمالِ رحمت و لطف و کرم ہے جن کی بعثت
○ ۶۷

۰،۳۳۸- اِتمامِ نعمت — سلام اُن پر کہ جو ہیں خاتمِ اِلہام سچ
انہیں پر نعمتیں ساری ہوئیں اِتمام سچ ❖ ۱۰۴

۰،۳۳۹- اِتمامِ نعمت — وہی جامعِ جملہ اقوام ہے
وہی نعمتِ کُل کا اِتمام ہے ☆ ۱۵۲

۰،۳۴۰- اَثَر بخشِ فغاں — غمِ سوزِ نہاں ہے بس یہی ذکرِ لذیذ
اَثَر بخشِ فغاں ہے بس یہی ذکرِ لذیذ ❖ ۱۱۵

۰،۳۴۱- اَثَر و دوا — مرہمِ دردو غم، چارہ سازِ الم
وہ اَثَر، وہ دَوا، مصطفیٰ، مصطفیٰ * ۱۸۸

۰،۳۴۲- اُجالا قلبِ تیرہ کا — سلام اُن پر جنہوں نے بحرِ ظُلمت سے نکالا
وہی بدرالدُّجےٰ ہیں قلبِ تیرہ کا اُجالا ○ ۶۰

۰،۳۴۳- اَجلیٰ — لُبھائے اُس کی زبانِ شیریں، وہ جُوئے آبِ روانِ شیریں
رچے دلوں میں بیانِ شیریں، مُبین و بَیّن، بَلیغ و اجلیٰ * ۳۰۰

۰،۳۴۴- اِحتشامِ زندگی — سلام اُن پر کہ جو ہیں زیبِ بامِ زندگی
جمالِ حسنِ عالم، اِحتشامِ زندگی ❖ ۲۰۸

۰،۳۴۵- اِحساں — سلام اُن پر جو ہیں سر تا قدم ایثار و اِحساں
اخوّت میں، موَدّت میں، محبت میں فراواں ○ ۱۱۹

۰،۳۴۶- اِحسانِ حق — سلام اُن پر جو لطف و رحمت و اِحسانِ حق ہیں
زَبورِ زندگی، درسِ بقا، فرمانِ حق ہیں ○ ۱۳۹

۰،۳۴۷- اِحسانِ ربِّ غفور — عجب امتزاجِ بشَر اور نور
وہ اِنساں پہ احسانِ ربِّ غفور ☆ ۱۵۱

۰،۳۴۸- اِحسان و عطا — بحرِ محبت، خیرِ مجسّم، خُلقِ عظیم، اِحسان و عطا
یومِ ازل سے کس نے ایسے حُسن کا پیکر دیکھا ہے — * ۲۰۲

احمد صلی اللہ علیہ وسلم

۰،۳۴۹- احمدؐ — نعمت فزوں ہو اَور کیا ربِّ شکور کی — * ۹۱
جس نے عطا کی روشنی احمدؐ کے نُور کی

۰،۳۵۰- احمدؐ — تُو محمدؐ، تُو ہی احمدؐ، حامِد و محمود تُو — * ۱۰۸
سارے اچھے نام تیرے، یا عزیزٌ یا متیں

۰،۳۵۱- احمدؐ — تُو محمودؐ، محمدؐ، حامدؐ، تُو احمدؐ، تُو انورؐ — * ۱۲۷
سارے سُندر نام ہیں تیرے، تُو یٰسینؐ، تہامیؐ

۰،۳۵۲- احمدؐ — سارے اچھے نام دیتا ہے اُسے ربِّ حمید — * ۱۹۳
وہ محمدؐ، احمدؐ و محمود و حَمّاد و حَمود

۰،۳۵۳- احمدؐ — حمود و محمود و حق، محمدؐ — حمید و حمّاد و حامِد، احمدؐ — * ۲۸۶

۰،۳۵۴- احمدؐ — عجب اسمِ احمدؐ میں تھی دلربائی — وہ محمودِ عرشِ بریں کی بشارت — * ۲۹۳

۰،۳۵۵- احمدؐ — عرشِ بریں کے احمدؐ سوجا — محمود و محبوب خدا کے — * ۲۹۶

۰،۳۵۶- احمدؐ — مگر ہے ''محمدؐ'' بھی تکرارِ حمد
مجسم ہے ''احمدؐ'' بھی انوارِ حمد — ☆ ۱۵۳

۰،۳۵۷- احمدؐ — سلام اُن پر ہے احمدؐ اور محمدؐ نام جن کا
زمیں سے تا سرِ بامِ فلک اِکرام جن کا — ○ ۵۷

۰،۳۵۸- احمدؐ — سلام اُن پر جو احمدؐ ہیں، محمد مصطفیٰؐ ہیں
شہید و شاہد و مشہود و ممدوحِ خدا ہیں ۰ ۱۳۲

۰،۳۵۹- احمدِؐ سَروَر — راحتِ جاں، آنکھ کی ٹھنڈک رسولؐ کی
تُو نُورِ چشمِ احمدِؐ سَروَر ہے فاطمہؓ * ۳۱۳

۰،۳۶۰- احمدِ مُرسَل — تھا خرامِ احمدِؐ مُرسَل جہاں پر
اُس زمینِ عرش سا، کی خاک ہوں مَیں * ۱۵۰

۰،۳۶۱- احمدِ مُرسَل — اے احمدِ مُرسَلؐ سَیِّدُ نا — اے رہبرِ اکمل سَیِّدُ نا * ۱۴۲

۰،۳۶۲- احمدِ مَوعُود — سب صحیفے، سب نبی، مسلّم رہے جس کے نقیب
تُو ہے وہ ہادیِ مُرسَل، احمدِ مَوعُود بھی * ۱۴۸

❁ ❁ ❁

۰،۳۶۳- اِحیائے دینِ حنیف — محمدؐ ہے عالَم میں سب سے شریف
محمدؐ سے اِحیائے دینِ حنیف ☆ ۱۵۲

۰،۳۶۴- اِحیائے زمینِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں دُرِّ ثمینِ زندگی
سَحابِ جُود و اِحیائے زمینِ زندگی ❖ ۲۱۲

۰،۳۶۵- اِختتام — وہی اِختتام اور وہی اِفتتاح — وہی سینۂ دہر کا اِنشراح ☆ ۱۳۲

۰،۳۶۶- اِختتامِ حُسنِ سیرت — سلام اُن پر ہے جن پر اِختتامِ حُسنِ سیرت
جو موجودات میں ہیں مرکزِ حُسنِ عقیدت ۰ ۷۳

۰،۳۶۷- اِختتامِ نعمت — ہے تجھی پر اختتامِ نعمتِ ربِّ کریم
تو ہی منزل ہے ابَد کی یومِ اِستِفتاح سے * ۱۱۳

۰،۳۶۸- اخترِ خُلق و خلوص — محمدؐ روشنیء منبرِ خُلق و خلوص
محمدؐ ہی ضیائے اخترِ خُلق و خلوص — ۱۴۷ ⁂

۰،۳۶۹- اِختلاجِ دلِ باطِل — سلام اُن پر شبِ دیجور میں جو ہیں سراج
دلِ باطل میں جن کے رُعب سے ہے اِختلاج — ۱۰۰ ⁂

۰،۳۷۰- ادائے حُسنِ سلوک — حُسنِ سلوک کی ادا صَلِّ علیٰ محمدٍؐ — ۴۵ ⁂

۰،۳۷۱- ادائے حُسنِ معانی — سلام اُن پر جو حرفِ لب میں خالق کی ثنا ہیں
جو بطنِ لفظ میں حُسنِ معانی کی ادا ہیں — ۱۳۴ ○

۰،۳۷۲- ادائے ہدایت — جو پیوست ہو جائے قلب و جگر میں
ہدایت کی ایسی ادا بن کے نکلے — ۱۳۵ *

۰،۳۷۳- ادیب — فصیح بھی ہے، ادیب بھی ہے
بلیغ بھی ہے خطیب بھی ہے — ۲۸۹ *

۰،۳۷۴- ادیب — صفی بھی، عالم میں منتخَب ہے
ادیب ہے، لائقِ ادَب ہے — ۲۸۹ *

۰،۳۷۵- اذانِ حق — سلام اُن پر سرِ کونین جو حق کی اذاں ہیں
وُضوحِ وحدتِ حق، قاطعِ وہم و گماں ہیں — ۱۴۴ ○

۰،۳۷۶- ارادۂ قلبِ حق — ارادۂ قلبِ حق مُصمَّم امینِ پیغامِ دینِ مُحکَم — ۲۸۴ *

۰،۳۷۷- ارتکازِ کمالِ خیر — سلام اُن پر زمیں جن کے قدم سے سر فراز
کمالِ خیر کا تھی ذات جن کی اِرتکاز — ۱۲۹ ⁂

۰،۳۷۸- اَرحم — کون ہے آپ سے اکرم واَرحم
صلی اللّٰہ علیہ وسلّم — ۵۰ ⁂

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ⁂ کاروانِ حرم ☆

۰،۳۷۹- ارمانِ حق
سلام اُن پر حبیبِ حق ہیں جو ارمانِ حق ہیں
حریمِ خاص کے محبوب ہیں، مہمانِ حق ہیں ۱۴۰ ○

۰،۳۸۰- ارمانِ دل
دعائے انبیاء، ارمانِ دل، جانِ جہاں
جمالِ نور، حُسنِ دل، گدازِ زندگی ۲۰۰ ❖

۰،۳۸۱- اَرمُغانِ حق
سلام اُن پر جو تسکینِ دلِ تشنہ لباں ہیں
متاعِ بے بہا، انعامِ حق ہیں، ارمُغاں ہیں ۱۴۶ ○

۰،۳۸۲- اَرمُغانِ خدا
خدا سے ارمُغاں ہے بس یہی ذکرِ لذیذ
نمو پردازِ جاں ہے بس یہی ذکرِ لذیذ ۱۱۴ ❖

۰،۳۸۳- اَرمُغانِ فطرت
سلام اُن باغِ فطرت کے ثمر پر، ارمُغاں پر
حیاتِ قلب و جاں، کُحلُ البصر، روحِ رواں پر ۸۱ ○

۰،۳۸۴- ازل تا ابد موَقّر
جہانِ نورِ خدا مُصوَّر
ازل سے ہے تا ابَد موَقّر ۲۸۳ *

۰،۳۸۵- ازل سے تا ابد موجود
اوّلیں شاہد بھی تُو تھا، آخریں شاہد بھی تُو
بزمِ عالَم میں ازل سے تا ابَد موجود بھی ۱۷۷ *

۰،۳۸۶- اَساسِ دینِ مُحکَم
سلام اُن پر جو ہیں زیبائش و تزئینِ عالَم
انہیں سے ہے زمانے میں اَساسِ دینِ مُحکَم ۱۰۷ ○

۰،۳۸۷- اِستعارۂ اِلٰہ واحد
لہو میں توحید کا شرارہ اِلٰہِ واحد کا اِستعارہ ۲۹۰ *

۰،۳۸۸- اِستقامتِ دِلاں
سلام اُن پر رحیلِ فکر کے وہ پیشوا ہوں
دلوں کی اِستقامت ہوں، صراطِ حق رسا ہوں ۱۲۷ ○

۳۸۹،۰- اسعَد
سعید و مسعود و سعد و اَسعَد مجید و ماجِد وہ مَجد و امجد ۲۸۶ *

۳۹۰،۰- اشرفُ الانبیاء
اشرفُ الانبیاء اَور کَون
مصطفیٰؐ مصطفیٰؐ، اَور کَون ۱۶۱ *

۳۹۱،۰- اشک بارِ درِ حق
سلام اُن پر ہے مسلّم جن پہ سارا اِنحصار
درِ حق پر مری بخشش کو جو ہیں اشک بار ۱۱۷ ❖

۳۹۲،۰- اِصطفےٰ تا عرشِ حق
پَرِ عزم و یقیں کو اِنبعاثِ اِرتقا ہیں
زمینِ بندگی کا عرشِ حق تک اِصطفےٰ ہیں ۱۳۴ ○

۳۹۳،۰- اَصفیٰ الاصفیاء
اَصفیٰ اُلاَصفِیاء، اَقدَسُ الاَقدَساء
افضلُ الاَنبیاء، مصطفیٰ، مصطفیٰ ۱۹۱ *

۳۹۴،۰- اصلِ دلیلِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں اصلِ دلیلِ زندگی
جہاں میں ہے وجود اُن کا سبیلِ زندگی ۲۰۷ ❖

۳۹۵،۰- اصلِ شجر
سلام اُن پر وہی ہیں عالَمِ کُن کا شروع
وہی اصلِ شجر ہیں اور باقی سب فروع ۱۵۷ ❖

۳۹۶،۰- اصلِ قِوامِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں اصلِ قِوامِ زندگی
طبیبِ باکمالِ طبعِ خامِ زندگی ۲۰۹ ❖

۳۹۷،۰- اصلِ مدارِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں اصلِ مدارِ زندگی
ہوئی جشنِ نظر جن سے نگارِ زندگی ۱۹۷ ❖

۳۹۸،۰- اِصلاح کار
سلام اُن پر کہ جو ہیں داعی و مُنذِر، مُذَکِّر
جو ہیں اِصلاح کارِ ہر خطاکار و مُقصِّر[1] ۹۳ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- مُقصِّر: کوتاہی کرنے والا، قصوروار

۰،۳۹۹- اَطہر — سلام اُن پر جو ہیں صادق، امیں، معصوم، اطہر
بنی نوعِ بشر کے تا ابد سردار و سروَر ○ ۸۴

۰،۴۰۰- اَطہر — رفیع و اعلیٰ، سلیم و اَطہر
جہاں میں کوئی نہیں ہے ہمسر * ۲۸۴

۰،۴۰۱- اِعتبارِ زندگی — سلام اُن پر کہ ہے جن سے وَقارِ زندگی
ہے قائم جن کے دم سے اِعتبارِ زندگی ❖ ۱۹۸

۰،۴۰۲- اِعتزازِ زندگی — ہوئی جن کے سبب سے معتبر بزمِ حیات
وُجودِ ذاتِ اقدسؐ، اِعتزازِ زندگی ❖ ۲۰۱

۰،۴۰۳- اِعلانِ حق — سلام اُن پر کہ جو اِعلائے حق، اِعلانِ حق ہیں
دلیل و مدّعا ہیں، داعی ہیں، بُرہانِ حق ہیں ○ ۱۳۹

۰،۴۰۴- اِعلائے حق — سلام اُن پر کہ جو اِعلائے حق، اِعلانِ حق ہیں
دلیل و مدّعا ہیں، داعی ہیں، بُرہانِ حق ہیں ○ ۱۳۹

۰،۴۰۵- اعلیٰ — سلام اُن پر جو مخلوقات میں ہیں سب سے اعلیٰ
ہے تکوینِ دو عالم میں اُنہیں کی ذات اَولیٰ ○ ۱۶۱

۰،۴۰۶- اعلیٰ — رفیع و اعلیٰ، سلیم و اَطہر
جہاں میں کوئی نہیں ہے ہمسر * ۲۸۴

۰،۴۰۷- اَعلیٰ — رُوپ اَنُوپ، تو کامِل، اکمل، تو اعلیٰ، تو اَولیٰ
تُو خوبی ہی خوبی آقا، مَیں خامی ہی خامی * ۱۲۷

۰،۴۰۸- اعلیٰ نسَب — سلام اُن پر جو مکّی، ہاشمی، اعلیٰ نسَب ہیں
نہیں جن سا کوئی عالَم میں، وہ والا حسَب ہیں ○ ۱۳۷

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۰،۴۰۹- اِفتتاح — وہی اِختتام اور وہی اِفتتاح وہی سینہء دہر کا اِنشراح ☆ ۱۳۲

۰،۴۱۰- افتخارِ مکاں — جبینِ آفتابِ زرفشاں ہے مُستفیض
مکاں ہے مُفتخَر تو لامکاں ہے مُستفیض ❖ ۱۴۹

۰،۴۱۱- اَفضَلُ الاَنبیاء — حبیبؐ خدا، اَفضَلُ الانبیاء
وہ مہمانِ عرشِ الٰہی ہُوا ☆ ۱۳۶

۰،۴۱۲- اَفضَلُ الاَنبیاء — وہ خیر البشرؐ، اَفضَلُ الاَنبیاء
شفِیعُ و مُشَفَّع، بروزِ جزاء ☆ ۱۵۶

۰،۴۱۳- اَفضَلُ الاَنبیاء — محمدؐ کہ ہے اَفضَلُ الاَنبیاء
محمدؐ اِمام و سرِ اَولیاء ☆ ۱۵۷

۰،۴۱۴- اَفضَلُ الاَنبیاء — وہ خیر البشر، اَفضَلُ الانبیاءؐ ہیں
اِمامت کو خیرُ الورىٰ بن کے نکلے * ۱۳۴

۰،۴۱۵- اَفضَلُ الاَنبیاء — اَصفیٰ اُلاَصفِیاء، اَقدَسُ الاَقدَساء
اَفضَلُ الاَنبیاء، مصطفیٰؐ، مصطفیٰ * ۱۹۱

۰،۴۱۶- اَفضَل تریں عطاء — ہُوا ذات پر اُن کی اِتمامِ نعمت
جو اَفضَل تریں ہے عطا، ہیں محمدؐ * ۱۱۵

۰،۴۱۷- اَفضَلِ مخلوقات — سلام اُن پر جو مخلوقات میں ہیں سب سے اَفضَل
بہَر عنوان جو ساری خدائی میں ہیں اَکمَل ○ ۱۰۳

۰،۴۱۸- اِفہامِ حقیقت — وہی حامِل و شرحِ اِسلام ہے
اُسی سے حقیقت کا اِفہام ہے ☆ ۱۵۲

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۰،۴۱۹- اَقدَس الاَقدَساء — اَصفیٰ اُلاَصفِیاء، اَقدَسُ الاَقدَساء
اَفضَلُ الاَنبیاء، مصطفیٰ، مصطفیٰ — ۱۹۱ *

۰،۴۲۰- اقصیٰ اُلصُّفوف — گھنے گھنیرے سیاہ گیسو، رفیع گردن، مہین اَبرو
وَقار و تمکیں کے سارے پہلو، صفوں میں لوگوں کی سب سے اقصیٰ — ۲۹۷ *

۰،۴۲۱- اَقلیمِ جاں — سلام اُن پر جو میرے محوَرِ تسلیمِ جاں ہیں
متاعِ دل، متاعِ آخرت، اَقلیمِ جاں ہیں — ۱۴۷ ○

۰،۴۲۲- اَکرَم — کریم و اَکرَم، کرَم، محبت عطاء و بخشایش و عِنایت — ۲۸۷ *

۰،۴۲۳- اَکرَم — کون ہے آپ سے اَکرَم و اَرحم
صلی اللّٰہ علیہِ وسلّم — ۵۰ ❖

۰،۴۲۴- اکرَم — سلام اُن پر جہانوں میں جو ہیں سب سے مکرَّم
ہُوا ہے اور نہ ہوگا کوئی اُن سے بڑھ کے اَکرَم — ۱۰۸ ○

۰،۴۲۵- اَکمَل — سلام اُن پر جو مخلوقات میں ہیں سب سے اَفضَل
بہرعنوان جو ساری خدائی میں ہیں اَکمَل — ۱۰۳ ○

۰،۴۲۶- اَکمَل — سلام اُن کامِل و اَکمَل پہ جو خیر البشرؐ ہیں
جو نُورِ قلب، نُورِ عین ہیں، نُورِ نظر ہیں — ۱۳۸ ○

۰،۴۲۷- اَکمَل — سلام اُن پر جو اوّل ہیں، امیرِ سابقیں ہیں
سلام اُن پر جو اَکمَل ہیں جو ختم المُرسَلیں ہیں — ۱۵۱ ○

۰،۴۲۸- اَکمَل — رُوپ اَنُوپ، تو کامِل، اَکمَل، تو اعلیٰ، تو اَولیٰ
تُو خوبی ہی خوبی آقا، مَیں خامی ہی خامی — ۱۲۷ *

۰،۴۲۹- اَکمَل — اے احمدِ مُرسَلؐ سَیّدُنا اے رہبرِ اَکمَل سَیّدُنا — ۱۷۲ *

۰،۴۳۰- التجا سراپا — سلام اُن پر جو پیشِ ربّ سراپا التجا ہوں
بہر دم بخششِ اُمّت کو جو محوِ دُعا ہوں — ۱۲۷ ○

۰،۴۳۱- السِّراج — مُصلح و مِصباح و نُور و اَلسّراجُ، اَلمُنیر
رحمتً لِلعالمیں خیرالبشرؐ کی روشنی — ۲۴۲ *

۰،۴۳۲- الطاف ربِّ وَدود — وہ بندے پہ الطافِ ربِّ وَدود
مکاں سے سرِ لامکاں پر وُرود — ۱۳۹ ☆

۰،۴۳۳- الطافِ وافر — سلام اُن پر کہ جن کے رعب سے لرزاں تھے کافر
برائے دوستاں مُسلّم مگر الطافِ وافِر — ۹۱ ○

۰،۴۳۴- اَلمُبیں — سِراج و مِصباح و اَلمُبیں وہ — مَکین و ذُوالقوۃِ متیں وہ — ۲۸۶ *

۰،۴۳۵- المنیر — مُصلح و مِصباح و نُور و اَلسّراجُ، اَلمُنیر
رحمتً لِلعالمیں خیرالبشرؐ کی روشنی — ۲۴۲ *

۰،۴۳۶- اِمام — امین و مُبین و متین و اِمام — حبیبِ خدا اور خیرُالانام — ۱۴۲ ☆

۰،۴۳۷- اِمامِ آخر — بشیر و ہادی، نصیر و ناصر — اِمامِ اَوّل، اِمامِ آخر — ۲۸۴ *

۰،۴۳۸- اِمامِ اصفیاء — سلام اُن پر جو مُرشد ہیں، اِمامِ اصفیاء ہیں
کریمِ اَکرمانِ دہر، رشکِ اغنیاء ہیں — ۱۳۵ ○

۰،۴۳۹- اِمام العابِدین — سلام اُن پر جو قَیِّم ہیں، امیر المؤمنیں ہیں
اِمام العابِدیں ہیں، پیشوائے متّقیں ہیں — ۱۵۲ ○

۰،۴۴۰- اِمام اُلمُتّقین — سلام اُن مرشدِ کامل، اِمام اُلمُتّقیں پر
امیرِ انبیاء، سردار و ختمُ المُرسَلیں پر — ۸۳ ○

۰،۴۴۱- اِمامُ المُرسَلِین — خود سہارا ہے یتیموں کا جو وہ دُرِّ یتیم
اِس یتیمی پر ترا رتبہ اِمامُ المُرسَلِین — ۱۰۷ *

۰،۴۴۲- اِمامِ انبیاء — سلام اُن پر جو ہیں دینِ براہیمی کے رہبر
اِمامِ انبیاء، توحیدِ خالِق کے پیمبر — ۸۴ ○

۰،۴۴۳- اِمامِ انبیاء — رہبرِ دینِ ہُدیٰ ہو — تم اِمامِ انبیاء ہو — ۳۴ ❖

۰،۴۴۴- اِمامِ انبیاء — جا کے یوں کہیو سلام اُس صاحبِ معراج سے
اُس اِمامِ انبیاء سلطانِ تخت و تاج سے — ۶۸ ❖

۰،۴۴۵- اِمامِ انبیاء — محمدؐ صفِ انبیاء کا امام
مُبَشِّر، مُکَرَّم، مدارُالمُہام — ۱۵۹ ☆

۰،۴۴۶- اِمامِ انبیاء و رُسُل — مقتدی تیرے ملائک، اِنس و جاں
اے رسولوں اور نبیوں کے اِمام — ۵۲ ❖

۰،۴۴۷- اِمامِ اوّل — بشیر و ہادی، نصیر و ناصر — اِمامِ اَوّل، اِمامِ آخر — ۲۸۴ *

۰،۴۴۸- اِمامِ اوّلیں — آپؐ اِمامِ اوّلیں — آپؐ پیامِ آخریں — ۴۶ ❖

۰،۴۴۹- امامِ تنظیمِ مُرسَلیں — اِمامِ تنظیمِ مُرسَلِیں وہ
تمام خَلقت میں بہتریں وہ — ۲۸۶ *

۰،۴۵۰- اِمامِ جہاں — تُو اِمامِ جہاں، تُو شہِ دوسَرا
تیرے کوچے میں یکساں ہیں شاہ و گدا — ۱۳۷ *

۰،۴۵۱- اِمامِ رُسُل — بنامِ محمدؐ اِمامِ رُسُل
علیمِ خم و پیچ و سِرِّ سُبُل — ۱۶۶ ☆

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۰،۴۵۲- اِمامِ زندگی — سلام اُن پر وہ سردار و امامِ زندگی / امیرِ کارواں، میرِ مَہامِ زندگی ❖ ۲۰۹

۰،۴۵۳- اِمامِ صف انبیاء — محمدؐ صفِ انبیاء کا اِمام / مُبَشّر مُکَرّم، مدارُالمہام ❖ ۵۹

۰،۴۵۴- اِمامِ قدسیاں — پیشوائے رُسُل، قدسیوں کے امام / مُقتدی دوجہاں، مُقتدا آپؐ ہیں * ۱۵۷

۰،۴۵۵- اِمامِ مُتّقیں — تم اِمامِ مُتّقیں ہو / تم سراجِ سالِکیں ہو ❖ ۳۶

۰،۴۵۶- اِمامِ مومنیں — وہ سرکار و امامِ مومنیں سب سے الگ / سُجھایا ہم کو معیارِ یقیں سب سے الگ ❖ ۱۷۲

۰،۴۵۷- اِمام و خطیب — ترا ہر کلام ہے دلنشیں، ترا لفظ لفظ ہے انگبیں / نہ ہو کیوں حیاتِ دلِ متیں، جہاں تُو اِمام و خطیب ہو * ۱۳۲

۰،۴۵۸- اِمام و سرِ اَولیاء — محمدؐ کہ ہے افضَلُ الاَنبیاء / محمدؐ اِمام و سرِ اَولیاء ☆ ۱۵۷

۰،۴۵۹- اماں — جائے کس در پہ مسلم اماں کے لیے / ہر اماں آپؐ، کہفُ الوریٰ آپؐ ہیں * ۱۵۸

۰،۴۶۰- امانِ دوجہاں — محمدؐ کہ ہے دو جہاں کی اماں / مِحَن میں سکون و قرارِ دِلاں ☆ ۱۵۴

۰،۴۶۱- امان و امن و مامون — سلام اُن پر جو ہیں مسند نشینِ زندگی / امان و امن و مامون و امینِ زندگی ❖ ۲۱۲

۰،۴۶۲- اِمتزاجِ بشر و نُور — عجب اِمتزاجِ بشَر اور نُور / وہ اِنساں پہ احسانِ ربِ غفور ☆ ۱۵۱

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۴۶۳،۰- اِمتزاجِ نُور و بشَر — سلام اُن پر جو ہیں نُور و بشَر کا اِمتزاج
صفاو صِدق سے جن کے ہے شرمندہ زُجاج — ۹۹ ❖

۴۶۴،۰- امجد — سعید و مسعود و سعد و اَسعَد
مجید و ماجِد وہ مَجد و امجد — ۲۸۶ *

۴۶۵،۰- امجدِ کونین — میٹھی نیند محمدؐ سوجا اَے کونین میں امجدؐ سوجا — ۲۹۴ *

۴۶۶،۰- امرِ حق — سلام اُن پر کہ جو دونوں جہاں کے مُقتضیٰ ہیں
فروغِ مرضیِ حق، امرِ حق ہیں، مُرتضیٰ ہیں — ۱۳۲ ○

۴۶۷،۰- اُمنگ قلبِ حیات کی — آپؐ سے گلِستاں میں رنگ
قلبِ حیات میں اُمنگ — ۴۵ ❖

۴۶۸،۰- اُمّی — اے یتیم و اُمّی و مظلوم و مَہجورِ وطن
بحرِ علم و صاحبِ حُکمِ شریعت اَلسَّلام — ۵۷ ❖

۴۶۹،۰- اُمّی — سلام اُن پر جو اُمّی ہیں پہ رشکِ ہر ادیب
حُلولِ حرفِ لب جن کے ہے اِک کیفِ عجیب — ۸۷ ❖

۴۷۰،۰- اُمّی — محمدؐ وہ اُمّی، جو خیر البشر
فروزاں ہوئی علم کی رہ گزر — ۱۴۵ ☆

۴۷۱،۰- اُمّی — تُو ہے اُمّی پر مجسّم شہرِ علم و آگہی
تاجدارِ انبیاء، ختمِ نبوت کا نگیں — ۱۰۸ *

۴۷۲،۰- اُمّی لقب — جو ہیں اُمّی لقب، پر مصدرِ علم و حِکَم ہیں
بشیرِ خوش ادا ہیں، صاحبِ فضل و نِعَم ہیں — ۱۴۲ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۰،۴۷۳- اُمّی لقب رسولؐ — اُمّی لقب رسولؐ کے فیضانِ علم سے / دروازہ ہائے دانش و علم و اَدب کُھلے — * ۲۰۳

۰،۴۷۴- اُمّی لَقَبی — تا حشر ملے روشنیٔ عِلم و ہدایت / اِک شمع جلائی ہے وہ اُمّی لَقَبی نے — * ۱۴۳

۰،۴۷۵- اُمّی مُعلّم — کیا مُعلِّم ہے وہ اُمّی، جس کے فیضِ چشم سے / ایک مُشتِ خاک مجھ جیسی گُہر ہوتی گئی — * ۲۰۰

۰،۴۷۶- اُمّی مُلَقَّب — سلام اُن پر منوّر جن سے ہیں ابوابِ مذہب / وہ علم و فضل میں یکتا مگر اُمّی مُلَقَّب — ○ ۶۳

۰،۴۷۷- اُمّید — سلام اُن پر جو ہیں اُمّیدِ ہر کوتاہ و قاصِر / تیموں، بَدنصیبوں اور بیواؤں کے ناصِر — ○ ۹۱

۰،۴۷۸- اُمّیدِ دلِ اُفتادگاں — تجھ سے اُمّیدِ دلِ اُفتادگاں / خستگانِ دل کا تُو ہی چارہ گر — * ۱۰۴

۰،۴۷۹- اُمیدِ شفَاعت — وہ دولت ہے، نعمت ہے، رحمت وہی / ہماری اُمیدِ شفَاعت وہی — ☆ ۱۳۲

۰،۴۸۰- اُمّیدِ عاصیاں — سکونِ قلب و قرارِ جاں ہے / پناہ و اُمّیدِ عاصیاں ہے — * ۲۸۸

۰،۴۸۱- اُمّیدِ قلبِ نحیف — وہ اُمّید و غم خوارِ قلبِ نحیف / محمدؐ رؤف و رحیم و لطیف — ☆ ۱۵۲

۰،۴۸۲- اُمّیدِ کوتاہ وقاصر — سلام اُن پر جو ہیں اُمّیدِ ہر کوتاہ و قاصِر / تیموں، بَدنصیبوں اور بیواؤں کے ناصِر — ○ ۹۱

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۴۸۳،۰- اُمّیدِ نادار و نحیف — سلام اُن پر جو ہیں اُمّیدِ نادار و نحیف
نگہدار و مددگارِ پریشان و ضعیف ❖ ۱۲۴

۴۸۴،۰- امیرِ ازل و ابد — محمدؐ ازل اور ابد کا امیر
ازل تا ابد راحتوں کا بشیر ☆ ۱۳۸

۴۸۵،۰- امیر المؤمنین — سلام اُن پر جو قیّم ہیں، امیر المؤمنیں ہیں
امام العابدیں ہیں، پیشوائے متّقیں ہیں ○ ۱۵۲

۴۸۶،۰- امیرِ انبیاء — سلام اُن مرشدِ کامل، امام المتّقیں پر
امیرِ انبیاء، سردار و ختمُ المُرسَلیں پر ○ ۸۳

۴۸۷،۰- امیرِ دوجہاں — محمدؐ کہ ہے دوجہاں کا امیر
ازل کی گھڑی سے خدا کا سفیر ☆ ۱۴۹

۴۸۸،۰- امیرِ سابقیں — سلام اُن پر جو اوّل ہیں، امیرِ سابِقیں ہیں
سلام اُن پر جو اکمل ہیں جو ختم المُرسَلیں ہیں ○ ۱۵۱

۴۸۹،۰- امیرِ طریقِ ہُدیٰ — محمدؐ تری سلطنت کا سفیر
طریقِ یقین و ہُدیٰ کا امیر ☆ ۱۶۲

۴۹۰،۰- امیرِ طریقِ یقیں — محمدؐ تری سلطنت کا سفیر
طریقِ یقین و ہُدیٰ کا امیر ☆ ۱۶۲

۴۹۱،۰- امیرِ کارواں — سلام اُن پر وہ سردار وامامِ زندگی
امیرِ کارواں، میرِ مَہامِ زندگی ❖ ۲۰۹

۴۹۲،۰- امیرِ کُن فکاں — سلام اُن پر کہ جو وجہِ وُجودِ دوجہاں ہیں
جو زَینِ بزمِ گیتی ہیں، امیرِ کُن فکاں ہیں ○ ۱۴۴

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۰،۴۹۳- امیرِ لشکر
اُمور میں عزمِ کوہ پیکر
دلوں کا سرور امیرِ لشکر
* ۲۸۳

* * *

امین صلی اللہ علیہ وسلم

۰،۴۹۴- امیں
صادِق و صِدق و امیں ہو والیِ دنیا و دیں ہو
❖ ۳۴

۰،۴۹۵- امیں
سلام اُن پر جو ہیں صادِق، امیں، معصوم، اطہر
بنی نوعِ بشر کے تا ابد سردار و سرور
○ ۸۴

۰،۴۹۶- امین
سلام اُن پر جو تاج و زُبدۂ مردانِ حق ہیں
امین و مخزنِ اَسرار ہیں، دیوانِ حق ہیں
○ ۱۴۰

۰،۴۹۷- امین
امین و مُبین و متین و اِمام
حبیبِ خدا اور خیرالانام
☆ ۱۴۲

۰،۴۹۸- امینِ آیات
وہ دلیلِ مُبیں، آیتوں کا امیں
شرحِ دینِ ہُدا، مصطفیٰ، مصطفیٰ
* ۱۹۰

۰،۴۹۹- امینِ اسرارِ ایزد
تُو شہیدِ جلوہ گاہِ خَلوتِ ربِّ جلیل
کون ہے تیرے سِوا اَسرارِ ایزد کا امیں
* ۲۱۷

۰،۵۰۰- امینِ انتظامِ زندگی
سلام اُن پر ہے جن سے اہتمامِ زندگی
امین و صدرِ جملہ انتظامِ زندگی
❖ ۲۰۹

۰،۵۰۱- امینِ بزمِ حق
سلام اُن پر جو اَسرارِ ازل کے ہیں مُخبِر
امینِ بزمِ حق، تکوینِ عالَم کے مُبصِّر
○ ۹۲

۰،۵۰۲- امینِ پیغامِ دینِ مُحکم — ارادۂ قلبِ حق مُصمَّم
امینِ پیغامِ دینِ مُحکَم — ۲۸۴ *

۰،۵۰۳- امینِ پیغامِ لامکاں — امینِ پیغامِ لامکاں ہے زمیں کا مہمان آسمان ہے — ۲۷۴ *

۰،۵۰۴- امینِ جلوۂ صبحِ وُجود — تُو امینِ جلوۂ صبحِ وُجود
کون تجھ سا ہے جہاں میں دیدہ ور — ۱۰۳ *

۰،۵۰۵- امینِ دینِ فطرت — صاحبِ آیاتِ بیِّن، دینِ فطرت کے امیںؐ
گلشنِ احسان، نہرِ جُود، جوئے انگبیں — ۲۶۴ *

۰،۵۰۶- امینِ رازِ حرفِ کُن — سلام اُن پر جو تخلیقِ خدا کے راز داں ہیں
امینِ رازِ حرفِ کُن، سفیرِ لامکاں ہیں — ۱۴۴ ○

۰،۵۰۷- امینِ رازِ فطرت — سلام اُن پر ہے جَستِ یک قدم جن کو فضا
امینِ رازِ فطرت، نظمِ تقدیر و قضا — ۷۷ ❖

۰،۵۰۸- امینِ رازِ کُن — سلام اُن پر ہیں تنہا حاملِ وزنِ حقیقت
امینِ رازِ کُن ہیں، صاحبِ اِذنِ حقیقت — ۷۷ ○

۰،۵۰۹- امینِ رِضائے حق — کون حق کی رِضا کا امیں مرتضٰیؓ مرتضٰیؓ، اَور کون — ۱۶۱ *

۰،۵۱۰- امینِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں مسند نشینِ زندگی
امان و امن و مامون و امینِ زندگی — ۲۱۲ ❖

۰،۵۱۱- امینِ صداقت — امینِ صداقت، حکیم و کریم
وہی واقفِ سرِّ ربِّ علیم — ۶۱ ❖

۰،۵۱۲- امینِ صِدق — تُو ہی شاہد، تُو امینِ صِدق، تُو حق آشنا
تُو کہے تو معتبر، ورنہ خبر میں کچھ نہیں — ۲۶۲ *

❁ ❁ ❁

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ✣ کاروانِ حرم ☆

۰،۵۲۳- اَنتر جامی — کس کے ہاتھ سندیسہ بھیجوں، میرا کون پیامی
دل کے بھید تُو سارے جانے، تُوہی اَنتر جامی[1] — ۱۲۶ *

۰،۵۲۴- اِنتسابِ زندگی — سلام اُن پر ہے جن سے اِنتسابِ زندگی
وہ روحِ زندگی ہیں، اِنتخابِ زندگی — ۱۸۹ ❖

۰،۵۲۵- اِنتفاعِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں حسن ومتاعِ زندگی
اُنہیں کی ہے محبت انتفاعِ زندگی — ۲۰۲ ❖

۰،۵۲۶- اِنتہا — ابتدا بھی اِس کی تجھ سے، اِنتہا بھی اِس کی تُو
تُو بِنائے بزمِ امکاں، تُو نِہایت اَلسَّلام — ۵۷ ❖

۰،۵۲۷- اِنتہا — اوّلیں نورِ حق، آخریں نورِ حق
آپؐ سے اِبتدا، اِنتہا آپؐ ہیں — ۱۶۰ *

۰،۵۲۸- اِنتہا — سلام اُن پر جو ہر اِک اِبتدا کی اِبتدا ہیں
سلام اُن پر جو ہر اِک اِنتہا کی اِنتہا ہیں — ۱۳۲ ○

۰،۵۲۹- اِنتہاءِ جستجو — سلام اُن پر وہ میری جستجو کی اِبتدا ہوں
سلام اُن پر وہ میری جستجو کی اِنتہا ہوں — ۱۲۹ ○

۰،۵۳۰- انجمنِ لطف — تواضع میں جیسے بہارِ چمن
محبت میں اک لطف کی انجمن — ۱۳۹ ☆

۰،۵۳۱- اِندمالِ دلِ مجروح — سلام اُن پر شِفاعت جن کی ہے محشر میں ڈھال
دلِ مجروحِ مسلم کا انہیں سے اِندمال — ۱۷۴ ❖

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- انتر جامی (دانائے راز – واقفِ حال نیز عالمِ غیب)

۰،۵۳۲- اندیشہ بہ قلبِ دشمناں — سلام اُن پر جو بارانِ کرم بر دوستاں ہیں
جو ہَیبت، رُعب و اندیشہ بہ قلبِ دشمناں ہیں — ۱۴۶ ○

۰،۵۳۳- اِنسانِ مکمل — سلام اُن پر جو ہیں معیارِ اِنسانِ مکمّل
قیادت میں، خطابت میں تکلّم میں مُدلّل — ۱۰۳ ○

۰،۵۳۴- اِنشراحِ اُمور — اُسی سے ضمیرِ خِرد میں شعور
اُسی کا بیاں اِنشراحِ اُمور — ۱۵۱ ☆

۰،۵۳۵- اِنشراحِ سینۂ دہر — وہی اِختتام اور وہی اِفتتاح
وہی سینۂ دہر کا اِنشراح — ۱۳۲ ☆

۰،۵۳۶- اِنعام اللہ — محمدؐ ہی آغاز و انجام ہے
جہانوں پہ اللہ کا اِنعام ہے — ۱۵۲ ☆

۰،۵۳۷- اِنعامِ حق — سلام اُن پر جو تسکینِ دلِ تِشنہ لباں ہیں
متاعِ بے بہا، انعامِ حق ہیں، ارمغاں ہیں — ۱۴۶ ○

۰،۵۳۸- انعامِ خدا — سلام اُن پر جو اِنعامِ خدا ہیں ہر جہاں پر
زمیں پر، آسمانوں پر، مکاں، دَورِ زماں پر — ۸۰ ○

۰،۵۳۹- اِنعامِ رازِق — سلام اُن پر جو دو عالم پہ ہیں اِنعامِ رازِق
مُصدِّق ہیں، مُصدَّق ہیں، وہی ہادیِ صادِق — ۹۹ ○

۰،۵۴۰- اِنعامِ ربِّ ذُوالمِنَن — سلام اُن پر جنہوں نے زیست کا بخشا چلن
دو عالم میں جو ہیں اِنعامِ ربِّ ذُوالمِنَن — ۱۸۱ ❖

۰،۵۴۱- انوارِ حمدِ مجسم — مگر ہے "محمدؐ" بھی تکرارِ حمد
مُجسّم ہے "احمدؐ" بھی انوارِ حمد — ۱۵۳ ☆

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۵۴۲،۰- انوارِ خدا
سلام اُن پر جو انوارِ خدا، نور الھدیٰ ہیں
جو مصباحِ صراطِ حق، سِراجِ انبیاء ہیں
۱۳۴ ○

۵۴۳،۰- اَنوارِ مُجسَّم
جمالِ نور، اَنوارِ مُجسَّم ہیں تو آپؐ
علوم و دانش و عرفاں کا پرچم ہیں تو آپؐ
۸۹ ❖

۵۴۴،۰- انور
تُو محمودؐ، محمدؐ، حامدؐ، تُو احمدؐ، تُو انورؐ
سارے سُندر نام ہیں تیرے، تو یٰسینؐ، تہامیؐ
۱۲۷ *

۵۴۵،۰- انیسِ جان
اے انیسِ جان اے ٹوٹے دلوں کے غمگسار
ہو سلامِ بے حساب و بے شمار و بے کنار
۱۲۸ ❖

۵۴۶،۰- اَنیقِ عالَم
سلام اُن پر نہیں عالَم میں کوئی جن کا پاسنگ
اَنیق و رحمتِ عالَم سِپہ سالار و سَرہنگ
۱۰۲ ○

۵۴۷،۰- اَوجِ آسمانِ زندگی
محمدؐ سے ہی اَوجِ آسمانِ زندگی
وہی ہیں قلب و جانِ داستانِ زندگی
۲۱۱ ❖

۵۴۸،۰- اوّل
سلام اُن پر جو اوّل ہیں، امیرِ سابِقیں ہیں
سلام اُن پر جو اکمَل ہیں جو ختم المرسَلیں ہیں
۱۵۱ ○

۵۴۹،۰- اوّل و آخر
سلام اُن پر جو اوّل تھے، ہوئے آخر میں ظاہر
حقیقت میں وہی ہیں حاصلِ جملہ مظاہر
۹۰ ○

۵۵۰،۰- اوّل و آخر
اوّل و آخر بھی تُو ہے، ظاہر و باطن بھی تُو
باعثِ تخلیقِ عالَم یا نبیٔ آخریں
۱۰۸ *

۵۵۱،۰- اُولُوا الاَمرِ جہاں
سلام اُن پر ہے جن کے زیرِ پا باغِ اِرَم
اُولُوا الاَمرِ جہاں، میرِ عرب، شاہِ عجم
۱۷۸ ❖

۰،۵۵۲- اُولوالعزم و متیں
سلام اُن پر ہے جن سے دوجہاں کی زیب و زینت
اولوالعزم و متین و صاحبِ فکر و عزیمت ۴۳ ○

۰،۵۵۳- اُولوالعزم و شجیع
سلام اُن پر نہیں کونین میں جن سا زعیم
اُولوالعزم و شجیع و ہیبتِ قلبِ غنیم ۱۸۰ ✲

۰،۵۵۴- اَولٰی
رُوپ اَنُوپ، تو کامِل، اکمل، تو اعلیٰ، تو اَولٰی
تُو خوبی ہی خوبی آقا، مَیں خامی ہی خامی ۱۲۷ *

۰،۵۵۵- اَولٰی
ثنا اُس کی کہ جو ہے مُعطی و والی و مَولٰی
سلام اُس پر حریمِ جاں میں جو ہے سب سے اَولٰی ۴۳ ○

۰،۵۵۶- اَولٰی
سلام اُن پر جو مخلوقات میں ہیں سب سے اَعلیٰ
ہے تکوینِ دو عالم میں اُنہیں کی ذات اَولٰی ۶۱ ○

۰،۵۵۷- اَولٰی
سلام اُن پر، اُنہیں کے دم سے ہے توقیرِ آدم
معزز، محترَم، اَولٰی، معظّم اور مقدّم ۱۰۷ ○

۰،۵۵۸- اوّلیں نُورِ حق
اوّلیں نورِ حق، آخریں نورِ حق
آپؐ سے اِبتدا، اِنتہا آپؐ ہیں ۱۶۰ *

۰،۵۵۹- اہلِ بصَر
سلام اُن پر وہی دراصل ہیں اہلِ بصَر بھی
اُٹھے جن کے لیے سارے حجاباتِ نظر بھی ۱۶۳ ○

۰،۵۶۰- اہلِ مقاماتِ رفیع
سلام اُن پر جو ہیں اہلِ مقاماتِ رفیع
اُنہیں سے کِشت زارِ دل میں ہے فصلِ ربیع ۱۵۸ ✲

۰،۵۶۱- ایثار
سلام اُن پر جو ہیں سر تا قدم ایثار و اِحساں
اُخوّت میں، مُوَدّت میں، محبت میں فراواں ۱۱۹ ○

۵۶۲،۰- اِیقانِ مُحکَم — عمادِ راستی، اِیقانِ مُحکَم ہیں تو آپؐ
دلِ مؤمن میں جو عزمِ مصمّم ہیں تو آپؐ ۸۹ ✣

۵۶۳،۰- ایمانِ رسا — سلام اُن پر وہ دستِ دل پہ خوش رنگ حِنا ہوں
زرِ عرفان، رنگِ صِدق، ایمانِ رَسا ہوں ۱۲۷ ○

۵۶۴،۰- اَیوانِ اَخلاق — سلام اُن پر جو ہیں اَخلاق کا اَیوان سچ
ہوئے روشن محبت کے بہم اِمکان سچ ۱۰۶ ✣

۵۶۵،۰- اَیوانِ حق — سلام اُن عادل و صادِق پہ جو میزانِ حق ہیں
زبان و دستِ حق، معیارِ حق، اَیوانِ حق ہیں ۱۳۹ ○

۵۶۶،۰- اَیوانِ حقیقت — سلام اُن پر جو ہیں لاریب بُنیانِ حقیقت
وہی بابِ حقیقت ہیں وہ اَیوانِ حقیقت ۷۵ ○

۵۶۷،۰- اَیوانِ ہمدردی — سلام اے قصرِ حُسنِ خُلق، ہمدردی کے اَیواں
سلام اے مرہمِ قلبِ حزیں اے راحتِ جاں ۱۱۳ ○

ب :

۵۶۸،۰- بابِ حُصولِ غُفراں — حُصولِ غُفراں کا باب ہے وہ
اَزل سے رحمت مآب ہے وہ غ م

۵۶۹،۰- بابِ حقیقت — سلام اُن پر جو ہیں لاریب بُنیانِ حقیقت
وہی بابِ حقیقت ہیں وہ اَیوانِ حقیقت ۷۵ ○

۵۷۰،۰- باخبرِ حریمِ حق — سلام اُن پر حریمِ حق سے ہیں جو باخبر بھی
پس دَر، پیشِ دَر بھی ہیں، اِدھر بھی ہیں، اُدھر بھی ۱۶۳ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ✣ — کاروانِ حرم ☆ — غیر مطبوعہ غ م

۰،۵۷۱- بادباں
سلام اُن پر جو سیلابِ بلا میں ناخدا ہوں
سفینہ، بادباں، ساحل ہوں، وہ موجِ ہَوا ہوں ○ ۱۲۷

۰،۵۷۲- بادباں
سلام اُن پر کہ ہر امید کا حاصل وہی ہیں
سفینہ، بادباں، بادِ رواں، ساحل وہی ہیں ○ ۱۵۳

۰،۵۷۳- بادبانِ موجِ رحمت
بادباں ہے موجِ رحمت، ہے شفاعت کی ہَوا
اِنتسابِ ساحلِ بخشش ہے کس ملّاح سے * ۱۱۴

۰،۵۷۴- بادِ بہاریٔ شفاعت
مسلمِ خستہ جاں ہے بھکاری
تم شفاعت کی بادِ بہاری * ۲۵۹

۰،۵۷۵- بادِ رواں
سلام اُن پر کہ ہر امید کا حاصل وہی ہیں
سفینہ، بادباں، بادِ رواں، ساحل وہی ہیں ○ ۱۵۳

۰،۵۷۶- بادِ سکون
سایۂ ابرِ رحمتِ جَولاں بادِ سکونِ قلبِ پریشاں ❖ ۴۹

۰،۵۷۷- بادشاہِ دوجہاں
شاہد و مشہود و طٰہٰ دوجہاں کے بادشاہا ❖ ۳۶

۰،۵۷۸- بادشاہِ شہنشاہاں
سلام اُن پر شہنشاہوں کے جو ہیں بادشاہ
جو دیکھو تو، فقیرِ فاقہ مست و کج کُلاہ ❖ ۱۸۸

۰،۵۷۹- بادِ صبا
صبحِ نو آپؐ، بادِ صبا آپؐ ہیں
نورِ اُمّید، موجِ رَجا آپؐ ہیں * ۱۵۹

۰،۵۸۰- بادِ صباءِ گلستاں
ترے جسمِ اَطہر کا آقاؐ پسینہ
گلِستاں سے بادِ صبا بن کے نکلے * ۱۳۶

۰،۵۸۱- بادِ موافق
رضائے خدا کے مطابق وہی
ہے طوفاں میں بادِ موافق وہی ☆ ۱۵۶

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۵۸۲،۰- بادِ موافق — سلام اُن پر جو ہیں طوفان میں بادِ موافق
مصیبت میں سہارا جس کا ہے، وہ دستِ خالق ○ ۹۹

۵۸۳،۰- بادِ نسیم — شفیعِ اُمم، بُرد بار و حلیم
قیامت کی گرمی میں بادِ نسیم ✧ ۶۱

۵۸۴،۰- بار آورِ کشتِ اَزل — سلام اُن پر کہاں پیدا ہُوا اُن سا سخاور
ہوئی کِشتِ اَزل جن کے قدم سے بار آور ○ ۸۹

۵۸۵،۰- بارانِ حق — سلام اُن پر جو یکسر مظہرِ فیضانِ حق ہیں
محلِّ نُور، برقِ نُور ہیں، بارانِ حق ہیں ○ ۱۴۰

۵۸۶،۰- بارانِ کرَم — سلام اُن پر جو بارانِ کرَم بر دوستاں ہیں
جو ہَیبت، رُعب و اندیشہ بہ قلبِ دشمناں ہیں ○ ۱۴۶

۵۸۷،۰- بارانِ کرَم — سلام اُن پر جو دشتِ دل پہ بارانِ کرَم ہیں
بیابانِ خیال و فکر ہیں سیراب جن سے ○ ۱۹۳

۵۸۸،۰- بارشِ انوارِ ایماں — تم سِراجِ بزمِ اِمکاں بارشِ انوارِ ایماں ✧ ۳۴

۵۸۹،۰- بارشِ رحمت — سلام اُن پر، دو عالم پر جو رحمت کی ہیں بارِش
ثنا گو جن کی ہے لوح و قلم کی ہر نگارِش ○ ۹۵

۵۹۰،۰- بارشِ رحمتِ فراخ — بارشِ رحمتِ فراخ تازہ ہے دل کی شاخ شاخ ✧ ۴۲

۵۹۱،۰- بارورِ تدبیر — صنعتِ تقدیر تم سے بارورِ تدبیر تم سے ✧ ۳۵

۵۹۲،۰- باریابِ حق — سلام اُن پر جو ہیں دربارِ حق میں باریاب
اُٹھے خلوت میں جن کے واسطے سارے حجاب ✧ ۸۳

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ✧ کاروانِ حرم ☆

۰،۵۹۳- باعثِ ایقانِ حقیقت — سلام اُن پر مُجسّم ہیں جو بُرہانِ حقیقت
ہے مُحکم اُن کی طاعت ہی سے ایقانِ حقیقت — ۰ ۷۴

۰،۵۹۴- باعثِ تخلیقِ عالَم — حسن کا ہے تیرے ہی اِعجاز یہ بزمِ وجود
باعثِ تخلیقِ عالم، رازِ خِلقت اَلسّلام — ❖ ۵۶

۰،۵۹۵- باعثِ تخلیقِ عالَم — اوّل و آخر بھی تُو ہے، ظاہر و باطن بھی تُو
باعثِ تخلیقِ عالَم یا نبیءِ آخریں — * ۱۰۸

۰،۵۹۶- باعثِ تخلیقِ عالَم — شاہدِ حق تُو ہے آقا اور ہے مشہود بھی
باعثِ تخلیقِ عالَم خَلق کا مقصود بھی — * ۱۷۷

۰،۵۹۷- باعثِ تسکینِ قلب و جاں — جم گیا نظروں میں مسکم اِک وہی عکسِ جمال
باعثِ تسکینِ قلب و جاں وہی وجہِ حسیں — * ۱۱۰

۰،۵۹۸- باعثِ تکریمِ آدم — زمین و آسماں میں جو مکرّم ہیں تو آپؐ
جہاں میں باعثِ تکریمِ آدم ہیں تو آپؐ — ❖ ۸۹

۰،۵۹۹- باعثِ تکریمِ انساں — دانش و حکمت کے عُنواں
باعثِ تکریمِ انساں — ❖ ۳۴

۰،۶۰۰- باعثِ تکریمِ بشَر — سلام اُن پر جہاں میں جن سے تکریمِ بشَر ہے
قدومِ پاک سے ہیں محترَم دارَین جن کے — ۰ ۱۹۸

۰،۶۰۱- باعثِ تنویرِ عالَم — باعثِ تنویرِ عالَم ہے محمدؐ کا وُرود
سایہءِ خیرالبشرؐ، نوعِ بشر پر ابرِ جُود — * ۱۹۳

۰،۶۰۲- باعثِ توقیرِ آدَم — سلام اُن پر، اُنہیں کے دم سے ہے توقیرِ آدَم
معزّز، محترَم، اَولیٰ، معظّم اور مقدَّم — ۰ ۱۰۷

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ۰ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۶۰۳،۰- باعثِ خَلقِ جہاں — باعثِ خَلقِ جہاں، زینت فزائے کائنات
آفتابِ بزمِ امکاں، رونقِ بزمِ وُجود ۱۷۵ *

۶۰۴،۰- باعثِ خِلقتِ کائنات — وہی باعثِ خِلقتِ کائنات
سزاوارِ مَدح و سلام و صلاۃ ۱۵۶ ☆

۶۰۵،۰- باعثِ خَیر و برکت — سلام اے باعثِ فضل و کشائش، خَیر و برکت
ہوئی ملّت کے کِردار و عمل کی کِشت ویراں ۱۱۲ ○

۶۰۶،۰- باعثِ زمان و مکاں — باعثِ کل جہاں، کیا زماں کیا مکاں
نازِ ارض و سَماء، مصطفیٰ، مصطفیٰ ۱۹۱ *

۶۰۷،۰- باعثِ شادابیٔ گلشن — ہے مکمل ذات میں تیری جمالِ کائنات
باعثِ شادابیٔ گلشن ترا وجہِ حسیں ۲۱۸ *

۶۰۸،۰- باعثِ فصلِ ربیع — سلام اُن پر جو ہیں اہلِ مقاماتِ رفیع
انہیں سے کِشت زارِ دل میں ہے فصلِ ربیع ۱۵۸ ❖

۶۰۹،۰- باعثِ فضل و کشائش — سلام اے باعثِ فضل و کشائش، خَیر و برکت
ہوئی ملّت کے کِردار و عمل کی کِشت ویراں ۱۱۲ ○

۶۱۰،۰- باعثِ کُل جہاں — باعثِ کل جہاں، کیا زماں کیا مکاں
نازِ ارض و سَماء، مصطفیٰ، مصطفیٰ ۱۹۱ *

۶۱۱،۰- باعثِ کُل ظُہور و شُہود — وہی باعثِ کُل ظُہور و شُہود
شبِ تار میں ماہتابِ سُعود ۱۶۰ ☆

۶۱۲،۰- باعثِ کُن فکاں — باعثِ کُن فکاں ہے محمدؐ امرِ حق کی زباں ہے محمدؐ ۱۲۱ *

۰،۶۱۳- باعثِ وُجودِ دو جہاں — سلام اُن پر وُجودِ دو جہاں ہے جن کے باعِث
وہ مختارِ ہدایت، دینِ حقّانی کے وارِث ○ ۷۸

۰،۶۱۴- باعثِ وُجود کون و مکاں — شرَف آفرینش کو اُس کا ورُود
اُسی سے ہے کون و مکاں کا وُجود ❖ ۶۰

۰،۶۱۵- باغِ شرِیعت — بہارِ دوامی شرِیعت کا باغ
طریقت اُسی کے قدم کا سراغ ☆ ۱۵۳

۰،۶۱۶- باغباں — چمن میں ہوئیں خیمہ زن بجلیاں
تو مجبورِ ہجرت ہوا باغباں ☆ ۱۰۹

۰،۶۱۷- باغبانِ باغِ جہاں — باری، خالق ہے باغِ جہاں کا
بے گُماں باغباں ہے محمدؐ * ۱۱۸

۰،۶۱۸- باغبانِ کِشتِ دل — سلام اُن پر جو کِشتِ عزمِ دل کے باغباں ہیں
خیال و ذہنِ مسلِم میں فروزاں گلِستاں ہیں ○ ۱۴۷

۰،۶۱۹- باغبانِ گلشنِ ہستی — سلام اُن گلشنِ ہستی کے یکتا باغباں پر
محبت، جُود، بخشائش کے بحرِ بیکراں پر ○ ۸۱

۰،۶۲۰- بالا قد — کوئی نہیں ہے تیرا ہمسر اے سب سے بالا قد، سوچا * ۲۹۵

۰،۶۲۱- بالیدگیءِ قلب — سلام اُن پر کہ جن سے قلب کی بالیدگی ہے
ضمیرِ خاک میں سیرابی و روئیدگی ہے ○ ۲۱۶

۰،۶۲۲- بانگِ دَرا — سلام اُن پر جو میرِ قافلہ، صاحب لِوا ہیں
بھٹکتے کارواں کے واسطے بانگِ دَرا ہیں ○ ۱۳۵

❖ ❖ ❖

بحرِ بے کراں

۰،۶۲۳- بحرِ آبِ روانِ رحمت
وہ بحرِ آبِ روانِ رحمت
بہارِ باغِ جِنانِ رحمت
۲۹۰ *

۰،۶۲۴- بحرِ آبِ کرَم
وہ جوئے تسنیم و حوضِ کوثر
وہ بحرِ آبِ کرم مُقطَّر
۲۸۳ *

۰،۶۲۵- بحرِ بیکرانِ بخشائش
سلام اُن گلشنِ ہستی کے یکتا باغباں پر
مَحبت، جُود، بخشائش کے بحرِ بیکراں پر
۸۱ ○

۰،۶۲۶- بحرِ بیکرانِ جُود
سلام اُن گلشنِ ہستی کے یکتا باغباں پر
مَحبت، جُود، بخشائش کے بحرِ بیکراں پر
۸۱ ○

۰،۶۲۷- بحرِ بیکرانِ محبت
سلام اُن گلشنِ ہستی کے یکتا باغباں پر
مَحبت، جُود، بخشائش کے بحرِ بیکراں پر
۸۱ ○

۰،۶۲۸- بحرِ بیکرانِ ہَدایَت
سلام اُن پر ہَدایَت کے جو بحرِ بےکراں ہیں
مُحیطِ علم و فن میں موجزن دانِش ہے جن کی
۱۸۴ ○

۰،۶۲۹- بحرِ ترَحُّم
گُلِ ہستی میں فیضانِ تبسُّم ہیں تو آپؐ
دلِ رحمان[1] میں بحرِ ترَحُّم ہیں تو آپؐ
۹۱ ❖

۰،۶۳۰- بحرِ جَولانِ حقیقت
سلام اُن پر کہ جو ہیں ابرِ بارانِ حقیقت
سَحابِ معرفت ہیں، بحرِ جَولانِ حقیقت
۷۴ ○

۰،۶۳۱- بحرِ جَولانِ عرفاں
سلام اے رہبر و عقدہ کُشا، مِفتاحِ دانش
سلام اے عِلم و عرفان و خرد کے بحرِ جَولاں
۱۱۲ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- سورۂ رحمان بھی مدِ نظر رہے

۰،۶۳۲-- بحرِ جَولانِ عِلم
سلام اے رہبر و عقدہ کُشا، مِفتاحِ دانش
سلام اے عِلم و عرفان و خرد کے بحرِ جولاں
○ ۱۱۲

۰،۶۳۳-- بحرِ حِکَم
سلام اُن پر کہ جن کا نام ہی عَینُ الحِکَم ہے
خروشِ حرفِ لب، موجِ خرد بحرِ حِکَم ہے
○ ۲۱۰

۰،۶۳۴-- بحرِ عِلم
تُو شفیع و حامی دمِ جزا، تُو کریم ہو تُو مُنیب ہو * ۱۳۱

۲،۱۵۴- شفیع و عُروَۃُ الوُثقیٰ — تمہیں تو ہو شفیع و عُروَۃُالوُثقیٰ ہمارے
تمہیں مامَن، تمہیں مَلجا، تمہیں ماویٰ ہمارے ○ ۱۱۷

۲،۱۵۵- شفیع و مُشَفَّع بروزِ جزا

وہ خَیرُالبشرؐ، افضلُ الانبیاء
شفیعُ و مُشَفَّع، بروزِ جزا ☆ ۱۵۶

۲،۱۵۶- شفیع و مُنجّی

شفیع و مُنجّی و سالارِ کُل
تبسم بہ لب جس کے قدموں میں گُل ☆ ۱۶۶

۲،۱۵۷- شفیع و نصیر

حدیثِ محمدؐ، خدا کا ضمیر
وہی حشر میں ہو شفیع و نصیر ☆ ۱۴۹

۲،۱۵۸- شَفِیعِنا

صَلِّ علیٰ شَفِیعِنَا صَلِّ علیٰ محمدٍ ❖ ۴۰

۲،۱۵۹- مُشَفَّع بروزِ جزا

وہ خَیرُالبشرؐ، افضلُ الانبیاء
شفیعُ و مُشَفَّع، بروزِ جزا ☆ ۱۵۶

۲،۱۶۰- مُشَفَّع و شافع و شَفاعت

مُشَفَّع و شافع و شَفاعت
شفیعِ محشرؐ، رسولِ راحت * ۲۸۷

❀ ❀ ❀

۲،۱۶۱- شاکر

سلام اُن پر رِضائے حق پہ جو دائم تھے شاکر
صعوبت، صدمہ و اندوہ اور کُلفت میں صابر ○ ۹۱

۲،۱۶۲- شانِ ربِّ جلال

سبب بھی، حُسنِ مآل بھی ہے
وہ شانِ ربِّ جلال بھی ہے * ۲۸۹

۲،۱۶۳- شانِ کمالِ زندگی

سلام اُن پر جو ہیں شانِ کمالِ زندگی
ہے خوش آئند و خوش طالع مآلِ زندگی ❖ ۲۰۴

۲،۱۶۴- شانِ مفاخر

سلام اُن پر جو ہیں تمکینِ آدم کے مُبشّر
بنی نوعِ بشر کے تاج وَر، شانِ مَفاخر[۱] ○ ۹۳

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱۔ مفاخر: مفخر کی جمع، اوصاف حمیدہ، بزرگیاں

۲،۱۶۵- شاہِ انبیاء
سَیّدُ الاَبرار، شاہِ انبیاء
سرورِ دیں، رہبرِ جنّ و بشر
* ۱۰۳

۲،۱۶۶- شاہِ بطحا
ہوں بہت ہی شرمسارِ شاہِؐ بطحا
حالِ مسلم پر بہت غمناک ہوں مَیں
* ۱۵۲

۲،۱۶۷- شاہِ ذُوالکِرام
بخشایشِ خطا کا طلب گار ہے گدا
اے رحمت و سَحابِ کرَمؐ، شاہِ ذوالکِرامؐ
* ۸۷

۲،۱۶۸- شاہِ عجَم
سلام اُن پر، وہی، جو صاحبِ سیف وعلَم ہیں
وہی جو سَیّدِ ملکِ عرب، شاہِ عجَم ہیں
○ ۱۴۳

۲،۱۶۹- شاہِ عجَم
حق تعالیٰ نے جسے بخشا شَفاعت کا علَم
السَّلام اے سَیّدِ ملکِ عرب، شاہِ عجَم
❖ ۶۷

۲،۱۷۰- شاہِ عجَم
سلام اُن پر ہے جن کے زیرِ پا باغِ اِرَم
اولوالامرِ جہاں، میرِ عرب، شاہِ عجَم
❖ ۱۷۸

۲،۱۷۱- شاہِ عرَب
یا محمدؐ، میرے آقا، نُورِ حق، شاہِ عرَب
جامعِ اوصافِ جملہ انبیاء محبوبِ رب
* ۲۶۰

۲،۱۷۲- شاہ کارِ خدا
محمدؐ سا ہوگا نہ کوئی ہوا
مکمل بشَر، شاہکارِ خدا
☆ ۱۴۸

۲،۱۷۳- شاہ کارِ دستِ خالِق
مرتکز تجھ پر ہوا ہے حُسنِ تخلیقِ تمام
خاص دستِ خالِقِ مُطلَق کا تُو ہے شاہکار
* ۱۶۵

۲،۱۷۴- شاہ کارِ دستِ فاطِر
سلام اُن پر کہ جو ہیں شاہ کارِ دستِ فاطِر
حریمِ ذات میں ہے خاص جن کا پاسِ خاطِر
○ ۹۰

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمہ سَلام ○ زمزمہ دُرود ❖ کاروانِ حرم ☆

۲،۱۷۵- شاہ کارِ یکتائے خالق — سلام اُن پر کہ جو ہیں جلوۂ کُن کا مدار
وہ جو ہیں خالقِ مطلق کا یکتا شاہکار ❖ ۱۱۶

۲،۱۷۶- شاہِ نامدارِ زندگی — سلام اُن پر وہ شاہِ نامدارِ زندگی
دو عالم میں بِنائے پائیدارِ زندگی ❖ ۱۹۷

شاہد و مشہود صلی اللہ علیہ وسلم

۲،۱۷۷- شاہد — تُو ہی شاہد ہے تُو ہی مشہود ہے
تُو ہی مقصد اور تُو نَیلِ مرام ❖ ۵۳

۲،۱۷۸- شاہد — تُو ہی شاہد، تُو امینِ صدق، تُو حق آشنا
تُو کہے تو معتبر، ورنہ خبر میں کچھ نہیں * ۲۶۲

۲،۱۷۹- شاہدِ آخریں — اوّلیں شاہد بھی تُو تھا، آخریں شاہد بھی تُو
بزمِ عالَم میں اَزل سے تا اَبد موجود بھی * ۱۷۷

۲،۱۸۰- شاہدِ آیاتِ اِلٰہ — سلام اُن پر جو ہیں ہنگامۂ کُن کے گواہ
وہ جن کے آنکھ نے دیکھی ہیں آیاتِ اِلٰہ ❖ ۱۸۷

۲،۱۸۱- شاہدِ اوّل — سلام اُن شاہدِ اوّل پہ ہو جو نکتہ داں ہیں
شہیدِ بزمِ حق ہیں، اور حق کے ترجماں ہیں ○ ۱۴۴

۲،۱۸۲- شاہدِ اوّلیں — اوّلیں شاہد بھی تُو تھا، آخریں شاہد بھی تُو
بزمِ عالَم میں اَزل سے تا اَبد موجود بھی * ۱۷۷

۲،۱۸۳- شاہدِ حق — وہی شاہدِ حق ہے بے اِرتیاب
سَراسَر کرَم، رحمتِ بے حساب ☆ ۱۵۵

۲،۱۸۴- شاہدِ حق
شاہدِ حق تُو ہے آقا اور ہے مشہود بھی
باعثِ تخلیقِ عالَم خُلق کا مقصود بھی
* ۱۶۷

۲،۱۸۵- شاہدِ ربّ
حُکم پہنچا یہ شاہدِ رب سے
تجھ کو اِذنِ حُضور ہے اب سے
* ۱۴۰

۲،۱۸۶- شاہدِ ربِّ غفور
سلام اُن پر کہ جو ہیں شاہدِ ربِّ غفور
بظاہر غیب بھی جن کا ہے معمورِ حُضور
❖ ۱۲۵

۲،۱۸۷- شاہد و شاہکار
محمدؐ ترا شاہد و شاہ کار
محمدؐ سے قرآں کے نقش و نگار
☆ ۱۴۷

۲،۱۸۸- شاہد و مشہود
شاہد و مشہودِ میں پردہ نہ کچھ حائل رہا
وہ شبِ معراج سیرِ دید و قُربِ سَیر ہیں
* ۱۰۹

۲،۱۸۹- شاہد و مشہودِ حق
مجتبٰی و مرتضٰی و صاحبِ خُلقِ عظیم
شاہد و مشہودِ حق اے سائرِ عرشِ بریں
* ۱۰۸

۲،۱۹۰- شاہد و مشہود و طٰہٰ
شاہد و مشہود و طٰہٰ
دوجہاں کے بادشاہؐ
❖ ۳۶

۲،۱۹۱- شاہدِ ہنگامِ کُن
نُورِ اوّل، نُورِ آخر، واقفِ منشائے حق
شاہدِ ہنگامِ کُن، بزمِ ابد کے سَیر بیں
* ۲۱۷

۲،۱۹۲- شہیدِ بزمِ حق
سلام اُن شاہد اوّل پہ ہو جو نکتہ داں ہیں
شہیدِ بزمِ حق ہیں، اور حق کے ترجماں ہیں
○ ۱۴۴

۲،۱۹۳- شہید و شاہد
گُلِ فضیلت، گُلِ سعادت شہید و شاہد، تبِ شہادت
* ۲۸۷

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۲،۱۹۴- شہید و شاہد و مشہود سلام اُن پر جو احمدؐ ہیں، محمد مصطفیٰؐ ہیں
شہید و شاہد و مشہود و ممدوحِ خدا ہیں ○ ۱۳۲

۲،۱۹۵- مشہودِ حق سلام اُن پر جو ہیں مشہودِ حق، مہمانِ داوَر
بشر اور واصلِ عرشِ بریں، اللہ اکبر ○ ۸۴

* * *

۲،۱۹۶- شبنم مثال لطیف و مُشفِق مثالِ شبنم
گراں بہ دشمن، بدوست ریشم * ۲۸۴

۲،۱۹۷- شجیع سامنے طوفانِ ظُلمت کے رہا سینہ سَپر
کون ہے تجھ سا بہادُر، کون ہے تجھ سا شجیع * ۱۸۰

۲،۱۹۸- شجیع حبیبِ داوَر، وہ نُور پیکر، وہ حُسنِ ارض و سما کا محوَر
ہو میرا دل، میری جاں نچھاور، جری، شجیع و جوانِ رعنا * ۲۹۹

۲،۱۹۹- شجیع سلام اُن پر، نہیں کونَین میں جن ساز عیم
اوالعُزم و شجیع و ہیبتِ قلبِ غنیم ✧ ۱۸۰

۲،۲۰۰- شجیعِ میدان سلام اُن پر، نہیں میدان میں جن سا شجیع
پہ یکسر لطف کمزوروں پہ ہے قلبِ وَدیع[1] ✧ ۱۵۸

۲،۲۰۱- شرارِ جاں کبھی ہے سکون و قرارِ جاں، کبھی ہجر میں ہے شرارِ جاں
ترے ذِکر ہی سے بہارِ جاں، مرے دل کا حال عجیب ہو * ۱۳۳

۲،۲۰۲- شرارِ زندگی سلام اُن پر جو ہیں تابِ نہارِ زندگی
لہو میں جن کے دم سے ہے شرارِ زندگی ✧ ۱۹۸

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمہ سلام ○ زمزمہ دُرود ✧ کاروانِ حرم ☆

۱- وَدِیع: نرم خو

۲،۲۰۳- شرار لہو میں
محمدؐ سے روشن لہو میں شرار
محمدؐ سے ہے بزمِ کُن کی بَہار
☆ ۱۴۷

۲،۲۰۴- شرارۂ توحید
لہو میں توحید کا شرارہ
اِلٰہِ واحد کا اِستعارہ
* ۲۹۰

۲،۲۰۵- شرحِ اِسلام
وہی حامِل و شرحِ اِسلام ہے
اُسی سے حقیقت کا اِفہام ہے
☆ ۱۵۲

۲،۲۰۶- شرحِ حقائق
حقیقت میں قرآنِ ناطق وہی
وہی حق ہے، شرحِ حقائق وہی
☆ ۱۵۶

۲،۲۰۷- شرحِ دیں
سلام اُن پر جو تکمیلِ ہُدیٰ، اِتمامِ دیں ہیں
ضمیرِ حق ہیں، شرحِ دیں ہیں، بنیادِ یقیں ہیں
○ ۱۵۰

۲،۲۰۸- شرحِ دینِ ہُدا
وہ دلیلِ مُبیں، آیتوں کا امیں
شرحِ دینِ ہُدا، مصطفٰےؐ، مصطفٰےؐ
* ۱۹۰

۲،۲۰۹- شرحِ زَبورِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں شرحِ زَبورِ زندگی
وہی دراصل ہیں قندیلِ نورِ زندگی
∴ ۱۹۹

۲،۲۱۰- شرحِ قرآنِ مجید
بے گماں ہر حرفِ لب ہے قولِ حق
ہر عمل ہے شرحِ قرآنِ مجید
* ۱۵۴

۲،۲۱۱- شرحِ کتاب
کتاب و شرحِ کتاب بھی ہے
عبادتوں کا ثواب بھی ہے
* ۲۸۹

۲،۲۱۲- شرحِ کتابِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں روحِ شبابِ زندگی
سخن ہے سربسر شرحِ کتابِ زندگی
∴ ۱۹۰

۲،۲۱۳- شرحِ متینِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں دینِ مبینِ زندگی
عمل ہے سر بسر شرحِ متینِ زندگی
۲۱۲ ٭

۲،۲۱۴- شرحِ مفصّل
مہرِ منوّر، نورِ مُشکّل
دینِ متیں کی شرحِ مفصّل
۴۸ ٭

۲،۲۱۵- شرح و بیانِ حَرِیصٌ علَیکُم
مشقت ہو ہم پر تو اُس پر گِراں
"حَرِیصٌ عَلَیْکُمْ" کی شرح و بیاں
۱۵۴ ☆

۲،۲۱۶- شرح و بیانِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں شرح و بیانِ زندگی
وہی اصلاً ہیں مسلّم ترجمانِ زندگی
۲۱۱ ٭

۲،۲۱۷- شرَفِ آفرینش
شرَف آفرینش کو اُس کا وُرود
اُسی سے ہے کون و مکاں کا وُجود
۶۰ ٭

۲،۲۱۸- شُروعِ عالمِ کُن
سلام اُن پر وہی ہیں عالمِ کُن کا شُروع
وہی اصلِ شجر ہیں اور باقی سب فُروع
۱۵۷ ٭

۲،۲۱۹- شریفِ عالَم
محمدؐ ہے عالَم میں سب سے شریف
محمدؐ سے اِحیائے دینِ حنیف
۱۵۲ ☆

۲،۲۲۰- شِعارِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں آباد کارِ زندگی
ہے جن کا اُسوۂ حُسنیٰ شِعارِ زندگی
۱۹۷ ٭

۲،۲۲۱- شعلۂ ضَوفِشاں
نصیر و مددگارِ داماندگاں
اندھیروں میں اِک شعلۂ ضَوفِشاں
۱۴۰ ☆

۲،۲۲۲- شُعورِ ضمیرِ خرَد
اُسی سے ضمیرِ خرَد میں شُعور
اُسی کا بیاں اِنشراحِ اُمور
۱۵۱ ☆

۲،۲۲۳- شِفا و شاف
وہی ہے صِدّیق وصِدق و صادِق
شِفا و شاف و طبیبِ حاذِق
* ۲۸۷

۲،۲۲۴- شِفاءِامراضِ قلوبِ گُمرہاں
تُو شفائے جملہ امراضِ قُلوبِ گمرہاں
تُو طبیب و کاشِفُ الکَربِ قُلوبِ عاشقیں
* ۲۶۵

۲،۲۲۵- شِفائے دردوغم
شکستہ دلوں کی دوا بن کے نکلے
ہر اِک درد و غم کی شِفا بن کے نکلے
* ۱۳۴

۲،۲۲۶- شِفائے شکستہ دِلاں
طبیبِ اَلَم، قاطِعِ نااُمیدی
شکستہ دلوں کو شِفا دینے والے
* ۲۳۱

۲،۲۲۷- شِفائے طبعِ علیلِ زندگی
تَذَبذُب کی تپش میں ہیں نخیلِ زندگی
شِفا بخشندہِ طبعِ علیلِ زندگی
❖ ۲۰۷

۲،۲۲۸- شِفائے قلبِ مُلول
قلبِ مُلول کی شِفا صَلِّ علیٰ محمدٍ
❖ ۴۲

۲،۲۲۹- شِفائے قُلوبِ علیل
محمدؐ شِفائے قُلوبِ علیل
جو پیوستِ دل ہو، وہ قولِ جمیل
☆ ۱۴۳

۲،۲۳۰- شِفائے ہر مَرَض
ظُلمتوں میں اَلضُّحیٰ ہو
ہر مَرَض کی تم شِفا ہو
❖ ۳۶

۲،۲۳۱- شفَق نظر
وہ دانت جن کی ہے آب موتی، رہینِ مِنَّت چمک گُہر کی
نظر شفَق کی، ادا فلَق کی، جلالِ باری، جمالِ مَولا
* ۲۹۸

۲،۲۳۲- شفقتِ مُجَسَّم
سلام اُن پر جو ہیں شفقت، کرَم، بخشش مُجَسَّم
محبت، لطف ورحم و عاطِفت جن کے لئے ہے
○ ۲۱۹

۲،۲۳۳- شفقت و رحمت کیا جُود و مہر و شفقت و رحمت کا ہو بیاں
وہ مطلعِ سحَر ہے، کہ بس بے طلب کُھلے * ۲۰۴

(شفِیع و مُشفّع و شافِع و شفاعت کار
الگ عنوان سے ص ۳۰۵ پر ملاحظہ فرمائیں)

۲،۲۳۴- شفیف ظاہر و باطن سلام اُن پر ہے جن کا ظاہر و باطن شفیف
سراپا لطف، مسلّم، صاحبِ قلبِ عفیف ❖ ۱۶۴

۲،۲۳۵- شفیق شفیق بھی ہے، طبیب بھی ہے
حریمِ جاں سے قریب بھی ہے * ۲۸۹

۲،۲۳۶- شفیق و مُشفِق سلام اُن پر ہیں جن کی مدح میں عاجز حروف
کرَم گُستر، شفیق و مُشفِق و غَوث و روَف ❖ ۱۶۲

۲،۲۳۷- شمسُ الضُّحیٰ عرش سے فرش تک آپ کی روشنی
روشنی بخش، شمسُ الضّحیٰ آپؐ ہیں * ۱۵۸

۲،۲۳۸- شمسُ الضُّحیٰ وہ ہے شمسُ الضُّحیٰ، وہ ہی بدرُ الدُّجیٰ
جلوۂ حق نما، مصؐطفیٰ، مصؐطفیٰ * ۱۹۰

۲،۲۳۹- شمسُ الضُّحیٰ سلام اُن نیّرِ عالم پہ جو شمسُ الضُّحیٰ ہیں
جہالت کی شبِ تاریک میں بدرُ الدُّجیٰ ہیں ○ ۱۳۴

۲،۲۴۰- شمسُ الضُّحیٰ میرا اُس شمسُ الضُّحیٰ، بدرُ الدُّجیٰ سے کہہ سلام
ہادی و کہف الوَریٰ صدرُ العُلیٰ سے کہہ سلام ❖ ۶۶

۲،۲۴۱- شمسُ الضُّحیٰ وہ بدرالدُّجےٰ ہے مرا رہنما
وہ شمسُ الضّحےٰ ہے مرا رہنما ☆ ۱۵۷

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۲،۲۴۲- شمسُ العارِفین
سلام اُن رہبرِ یکتا، سراجُ السالِکیں پر
سراپا صاحبِ انوار، شمسُ العارِفیں پر
○ ۸۳

۲،۲۴۳- شمسُ العارِفین
سلام اُن پر کہ جو ہنگامۂ کُن کے امیں ہیں
چراغِ منزلِ عرفاں ہیں، شمسُ العارِفیں ہیں
○ ۱۵۱

۲،۲۴۴- شمعِ آگہی
قدم قدم شمعِ آگہی ہے
جو بات محکم ہے وہ کہی ہے
* ۲۷۹

۲،۲۴۵- شمعِ اِرشاد و ہُدیٰ
سلام اے شمعِ اِرشاد و ہُدیٰ مہرِ درخشاں
سلام اے قاطعِ اَوہام تیغِ نُورِ ایماں
○ ۱۱۰

۲،۲۴۶- شمعِ بزمِ جہاں
شمعِ بزمِ جہاں ہے محمدؐ
نورِ کون و مکاں ہے محمدؐ
* ۱۱۷

۲،۲۴۷- شمعِ تابانِ ہدایت
اَلسَّلام اے شمعِ تابانِ ہدایت اَلسَّلام
نور سے تیرے مٹے سب کفر وظلمت اَلسَّلام
❖ ۵۶

۲،۲۴۸- شمعِ تابدارِ بندگی
تیرہ و تاریک و مغلوبِ گماں تھی زندگی
اسوۂ حُسنیٰ ہے شمعِ تابدارِ بندگی
* ۲۴۵

۲،۲۴۹- شمعِ جنت نشاں
اُس سے روشن ہے راہِ ہدایت
شمعِ جنت نشاں ہے محمدؐ
* ۱۱۷

۲،۲۵۰- شمعِ حکمت
اُمیوں میں علم و دانش کا ہُوا روشن چراغ
شمعِ حکمت تا ابد اُمّی بشر کی روشنی
* ۲۴۲

۲،۲۵۱- شمعِ خدا
سلام اُس جلوۂ تابندۂ غارِ حرا پر
عمادِ نُور، مینارِ ہُدیٰ، شمعِ خدا پر
○ ۷۹

۲،۲۵۲- شمعِ خیالِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں شمعِ خیالِ زندگی
طفیلِ ذاتِ اقدس ہے نَوالِ[1] زندگی
○ ۲۰۵

۲،۲۵۳- شمعِ راہِ سالکیں
سلام اُن پر کہ جو ہیں شمعِ راہِ سالکیں
مُجسّم مظہرِ آیاتِ حق، نُورِ مُبیں
○ ۱۸۴

۲،۲۵۴- شمعِ راہِ مُستحَب
خِضَر راہِ مستقیم و شمعِ راہِ مستحَب
غم زدوں کو نقشِ پا تیرا ہے پیغامِ طرَب
* ۸۲

۲،۲۵۵- شمعِ رُشد
تیری ہی شمعِ رُشد ہے ہر سمت نُور بار
چمکی جدھر بھی، قاطِع ظُلمات ہو گئی
* ۲۳۷

۲،۲۵۶- شمعِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں مُسلّم حیاتِ قلبِ مُضطَر
دلیلِ راہ، شمعِ زندگی، مِصباحِ انور
○ ۸۶

۲،۲۵۷- شمعِ شبِ تارِ حیات
ہے تُو ہی شمعِ شبِ تارِ حیات
ہے سَحر تیرا ہی نقشِ اِبتسام
○ ۵۳

۲،۲۵۸- شمعِ شبستانِ حقیقت
سلام اُن پر جو ہیں شمعِ شبستانِ حقیقت
چراغِ صِدق ہیں، قندیلِ وِجدانِ حقیقت
○ ۷۵

۲،۲۵۹- شمعِ شُعور
وہ ہدایت کا نُور، وہ ہی شمعِ شُعور
مشعلِ اِتّقا، مصطفٰیؐ، مصطفٰیؐ
* ۱۸۹

۲،۲۶۰- شمعِ ظُلمت
چشمِ دل کو بصیرت عطا آپؐ کی
شمعِ ظُلمت ہیں، بدرُ الدُّجیٰ آپؐ ہیں
* ۱۵۸

۲،۲۶۱- شمعِ فروزاں
نور و نکہت سے مُنوّر ہیں، مُعطّر ہیں قلوب
فرحت و شمعِ فروزاں ہے وہ اِک صحرا کا پھول
* ۹۸

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- نَوال: بخشش، عطا، احسان

۲،۲۶۲- شمعِ فروزانِ جہاں — بزمِ جہاں میں شمعِ فروزاں
محوَرِ گشتِ عالَم اِمکاں ❖ ۴۹

۲،۲۶۳- شمعِ کہکشانِ زندگی — سلام اُن پر کہ جو ہیں ضَو فِشانِ زندگی
شبِ تیرہ میں شمعِ کہکشانِ زندگی ❖ ۲۱۱

۲،۲۶۴- شمعِ نُور افشانِ زمین و آسماں — سلام اُن پر نقوشِ پا بھی جن کے کہکشاں ہیں
جو شمعِ نُور افشانِ زمین و آسماں ہیں ○ ۱۴۶

۲،۲۶۵- شمعِ نُورِ اوّلیں — مَیں کہ ہوں پروانۂ آں شمعِ نورِ اوّلیں
ہیں ملائک بھی اَزل سے میری خوش بختی پہ دنگ * ۱۶

۲،۲۶۶- شمعِ ہُدائے لیلِ جَہل — سلام اُن پر جو لیلِ جَہل میں شمعِ ہُدیٰ ہیں
چَراغِ راہ، قِندیلِ ضیا، نُورِ خدا ہیں ○ ۱۳۴

۲،۲۶۷- شمعِ ہُدیٰ — محمدؐ سے روشن ہے شمعِ ہُدیٰ،
وہی بھولے بھٹکوں کا ہے رہنما ❖ ۶۳

۲،۲۶۸- شمعِ ہُدیٰ — وہ شمعِ ہُدیٰ، آفتابِ جہاں — وہی ہے چراغِ رہِ سالِکاں ☆ ۱۴۶

۲،۲۶۹- شمیمِ بُستانِ حق — سلام اُن پر جو مسلّم سر بسر عنوانِ حق ہیں
شمیم و برگ و بار و رونقِ بُستانِ حق ہیں ○ ۱۴۰

۲،۲۷۰- شمیمِ گُل — سلام اُن پر چمن میں جن کے دم سے تازگی ہے
شمیمِ گُل، متاعِ گلستاں جن کا پسینہ ○ ۱۶۲

۲،۲۷۱- شمیمِ گُل — وہی ہیں آب و رنگِ گُل، وہی گُل کی شمیم
رواں اُن سے دواں اُن سے ہے رُودِ زندگی ❖ ۱۹۵

۲،۲۷۲- شناسائے اَسرارِ کون ومکاں — حریم خداوند کا میہماں
شناسائے اَسرارِ کون و مکاں ☆ ۱۳۸

۲،۲۷۳- شناسائے ضمیرِ حق — سلام اُن پر جو ہیں حق بین وذاتِ حق کے عارِف
کُھلے جن پر ضمیرِ حق کے اَسرار و معارِف ○ ۹۲

۲،۲۷۴- شناسائے مزاجِ حق — سلام اُن پر جو ہیں حق کے شناسائے مزاج
ادا کرتی ہے جن کو گردشِ دوراں خَراج ۞ ۹۹

۲،۲۷۵- شناوَرِ بحرِ حقیقت — سلام اُن پر جو ہیں بحرِ حقیقت کے شناوَر
معلّم جن کا ربِّ مہرباں، ربِّ شناوَر ○ ۸۹

۲،۲۷۶- شہِؐ اغنیاء — کسی اَور دَر سے نہ مانگوں گا مسلم
کہ میرے شہِؐ اغنیاء ہیں محمدؐ * ۱۱۶

۲،۲۷۷- شہِ آسماں خَرام — اَے نُورِ کائنات، شہِ آسماں خَرام
اَے نازشِ جہانِ ازل سرورِ اَنام * ۸۲

۲،۲۷۸- شہِ جُود و کرَم — عجز سے کہنا کہ اے مولیٰ، شفیعِ کل اُمَم
یہ سلامِ عاجزاں لیجے شہِ جُود و کرَم ۞ ۶۸

۲،۲۷۹- شہِ دو سَرا — تُو اِمامِ جہاں، تُو شہِ دوسَرا
تیرے کوچے میں یکساں ہیں شاہ وگدا * ۱۳۷

۲،۲۸۰- شہِ دیں — دنیا میں میسّر ہو اطاعت شہِ دیں کی
عقبیٰ میں ملے قربتِ سرکارِ محمدؐ * ۱۹۵

۲،۲۸۱- شہ سوارِ میدانِ سیاست — سیاست کے میدان کا شہ سوار
فصاحت میں روشن مثالِ نَہار ☆ ۱۴۴

۲،۲۹۲- شہر یارِ اِرَم — تاجدارِ اُمَم، شہر یارِ اِرَم
سرورِ ماسِوا، مصطفیٰ، مصطفیٰ — * ۱۸۹

۲،۲۹۳- شہر یارِ کونَین — سیادت میں کونَین کا شہریار
قیادت میں نوعِ بشر کا وقار — ☆ ۱۴۴

۲،۲۹۴- شہر یارِ مکان ولامکاں — سلام اُن پر کہ جو ہیں محوَرِ لیل و نہار
مکان ولامکاں کی سلطنت کے شہر یار — ❖ ۱۱۶

۲،۲۹۵- شہسوارِ جہاں — شبِ اِسراء مِلی جو دعوتِ پروردگار
تو پہنچا آسماں پر یوں جہاں کا شہسوار — ❖ ۱۱۸

۲،۲۹۶- شہکارِ ازل — سلام اُن پر جو شہکارِ ازل، محبوبِ رَبّ ہیں
ہیں نُور اوّلیں، تخلیقِ عالَم کا سبب ہیں — ○ ۱۳۷

۲،۲۹۷- شہکارِ حسیں — سلام اُن سیّدِ کونَین پر، ذاتِ مکیں پر
ہُنر کارِ زمانِ کُن کے شہکارِ حسیں پر — ○ ۸۲

۲،۲۹۸- شہکارِ ربُّ العالَمین — نازش و شہکارِ ربُّ العالَمین
رَحمتً لِلعٰلَمیں، شانِ وحید — * ۱۵۴

۲،۲۹۹- شہکارِ مُفَخَّر — سلام اُن پر وہ دستِ حق کے شہکار مُفَخَّر[۱]
رسولوں اور نبیوں میں جو ہیں سب سے موَقَّر — ○ ۸۷

۲،۳۰۰- شہیدِ بزمِ حق — سلام اُن شاہدِ اوّل پہ ہو جو نکتہ داں ہیں
شہیدِ بزمِ حق ہیں، اور حق کے ترجماں ہیں — ○ ۱۴۴

۲،۳۰۱- شہیدِ خلوتِ ربِّ جلیل — تُو شہیدِ جلوہ گاہِ خَلوتِ ربِّ جلیل
کون ہے تیرے سِوا اَسرارِ ایزد کا امیں — * ۲۱۷

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- مُفَخَّر: قابلِ فخر، مایۂ ناز

۲،۳۰۲- شہید و شاہد — گُلِ فضیلت، گُلِ سعادت
شہید و شاہد، تبِ شہادت — ۲۸۷ *

۲،۳۰۳- شہید و شاہد و مشہود — سلام اُن پر جو احمدؐ ہیں، محمد مصطفیٰؐ ہیں
شہید و شاہد و مشہود و ممدوحِ خدا ہیں — ۱۳۲ ○

۲،۳۰۴- شہیر و نا موَر — سلام اُن پر، نہیں جن سا شہیر و نا موَر بھی
فقیرِ بے غرض بھی وہ، جہاں کے تاجوَر بھی — ۱۶۴ ○

۲،۳۰۵- شیرازہ بندِ عالَم — اُسی سے بزمِ جہاں مُنظّم
وہی ہے شیرازہ بندِ عالَم — ۲۸۴ *

۲،۳۰۶- شیریں خصائل — سلام اُن پر کہ جو ہیں قاطعِ زہرِ ہلاہل
دلوں کو شہد کر دیتے ہیں وہ شیریں خصائل — ۱۰۵ ○

۲،۳۰۷- شیریں دہَن — سلام اُن پر مرا، جو داعیءِ شیریں دہَن ہیں
ہے جن کی گفتگو ریشم مگر عالی ہے آہنگ — ۱۰۲ ○

۲،۳۰۸- شیریں دہَن — سلام اُن پر جو مُعجز چشم ہیں، شیریں دِہَن ہیں
زبانِ خالقِ قدُوس ہیں، شیریں سخَن ہیں — ۱۴۸ ○

۲،۳۰۹- شیریں سخن — سلام اُن پر جو مُعجز چشم ہیں، شیریں دِہَن ہیں
زبانِ خالقِ قدُوس ہیں، شیریں سخَن ہیں — ۱۴۸ ○

۲،۳۱۰- شیریں سخن — اُسی سے ہے رنگ و بہارِ چمن
وہ شیریں شمائل و شیریں سخن — ۱۳۸ ☆

۲،۳۱۱- شیریں شمائل — اُسی سے ہے رنگ و بہارِ چمن
وہ شیریں شمائل و شیریں سخن — ۱۳۸ ☆

۲،۳۱۲- شیریں مقالِ زندگی
کہاں اُن سا کوئی شیریں مقالِ زندگی
وہی ہیں چارۂ دَرد و ملالِ زندگی ۲۰۵ ❖

۲،۳۱۳- شیریں نام
سلام اُن پر کہ جن کے نام سے شیریں ہیں لب
مدارِ لفظ و معنیٰ، مِحوَرِ شعر و ادب ۸۵ ❖

۲،۳۱۴- شیشہ بدن
سلام اُن پر جو تاریکی میں سورج کی کِرَن ہیں
صفا دل، رشکِ آئینہ نظر، شیشہ بدن ہیں ۱۴۸ ○

ص:

۲،۳۱۵- صابر بہ رضا
سلام اُن پر رِضائے حق پہ جو دائم تھے شاکر
صعوبت، صدمہ و اندوہ اور کُلفت میں صابر ۹۱ ○

صاحِب صلی اللہ علیہ وسلّم

۲،۳۱۶- صاحِب
سلام اُن پر جو محفل کی مراد و مُدّعا ہیں
خلیل و صاحِب و مختار[۱] و موصولِ خدا ہیں ۱۳۳ ○

۲،۳۱۷- صاحِبِ آبِ تسنیم و کوثر
صاحبِ آبِ تسنیم و کوثر
شافعِ مُذنبیں روزِ محشر ۲۳۴ *

۲،۳۱۸- صاحِبِ آیاتِ بَیّن
صاحبِ آیاتِ بَیّن، دینِ فطرت کے امیںؑ
گلشنِ احسان، نہرِ جُود، جوئے انگبیں ۲۶۴ *

۲،۳۱۹- صاحِبِ آیاتِ قرآن
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ آیاتِ قرآں
دلیل و داعی و ہادی و سرخیلِ رسولاں ۱۱۸ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱۔ مختار: منتخب، پسندیدہ

۲،۳۲۰- صاحِبِ اِحساں — سلام اے صاحِبِ احساں اِدھر بھی اِک نظر ہو
بڑی مدّت سے نظریں ہیں تری جانب گدا کی — ۱۲۸ ○

۲،۳۲۱- صاحِبِ اِحسان — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ احسان سچ
ہدایت دی، یقیں بخشا، دیا ایمان سچ — ۱۰۶ ❖

۲،۳۲۲- صاحِبِ اَحکام — سلام اُن پر کہ جو ہیں جامعِ اقوام سچ
وہی آقا، وہی ہیں صاحبِ اَحکام سچ — ۱۰۴ ❖

۲،۳۲۳- صاحِبِ اَدب و آداب — سلام اُن صاحبِ حُرمت پہ سب حُرمت ہے جن کی
اَدب آداب جن کے ہیں، ہر اِک عظمت ہے جن کی — ۱۸۲ ○

۲،۳۲۴- صاحِبِ اِذنِ حقیقت — سلام اُن پر ہیں تنہا حامِلِ وزنِ حقیقت
امینِ رازِ کُن ہیں، صاحبِ اِذنِ حقیقت — ۷۷ ○

۲،۳۲۵- صاحِبِ اِذنِ شفاعت — مِلا حق سے اُن کو جو اِذنِ شفاعت
تو وہ دستِ حق کی عطا بن کے نکلے — ۱۳۵ *

۲،۳۲۶- صاحِبِ اِذنِ شَفاعت — پھر اُن کے سر پہ تاجِ رحمتِ عالم سجایا
دیا اِذنِ شفاعت، لطف کا پرچم تھمایا — ۵۴ ○

۲،۳۲۷- صاحِبِ اِذنِ شَفاعت — سلام اُن پر سُخن جن کا ہے فردَوسِ سماعت
دیا ہے ربِّ غافر نے جنہیں اِذنِ شفاعت — ۶۸ ○

۲،۳۲۸- صاحِبِ اِذنِ شَفاعت — سلام اُن پر وہی ہیں صاحبِ اِذنِ شَفاعت
بروزِ حشر مسلّم سب تقاضائی ہیں جن کے — ۲۰۰ ○

۲،۳۲۹- صاحِبِ اِذنِ شَفاعت — اَلسَّلام اے صاحبِ اِذنِ شَفاعت اَلسَّلام
اَلسَّلام اے خاتَمِ وَحی و نبوت اَلسَّلام — ۵۶ ❖

۲،۳۳۰- صاحِبِ ارشاد و دعوت	سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت صراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حکمت	٦٧ ○
۲،۳۳۱- صاحِبِ اعلیٰ المَراتِب	سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ اعلیٰ المَراتِب اِطاعت جن کی ٹھہری ہے خدا کے ساتھ واجِب	٦۴ ○
۲،۳۳۲- صاحِبِ افزائش واقبال	سلام اُن صاحبِ کوثر پہ ہر کثرت ہے جن کی کرَم، افزائش و اقبال ہر برکت ہے جن کی	۱۸۳ ○
۲،۳۳۳- صاحِبِ اِکرام	سلام اے صاحِبِ بخشائش و اِکرام و غُفراں سلام اے سر بسر رحمت، مجسّم مِہر و اِحساں	۱۱۱ ○
۲،۳۳۴- صاحِبِ اِکرام و غُفراں	سلام اے صاحِبِ بخشائش و اِکرام و غُفراں سلام اے سر بسر رحمت، مجسّم مِہر و اِحساں	۱۱۱ ○
۲،۳۳۵- صاحِبِ امُّ الکتاب	سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ اُمُّ الکتاب نظامِ کُن کا جن کے نام سے ہے انتساب	۸۱ ❖
۲،۳۳٦- صاحِبِ امر	سلام اُن پر جو ہیں میرِ نظامِ ہر دو عالم نبوّت، رُشد، امر و سلطنت جن کے لیے ہے	۲۱۹ ○
۲،۳۳۷- صاحِبِ امر و نواہی	سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ امر و نواہی مٹا دیتے ہیں دل سے جو گناہوں کی سیاہی	۱۸۹ ○
۲،۳۳۸- صاحِبِ انوار	سلام اُن رہبرِ یکتا، سراجُ السّالِکیں پر سراپا صاحِبِ انوار، شمس العارِفیں پر	۸۳ ○
۲،۳۳۹- صاحِبِ ایثار	سلام اے صاحبِ ایثار و حِلم و جُود و شفقت سلام اے موجۂ عفو و عطا و رَوح و رَیحاں [۱]	۱۱۲ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ۔ (۵٦۔ الواقعہ۔ ۸۹) رحمت اور خوشبو، (نیز مغفرت و آرام) اور جنتِ نعیم ہے۔

۲،۳۴۰- صاحبِ بخشایش — سلام اے صاحبِ بخشائش و اکرام و غُفراں
سلام اے سر بسر رحمت، مجسّم مِہر و اِحساں ○ ۱۱۱

۲،۳۴۱- صاحبِ بُرہاں — حاملِ قرآں، صاحبِ بُرہاں
کفر و ہُدیٰ میں سرحدِ فرقاں ❖ ۴۹

۲،۳۴۲- صاحبِ بُرہان و حُجّت — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ بُرہان و حُجّت
جو ہیں میرِ مقالیدِ اُمورِ عِلم و حکمت ○ ۶۸

۲،۳۴۳- صاحبِ بزمِ کائنات — سلام اُن پر ہے جن کے دم سے بزمِ کائنات
ہے جن کی رحمت و بعثت محیطِ شش جہات ❖ ۹۲

۲،۳۴۴- صاحبِ تسنیم و کوثر — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ تسنیم و کوثر
بدستِ خاص محشر میں وہ دیں گے جام بھر بھر ○ ۸۶

۲،۳۴۵- صاحبِ تمکین و تحسیں — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ تمکین و تحسیں
خیالاتِ پریشاں کے لیے سامانِ تسکیں ○ ۱۳۰

۲،۳۴۶- صاحبِ تیغِ شجاعت — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ تیغِ شجاعت
کفیل و مشفق و ماموںِ جملہ بے بضاعت ○ ۶۸

۲،۳۴۷- صاحبِ جاہ و حشَم — سلام اُن پر جو اصلاً صاحبِ جاہ و حشَم ہیں
رفیقِ ربِّ اعلیٰ، واقفِ لَوح و قلَم ہیں ○ ۱۴۲

۲،۳۴۸- صاحبِ جلال و جاہ — سلام اُن صاحبِ حشمت پہ سب حشمت ہے جن کی
جلال و جاہ بھی جن کے ہیں، سب شوکت ہے جن کی ○ ۱۸۲

۲،۳۴۹- صاحبِ جلال و رعب — سلام اُن پر جو ہیں مختارِ ہر تمکین و قوّت
جلال و رعب و حرب و مصلحت جن کے لیے ہے ○ ۲۱۹

۲،۳۵۰- صاحِبِ جملہ معجزات — صدرِ جہانِ ممکنات صاحبِ جملہ معجزات ۴۱ ❖

۲،۳۵۱- صاحِبِ جُودوسخا — وہی رہبر و ہادی و حق نما
وہی صاحبِ لطف وجُود و سخا ۱۴۹ ☆

۲،۳۵۲- صاحِبِ جُودوسخا — سلام اُس صاحِبِ جُود و سخا، لُطف و عطا پر
معلّم، راہ بر، سرچشمہءِ فہم و ذکا پر ۷۹ ○

۲،۳۵۳- صاحِبِ جُودوشفقت — سلام اے صاحِبِ ایثار و حِلم وجُود و شفقت
سلام اے موجہ عفو و عطا و رَوح و رَیحاں[۱] ۱۱۲ ○

۲،۳۵۴- صاحِبِ جُودوعطا — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ جُود و عطا
خدا سے بخشوائیں گے مری اِک اِک خطا ۷۸ ❖

۲،۳۵۵- صاحِبِ جُودوکَرَم — والیِ ہر دو حَرَم سے جا کے پھر کہنا سلام
صاحبِ جُودوکَرَم سے جا کے پھر کہنا سلام ۶۷ ❖

۲،۳۵۶- صاحِبِ جُودوکَرَم — سلام اے صاحِبِ جُودوکَرَم اے موجِ غُفراں
اجازت رَبّ نے بخشی ہے تجھے عَفوِ خطا کی ۱۷۸ ○

۲،۳۵۷- صاحِبِ جَودت — سلام اُن صاحِبِ جَودت پہ ہرجَودت ہے جن کی
خلوص و بخشش وحُسنِ کَرَم عادت ہے جن کی ۱۸۳ ○

۲،۳۵۸- صاحِبِ حُجّت — سلام اُن صاحبِ حُجّت پہ، برہانِ مُبیں پر
دلیلِ زندگی پر، حامِلِ دینِ متیں پر ۸۲ ○

۲،۳۵۹- صاحِبِ حُجّت آخر — سلام اُن صاحِبِ عزمت پہ سب سَطوَت ہے جن کی
حکومت بھی ہے جن کی، آخری حُجّت ہے جن کی ۱۸۲ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمہ سلام ○ زمزمہ دُرود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ۔ (۵۶۔الواقعہ۔۸۹) رحمت اور خوشبو، (نیز مغفرت و آرام) اور جنتِ نعیم ہے۔

۲،۳۶۰- صاحبِ حرب و مَصلَحَت — سلام اُن پر جو ہیں مختارِ ہر تمکین و قوّت
جلال و رعب و حرب و مَصلَحَت جن کے لیے ہے — ۲۱۹ ○

۲،۳۶۱- صاحبِ حرفِ ایمانِ واثق — سلام اُن پر ہے جن کا حرفِ لَب ایمانِ واثق
وہی ہیں صاحبِ قرآں، وہی قرآنِ ناطِق — ۹۹ ○

۲،۳۶۲- صاحبِ حُرمت — سلام اُن صاحبِ حُرمت پہ سب حُرمت ہے جن کی
اَدب آداب جن کے ہیں، ہر اِک عظمت ہے جن کی — ۱۸۲ ○

۲،۳۶۳- صاحبِ حُسنِ کرَم — سلام اُن صاحبِ جَودت پہ ہر جَودت ہے جن کی
خلوص و بخشش و حُسنِ کرَم عادت ہے جن کی — ۱۸۳ ○

۲،۳۶۴- صاحبِ حُسنِ لازوال — صاحبِ حُسنِ لازوال
خُلق و خُلوص کا کمال — ۴۵ ❖

۲،۳۶۵- صاحبِ حُسن و جمال — سلام اُن پر جو ہیں محبوبِ ربِّ ذُوالجلال
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ حُسن و جمال — ۱۲۴ ❖

۲،۳۶۶- صاحبِ حشمت — سلام اُن صاحبِ حشمت پہ سب حشمت ہے جن کی
جلال و جاہ بھی جن کے ہیں، سب شوکت ہے جن کی — ۱۸۲ ○

۲،۳۶۷- صاحبِ حقُ الیقیں — سلام اُن صاحبِ عینُ الیقیں، حقُ الیقیں پر
مُنیرِ راہِ فطرت، حاصلِ دنیا و دیں پر — ۸۲ ○

۲،۳۶۸- صاحبِ حُکمِ شریعت — اے یتیم و اُمّی و مظلوم و مہجورِ وطن
بحرِ علم و صاحبِ حُکمِ شریعت اَلسَّلام — ۵۷ ❖

۲،۳۶۹- صاحبِ حکمت — سلام اُن صاحبِ حکمت پہ سب حکمت ہے جن کی
بساطِ علم و فن میں بے کراں وُسعت ہے جن کی — ۱۸۱ ○

۲،۳۷۰- صاحبِ حکومت
سلام اُن صاحبِ عزمت پہ سب سَطوَت ہے جن کی
حکومت بھی ہے جن کی، آخری حجّت ہے جن کی ○ ۱۸۲

۲،۳۷۱- صاحبِ حِلم
سلام اے صاحبِ ایثار وحِلم وجُود و شفقت
سلام اے موجۂ عفو و عطا و رَوح و رَیحاں ○ ۱۱۲

۲،۳۷۲- صاحبِ خاتَم
سلام اُن صاحبِ خاتَم پہ جو ختمِ رُسُل ہیں
دیئے سے جن کے روشن سب خم و پیچِ سُبُل ہیں ○ ۱۴۱

۲،۳۷۳- صاحبِ خِلعَتِ سبعِ مثانی
صاحبِ خِلعَتِ سبعِ مثانی
حرفِ سخن ہے گنجِ معانی ❖ ۴۹

۲،۳۷۴- صاحبِ خُلقِ عظیم
مجتبیٰ و مرتضیٰ و صاحبِ خُلقِ عظیم
شاہد و مشہودِ حق اے سائرِ عرشِ بریں * ۱۰۸

۲،۳۷۵- صاحبِ خُلقِ عُلا
سلام اُن پر ہے جن سے رونقِ بیتِ عتیق
کہاں اُن صاحبِ خُلقِ عُلا جیسا خلیق ❖ ۱۶۶

۲،۳۷۶- صاحبِ خُلق و کمال
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ خُلق و کمال
سلام اُن پر نہیں کونین میں جن کی مثال ❖ ۱۷۴

۲،۳۷۷- صاحبِ خُلق ومُرَوّت
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ خُلق ومُرَوّت
سراپا رحمت و جُود و کَرَم، لطف و محبت ○ ۷۰

۲،۳۷۸- صاحبِ خلوص و بخشش
سلام اُن صاحبِ جَودت پہ ہر جَودت ہے جن کی
خلوص و بخشش و حُسنِ کَرَم عادت ہے جن کی ○ ۱۸۳

۲،۳۷۹- صاحبِ خَیر
آپؐ خیر البشرؐ، آپؐ ختمُ الرُّسُل
صاحبِ خَیر، خیرُالوریٰ آپؐ ہیں * ۱۶۰

۲،۳۸۰- صاحِبِ خَیر وصَوَاب — سلام اے صاحِبِ خَیر و صَوَاب و شہرِ خوبی
سلام اے منبعِ علم و شعور و فکرِ تاباں ○ ۱۱۲

۲،۳۸۱- صاحِبِ دستارِ جَودت — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ معراج و رِفعت
رفیعُ المرتبت اور صاحبِ دستارِ جَودت ○ ۶۸

۲،۳۸۲- صاحِبِ دعوت — سلام اُن صاحِبِ دعوت پہ سب دعوت ہے جن کی
پیام اُن کا، کتاب اُن کی ہے، سب رحمت ہے جن کی ○ ۱۸۱

۲،۳۸۳- صاحِبِ دل — سلام اُن صاحبِ دل پر جو ہیں رحمت لقب
مٹائے جن کی رحمت نے مرے رنج وتعَب ✣ ۸۵

۲،۳۸۴- صاحِبِ دوعالَم — سلام اُن پر ہو جو ہیں صاحبِ معراج و تاج
جنہیں اللہ نے بخشا ہے دو عالم کا راج ✣ ۹۹

۲،۳۸۵- صاحِبِ رحمت — اِک حرفِ شفاعت، عفوِ خطا
اے صاحِبِ رحمت و لطف و عطا * ۱۷۴

۲،۳۸۶- صاحِب رِدا — سلام اُس میرِ لشکر، پیشوا، صاحِب لِوا پر
سحابِ سایہ گستر، مہرباں، صاحِب رِدا پر ○ ۷۹

۲،۳۸۷- صاحِب رِدا — سلام اُن پر جو مُزَّمِّل ہیں جو صاحِب رِدا ہیں ○ ۱۳۶
انہیں سے حشر میں ہم طالبِ ظلِّ عَبا ہیں

۲،۳۸۸- صاحِبِ رُشد — سلام اُن پر جو ہیں میرِ نظامِ ہر دوعالم
نبوّت، رُشد، امر و سلطنت جن کے لیے ہے ○ ۲۱۹

۲،۳۸۹- صاحِبِ رُشدِ کجِ خیالاں — سلام اے قاطِعِ ہر مُنکر و کفر و بغاوت
سلامِ اے صاحِبِ معروف و رُشدِ کجِ خیالاں ○ ۱۱۶

۲،۳۹۰- صاحبِ رُشد و ہدایت — حکمت و دانش کے تیرے لب سے کھُلتے ہیں رُموز
صاحبِ رُشد و ہدایت، رہبرِ دنیا و دیں — ۲۶۴ *

۲،۳۹۱- صاحبِ رِفعَت — سلام اُن صاحبِ رِفعَت پہ سب رِفعَت ہے جن کی
کمالِ مرتبہ جن کے لیے، صفوَت ہے جن کی — ۱۸۱ ○

۲،۳۹۲- صاحبِ رِفعَتِ مُسلَّم — وہ صاحبِ رِفعَتِ مُسلّم
زمین و افلاک میں مُعظَّم — ۲۸۴ *

۲،۳۹۳- صاحبِ سَطوَت — سلام اُن صاحبِ عزمت پہ سب سَطوَت ہے جن کی
حکومت بھی ہے جن کی، آخری حُجَّت ہے جن کی — ۱۸۲ ○

۲،۳۹۴- صاحبِ سلطنت — سلام اُن پر جو ہیں میرِ نظامِ ہر دو عالم
نبوّت، رُشد، امر و سلطنت جن کے لیے ہے — ۲۱۹ ○

۲،۳۹۵- صاحبِ سیادتِ مُسلَّم — سلام اُن پر سیادت جن کی ہے سب پر مُسلَّم
چراغِ جادۂ ایماں، ضیائے حق مُجسَّم — ۱۰۷ ○

۲،۳۹۶- صاحبِ سیف و علَم — سلام اُن پر، وہی، جو صاحبِ سیف و علَم ہیں
وہی جو سَیِّدِ ملکِ عرب، شاہِ عَجَم ہیں — ۱۴۳ ○

۲،۳۹۷- صاحبِ شرَف — سلام اُن صاحبِ عزّت پہ سب عزّت ہے جن کی
شرَف اُن کا، وَقار اُن کا ہے سب وَقعَت ہے جن کی — ۱۸۲ ○

۲،۳۹۸- صاحبِ شفقت — سلام اُن صاحبِ شفقت پہ سب شفقت ہے جن کی
طلبگارِ شفاعت حشر میں اُمّت ہے جن کی — ۱۸۳ ○

۲،۳۹۹- صاحبِ شوکت — سلام اُن صاحبِ حشمت پہ سب حشمت ہے جن کی
جلال و جاہ بھی جن کے ہیں، سب شوکت ہے جن کی — ۱۸۲ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۲،۴۰۰- صاحبِ صبر و رِضا — سلام اُن پر ہو ا، جو صاحبِ صبر و رِضا ہیں
جو ہر اک حال میں پابندِ منشائے خدا ہیں ○ ۱۳۶

۲،۴۰۱- صاحبِ صبر و رِضا — سلام اُس ذات پر جو صاحبِ صبر و رِضا ہے
توکّل میں تشکُّر میں قناعت میں ہوا ہے ○ ۲۰۱

۲،۴۰۲- صاحبِ صراطِ مستقیم — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت
صراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حکمت ○ ٦۷

۲،۴۰۳- صاحبِ صفْوَت — سلام اُن صاحبِ رفعت پہ سب رفعت ہے جن کی
کمالِ مرتبہ جن کے لیے، صفْوَت ہے جن کی ○ ۱۸۱

۲،۴۰۴- صاحبِ عِزّ و شرف — سلام اے صاحبِ عِزّ و شرف اے عرش جاہی
سلام اے اِسراء و معراج کے بے مِثل راہی ○ ۱۸۸

۲،۴۰۵- صاحبِ عزت — سلام اُن صاحبِ عزّت پہ سب عزّت ہے جن کی
شرَف اُن کا، وَقار اُن کا ہے سب وَقعَت ہے جن کی ○ ۱۸۲

۲،۴۰٦- صاحبِ عزمُ الاُمور — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ عزمُ الاُمور
نئی ہمت نئی قدروں کا ہے جن سے شعور ❖ ۱۲۴

۲،۴۰۷- صاحبِ عَزمِ مُصمَّم — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ عَزمِ مُصمَّم
قدم تقدیرِ دَوراں چومتی ہے جن کے پیہم ○ ۱۰۷

۲،۴۰۸- صاحبِ عَزمت — سلام اُن صاحبِ عَزمت پہ سب سَطوَت ہے جن کی
حکومت بھی ہے جن کی، آخری حُجّت ہے جن کی ○ ۱۸۲

۲،۴۰۹- صاحبِ عطا — سلام اُن پر سخی جن سا نہ گزرا ہے نہ ہو گا
عطا، غُفراں، عِنایت، مَوہبت جن کے لیے ہے ○ ۲۱۹

۲،۴۱۰- صاحِبِ عظمت — سلام اُن صاحبِ حُرمت پہ سب حُرمت ہے جن کی
اَدب آداب جن کے ہیں، ہر اِک عظمت ہے جن کی ○ ۱۸۲

۲،۴۱۱- صاحِبِ عَفو و خطا — اِک حرفِ شفاعت، عفوِ خطا
اے صاحِبِ رحمت و لطف و عطا * ۱۷۴

۲،۴۱۲- صاحِبِ عَفو و خطا — سلام اے صاحِبِ جُود و کرَم اے موجِ غُفراں
اجازت رَبّ نے بخشی ہے تجھے عَفوِ خطا کی ○ ۱۷۸

۲،۴۱۳- صاحِبِ عُقبیٰ — مُرشدِ اَولیٰ، مُصلحِ دَوراں
صاحِبِ عُقبیٰ، دافعِ عِصیاں ❖ ۵۰

۲،۴۱۴- صاحِبِ عِلمِ شَفاعت — حق تعالیٰ نے جسے بخشا شَفاعت کا عِلم
السَّلام اے سیدِ ملکِ عرب، شاہِ عَجم ❖ ۶۷

۲،۴۱۵- صاحِبِ عِلم و حِکَم — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ عِلم و حِکَم
انہیں کو رَب نے ٹھہرایا ہے قسّامِ نِعَم ❖ ۱۷۸

۲،۴۱۶- صاحِبِ عِلم و حکمت — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ ارشاد و دعوت
صراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حکمت ○ ۶۷

۲،۴۱۷- صاحِبِ عِنایت — سلام اُن پر سخی جن سا نہ گزرا ہے نہ ہو گا
عطا، غُفراں، عِنایت، مَوہبت جن کے لیے ہے ○ ۲۱۹

۲،۴۱۸- صاحِبِ عین الیقیں — سلام اُن صاحِبِ عینُ الیقیں، حقُ الیقیں پر
مُنیرِ راہِ فطرت، حاصلِ دنیا و دیں پر ○ ۸۲

۲،۴۱۹- صاحِبِ غُفراں — سلام اے صاحِبِ بخشائش و اِکرام و غُفراں
سلام اے سربسر رحمت، مجسّم مِہر و اِحساں ○ ۱۱۱

۲،۴۲۰- صاحِبِ غُفراں
سلام اُن پر سخی جن سا نہ گزرا ہے نہ ہو گا
عطا، غُفراں، عِنایت، مَوہبت جن کے لیے ہے ○ ۲۱۹

۲،۴۲۱- صاحِبِ فضل و نِعَم
جو ہیں اُمّی لقب، پر مصدرِ علم و حِکَم ہیں
بشیرِ خوش ادا ہیں، صاحبِ فضل و نِعَم ہیں ○ ۱۴۲

۲،۴۲۲- صاحِبِ فکر و عزیمت
سلام اُن پر ہے جن سے دو جہاں کی زیب و زینت
اولوالعزم و متین و صاحبِ فکر و عزیمت ○ ۷۳

۲،۴۲۳- صاحِبِ قرآں
سلام اُن پر ہے جن کا حرفِ لَب ایمانِ واثق
وہی ہیں صاحِبِ قرآں، وہی قرآنِ ناطِق ○ ۹۹

۲،۴۲۴- صاحِبِ قُرب
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ قُرب و وسیلہ
نظر میں جن کی سب انساں ہیں افرادِ قبیلہ ○ ۱۵۹

۲،۴۲۵- صاحِبِ قُطبَیں
جہانِ دل کے مِحوَر ہیں، مدارِ ہر کشش ہیں
سلام اُن پر جو ہیں قُطبِ جہاں، قطبَین جن کے ○ ۱۹۷

۲،۴۲۶- صاحِبِ قلبِ عفیف
سلام اُن پر ہے جن کا ظاہر و باطن شفیف[1]
سراپا لطف، مسلّم، صاحبِ قلبِ عفیف[2] ❖ ۱۶۴

۲،۴۲۷- صاحِبِ قلمدانِ شَفاعت
سلام اے صاحبِ لطف و عطا، بخشش کے عنوان
تجھے اللہ نے بخشا شَفاعت کا قلمداں ○ ۱۱۰

۲،۴۲۸- صاحِبِ قوّت
سلام اُن پر نہیں میدان میں جن سا دِلاور
جواں مرد و دلیر و صاحِبِ قوّت، تناور ○ ۸۹

۲،۴۲۹- صاحِبِ قوّت
سلام اُن صاحِبِ قوّت پہ سب قوّت ہے جن کی
ہجومِ باطل و اِلحاد پر ہیبت ہے جن کی ○ ۱۸۲

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- شفیف: شفاف، ایسا پردہ جس سے اندر کی چیز جھلکے
۲- عفیف: طاہر، پاکدامن

۲،۴۳۰- صاحبِ کرسیِ شرَف — صاحبِ کرسیِ شرَف لعل ہے پاؤں کی خزف ۴۴ ✣

۲،۴۳۱- صاحبِ کرَم — سلام اُن صاحبِ کوثر پہ ہر کثرت ہے جن کی
کرَم، افزائش و اقبال ہر برکت ہے جن کی ۱۸۳ ○

۲،۴۳۲- صاحبِ کمالِ مرتبہ — سلام اُن صاحبِ رفعت پہ سب رفعت ہے جن کی
کمالِ مرتبہ جن کے لیے، صفوَت ہے جن کی ۱۸۱ ○

۲،۴۳۳- صاحبِ کوثر — سلام اُن صاحبِ کوثر پہ ہر کثرت ہے جن کی
کرم، افزائش و اقبال ہر برکت ہے جن کی ۱۸۳ ○

۲،۴۳۴- صاحبِ لطف — وہی رہبر و ہادی و حق نما
وہی صاحبِ لطف و جُود و سخا ۱۴۹ ☆

۲،۴۳۵- صاحبِ لطف و عطا — اِک حرفِ شفاعت، عَفوِ خطا
اے صاحبِ رحمت و لطف و عطا ۱۷۴ *

۲،۴۳۶- صاحبِ لطف و عطا — سلام اُس صاحبِ جُود و سخا، لُطف و عطا پر
معلِّم، راہ بر، سرچشمۂ فہم و ذکا پر ۷۹ ○

۲،۴۳۷- صاحبِ لطف و عطا — سلام اے صاحبِ لطف و عطا، بخشش کے عنواں
تجھے اللہ نے بخشا شفاعت کا قلمداں ۱۱۰ ○

۲،۴۳۸- صاحبِ لطف و غِنا — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ لطف و غِنا
کبھی فیضانِ رحمت کو نہیں جن کے فنا ۷۹ ✣

۲،۴۳۹- صاحبِ لِوا — حشر میں سائبانِ اماں
اُنؐ سا صاحبِ لِوا اَور کون ۱۶۲ *

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ✣ — کاروانِ حرم ☆

۲،۴۴۰- صاحِب لِوا
سلام اُس میرِ لشکر، پیشوا، صاحِب لِوا پر
سحابِ سایہ گُستر، مہرباں، صاحِب رِدا پر ○ ۷۹

۲،۴۴۱- صاحِب لِوا
سلام اُن پر جو میرِ قافلہ، صاحِب لِوا ہیں
بھٹکتے کارواں کے واسطے بانگِ دَرا ہیں ○ ۱۳۵

۲،۴۴۲- صاحِبِ لَولاک
صاحبِ لَولاک تُو ہی، تُو ہی روحِ کائنات
زندگی کے جسم میں تجھ سے حرارت اَلسَّلام ❖ ۵۷

۲،۴۴۳- صاحِبِ لَولاک
اے صبا کہنا سلام اُس صاحِبِ لَولاک سے
حالِ دل کہنا مرا اُس سائرِ اَفلاک سے ❖ ۶۶

۲،۴۴۴- صاحِبِ لَولاک
آنکھوں میں اشک ہائے ندامت لیے ہوئے
مسلمؔ گدائے صاحِبِ لَولاک ہو گیا ✿ ۱۲۸

۲،۴۴۵- صاحِبِ مَرحمَت
سلام اُن پر کہ جو ہیں مجمعِ اِتمامِ نعمت
حریمِ عرش سے ہر مَرحمَت جن کے لیے ہے ○ ۲۱۸

۲،۴۴۶- صاحِبِ معجزات
محمدؐ کہ ہے واقفِ مضمرات
ہے اصلاً وہی صاحِبِ معجزات ☆ ۱۵۶

۲،۴۴۷- صاحِبِ معراج
جا کے یوں کہیو سلام اُس صاحِبِ معراج سے
اُس امامِ انبیاء سلطانِ تخت و تاج سے ❖ ۶۸

۲،۴۴۸- صاحِبِ معراج و تاج
سلام اُن پر ہو جو ہیں صاحِبِ معراج و تاج
جنہیں اللہ نے بخشا ہے دو عالم کا راج ❖ ۹۹

۲،۴۴۹- صاحِبِ معراج و رِفعَت
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ معراج و رِفعَت
رفیعُ المرتبت اور صاحبِ دستارِ جَودت ○ ۶۸

۲،۴۵۰- صاحبِ معروف
سلام اے قاطعِ ہر مُنکر و کفر و بغاوت
سلام اے صاحبِ معروف و رُشدِ کج خیالاں ○ ۱۱۶

۲،۴۵۱- صاحبِ منہاج
سلام اے صاحبِ منہاج و واقف کارِ منزل
سلام اے گمرہانِ بے بِضاعت کے نگہباں ○ ۱۱۲

۲،۴۵۲- صاحبِ موہَبت
سلام اُن پر سخی جن سا نہ گزرا ہے نہ ہو گا
عطا، غُفران، عِنایت، مَوہَبت جن کے لیے ہے ○ ۲۱۹

۲،۴۵۳- صاحبِ نبوّت
سلام اُن پر جو ہیں میرِ نظامِ ہر دو عالم
نبوّت، رُشد، امر و سلطنت جن کے لیے ہے ○ ۲۱۹

۲،۴۵۴- صاحبِ نعمت
سلام اُن پر، نہیں ہے دوسرا ایں جن کا ہمسر
وہی ہیں صاحبِ نعمت، شفیعِ روزِ محشر ○ ۸۵

۲،۴۵۵- صاحبِ نعمت
سلام اُن صاحبِ نعمت پہ سب نعمت ہے جن کی
وہی عَینِ النّعیمِ رب ہیں، یہ شہرت ہے جن کی ○ ۱۸۳

۲،۴۵۶- صاحبِ نُور
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت
صراطِ مستقیم و نُور و عقل و علم و حکمت ○ ۶۷

۲،۴۵۷- صاحبِ نُور و عقل
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت
صراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حکمت ○ ۶۷

۲،۴۵۸- صاحب و مختار
سلام اُن پر جو محفل کی مراد و مُدّعا ہیں
خلیل و صاحب و مختار و مَوصولِ خدا ہیں ○ ۱۳۳

۲،۴۵۹- صاحبِ وجوبِ اِطاعت
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ اعلیٰ المَراتِب
اِطاعت جن کی ٹھہری ہے خدا کے ساتھ واجِب ○ ۶۴

۲،۴۶۰- صاحِبِ وُسعتِ علم وفن — سلام اُن صاحِبِ حکمت پہ سب حکمت ہے جن کی
بساطِ علم و فن میں بے کراں وُسعت ہے جن کی ○ ۱۸۱

۲،۴۶۱- صاحِبِ وسیلہ — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحِبِ قرب و وسیلہ
نظر میں جن کی سب انساں ہیں افرادِ قبیلہ ○ ۱۰۹

۲،۴۶۲- صاحِبِ وَقار — سلام اُن صاحِبِ عزّت پہ سب عزّت ہے جن کی
شرَف اُن کا، وَقار اُن کا ہے سب وَقعَت ہے جن کی ○ ۱۸۲

۲،۴۶۳- صاحِبِ وَقعَت — سلام اُن صاحِبِ عزّت پہ سب عزّت ہے جن کی
شرَف اُن کا، وَقار اُن کا ہے سب وَقعَت ہے جن کی ○ ۱۸۲

۲،۴۶۴- صاحِب ہر برکت — سلام اُن صاحبِ کوثر پہ ہر کثرت ہے جن کی
کرَم، افزائش و اقبال ہر برکت ہے جن کی ○ ۱۸۳

۲،۴۶۵- صاحِب ہر عِزّ وجاہ — سلام اُن پر ہے جن کے واسطے ہر عِزّ و جاہ
گرامی قدر، والا مرتبت، والا نگاہ ❖ ۱۸۸

❁ ❁ ❁

۲،۴۶۶- صادِق — وہ مصدُوق ہے اور صادِق وہی
بظاہر مؤخَّر پہ سابِق وہی ☆ ۱۵۶

۲،۴۶۷- صادِق — صادِق و صِدق و امیں ہو
والیِ دنیا و دِیں ہو ❖ ۳۴

۲،۴۶۸- صادِق — سلام اُن پر کہ جو صادق ہیں، جن کا نام سچ
سراپا صِدق ہیں اُن کا ہے ہر پیغام سچ ❖ ۱۰۴

۲،۴۶۹- صادِق — سلام اُن پر جو ہیں صادِق، امیں، معصوم، اَطہر
بنی نَوعِ بشَر کے تا ابد سردار و سرَوَر ○ ۸۴

۲،۴۷۰- صادِق　　سلام اُن عادل و صادِق پہ جو میزانِ حق ہیں
زبان و دستِ حق، معیارِ حق، ایوانِ حق ہیں　۱۳۹ ○

۲،۴۷۱- صادِقُ الوَعدُ الامیں　سلام اُن پر کہ جو ہیں منبعِ صِدق و صَفا
وہی ہیں صادِقُ الوَعدُ الامیں، مہر وَفا　۷۹ ❖

۲،۴۷۲- صبائے بخشش　سلام اُن پر جو دشتِ حشر میں ٹھنڈی ہَوا ہوں
سلام اُن پر جو اِذنِ بخششِ ربّ کی صبا ہوں　۱۲۸ ○

۲،۴۷۳- صبائے عزم ویقیں　عزم ویقین کی صبا　صَلِّ علیٰ محمدٍ　۴۴ ❖

۲،۴۷۴- صبحِ ذکا
اے نُورِ حِکَم اے صبحِ ذکا
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ　۱۷۳ *

۲،۴۷۵- صبحِ عطا
تُو نُورِ ہُدیٰ تُو صُبحِ عطا
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ　۱۷۱ *

۲،۴۷۶- صبحِ نَو
صبحِ نو آپؐ، بادِ صبا آپؐ ہیں
نورِ اُمّید، موجِ رَجا آپؐ ہیں　۱۵۹ *

صَحرا کا پھول [1]

۲،۴۷۷- صَحرا کا پھول　روضۃ الجنت میں تاباں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول
سینکڑوں گلشن بداماں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول　۹۷ *

۲،۴۷۸- صَحرا کا پھول　وہ گُلِ صد فخرِ باغِ انبیاء، آبِ چمن
حاصلِ فصلِ بہاراں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول　۹۷ *

۱- عالمِ خواب میں دیکھا کہ میں ریاض الجنت میں ہوں، اور کان میں آواز آئی "صحرا کا پھول"۔ صبح اُٹھ کر یہ نعت ہوئی۔ (ابوالامتیاز)

صفحہ نمبر زَبورِ نعت *　زمزمۂ سلام ○　زمزمۂ درود ❖　کاروانِ حرم ☆

۲،۴۷۹- صَحرا کا پھول
دم بدم اللہ اور اُس کے فرشتوں کا سلام
سر بسر رحمت کا عنواں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۷

۲،۴۸۰- صَحرا کا پھول
ہے اُسی کے دم سے دشتِ کفر میں کشتِ ہُدا
تشنگاں کو ابرِ نیساں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۷

۲،۴۸۱- صَحرا کا پھول
بجھ گئیں شمعیں پرانی، خشک ہیں سوتے قدیم
سب ہیں پژمردہ، فروزاں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۸

۲،۴۸۲- صَحرا کا پھول
خَلوتِ انوارِ حق میں بھی وہ امت کا سوال
فکرِ گلشن میں پریشاں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۸

۲،۴۸۳- صَحرا کا پھول
حشر کی حِدّت میں بس اِک سایہ گُستر ہے وہی
مامَن و حفظِ فراواں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۸

۲،۴۸۴- صَحرا کا پھول
تھا جو مظلومِ ستم اِک دن حِصارِ کفر میں
کُفر کو خود برقِ سوزاں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۸

۲،۴۸۵- صَحرا کا پھول
مات سب طوفان و موج و صرصر و برق و سموم
لَم یزَل خوشبو بداماں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۸

۲،۴۸۶- صَحرا کا پھول
نور و نکہت سے منّور ہیں، مُعطّر ہیں قلوب
فرحت و شمعِ فروزاں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۸

۲،۴۸۷- صَحرا کا پھول
دلنواز و روح پرور، زیست بخش و نورِ عین
وحشتِ عصیاں کا درماں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۹

۲،۴۸۸- صَحرا کا پھول
زندگی ہے اہلِ دل کو نکہتِ برگِ لطیف
منکروں کو تیغِ بُرّاں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۹

۲،۴۸۹- صَحرا کا پھول
قلبِ مسلم پر وہ نکہت اور شفقت کی بہار
کفر کو خارِ مُغیلاں ہے وہ اِک صَحرا کا پھول * ۹۹

❁ ❁ ❁

۲،۴۹۰- صحیفۂ نجات
سلام اُن پر کہ پڑھتے ہیں مَلَک جن کا وظیفہ
وہی جو ہیں نجاتِ ابنِ آدم کا صحیفہ ○ ۱۵۹

۲،۴۹۱- صد رشکِ آفتاب
ہر نقشِ پا ہے آپ کا صد رشکِ آفتاب
ہر نقشِ پا کو آپ کے کرتا ہوں اِستلام * ۸۴

۲،۴۹۲- صد رُودِ فرہنگ
سلام اُن پر جو دانائے سُبُل، ختمِ رُسُل ہیں
وہ شہرِ علم، ہادِ انس و جاں، صد رُودِ فرہنگ ○ ۱۰۲

۲،۴۹۳- صد نکہت بداماں
سلام اُن پر پڑی جن سے بِنائے بزمِ اِمکاں
بہارِ گلشنِ توحید، صد نکہت بداماں ○ ۱۱۸

۲،۴۹۴- صدا دل کی
میرا جاہ و حشم، خاکِ کُوئے حرم
میرے دِل کی صِدا، مصطفےٰؐ، مصطفےٰؐ * ۱۸۸

۲،۴۹۵- صدائے دل
سلام اُن پر وہ ہر لمحہ مرے دل کی صدا ہوں
سلام اُن پر بہر لمحہ وہ آنکھوں کی ضیا ہوں ○ ۱۲۹

۲،۴۹۶- صدائے نبضِ دِل
حبیبِ خدا اور حبیبِ خلائق
مری نبضِ دل میں صدا دینے والے * ۲۳۲

۲،۴۹۷- صدرُالصُّدُور
مِٹ جائیں سب ہی غم مِرے، سردارِ انبیاءؑ
ہو چشمِ التفات جو صدرُ الصُّدُور کی * ۹۲

۲،۴۹۸- صدرُالصُّدُورِ انجمن
سلام اُن پر جو کامِل پیکرِ خُلقِ حَسَن ہیں
حقیقت میں وہی صدرُ الصُّدُورِ انجمن ہیں ○ ۱۴۸

۲،۴۹۹- صدرُالصّدُورِزندگی — سلام اُن پر جو ہیں صدرُ الصّدُ ورِ زندگی
ہے اُن کے فیض سے آساں عُبورِ زندگی — ❖ ۱۹۹

۲،۵۰۰- صدرُالصّدُورِکونَین — سلام اُن پر جو ہیں کونَین کے صدرُالصّدُور
ہیں جن کی اِقتدا میں شش جہت، نزدیک و دُور — ❖ ۱۲۴

۲،۵۰۱- صدرُالعُلیٰ — اور ہے کون وجہِ وجودِ جہاں
سرورِ بزمِ صدرُ العُلیٰ آپؐ ہیں — * ۱۵۸

۲،۵۰۲- صدرُالعُلیٰ — میرا اُس شمسُ الضُّحیٰ، بدرُالدُّجیٰ سے کہہ سلام
ہادی و کہفُ الوَریٰ صدرُ العُلیٰ سے کہہ سلام — ❖ ۶۶

۲،۵۰۳- صدرُالعُلیٰ — سلام اُن پر جو ہیں عالَم اماں، کہفُ الوَریٰ
انہیں کا تاج ہے اعلیٰ، وہی صدرُ العُلیٰ — ❖ ۷۶

۲،۵۰۴- صدرُالعُلیٰ — سلام اُن پر جو میرِ انبیاء، صدرُ العُلیٰ ہیں
حبیبِ ربّ ہیں، بامِ عرش پر صلِّ علیٰ ہیں — ○ ۱۳۳

۲،۵۰۵- صدرِ جملہ انتظامِ زندگی — سلام اُن پر ہے جن سے اہتمامِ زندگی
امین و صدرِ جملہ انتظامِ زندگی — ❖ ۲۰۹

۲،۵۰۶- صدرِ جہانِ ممکنات — صدرِ جہانِ ممکنات صاحبِ جملہ معجزات — ❖ ۴۱ ❖

۲،۵۰۷- صدرِ خلائق — صدرِ خلائق، قطبِ دوعالم
صلی اللہُ علیہِ وسلّم — ❖ ۴۹

۲،۵۰۸- صِدق — صادِق و صِدق و امیں ہو
والیِ دنیا و دِیں ہو — ❖ ۳۴

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۲،۵۰۹- صِدق سراپا — سلام اُن پر کہ جو صادق ہیں، جن کا نام سچ
سراپا صِدق ہیں اُن کا ہے ہر پیغام سچ ۱۰۴ ❖

۲،۵۱۰- صدِّیق و صِدق و صادِق — وہی ہے صِدّیق و صِدق و صادِق
شِفا و شاف و طبیبِ حاذِق ۲۸۷ *

۲،۵۱۱- صراطِ اِلٰہی — مُعلِّم، مُزکیّ، صراطِ الٰہی
وہ بندے کو حق سے مِلا دینے والے ۲۳۲ *

۲،۵۱۲- صراطِ حق رسا — سلام اُن پر رحیلِ فکر کے وہ پیشوا ہوں
دلوں کی اِستقامت ہوں، صراطِ حق رسا ہوں ۱۲۷ ○

۲،۵۱۳- صراطِ عِلم و حکمت — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت
صراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حکمت ۶۷ ○

۲،۵۱۴- صراطِ مستقیم — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت
صراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حکمت ۶۷ ○

۲،۵۱۵- صراطِ نور و عقل — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت
صراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حکمت ۶۷ ○

۲،۵۱۶- صفادِل — سلام اُن پر جو تاریکی میں سورج کی کِرَن ہیں
صفا دل، رشکِ آئینہ نظر، شیشہ بدن ہیں ۱۴۸ ○

۲،۵۱۷- صفی — صفی بھی، عالم میں منتخب ہے
ادیب ہے، لائقِ ادب ہے ۲۸۹ *

۲،۵۱۸- صَلِّ علیٰ — صَلِّ علیٰ نبیِّنا صَلِّ علیٰ محمدٍ
صَلِّ علیٰ شفیعِنَا صَلِّ علیٰ محمدٍ ۴۰ ❖

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۲،۵۱۹- صلِّ علیٰ بامِ عرش — سلام اُن پر جو میرِ انبیاء، صدرُ العُلیٰ ہیں
حبیبِ ربّ ہیں، بامِ عرش پر صلِّ علیٰ ہیں ○ ۱۳۳

۲،۵۲۰- صَلاۃِ آسماں — صلاۃِ آسماں ہے بس یہی ذِکرِ لذیذ
صَلائے لامکاں ہے بس یہی ذِکرِ لذیذ ✥ ۱۱۴

۲،۵۲۱- صَلائے لامکاں — صلاۃِ آسماں ہے بس یہی ذِکرِ لذیذ
صَلائے لامکاں ہے بس یہی ذِکرِ لذیذ ✥ ۱۱۴

۲،۵۲۲- صُلح کار — وہ عادِل ہے وہ صلح کار و حَکَم
رسولِ ہدایت، مُطاعِ اُمَم ☆ ۱۶۲

۲،۵۲۳- صِلۂ حُسنِ عبادت — سلام اُن پر ہمارے جان و تن اُن پر فدا ہوں
سلام اُن پر کہ وہ حُسنِ عبادت کا صِلہ ہوں ○ ۱۲۹

۲،۵۲۴- صِلۂ دعائے انبیاء — سلام اُن پر جو نبیوںؑ کی دعاؤں کا صِلہ ہیں
جو بے اندازہ صدیوں کے مآلِ التجا ہیں ○ ۱۳۵

۲،۵۲۵- صِلۂ صبحِ حیات — صبحِ حیات کا صِلہ صَلِّ علیٰ محمدٍ ✥ ۴۱

۲،۵۲۶- صیقلِ آئینہ دل — سلام اُن پر کہ جو ہیں صیقلِ آئینۂ دِل
سرِ بزمِ خیال و فکر، جانِ ذِکرِ محفِل ○ ۱۰۶

۲،۵۲۷- صیقلِ فِکر و شعور — جلی ہے علم و یقیں کی مشعَل
ہوئے ہیں فکر و شعور صَیقل * ۲۸۵

۲،۵۲۸- صیقلِ فہم و وُقوف — سلام اُن پر کہ جو ہیں صیقلِ فہم و وُقوف
مُعلِّم، مہربان و لُطف فرما و عَطوف ✥ ۱۶۲

۲،۵۲۹- صیقلِ قلبِ خام
محبت محمدؐ کی کیفِ دوام
محمدؐ سے صیقل مرا قلبِ خام ☆ ۱۴۲

۲،۵۳۰- صیقلِ قلبِ مُکدَّر
سلام اُن پر کہ جو ہیں صیقلِ قلبِ مُکدَّر
دلوں کو جن کے ذکرِ پاک سے تسکیں مُیسَّر ○ ۸۸

۲،۵۳۱- صیقل گرِ دِل
مرے صیقل گرِ دل ہیں محمدؐ
مَیں اُن کی روشنی میں دُرفشاں ہوں * ۲۲۰

۲،۵۳۲- صیقل گر قلبِ مکدر
سلام اُن پر جو ہیں صیقل گرِ قلبِ مکدّر
نگاہِ لطف سے چمکا ہے دل کا آبگینہ ○ ۱۶۲

۲،۵۳۳- صیقلِ لعلِ فروزانِ حقیقت
سلام اُن پر جو ہیں گنجِ دُر افشانِ حقیقت
وہی ہیں صیقلِ لعلِ فروزانِ حقیقت ○ ۷۶

۲،۵۳۴- صیقلِ نگاہ
میری چشمِ کور کو صیقل ترا لطفِ نگاہ
اور ترا ذکرِ عُلا چارہ گرِ قلبِ حزیں * ۲۶۵

ض:

۲،۵۳۵- ضامنِ امانت
ضمانِ امانت اُسے حرزِ جاں
دیانت کے اُسلوب کا پاسباں ☆ ۱۴۸

۲،۵۳۶- ضبط و تحمل
لُطف و عنایت، رحمت و شفقت، ضبط و تحمُّل، عَفُو و کرَم
کیا بتلائیں ہم نے وہ کیسا یکتا دِلبر دیکھا ہے * ۲۰۲

۲،۵۳۷- ضحائے ظُلمت
ظُلمتوں میں اَلضُّحٰی ہو
ہر مَرَض کی تم شِفا ہو ❖ ۳۶

۲،۵۳۸- ضرورتِ زمانہ
سلام اُن پر جو ہیں، مُسلّم، زمانے کی ضرورت
عجب کیا ہو مُقدّر خواب میں وہ حُسنِ صورت
○ ۷۲

۲،۵۳۹- ضمیرِ حق
سلام اُن پر جو تکمیلِ ہُدیٰ، اِتمامِ دیں ہیں
ضمیرِ حق ہیں، شرحِ دیں ہیں، بنیادِ یقیں ہیں
○ ۱۵۰

۲،۵۴۰- ضمیرِ خدا
حدیثِ محمدؐ، خدا کا ضمیر
وہی حشر میں ہو شفیع و نصیر
☆ ۱۴۹

۲،۵۴۱- ضمیرِ فطرت
رِضائے خالق ضمیرِ فطرت
مراد و مطلوبِ رازِ خِلقت
* ۲۸۶

۲،۵۴۲- ضَوءِ ایمان و یقین
ہر آن حیاتِ نَو بخشے
ایمان و یقین کی ضَو بخشے
* ۱۷۱

۲،۵۴۳- ضَوفِشاں تا اَبد
اُس سے روشن ہیں ساری دلیلیں
تا اَبد ضَوفِشاں ہے محمدؐ
* ۱۱۹

۲،۵۴۴- ضَوفِشانِ دو جہاں
سلام اُس ذات پر جو دو جہاں میں ضَوفِشاں ہے
جہاں پر وہ قدم رکھ دے وہیں پر کہکشاں ہے
○ ۲۱۱

۲،۵۴۵- ضَوفِشانِ زندگی
سلام اُن پر کہ جو ہیں ضَوفِشانِ زندگی
شبِ تیرہ میں شمعِ کہکشانِ زندگی
✧ ۲۱۱

۲،۵۴۶- ضَوفِشانِ قلبِ زندگی
سلام اُن پر جو قلبِ زندگی میں ضَوفِشاں ہیں
عروسِ زندگی کا حُسن ہیں، تاب و تواں ہیں
○ ۱۴۵

۲،۵۴۷- ضَوفِشانِ مشارق و مغارب
مطالِب میں یکتا فصیح البیاں
مغارِب، مشارِق میں وہ ضَوفِشاں
☆ ۱۵۸

۲،۵۴۸- ضیا آنکھوں کی — سلام اُن پر وہ ہر لمحہ مرے دل کی صدا ہوں
سلام اُن پر بہر لمحہ وہ آنکھوں کی ضیا ہوں ○ ۱۲۹

۲،۵۴۹- ضیاءِ اخترِ خلق و خلوص — محمدؐ روشنیءِ منبرِ خُلق و خلوص
محمدؐ ہی ضیائے اخترِ خُلق و خلوص ❖ ۱۴۷

۲،۵۵۰- ضیاءِ روز و شب — سلام اُن پر جو ہیں مصباحِ حق، مہرِ عرب
منوّر ہیں ضیا سے جن کی میرے روز و شب ❖ ۸۵

۲،۵۵۱- ضیا ظُلمتوں میں — سایہءِ نورِ حق، وہ جبینِ فلَق
ظُلمتوں میں ضیا، مصطفٰےؐ، مصطفٰےؐ * ۱۸۹

۲،۵۵۲- ضیائے جہانانِ حق — نہ کچھ بزم میں تھا بجُز رقصِ ظُلمت
جہانانِ حق کی ضیا ہیں محمدؐ * ۱۱۵

۲،۵۵۳- ضیائے حق — اے قیمِّ دیں، اے حق کی ضیا
اے نُورِ مُبیں، اے دل کی جِلا * ۱۷۱

۲،۵۵۴- ضیائے حق مُجسّم — سلام اُن پر سیادت جن کی ہے سب پر مُسلّم
چراغِ جادۂ ایماں، ضیائے حق مُجسّم ○ ۱۰۷

۲،۵۵۵- ضیائے رحمت — سلام اُن پر وہی خورشیدِ امید و رَجا ہیں
گناہوں کی گھٹاؤں سے ضیا رحمت کی جھانکی ○ ۱۷۹

۲،۵۵۶- ضیائے نورِ اَولیٰ — نورِ اَولیٰ کی ضیا ہو مُبتدا ہو مُنتہا ہو ❖ ۳۵

۲،۵۵۷- ضیائے نورِ خدا — وہ نورِ خدا کی ضیا بن کے نکلے
وہ خورشیدِ رُشد وہُدا بن کے نکلے * ۱۳۴

۲،۵۵۸- ضیائے نَیلِ مَرام — نَیلِ مَرام کی ضیا — صَلِّ علیٰ محمدٍ — ۴۲ ❖

۲،۵۵۹- ضیائے ہدایت — سراجِ راہِ ھُدیٰ کا زینہ — ہدایتوں کی ضیاء کا زینہ — ۲۸۱ *

۲،۵۶۰- ضَیفِ لامکانی — مقیمِ مکاں، لامکانی کا ضَیف
ہوئی بزم معمورِ خوشبوئے کیف — ۶۱ ❖

ط

۲،۵۶۱- طارقِ شبِ ظُلمت — سلام اُن پر تبسُّم جن کا ہے نورِ مشارِق
نویدِ صبح گاہی ہیں، شبِ ظلمت میں طارِق[۱] — ۹۹ ○

۲،۵۶۲- طاہر — سلام اُن پر جو ہیں مُشفِق، لطیف و پاک و طاہر
حکیمِ نکتہ سنج و دیدہ ور، دانا و ماہر — ۹۰ ○

۲،۵۶۳- طاہر — طاہر و مسعود و طیّب، سیّدِ والاحسَب
آلِ ابراہیمؑ میں والا حَشَم والا نسَب — ۲۶۰ *

۲،۵۶۴- طبیب — نہ ہی رنج و غم نہ شکایتیں، نہ کسی مرض کی حکایتیں
سبھی دُور ہیں مِری عِلّتیں، جو تُو پاس میرے طبیب ہو — ۱۳۱ *

۲،۵۶۵- طبیب — شفیق بھی ہے، طبیب بھی ہے
حریمِ جاں سے قریب بھی ہے — ۲۸۹ *

۲،۵۶۶- طبیبِ اَلَم — طبیبِ اَلَم، قاطعِ نااُمیدی
شکستہ دلوں کو شِفا دینے والے — ۲۳۱ *

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- طارِق: ستارۂ صبح

۲،۵۶۷- طبیبِ باکمالِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں اصلِ قِوامِ زندگی
طبیبِ باکمالِ طبعِ خامِ زندگی ٭ ۲۰۹

۲،۵۶۸- طبیبِ بیدلاں
پھر ہے یلغارِ گماں کی زد میں یہ قلبِ ضعیف
اے طبیبِ بیدلاں، کر چارۂ طبعِ رَقیع * ۱۸۰

۲،۵۶۹- طبیبِ حاذِق
وہی ہے صِدّیق و صِدق و صادِق
شِفا و شاف و طبیبِ حاذِق * ۲۸۷

۲،۵۷۰- طبیبِ خاص
ہے وہ طبیبِ خاص ہی میرا مَرَض شناس
بے حُزن و بے ملال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں * ۲۱۲

۲،۵۷۱- طبیبِ دلِ محزوں
اے مرہمِ ہر درد، طبیبِ دلِ محزوں
ہر لحہ مِرے سر پہ تِرا دستِ شِفا ہے * ۲۵۶

۲،۵۷۲- طبیبِ دلاں
وہ حبیبِ دِلاں، وہ طبیبِ دِلاں
ہر مَرَض کی دوا، مصطفےٰؐ، مصطفےٰؐ * ۱۹۲

۲،۵۷۳- طبیبِ رحمت
اگر مقدر ہُوا ہے برہم، ہُوا کرے کچھ نہیں مجھے غم
طبیبِ رحمت، رکھیں گے مرہم بدستِ شفقت، جو دل ہے گھائل * ۱۱۲

۲،۵۷۴- طبیبِ زخمِ دل
سلام اُن سر بسر رحمت پہ، دامانِ اماں پر
طبیبِ زخمِ دل، تسکیں نظر، راحت رساں پر ٥ ۸۰

۲،۵۷۵- طبیبِ شافی
گر محمدؐ سا نہ ہو شافی طبیب
کوئی تدبیرِ عِلَل ہوتی نہیں * ۲۵۳

۲،۵۷۶- طبیبِ طبعِ خامِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں اصلِ قِوامِ[۱] زندگی
طبیبِ باکمالِ طبعِ خامِ زندگی ٭ ۲۰۹

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ٥ زمزمۂ درود ٭ کاروانِ حرم ☆

۱- قِوام: مضبوطی

۲،۵۷۷- طبیبِ غمِ دل
سلام اُن پر جو ہیں میرے غمِ دل کے طبیب
خدا کے ساتھ ہیں میری رگِ جاں کے قریب ۸۷ ✣

۲،۵۷۸- طبیبِ قلوبِ عاشقیں
تُو شفائے جملہ امراضِ قُلوبِ گمرہاں
تُو طبیب و کاشِفُ الکربِ قُلوبِ عاشقیں ۲۶۵ *

۲،۵۷۹- طبیبِ مہرباں
سلام اُن مرہمِ ہر غم، حبیبِ دلستاں پر
مسیحائے دلِ محزوں، طبیبِ مہرباں پر ۸۱ ○

۲،۵۸۰- طبیب و چارہ ساز
سلام اُن پر نہیں جن سا کرَم گار و حلیم
طبیب و چارہ ساز و مُصلحِ قلبِ سَقیم ۱۸۰ ✣

۲،۵۸۱- طرزِ بیانِ کتابِ ہدایت
حق نے بھیجی کتابِ ہدایت
اور طرزِ بیاں ہے محمدؐ ۱۱۹ *

۲،۵۸۲- طلعتِ صبحِ یقیں
سلام اُن پر کہ جو ہیں سرورِ دنیا و دِیں
نگاہِ لطف جن کی طلعتِ صبحِ یقیں ۱۸۴ ✣

۲،۵۸۳- طُلوع سورج کا
سلام اُن پر ہے جن کے نور سے سورج طُلوع
نشانِ پا سے روشن کہکشاؤں کی شُموع ۱۵۷ ✣

۲،۵۸۴- طُلوعِ صبحِ ایماں
سلام اے روشنیِ مشعلِ لیلِ مَضلَّت
سلام اے مہرِ زرتابِ طُلوعِ صُبحِ ایماں ۱۱۱ ○

۲،۵۸۵- طٰہٰ
شاہد و مشہود و طٰہٰ دو جہاں کے بادشاہا ۳۶ ✣

۲،۵۸۶- طیّب
طاہر و مسعود و طیّب، سیّدِ والا حسَب
آلِ ابراہیمؑ میں والا حشَم والا نسَب ۲۶۰ *

ظ

۲،۵۸۷- ظاہر

سلام اُن پر جو تابندہ ہیں، ظاہر ہیں، مُبیں ہیں
ولی و سیّد و ذوالفضل و سردارِ متیں ہیں ○۱۵۱

۲،۵۸۸- ظاہر و باطن

اوّل و آخر بھی تُو ہے، ظاہر و باطن بھی تُو
باعثِ تخلیقِ عالَم یا نبیٔ آخریں *۱۰۸

۲،۵۸۹- ظِلّ الٰہی

سلام اے سایہ گُستر، عاطِف وظِلِّ الٰہی
مُرادِ عاشقاں، مطلوبِ عالَم، میرے ماہی ○۱۸۸

۲،۵۹۰- ظِلّ اماں

سلام اُن پر گنہ گاروں کی جو ظِلِّ اماں ہیں
شکستہ خاطروں کے، غمزدوں کے، پاسباں ہیں ○۱۴۶

۲،۵۹۱- ظِلّ پناہ

سلام اُن پر جو کمزوروں کے ہیں ظِلِّ پناہ
انہیں کے فیض سے مسلم دُھلیں قلبِ سیاہ ❖۱۸۸

۲،۵۹۲- ظِلّ رحمان

ابرِ رحمت، نُورِ ہدایت
تُو ظِلِّ رحمان نبی جی *۱۶۳

۲،۵۹۳- ظِلّ رحمت

سلام اُن ظِلِّ رحمت پر، سپہرِ دو جہاں پر
سکون و آشتی و عافیت کے سائباں پر ○۸۱

۲،۵۹۴- ظِلّ سَحابِ رحمت

دھوپ میں ظِلِّ سَحابِ رحمت، رنج میں سامانِ تسکیں
اُن کے ہر اِک رُوپ میں ہم نے سایہءِ داوَر دیکھا ہے *۲۰۲

۲،۵۹۵- ظِلّ شفاعت

نہ اُن کے علاوہ کوئی دست گیر و مددگار ہو گا
ہے محشر میں مطلوب ظِلِّ شفاعت، تو پھر نعت کہیے *۹۰

۲،۵۹۶- ظِلِّ ظلیلِ زندگی — عطا و لطف و احساں میں خلیلِ زندگی
گماں کی دھوپ میں ظِلِّ ظلیلِ[1] زندگی — ۲۰۷ ❖

۲،۵۹۷- ظِلِّ مِہرِ خدا — کہاں ابر میں تاب سائے کی اُن پر
وہ اِک ظِلِّ مِہرِ خدا بن کے نکلے — ۱۳۶ *

۲،۵۹۸- ظلامِ شب میں دمِ فلَق — خلیلِ رحماں، حبیبِ حق ہے
ظَلامِ شب میں دمِ فلَق ہے — ۲۸۷ *

ع:

۲،۵۹۹- عادِل — سلام اُن پر کہ جملہ خیر کے فاعِل وہی ہیں
وہ محسن بھی ہیں، روحُ القِسط بھی، عادِل وہی ہیں — ۱۵۴ ○

۲،۶۰۰- عادِل — وہ عادِل ہے وہ صلح کار و حَکَم
رسولِ ہدایت، مُطاعِ اُمَم — ۱۶۲ ☆

۲،۶۰۱- عادِل و صادِق — سلام اُن عادِل و صادِق پہ جو میزانِ حق ہیں
زبان و دستِ حق، معیارِ حق، ایوانِ حق ہیں — ۱۳۹ ○

۲،۶۰۲- عارِفِ ذاتِ حق — سلام اُن پر جو ہیں حق بین و ذاتِ حق کے عارِف
کُھلے جن پر ضمیرِ حق کے اَسرار و معارِف — ۹۶ ○

۲،۶۰۳- عارِفِ معنیٰ — عارِفِ معنیٰ، عالِمِ معنیٰ
کَون و مکاں کے عارِف و دانا — ۵۰ ❖

۲،۶۰۴- عارِف و دانا — عارِفِ معنیٰ، عالِمِ معنیٰ
کَون و مکاں کے عارِف و دانا — ۵۰ ❖

صفحہ نمبر: زبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- ظِلِّ ظلیل: گھنا سایہ

۲،۶۰۵- عاطِف
سلام اُن پر ہے ایماں جن کی تقلیدِ مَواقِف[۱]
جہاں میں کوئی اُن جیسا نہیں غم خوار و عاطِف ○ ۹۶

۲،۶۰۶- عاطِف
سلام اے سایہ گُستر، عاطِف وظِلِّ الٰہی
مُراد عاشقاں، مطلوبِ عالَم، میرے ماہی ○ ۱۸۸

۲،۶۰۷- عالَم اماں
سلام اُن پر جو ہیں عالَم اماں، کہفُ الوریٰ
انہیں کا تاج ہے اعلیٰ، وہی صدرُ العُلیٰ ❖ ۷۶

۲،۶۰۸- عالِمِ اُمّی
سلام اُن عالِمِ اُمّی پہ، وہ یکتا مُعلِّم
وہ کنزِ حکمت و عرفان و علم و فن کے قاسِم ○ ۱۰۹

۲،۶۰۹- عالَم پناہی
سلام اے منبعِ لطف و کرم والا نگاہی
سلام اے مرجعِ دل خستگاں عالَم پناہی ○ ۱۸۸

۲،۶۱۰- عالَمِ معنیٰ
عارِفِ معنیٰ، عالَمِ معنیٰ
کون و مکاں کے عارِف و دانا ❖ ۵۰

۲،۶۱۱- عالَمِ مِہر ورحمت
سراسر مِہر و رحمت کا جو عالَم ہیں تو آپؐ
خُلوص و خُلق میں سب سے معظّم ہیں تو آپؐ ❖ ۹۰

۲،۶۱۲- عالی شریف
سلام اُن پر نہیں جن سا کوئی عالی شریف
زہے اُن کا مقدر آپؐ ہوں جن کے حلیف ❖ ۱۶۳

۲،۶۱۳- عالی قدر
سلام اُن پر رسولوں میں نہیں جن کا مثیل
رفیع الشان، عالی قدر، محمود و جلیل ❖ ۱۷۵

۲،۶۱۴- عالی نَسَب
شرف میں ہے معظّم جو حَسَب ہے اختصاص
مکرّم، محترم، عالی نَسَب ہے اختصاص ❖ ۱۴۶

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- مَواقِف: اخلاق، اوصاف

۲،۶۱۵- عباءِ عُیوب — عمل سے تہی دست و بے آسرا تھا
وہ عیبوں کی میرے عبا بن کے نکلے — * ۱۳۵

۲،۶۱۶- عبدُ السَّمیع — کون ہے تیرے سِوا، میرا وسیلہ یا رسولؐ
کس سے ہو تیرے سِوا فریاد اے عبدُ السَّمیع [۱] — * ۱۸۰

۲،۶۱۷- عبدِ خاص — سلام اُن پر کہ جن کا معجزہ شقُّ القمر ہے
وہ عبدِ خاص جن کا مرتبہ خیرُ البشرؐ ہے — ○ ۲۰۴

۲،۶۱۸- عبدِ ربُّ العالمین — مقامِ رحمت'' للعالمیںؐ سب سے الگ
عجب وہ عبدِ ربُّ العالمیں سب سے الگ — ✣ ۱۷۱

۲،۶۱۹- عبدِ کامِل — عبدِ کامِل تُو، تجھی سے ہے عبادت کو کمال
ہے ترے نقشِ قدم پر ہی مدارِ بندگی — * ۲۴۶

۲،۶۲۰- عرش جاہی — سلام اے صاحبِ عِزّ و شرف اے عرش جاہی
سلام اے اِسراء و معراج کے بے مِثل راہی — ○ ۱۸۸

۲،۶۲۱- عرش خرام — تُو مہمان فلک کا سوہنے، تیرے اونچے درجے
خود خالق کے دل کو بھائی تیری عرش خرامی — * ۱۲۷

۲،۶۲۲- عروجِ اِنکسارِ بندگی — اللہ اللہ یہ مقامِ ''قابَ قوسینِ'' عجب
یہ تقرُّب یہ عروجِ اِنکسارِ بندگی — * ۲۴۷

۲،۶۲۳- عروسِ زرنگارِ بندگی — روزِ اوّل سے شرَف کس کا فرشتوں کا سُجود
کون ہے فخرِ عروسِ زرنگارِ بندگی — * ۲۴۷

۲،۶۲۴- عُروۂ محکَم — حاصلِ ایماں، عُروۂ محکَم
صلی اللّٰہُ علیہِ وسّلم — ✣ ۴۸

صفحہ نمبر زبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ✣ — کاروانِ حرم ☆

۱- عبدُ السَّمیع: اپنے لغوی معنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔

۲،۶۲۵- عُروَۃُ الوُثقیٰ
تمہیں تو ہو شفیع و عُروَۃُ الوُثقیٰ ہمارے
تمہیں مامَن، تمہیں مَلجا، تمہیں ماویٰ ہمارے ○ ۱۱۷

۲،۶۲۶- عُروَۃُ الوُثقیٰ
سلام اُن پر بروزِ حشر جو ہوں گے وکیل
شفیع و عُروَۃُ الوُثقیٰ و مختار و کفیل ✧ ۱۷۶

۲،۶۲۷- عریسِ بزمِ عالَم
سلام اے مصطفٰےؐ، مقبول و محبوبِ الٰہی
عریسِ بزمِ عالَم، زینتِ اَورنگِ شاہی ○ ۱۸۸

۲،۶۲۸- عریسِ جہاں
سحابِ کرم، رحمتِ دوجہاں
عریسِ جہاں، دلبرِ دلبراں ☆ ۱۳۸

۲،۶۲۹- عریسِ کُن فکاں
سلام اُن مشعلِ محفِل، عریسِ کُن فکاں پر
نگارِ دستِ خالِق، محوَرِ کون و مکاں پر ○ ۸۰

۲،۶۳۰- عریسِ محفل
حریمِ کونَین میں مُقدَّم
عریسِ محفل، وہ گھر کا مَحرَم * ۲۸۴

۲،۶۳۱- عزت مَآبِ جہاناں
محمدؐ جہانوں میں عزت مَآب
سجا جس کو ختمِ رُسُل کا خطاب ☆ ۱۵۵

۲،۶۳۲- عزمِ کوہِ پیکر
اُمور میں عزمِ کوہ پیکر
دلوں کا سروَر امیرِ لشکر * ۲۸۳

۲،۶۳۳- عزمِ مصمَّم
یورشِ غم میں عزمِ مصمَّم
۳،۶۲۶- مَظہرِ حُسنِ ازل
وہی ہیں مظہرِ حُسنِ ازل، اُن کا وُرود
دلِ کونَین کی دھڑکن، جوازِ زندگی ❖ ۲۰۱

۳،۶۲۷- مَظہرِ خالِق
الفاظ کہاں، جو ہوں تری شان کے حامِل
تُو مَظہرِ خالِق بھی ہے اور خیرِ بشَر بھی * ۱۲۹

۳،۶۲۸- مَظہرِ خُلق و خُلوص
سلام اُن پر کہ جو ہیں دفترِ خُلق و خُلوص
تبسُّم، حرفِ لب، خُو مظہرِ خُلق و خُلوص ❖ ۱۴۸

۳،۶۲۹- مَظہرِ شانِ حق
مَدارِ عالَم، یقیں کا مِحوَر
نفَس نفَس شانِ حق کا مظہَر * ۲۸۳

۳،۶۳۰- مظہرِ شانِ حقیقت — سلام اُن پر کہ جو ہیں مظہرِ شانِ حقیقت
وہی رُوحِ حقیقت ہیں، وہی جانِ حقیقت ○ ۷۴

۳،۶۳۱- مَظہرِ شانِ خدا — دل میں سُرورِ محبت چھلکے، آنکھیں بھی روشن روشن
شانِ خدا کا، حُسنِ ازل کا جس نے مظہر دیکھا ہے * ۲۰۱

۳،۶۳۲- مَظہرِ شانِ خدا — مظہرِ شانِ خدا ہو سرورِ ہر دوسَرا ہو ٭ ۳۴

۳،۶۳۳- مَظہرِ شانِ ربِّ عُلا — اے مظہرِ شانِ ربِّ عُلا سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ * ۱۷۱

۳،۶۳۴- مَظہرِ فیضانِ حق — سلام اُن پر جو یکسر مظہرِ فیضانِ حق ہیں
محلِّ نُور، برقِ نُور ہیں، بارانِ حق ہیں ○ ۱۴۰

۳،۶۳۵- مَظہرِ قدرت — اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلام اے جانِ رحمت اَلسَّلام
اَلسَّلام اے مظہر و منشائے قدرت اَلسَّلام ٭ ۵۶

۳،۶۳۶- مَظہرِ کُل معجزات — سلام اُن پر کہ جو ہیں مظہرِ کُل معجزات
کئے ہیں حق نے روشن جن پہ جملہ مُضمَرات ٭ ۹۳

۳،۶۳۷- مَظہرِ نورِ خدا — سلام اُن پر جو دِل پر مظہرِ نورِ خدا ہوں
سلام اُن پر شبِ دِل میں جو خورشیدِ ہُدا ہوں ○ ۱۲۶

۳،۶۳۸- معتبر — سلام اُن پر نہ جن سے بڑھ کے کوئی معتبَر ہے
حریمِ حق تعالیٰ سے جنہیں آتی خبر ہے ○ ۲۰۴

۳،۶۳۹- معتبر بعدِ حق — بعدِ حق معتبر، مِیرِ نوعِ بشَر
وہ ہے خیرُ الوَریٰ، مصطفیٰ، مصطفیٰ * ۱۹۱

۳،۶۴۰- مُعجز چشم — سلام اُن پر جو مُعجز چشم ہیں، شیریں دہن ہیں
زبانِ خالقِ قدوس ہیں، شیریں سُخن ہیں ○ ۱۴۸

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ٭ کاروانِ حرم ☆

۳،۶۴۱- مُعجِز نفَس مسیحا — ہزار دل بستگی نظر میں، کلی کلی کِھل اُٹھے سحَر میں
حیات تازہ ہو بال و پر میں، نگاہ مُعجِز نفَس ! مسیحا — ۲۹۸ *

۳،۶۴۲- معدنِ اَسرارِ حق — سلام اے معدنِ اسرارِ حق تفسیرِ قرآں
ترے فیضِ نظر سے منزلِ عرفاں ہے آساں — ۱۱۳ ○

۳،۶۴۳- معدنِ جُود و کرَم — مَعدنِ جُود و کرَم، سرچشمۂ عِلم و حِکَم
بے کراں رحمت تری، فیضان ہے تیرا وَسیع — ۱۷۹ *

۳،۶۴۴- مَعدَنِ رافت — مَعدَنِ رافت وصفا صَلِّ علیٰ محمدٍ — ۴۶ ✣

۳،۶۴۵- مَعدَنِ صفا — مَعدَنِ رافت وصفا صَلِّ علیٰ محمدٍ — ۴۶ ✣

۳،۶۴۶- مَعدَنِ علم وہُنر — حِکَم کا علم و ہُنر کا مَعدَن
کرَم میں جُود و سخا میں پُورَن — ۲۷۳ *

۳،۶۴۷- معراجِ ذوقِ طَلَب — ہے تُو ہی سِراجِ ظُلمتِ شب
تُو ہی معراجِ ذَوقِ طَلَب — ۱۷۱ *

۳،۶۴۸- معزّز — سلام اُن پر، اُنہیں کے دم سے ہے توقیرِ آدم
معزّز، محترَم، اَولیٰ، معظّم اور مقدّم — ۱۰۷ ○

۳،۶۴۹- معصوم — سلام اُن پر جو ہیں صادِق، امیں، معصوم، اطہر
بنی نوعِ بشَر کے تا ابَد سردار و سروَر — ۸۴ ○

۳،۶۵۰- مُعطّرِ قلوب — نور و نکہت سے مُنوّر ہیں، مُعطّر ہیں قلوب
فرحت و شمعِ فروزاں ہے وہ اِک صحَرا کا پھول — ۹۸ *

۳،۶۵۱- مُعطّرِ گلشنِ غیب وشُہود — ہو محمد مصطفیٰ پر اے خدا ہر دَم دُرود
جس کے دَم سے ہے مُعطّرِ گلشنِ غیب وشُہود — ۱۷۵ *

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ رود ✣ — کاروانِ حرم ☆

۳،۶۵۲- مُعَطِّرِ محفلِ اِمکاں
قلب و جاں تم سے منوّر
محفلِ امکاں مُعَطّر
٭ ۳۷

۳،۶۵۳- مُعطیءِ اَفکارِ لطیف
سلام اُن پر عطا ہیں جن کی، اَفکارِ لطیف
نظر ہے جن کی تطہیرِ خیالاتِ کثیف
٭ ۱۶۴

۳،۶۵۴- مُعطیءِ بصیرت
چشمِ دل کو بصیرت عطا آپؐ کی
شمعِ ظلمت ہیں، بدرُ الدُّجیٰ آپؐ ہیں
* ۱۸۵

۳،۶۵۵- مُعطیءِ زیورِ خُلق و خُلوص
سلام اُن پر جو ہیں سیرت گرِ خُلق و خُلوص
عطا جن کی ہے مسلّم زیورِ خُلق و خُلوص
٭ ۱۴۸

۳،۶۵۶- مُعطیءِ سایۂ قبا
مُعطیءِ سایۂ قبا صَلِّ علیٰ محمدٍ
٭ ۴۲

۳،۶۵۷- مُعظّم
سلام اُن پر، اُنہیں کے دم سے ہے توقیرِ آدم
معزّز، محترَم، اَولیٰ، معظّم اور مقدَّم
○ ۱۰۷

۳،۶۵۸- مُعظَّم
سب سے مُکرَّم سب سے مُعظّم
صلی اللّٰہُ علیہِ وسّلم
٭ ۵۰

۳،۶۵۹- مُعظّمِ خُلق وخُلوص
سراسر مہر و رحمت کا جو عالم ہیں تو آپؐ
خُلوص وخُلق میں سب سے مُعظّم ہیں تو آپؐ
٭ ۹۰

۳،۶۶۰- مُعظَّمِ زمین واَفلاک
وہ صاحبِ رفعتِ مُسلَّم
زمین و اَفلاک میں مُعظَّم
* ۲۸۴

۳،۶۶۱- مُعظَّمِ شرَف
شرَف میں ہے مُعظَّم جو حَسَب ہے اِختصاص
مُکرَّم، محترم، عالی نسَب ہے اِختصاص
٭ ۱۴۶

۳،۶۶۲- مُعلِّم
وہ مُزَکّیؔ، وہ مُعلِّم، وہ کتاب
کتنے ہی دَر ذہن کے اَندر کُھلے
* ۲۰۸

۳،۶۶۳- مُعلِّم
مُعلِّم، مُزَکّیؔ، صراطِ الٰہی
وہ بندے کو حق سے مِلا دینے والے
* ۲۰۸

۳،۶۶۴- مُعلِّم
سلام اُس صاحبِ جُود و سخا، لُطف و عطا پر
مُعلِّم، راہ بر، سر چشمۂ فہم و ذکا پر
○ ۷۹

۳،۶۶۵- مُعلِّم
سلام اُن پر کہ جو ہیں صَیقلِ فہم و وُقوف
مُعلِّم، مہربان و لُطف فرما و عَطوف
⁘ ۱۶۲

۳،۶۶۶- مُعلِّم
مُعلِّم، راہبر، مُرشِد، خطیبِ دل نشیں
سُخن وَر، دیدہ وَر، نکتہ نوازِ زندگی
⁘ ۲۰۰

۳،۶۶۷- مُعلِّمِ اُمّی
کیا مُعلِّم ہے وہ اُمّی، جس کے فیضِ چشم سے
ایک مُشتِ خاک مجھ جیسی گُہر ہوتی گئی
* ۲۰۰

۳،۶۶۸- مُعلِّمِ یکتا
سلام اُن عالمِ اُمّی پہ، وہ یکتا مُعلِّم
وہ کنزِ حکمت و عِرفان و عِلم و فن کے قاسِم
○ ۱۰۹

۳،۶۶۹- معمارِ جہانِ نَو
سلام اُن پر کہ معمارِ جہانِ نَو وہی ہیں
اِسی فکر و تدبُّر میں کٹے دِن رَین جن کے
○ ۱۹۷

۳،۶۷۰- معنیٰءِ کونَین
معنیٰءِ کونَین تُو ہے تجھ پہ ہوں لاکھوں دُرود
ذِکر کو اللہ نے دی تیرے رِفعت اَلسَّلام
⁘ ۵۷

۳،۶۷۱- معیارِ انسانِ مکمل
سلام اُن پر جو ہیں معیارِ اِنسانِ مکمَّل
قیادت میں، خطابت میں تکلُّم میں مُدلَّل
○ ۱۰۳

۳،۶۷۲- معیارِ حق
سلام اُن عادل و صادِق پہ جو میزانِ حق ہیں
زبان و دستِ حق، معیارِ حق، ایوانِ حق ہیں ○ ۱۳۹

۳،۶۷۳- معیارِ حیات
تُو دلیلِ حُسن و خوبی تُو ہی معیارِ حیات
اُسوۂ حُسنیٰ ہی تیرا ہے طریقِ سالکین * ۲۶۴

۳،۶۷۴- مُعینِ یتامیٰ و مساکین
جہانِ عَفو، سردارِ متیں سب سے الگ
یتامیٰ اور مساکیں کے مُعیں سب سے الگ ۞ ۱۷۲

۳،۶۷۵- مِفتاحِ ایمان
ہے مِری قِندیلِ دل روشن ترے مِصباح سے
کُھل گئے قفلِ گماں، ایمان کی مِفتاح سے * ۱۱۳

۳،۶۷۶- مِفتاحِ بابِ جنت
کلید و مِفتاحِ بابِ جنت دلیل و بُرہان و قطعِ حُجّت * ۲۸۷

۳،۶۷۷- مِفتاحِ جنت
سلام اُن پر کہ جو فی الاصل ہیں مِفتاحِ جنّت
شَفیعُ المُذنبیں، درمانِ غم، دریائے رحمت ○ ۶۷

۳،۶۷۸- مِفتاحِ دانِش
سلام اے رہبر و عقدہ کُشا، مِفتاحِ دانِش
سلام اے عِلم و عِرفان و خِرد کے بحرِ جَولاں ○ ۱۱۲

۳،۶۷۹- مِفتاحِ قلبِ قفل بستہ
سلام اُن پر جو ہیں مِفتاحِ قلبِ قفل بستہ
کُھلے ہیں عقدۂ مشکل کے پیچ و تاب جن سے ○ ۱۹۳

۳،۶۸۰- مُفسّرِ منشائے خالِق
سلام اُن پر جو ہیں منشائے خالِق کے مُفسِّر
خیال و فکر کے باطِل خداؤں کے مُکسِّر ○ ۹۲

۳،۶۸۱- مُفکّرِ بے مِثل
سلام اُن پر جو ہیں بے مِثل و لاثانی مُفکّر
خدا آگاہ و خود آگاہ و دانش وَر، مُدبّر ○ ۹۲

۳،۶۸۲- مُفکّرِ لاثانی
سلام اُن پر جو ہیں بے مثل و لاثانی مُفکّر
خدا آگاہ و خود آگاہ و دانش وَر، مُدبّر ○ ۹۲

مُفِیضؐ (فیض رساں)

۳،۶۸۳- مُفِیض آفتاب
جبینِ آفتابِ زرفشاں ہے مُستَفِیض[۱]
مکاں ہے مُفتخَر تو لامکاں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۴۹

۳،۶۸۴- مُفِیض اِنس وجاں
سلام اُن پر کہ جن سے دو جہاں ہے مُستَفِیض
مَلَک ممنون، نوعِ اِنس و جاں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۴۹

۳،۶۸۵- مُفِیضِ برقِ رواں
بُراقِ تیز سے برقِ رواں ہے مُستَفِیض
نقوشِ پا سے نورِ کہکشاں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۴۹

۳،۶۸۶- مُفِیضِ بیاں
لبِ نکتہ فشاں سے ہر بیاں ہے مُستَفِیض
شُہود و مَظہر و سِرِّ نہاں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۵۰

۳،۶۸۷- مُفِیضِ پیر وجواں
جمالِ خُلق سے پیر و جواں ہے مُستَفِیض
نگاہِ مِہر سے قلبِ زماں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۵۰

۳،۶۸۸- مُفِیضِ جہانِ دل
اُنہیں کے لطف سے دِل کا جہاں ہے مُستَفِیض
کرَم سے مسلَمِ آشفتہ جاں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۵۰

۳،۶۸۹- مُفِیضِ خَلقت
زمیں ہے فیضیاب اور آسماں ہے مُستَفِیض
کوئی خَلقت جہاں بھی ہے، وہاں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۴۹

۳،۶۹۰- مُفِیضِ دوجہاں
سلام اُن پر کہ جن سے دو جہاں ہے مُستَفِیض
مَلَک ممنون، نوعِ اِنس و جاں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۴۹

۳،۶۹۱- مُفِیضِ زمین و آسمان
زمیں ہے فیضیاب اور آسماں ہے مُستَفِیض
کوئی خَلقت جہاں بھی ہے، وہاں ہے مُستَفِیض ❖ ۱۴۹

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- مُستَفِیض : طالبِ فیض، فیض یاب

۳،۶۹۲- مُفیضِ سِرِّ نہاں — لبِ نکتہ فشاں سے ہر بیاں ہے مُستفِیض
شہود و مَظہر و سِرِّ نہاں ہے مُستفِیض ؁۱۵۰

۳،۶۹۳- مُفیضِ شُہود و مَظہر — لبِ نکتہ فشاں سے ہر بیاں ہے مُستفِیض
شُہود و مَظہر و سِرِّ نہاں ہے مُستَفِیض ؁۱۵۰

۳،۶۹۴- مُفیضِ قلبِ زماں — جمالِ خُلق سے پیر و جواں ہے مُستفِیض
نگاہِ مِہر سے قلبِ زماں ہے مُستفِیض ؁۱۵۰

۳،۶۹۵- مُفیضِ قلب و جاں — جمالِ حق عیاں ہے، قلب وجاں ہے مُستفِیض
عطائے میزباں ہے، میہماں ہے مُستفِیض ؁۱۵۰

۳،۶۹۶- مُفیضِ گلزارِ جہاں — پسینے کی مہک سے گلِستاں ہے مُستفِیض
شمیمِ رُخ سے گلزارِ جِناں ہے مُستفِیض ؁۱۵۰

۳،۶۹۷- مُفیضِ گلستاں — پسینے کی مہک سے گلِستاں ہے مُستفِیض
شمیمِ رُخ سے گلزارِ جناں ہے مُستفِیض ؁۱۵۰

۳،۶۹۸- مُفیضِ لامکاں — جبینِ آفتابِ زرفشاں ہے مُستفِیض
مکاں ہے مُفتخَر تو لامکاں ہے مُستفِیض ؁۱۴۹

۳،۶۹۹- مُفیضِ مسلمِ آشفتہ جاں — انہیں کے لطف سے دِل کا جہاں ہے مُستفِیض
کرَم سے مسلمِ آشفتہ جاں ہے مُستفِیض ؁۱۵۰

۳،۷۰۰- مُفیضِ ملائک — سلام اُن پر کہ جن سے دو جہاں ہے مُستَفِیض
مَلَک ممنون، نوعِ اِنس و جاں ہے مُستفِیض ؁۱۴۹

۳،۷۰۱- مُفیضِ نورِ کہکشاں — براقِ تیز سے برقِ رواں ہے مُستفِیض
نقوشِ پا سے نورِ کہکشاں ہے مُستفِیض ؁۱۴۹

❁ ❁ ❁

۳،۷۰۲- مقبولِ الٰہی
سلام اے مصطفیٰؐ، مقبول و محبوبِ الٰہی
عرَیسِ بزمِ عالَم، زینتِ اَورنگِ شاہی ○ ۱۸۸

۳،۷۰۳- مقبولِ دلِ ربِّ سمیع
سلام اُن پر ہے جن کی رحمت و شفقت وسیع
دعا جن کی ہے مقبولِ دلِ ربُّ السَّمیع ✣ ۱۵۸

۳،۷۰۴- مُقتدیٰ
پیشوائے رُسُل، قدسیوں کے امام
مُقتدِی دوجہاں، مُقتدیٰ آپؐ ہیں * ۱۵۷

۳،۷۰۵- مُقتدیٰ
اُس کا جو نقشِ پا، وہ مِرا راستہ
مُقتدیٰ، مُقتضیٰ، مصطفیٰ، مصطفیٰ * ۱۸۷

۳،۷۰۶- مُقتدیٰ
سلام اُن نُور تَن پر جو کہ مِصباحِ ہُدیٰ ہیں
ہم اُن کے مُقتدِی ہیں، وہ ہمارے مُقتدیٰ ہیں ○ ۱۳۴

۳،۷۰۷- مُقتدیٰ
سلام اُن پر جو ہیں ہر ماسِوا کے مُقتدیٰ
نہیں کچھ بھی خدا کے بعد جن سے ماوریٰ ✣ ۷۵

۳،۷۰۸- مُقتدیٰ ءِ شش جہت
سلام اُن پر جو ہیں کونین کے صدرُ الصُّدور
ہیں جن کی اِقتدا میں شش جہت، نزدیک و دُور ✣ ۱۲۴

۳،۷۰۹- مُقتضیٰ
اُس کا جو نقشِ پا، وہ مِرا راستہ
مُقتدیٰ، مُقتضیٰ، مصطفیٰ، مصطفیٰ * ۱۸۷

۳،۷۱۰- مُقتضیٰ
سلام اُن پر جو ہیں ہر دو جہاں کے مُقتضیٰ
خدا راضی ہے اُن سے وہ خدا کے مُرتضیٰ ✣ ۷۵

۳،۷۱۱- مُقتضیٰ ءِ اُمید
وہ مُجتبیٰ ہے وہ مصطفیٰ ہے
وہی امیدوں کا مُقتضیٰ ہے * ۲۸۸

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ✣ کاروانِ حرم ☆

۳،۷۱۲- مُقتضیٰ ءِ پہنائے دِل سلام اُن پر کہ جو پہنائے دِل کے مُقتضیٰ ہوں
سلام اُن پر جو معراجِ طلب کے مُنتہیٰ ہوں ○ ۱۲۹

۳،۷۱۳- مُقتضیٰ ءِ دو جہاں سلام اُن پر کہ جو دونوں جہاں کے مُقتضیٰ ہیں
فروغِ مرضیِ حق، امرِ حق ہیں، مُرتضیٰ ہیں ○ ۱۳۲

۳،۷۱۴- مُقتضیٰ ءِ دو جہاں سلام اُن پر جو ہیں ہر دو جہاں کے مُقتضیٰ
خدا راضی ہے اُن سے وہ خدا کے مُرتضیٰ ❖ ۷۵

۳،۷۱۵- مُقدّس سلام ان پر کہ ہر تقدیس کے حامِل وہی ہیں
مُقدّس، سیّدِ رُوحُ القُدس، فاضِل[۱] وہی ہیں ○ ۱۵۴

۳،۷۱۶- مُقدّم سلام اُن پر، اُنہیں کے دم سے ہے توقیرِ آدم
مُعزّز، محترَم، اَولیٰ، مُعظّم اور مُقدّم ○ ۱۰۷

۳،۷۱۷- مُقدّم سلام اُن پر کہ جو خیرُ البشرؐ، خیرُ الوریٰ ہیں
مُقدّم ہیں، فضیلت یاب ہیں، فضلِ خدا ہیں ○ ۱۳۳

۳،۷۱۸- مُقدّم سب سے موخّر، سب سے مُقدّم
صلّی اللّٰہُ علیہِ وسلّم ❖ ۴۹

۳،۷۱۹- مُقدّمِ حریمِ کونَین حریمِ کونَین میں مُقدّم
عریسِ محفل، وہ گھر کا مَحرَم * ۲۸۴

۳،۷۲۰- مُقدّمِ رَسالت سلام اُن پر نہ ہو گا جن سا عالم میں مُکرّر
رَسالت میں مُقدّم گرچہ بعثت میں مُوخّر ○ ۸۸

۳،۷۲۱- مقدّمِ رَسولاں حریمِ ذات کے کوئی جو مَحرَم ہیں تو آپؐ
رَسولوں میں جو سرخَیل و مُقدّم ہیں تو آپؐ ❖ ۸۹

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمہٴ سلام ○ زمزمہٴ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- فاضِل: صاحبِ عِلم و فضل، صاحبِ فضیلت، صاحب خیر و خوبی، عالِم و دانا

۳،۷۲۲- مُقرَّبِ ربّ — سلام اُن پر جو اپنے ربّ کے ہیں سب سے مُقرَّب
وہی حق سے مخاطِب تھے، وہی حق کے مخاطَب ○ ۶۲

۳،۷۲۳- مُقرِّر — وہ لوحِ دل پہ حرفِ وحدتِ حق کے مُحرِّر
سُخَن وَر تو ہے خالِق، پر نبیؐ ٹھہرے مُقرِّر ○ ۹۲

۳،۷۲۴- مقصد — تُو ہی شاہد ہے تُو ہی مشہود ہے
تُو ہی مقصد اور تُو نَیلِ مرام ✤ ۵۳

۳،۷۲۵- مقصد — وہ مقصد، وہ حاصل، وہ نَیلِ مَرام
محمدؐ پہ لاکھوں دُرود اور سلام ✤ ۶۰

۳،۷۲۶- مقصد — سلام اُن پر ہے جن سے آب و تابِ زندگی
وہی مقصد، وہی تعبیرِ خوابِ زندگی ✤ ۱۸۹

۳،۷۲۷- مقصد و حاصل — تُو راہ بھی، رہبر بھی، تُو ہی ہادی و منزل
تُو مقصد و حاصل بھی، تُو ہی دل کی دعا ہے * ۲۵۶

۳،۷۲۸- مقصد و مُدَّعا — مرکز و مشعلِ کائنات — مقصد و مُدَّعا اَور کون * ۱۶۱

۳،۷۲۹- مقصد و مُدَّعا — مُبتدا، مُنتہا، مصطفیٰؐ، مصطفیٰؐ
مقصد و مُدّعا، مصطفیٰؐ، مصطفیٰؐ * ۱۸۷

۳،۷۳۰- مقصودِ بزمِ کُن — سلام اُن مُدَّعائے دل، مُرادِ عاشقیں پر
جو ہیں مقصودِ بزمِ کُن فکاں، اُن دلنشیں پر ○ ۸۳

۳،۷۳۱- مقصودِ خَلق — شاہدِ حق تُو ہے آقا اور ہے مشہود بھی
باعثِ تخلیقِ عالَم خَلق کا مقصود بھی * ۱۷۷

۳،۷۳۲- مقطعِ نظمِ پیغمبراں
وہی مَطلَعِ انورِ مُرسَلاں
وہی مقطعِ نظمِ پیغمبراں ☆ ۱۴٦

۳،۷۳۳- مُقیمِ مکاں
مُقیمِ مکاں، لامکانی کا ضَیف
ہوئی بزم معمورِ خوشبوئے کیف ❖ ٦۱

۳،۷۳۴- مُکرّم
جمالِ نُورِ خدا مجسّم حضورِ ربّ عُلا مکرّم * ۲۸۴

۳،۷۳۵- مُکرّم
سب سے مُکرّم سب سے مُعظّم
صلی اللہُ علیہِ وسلّم ❖ ۵۰

۳،۷۳٦- مُکرّم
محمدؐ صفِ انبیاء کا اِمام مُبَشّر مُکرّم، مَدارُ المَہام ❖ ۵۹

۳،۷۳۷- مُکرّم
زمین و آسماں میں جو مُکرّم ہیں تو آپؐ
جہاں میں باعثِ تکریمِ آدم ہیں تو آپؐ ❖ ۸۹

۳،۷۳۸- مُکرّم
شرَف میں ہے مُعظّم جو حَسَب ہے اِختصاص
مُکرّم، محترم، عالی نسَب ہے اِختصاص ❖ ۱۴٦

۳،۷۳۹- مُکرّم
سلام اُن پر جہانوں میں جو ہیں سب سے مُکرّم
ہُوا ہے اور نہ ہوگا کوئی اُن سے بڑھ کے اکرَم ○ ۱۰۸

۳،۷۴۰- مُکَسّرِ خدایانِ باطِل
سلام اُن پر جو ہیں منشائے خالِق کے مُفسِّر
خیال و فکر کے باطِل خداؤں کے مُکَسّر ○ ۹۲

۳،۷۴۱- مکّی
سلام اُن پر جو مکّی، ہاشمی، اعلیٰ نسَب ہیں
نہیں جن سا کوئی عالَم میں وہ والا حسَب ہیں ○ ۱۳۷

۳،۷۴۲- مکینِ خلوت خانۂ حق
سلام اُن پر جو خلوت خانۂ حق کے مکیں ہیں
جہاں میں نائبِ حق ہیں، خدا کے جانشیں ہیں ○ ۱۵۰

* صفحہ نمبر زَبورِ نعت ○ زمزمۂ سلام ❖ زمزمۂ درود ☆ کاروانِ حرم

۳،۷۴۳- مکینِ عرشِ قلب — فیض سے تیرے ہوئی معراج میری ہر نماز
عرش ہے جو قلب میرا ہے تُو ہی اُس کا مکیں — * ۱۱۰

۳،۷۴۴- مکین وذُوالقوۃِ متیں — سِراج و مِصباح و اَلمُبیں وہ
مکین و ذُوالقوۃِ متیں وہ — * ۲۸۶

۳،۷۴۵- مُلِ رحمت والفت — سلام اُن پر جو آقائے جہاں ہادیِ کُل ہیں
سُرورِ قلبِ مسلّم، رحمت واُلفت کی مُل ہیں — ○ ۱۴۱

۳،۷۴۶- ملاّحِ ساحلِ بخشش — بادباں ہے موجِ رحمت، ہے شفاعت کی ہوا
اِنتسابِ ساحلِ بخشش ہے کس ملاّح سے — * ۱۱۴

۳،۷۴۷- مَلال میں ساحلِ سکینہ — مَلال میں ساحلِ سکینہ
قرار و آرام کا خزینہ — * ۲۸۲

۳،۷۴۸- مَلجا — تمہیں تو ہو شفیع وعُروۃ الوُثقیٰ ہمارے
تمہیں مامَن، تمہیں مَلجا، تمہیں ماویٰ ہمارے — ○ ۱۱۷

۳،۷۴۹- مَلجا — لکھوں سراپا مَیں آج اُس کا، جو میرا مَلجا ہے، میرا ماویٰ
جہاں میں جس نے کیا اُجالا، چراغ روشن کیا ہُدا کا — * ۲۹۰

۳،۷۵۰- مَلجاوماویٰ — وہی محمدؐ ہے میرا مَلجا وہی محمدؐ ہے میرا ماویٰ — * ۲۸۹

۳،۷۵۱- مَلجائے کُل — سلام اُن پر ہو مسلّم جو ہمارا آسرا ہیں
پناہِ عاصیاں، مَلجائے کُل، کہفُ الورٰی ہیں — ○ ۱۳۶

۳،۷۵۲- مَلجائے محشر — سلام اُن پر کہ آساں جن سے ہو یومِ عَصیب
وہی مَلجا ہیں محشر میں ز اِمکانِ مُہیب — ❖ ۸۸

۳،۷۵۳- ممدوحِ حق
میہمانِ لامکاں، ممدوحِ حق
تُو محمدؐ، عرش تیرا مُستقَر
۱۰۲ *

۳،۷۵۴- ممدوحِ خدا
سلام اُن پر جو احمدؐ ہیں، محمد مصطفیٰؐ ہیں
شہید و شاہد و مشہود و ممدوحِ خدا ہیں
۱۳۲ ○

۳،۷۵۵- ممدوحِ غُفران
وہ ممدوح و محبوبِ غُفران ہے
وہ موضوع و تفسیرِ قرآن ہے
۱۴۰ ☆

۳،۷۵۶- مَنارِ حق
سلام اُن پر کہ جو ہیں ماہِ لَمعانِ حقیقت
مُنیرِ حق، مَنارِ حق ہیں، فیضانِ حقیقت
۷۵ ○

۳،۷۵۷- مَنارِ خیر و خوب
سلام اُن پر کہ جو ہیں مرکزِ جملہ صفات
مَنارِ خیر و خوب و خُلق ہے جن کی حیات
۹۲ ❖

۳،۷۵۸- منبعِ آگہی
محمدؐ، کہ ہے منبعِ آگہی
محمدؐ، جسے تو نے معراج دی
۱۴۲ ☆

۳،۷۵۹- منبعِ حِکَم
منبعِ نورِ علم و حِکَم منزلِ اِرتقاء اَور کون
۱۶۱ *

۳،۷۶۰- منبعِ خوبیِ جاوِداں
وہی منبعِ خوبیءِ جاوِداں
وہی مجمعِ حُسنِ خُلقِ جہاں
۱۴۶ ☆

۳،۷۶۱- منبعِ خوبی و صلاح
خیر و ہدایت و فلاح
منبعِ خوبی و صلاح
۴۲ ❖

۳،۷۶۲- منبعِ رُشد و ہدایت
منبعِ عِلم و رُشد و ہدایت
رہبرِ اِنس و جاں ہے محمدؐ
۱۲۱ *

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمہٗ سلام ○ زمزمہٗ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۳،۷۶۳- مَنبعِ صبر و قناعت — اے کہ شاہی میں بھی فقر و فاقہ تجھ کو حرزِ جاں
اے غنی و مَنبعِ صبر و قناعت اَلسَّلام — ۵۷ ❖

۳،۷۶۴- مَنبعِ صِدق و صفا — پیکرِ مِہر و وفا خیرُالانام
مَنبعِ صِدق و صفا فیضُ الکرام — ۵۱ ❖

۳،۷۶۵- مَنبعِ صِدق و صفا — سلام اُن پر کہ جو ہیں مَنبعِ صِدق و صَفا
وہی ہیں صادِق الوعدُالاَمیں، مہرِ وَفا — ۷۹ ❖

۳،۷۶۶- مَنبعِ عِلم — مَنبعِ عِلم و رُشد و ہدایت
رہبرِ اِنس و جاں ہے محمدؐ — ۱۲۱ *

۳،۷۶۷- مَنبعِ عِلم و شُعور — سلام اے صاحبِ خَیر و صَواب و شہرِ خوبی
سلام اے مَنبعِ عِلم و شُعور و فکرِ تاباں — ۱۱۲ ○

۳،۷۶۸- مَنبعِ عِلم و ہدایت — مَنبعِ عِلم و رُشد و ہدایت
رہبرِ اِنس و جاں ہے محمدؐ — ۱۲۱ *

۳،۷۶۹- مَنبعِ عِلم و ہُنر — سلام اُن پر شبِ ظُلمت میں جو نورِ سحَر ہیں
جو صحرائے گُماں میں مَنبعِ عِلم و ہُنر ہیں — ۱۳۸ ○

۳،۷۷۰- مَنبعِ عِلم و ہُنر — حق بھی ہو اور حق نِگر ہو مَنبعِ عِلم و ہُنر ہو — ۳۷ ❖

۳،۷۷۱- مَنبعِ فکرِ تاباں — سلام اے صاحبِ خَیر و صَواب و شہرِ خوبی
سلام اے مَنبعِ عِلم و شُعور و فکرِ تاباں — ۱۱۲ ○

۳،۷۷۲- مَنبعِ لُطف و کرَم — سلام اے مَنبعِ لُطف و کرَم والا نگاہی
سلام اے مرجعِ دل خستگاں عالم پناہی — ۱۸۸ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۳،۷۷۳- منبعِ نُور — منبعِ نُورِ عِلم و حِکَم منزلِ اِرتقاء اَور کون * ۱۶۱

۳،۷۷۴- منبعِ نُورِ عِلم و حِکَم — منبعِ نُورِ عِلم و حِکَم منزلِ اِرتقاء اَور کون * ۱۶۱

۳،۷۷۵- مُنتخَب — سلام اُن پر جو ہیں آقا محمد مصطفیٰؐ
وہی ہیں مُنتخَب، مُشفِق، مُصدَّق، مجتبیٰ ❖ ۷۵

۳،۷۷۶- مُنتخَب — مُنتخَب آپؐ ہیں، مصطفیٰ آپؐ ہیں
یعنی محبوبِ ربِّ عُلا آپؐ ہیں * ۱۵۷

۳،۷۷۷- مُنتخَب — اپنے دستِ خاص سے اللہ نے کرکے مُنتخَب
سَروری کونَین کی دی، مصطفیٰ بخشا لقب * ۲۶۰

۳،۷۷۸- مُنتخَبِ عالَم — صفی بھی، عالَم میں مُنتخَب ہے
ادیب ہے، لائقِ ادب ہے * ۲۸۹

۳،۷۷۹- مُنتَسِبِ نظامِ کُن — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ اُمُّ الکتاب
نظامِ کُن کا جن کے نام سے ہے اِنتساب ❖ ۸۱

۳،۷۸۰- مُنتقیٰ — سلام اُن پر جو سردارِ وَریٰ و ماوَریٰ ہیں
جِلا کارِ قلوبِ مومناں ہیں، مُنتقیٰ ہیں ○ ۱۳۳

۳،۷۸۱- مُنتہا — نقطہء ابتداء، مرکزِ زندگی
مصدر ومُدَّعا، مُنتہا آپؐ ہیں * ۱۵۹

۳،۷۸۲- مُنتہا — کون ہے تا ابَد راہبر
نُور کا مُنتہا اَور کون * ۱۶۲

۳،۷۸۳- مُنتہا — مُبتداء، مُنتہا، مصطفیٰ، مصطفیٰ
مقصد و مُدَّعا، مصطفیٰ، مصطفیٰ * ۱۸۷

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمہ سلام ○ زمزمہ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۳،۷۸۴- مُنتہا — سلام اُن پر کہ جو ہیں مَبدءِ فیضِ تعالیٰ
وہی ہیں مُنتہا و مُدّعائے ربِّ اعلیٰ ○ ۶۰

۳،۷۸۵- مُنتہا — سلام اُن پر ہے جن کی گر دِ پا خورشیدِ خاوَر
وہ نُورِ مُبتداء و مُنتہا، تنویرِ داوَر ○ ۸۹

۳،۷۸۶- مُنتہا — سلام اُن پر کہ جو پہنائے دل کے مُقتضا ہوں
سلام اُن پر جو معراجِ طلب کے مُنتہا ہوں ○ ۱۲۹

۳،۷۸۷- مُنتہا — نورِ اَولیٰ کی ضیاء ہو مُبتداء ہو مُنتہا ہو ❖ ۳۵

۳،۷۸۸- مُنتہا — مُبداء وقلب و مُنتہا صَلِّ علیٰ محمدٍ ❖ ۴۶

۳،۷۸۹- مُنتہا — سلام اُن پر جو ہیں بزمِ اَزل کے مُبتداء
جو ہیں وحی و نبوّت کی لڑی کے مُنتہا ❖ ۷۵

۳،۷۹۰- مُنتہا — وہی مُبتداء، مُنتہا، مُدّعا
وہی مُرتضیٰ، مُجتبیٰ، مصطفیٰ ☆ ۱۵۶

۳،۷۹۱- مُنتہائے احسانِ حق — سلام اُن پر جو نُورِ اوّلیں ہیں، مُبتداء ہیں
دُرود و رحمت و احسانِ حق کے مُنتہا ہیں ○ ۱۳۲

۳،۷۹۲- مُنتہائے دُرود — سلام اُن پر جو نُورِ اوّلیں ہیں، مُبتداء ہیں
دُرود و رحمت و احسانِ حق کے مُنتہا ہیں ○ ۱۳۲

۳،۷۹۳- مُنتہائے رحمت — سلام اُن پر جو نُورِ اوّلیں ہیں، مُبتداء ہیں
دُرود و رحمت و احسانِ حق کے مُنتہا ہیں ○ ۱۳۲

۳،۷۹۴- مُنتہائے محبت — وہی تمنا ہے، مُدّعا ہے مِری محبت کا مُنتہا ہے * ۲۸۸

۳،۷۹۵۔ مُنتہائے معراجِ طلب — سلام اُن پر کہ جو پہنائے دل کے مُقتضا ہوں
سلام اُن پر جو معراجِ طلب کے مُنتہا ہوں ○ ۱۲۹

۳،۷۹۶۔ مُنتہائے نظر — تاجِ رُوحِ بشر، مُنتہائے نظر
نقطۂ اِرتقاء، مصطفیٰ، مصطفیٰ * ۱۹۲

۳،۷۹۷۔ مُنتہائے نُور — کون ہے تا ابد راہبر
نُور کا مُنتہا اَور کون * ۱۶۲

۳،۷۹۸۔ مُنَجّیء کُل — شفیع و مُنَجّی و سالارِ کُل
تبسُّم بہ لب جس کے قدموں میں گُل ☆ ۱۶۶

۳،۷۹۹۔ مُنذِر — نذیر و مُنذِر رؤف و رہبر
کبھی مُبشِّر کبھی مُبشَّر * ۲۸۴

۳،۸۰۰۔ مُنذِر، مُذکِّر — سلام اُن پر کہ جو ہیں داعی ومُنذِر[۱]، مُذکِّر[۲]
جو ہیں اصلاح کارِ ہر خطاکار و مُقصِّر[۳] ○ ۹۴

۳،۸۰۱۔ منزِل — سلام اُن پر ازَل سے زینتِ محمِل وہی ہیں
وہی منزِل بھی ہیں اور حاصلِ منزِل وہی ہیں ○ ۱۵۴

۳،۸۰۲۔ منزِلِ ابَد — ہے تجھی پر اِختتامِ نعمتِ ربِّ کریم
تو ہی منزِل ہے ابد کی یومِ اِستفتاح سے * ۱۱۴

۳،۸۰۳۔ منزِلِ اِرتقاء — منبعِ نورِ علم و حِکَم منزِلِ اِرتقاء اَور کون * ۱۶۱

۳،۸۰۴۔ منزِلِ اِصطفیٰ — جادۂ حق نما، مصطفیٰ، مصطفیٰ
منزِلِ اِصطفیٰ، مصطفیٰ، مصطفیٰ * ۱۹۱

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ دُرود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱۔ مُنذِر: تنبیہ کرنے، ڈرانے والا — ۲۔ مُذکِّر: نصیحت کار — ۳۔ مقصِّر: کوتاہی کرنے والا، قصوروار

۳،۸۰۵- منزلِ رہِ اِرتقا — رہِ اِرتقا کی ہے منزِل وہی
حقیقت سے کرتا ہے واصِل وہی ☆ ۱۳۲

۳،۸۰۶- منزِلِ عِرفاں — سلام اے معدنِ اسرارِ حق تفسیرِ قرآں
ترے فیضِ نظر سے منزِلِ عِرفاں ہے آساں ○ ۱۱۳

۳،۸۰۷- منزِلِ عینُ الیقیں — ہے ترا نقشِ قدم رُشد و ہدایت کا نقیب
جادۂ معراج راہِ منزِلِ عینُ الیقیں * ۲۶۵

۳،۸۰۸- منزِلِ کائنات — ہے ازل سے اِک سفر میں کائنات
اَور تُو منزل ہے اُس کی مُستقَر * ۱۰۳

۳،۸۰۹- منزلِ مُستقَر — ہے ازل سے اِک سفر میں کائنات
اَور تُو منزِل ہے اُس کی مُستقَر * ۱۰۳

۳،۸۱۰- منزلِ مَعہُود — تیرے قدموں میں گزاروں زندگی کے روز و شب
شارعِ منزل ہے تو ہی، منزلِ مَعہُود بھی * ۱۷۸

۳،۸۱۱- منشائے اہتمامِ زندگی — سلام اُن پر ہے جن سے اہتمامِ زندگی
امین و صدرِ جملہ انتظامِ زندگی ✣ ۲۰۹

۳،۸۱۲- منشائے قدرت — اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلام اے جانِ رحمت اَلسَّلام
اَلسَّلام اے مظہر و منشائے قدرت اَلسَّلام ✣ ۵۶

۳،۸۱۳- منشورِ سلام واَمن — سلام اُن پر مُجَسَّم نور ہے جن کا وُجود
سلام و اَمن کا منشور ہے جن کا وُجود ✣ ۱۱۱

۳،۸۱۴- منصور — سلام اُن پر جو سارے انبیاء میں بہتریں ہیں
قوی و کامِل و منصور ہیں، ذاتِ مکیں ہیں ○ ۱۵۱

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ✣ — کاروانِ حرم ☆

۳،۸۱۵- منظرِ اوّل
سلام اُن پر جو ہیں خود ہی نظر، منظور، ناظِر
وہی ہیں منظرِ اوّل، وہی حُسنِ مناظِر ۹۰ ○

۳،۸۱۶- منظور
سلام اُن پر جو ہیں خود ہی نظر، منظور، ناظِر
وہی ہیں منظرِ اوّل، وہی حُسنِ مناظِر ۹۰ ○

۳،۸۱۷- منقوشِ قلبِ مُسلِّم
سلام اُن پر کہ جو اَورنگِ دل پر ہیں فرِوکش
رہے نام اُن کا لوحِ قلبِ مُسلّم پر مُنقّش ۹۵ ○

۳،۸۱۸- مُنوّرِ ابوابِ مذہب
سلام اُن پر مُنوّر جن سے ہیں ابوابِ مذہب
وہ علم و فضل میں یکتا مگر اُمّی مُلقّب ۶۳ ○

۳،۸۱۹- مُنوّرِ قلب وجاں
قلب و جاں تم سے مُنوّر
محفلِ اِمکاں مُعطّر ۳۷ ❖

۳،۸۲۰- مُنوّرِ قُلوب
نور و نکہت سے مُنوّر ہیں، مُعطّر ہیں قلوب
فرحت و شمعِ فروزاں ہے وہ اِک صحرا کا پھول ۹۸ *

۳،۸۲۱- مُنیب
نہ ہو کیوں قبول مِری دُعا، جہاں تُو رحیم و مُجیب ہو
تُو شفیع و حامی دمِ جزا، تُو کریم ہو تُو مُنیب ہو ۱۳۱ *

۳،۸۲۲- مُنیبِ حق
وہی آقا ہمارے ہیں، وہی حق کے مُنیب
زہے مسلّم کبھی ہوں راہ کا اُن کی غریب ۸۸ ❖

۳،۸۲۳- مُنیر
مُصلح ومِصباح ونُور واَلسّراج، اَلمُنیر
رحمتً لِلعالمیں خیرُالبشرؐ کی روشنی ۲۴۲ *

۳،۸۲۴- مُنیر، تاباں
مُنیر، تاباں، مہِ مُنوّر
اندھیری شب میں سراجِ انور ۲۸۳ *

۳،۸۲۵- مُنیرِ حق
سلام اُن پر کہ جو ہیں ماہِ لمعانِ حقیقت
مُنیرِ حق، مَنارِ حق ہیں، فیضانِ حقیقت ۷۵ ○

۳،۸۲۶- مُنیرِ راہِ فطرت
سلام اُن صاحبِ عینُ الیقیں، حقُ الیقیں پر
مُنیرِ راہِ فطرت، حاصلِ دنیا و دیں پر ۸۲ ○

۳،۸۲۷- مُوثّر
سلام اُن پر جو ہیں اِشکالِ ذہنی کے مُیسّر[۱]
حکیم و نکتہ ور، عُقدہ کُشا، ہادی، مُوثّر ۹۳ ○

موجِ رحمت صلی اللہ علیہ وسلّم

۳،۸۲۸- مَوجِ اثر
سلام اُن پر کہ جو دل خستگاں کے چارہ گر ہیں
وہی حرفِ دُعا ہیں، اور وہی مَوجِ اثر ہیں ۱۳۸ ○

۳،۸۲۹- مَوجِ بادِ صبا
نزہتِ فکر و فن، راحتِ جان و تن
مَوجِ بادِ صبا، مصطفیٰ، مصطفیٰ ۱۹۰ *

۳،۸۳۰- مَوجِ بقا
سلام اُن پر مرے لب پر جو تحمید و ثنا ہوں
سلام اُن پر جو میری سانس میں مَوجِ بقا ہوں ۱۲۸ ○

۳،۸۳۱- مَوجِ تقدُّم
اذانِ صبح میں کیفِ ترنُّم ہیں تو آپؐ
جہادِ زِیست میں مَوجِ تقدُّم ہیں تو آپؐ ۹۱ ❖

۳،۸۳۲- مَوجِ حرارت
نبضِ تپاں میں موجِ حرارت
کون و مکاں پر سایۂ رحمت ۴۸ ❖

۳،۸۳۳- مَوجِ خِرد
سلام اُن پر کہ جن کا نام ہی عَینُ النِعَم ہے
خروشِ حرفِ لب، موجِ خِرد بحرِ حِکَم ہے ۲۱۰ ○

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- مُیسّر: آسان کر دینے والا

۳،۸۳۴- مَوجِ خوں — سلام اُن پر فروزاں ہیں جو میری موجِ خوں میں
حریمِ جاں، گُدازِ دل، مِرے سوزِ دروں میں — ۱۳۱ ○

۳،۸۳۵- مَوجِ خوں — سلام اُن پر جو مَوجِ خون ہیں، جانِ بدن ہیں
جو میری فکر ہیں، فہم و ذکا ہیں، میرا فن ہیں — ۱۴۹ ○

۳،۸۳۶- مَوجِ رَجا — صبحِ نو آپؐ، بادِ صبا آپؐ ہیں
نورِ اُمّید، مَوجِ رَجا آپؐ ہیں — ۱۵۹ *

۳،۸۳۷- مَوجِ رحمت — بفضلِ حق جو ہیں کونَین میں رحمت لقب
تلاطُم میں ہمیشہ جن کی ہے رحمت کی مَوج — ۱۰۲ ✥

۳،۸۳۸- مَوجِ روانِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں مَوجِ روانِ زندگی
وہی ہیں رونقِ بزمِ جہانِ زندگی — ۲۱۰ ✥

۳،۸۳۹- مَوجِ صبا — تُو رنگِ چمن، تُو مَوجِ صبا
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ — ۱۷۳ *

۳،۸۴۰- مَوجِ صبائے ہدایت — مُعطّر ہُوا تا اَبد باغِ ہستی
ہدایت کی مَوجِ صبا ہیں محمدؐ — ۱۱۵ *

۳،۸۴۱- مَوجِ غُفراں — سلام اے صاحبِ جُود و کَرم اے مَوجِ غُفراں
اجازت رَبّ نے بخشی ہے تجھے عَفوِ خطا کی — ۱۷۸ ○

۳،۸۴۲- مَوجِ لُطف و اِنبساط — ہر نفس صد مَوجِ لُطف و اِنبساط
لمحہ لمحہ اُن کی صحبت کا سعید — ۱۵۳ *

۳،۸۴۳- مَوجِ نسیمِ رحمت — مَوجِ نسیمِ رحمتِ پیہم
صلی اللہُ علیہِ وسلّم — ۵۰ ✥

* صفحہ نمبر زبورِ نعت ○ زمزمۂ سلام ✥ زمزمۂ درود ☆ کاروانِ حرم

۳،۸۴۴- مَوجِ ہَوا — سلام اُن پر جو سیلابِ بلا میں ناخدا ہوں
سفینہ، بادباں، ساحل ہوں، وہ مَوجِ ہَوا ہوں — ۱۲۷ ○

۳،۸۴۵- مَوجزنِ نسیمِ فکر — سلام اُن پر نسیمِ فکر میں جو مَوجزن ہیں
وہی جو رُوحِ ایماں ہیں، یقیں کا پَیرہن ہیں — ۱۴۹ ○

۳،۸۴۶- مَوجزن وقت کی دھڑکن میں — وقت کی دھڑکن میں ہے صبحِ ازل سے مَوجزن
تُو محمدؐ بھی ہے حامِد بھی ہے اور محمود بھی — ۱۷۷ *

۳،۸۴۷- موجودِ ازل تاابد — اوّلیں شاہد بھی تُو تھا، آخریں شاہد بھی تُو
بزمِ عالَم میں ازل سے تا اَبد موجود بھی — ۱۷۷ *

۳،۸۴۸- موجودِ ازل تاابد — تُو ازل سے تاابد موجود ہے
وجہِ آدم میں تُو ہی مسجود ہے — ۵۳ ❖

۳،۸۴۹- مَوجہءِ بقا — آپؐ ہی مَوجہٗ بقا صَلِّ علیٰ محمدٍ — ۴۲ ❖

۳،۸۵۰- مَوجہءِ بیکرانِ رحمت — سفینہ و بادبانِ رحمت
وہ مَوجہء بے کرانِ رحمت — ۲۹۰ *

۳،۸۵۱- مَوجہءِ جاں پرَور — اے مَوجہءِ جاں پرَور، اے لالہٗ صحرائی
اے نُورِ شبِ ظلمت، سرچشمہٗ دانائی — ۲۲۹ *

۳،۸۵۲- مَوجہءِ حکمت وذکا — مَوجہءِ حکمت وذکا صَلِّ علیٰ محمدٍ — ۴۱ ❖

۳،۸۵۳- مَوجہءِ حیات — وہ مَوجہء حیات، میرے دل کی دھڑکنیں
ہے جن کی صَوتِ پا مری سانسوں میں خوش خرام — ۸۴ *

۳،۸۵۴- مَوجہءِ رُوحِ ایماں — حیاتِ یقیں، مَوجہٗ رُوحِ ایماں
فنا میں نویدِ بقا دینے والے — ۲۳۱ *

۳،۸۵۵- مَوجہءِ رَوح و رَیحاں — سلام اے صاحبِ ایثار و حِلم وجُود و شفقت
سلام اے مَوجہٗ عَفُو و عطا و رَوح و رَیحاں[1] — ۱۱۲ ○

۳،۸۵۶- مَوجہءِ عَفُو و عطا — سلام اے صاحبِ ایثار و حِلم وجُود و شفقت
سلام اے مَوجہٗ عَفُو و عطا و رَوح و رَیحاں[1] — ۱۱۲ ○

❁ ❁ ❁

۳،۸۵۷- مُؤَخَّر — وہ مصدُوق ہے اور صادِق وہی
بظاہر مُؤَخَّر پہ سابِق وہی — ۱۵۶ ☆

۳،۸۵۸- مُؤَخَّر — سب سے مُؤَخَّر، سب سے مُقدَّم
صلی اللہُ علیہ وسلّم — ۴۹ ❖

۳،۸۵۹- مُؤَخَّرِ بِعثَت — سلام اُن پر، نہ ہو گا جن سا عالَم میں مُکرَّر
رسالت میں مُقدَّم گرچہ بِعثَت میں مُؤَخَّر — ۸۸ ○

۳،۸۶۰- مُؤَذِّن — ترے نام کا دوجہاں میں نقیب
مُبلِّغ، مُبشّر، مُؤَذِّن، خطیب — ۱۰۷ ☆

۳،۸۶۱- مَوصُوفِ خدا — سلام اُن پر کہ ہر توصیف کے قابِل وہی ہیں
ہیں مَوصُوفِ خدا، مَوصُول[2] ہیں، واصِل[3] وہی ہیں — ۱۵۴ ○

۳،۸۶۲- مَوصُول — سلام اُن پر کہ ہر توصیف کے قابِل وہی ہیں
ہیں مَوصُوفِ خدا، مَوصُول[2] ہیں، واصِل[3] وہی ہیں — ۱۵۴ ○

۳،۸۶۳- مَوصُولِ خدا — سلام اُن پر جو محفِل کی مراد و مُدَّعا ہیں
خلیل و صاحب و مختار[4] و مَوصُولِ خدا ہیں — ۱۳۳ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ۔ (۵۶۔الواقعہ۔۸۹) رحمت اور خوشبو، (نیز مغفرت و آرام) اور جنتِ نعیم ہے۔
۲- موصول: پہنچے ہوئے — ۳- واصِل: صاحبِ وصول، پہنچنے والے، یہ اسمائے گرامی حضور سرورؐ ہیں۔
۴- مختار: منتخب، پسندیدہ

۳،۸۶۴- مَوضُوعِ آغازوانجام — وہ مَوضُوعِ آغاز و انجام ہے
وہ اِتمامِ اِنعام و اِکرام ہے ☆ ۱۴۶

۳،۸۶۵- مَوضُوعِ قرآن — وہ ممدوح و محبوبِ غُفران ہے
وہ مَوضُوع و تفسیرِ قرآن ہے ☆ ۱۴۰

۳،۸۶۶- مَوعُود — سب صحیفے، سب نبی، مسلّم رہے جس کے نقیب
تُو ہے وہ ہادیِ مُرسَل، احمدِ مَوعُود بھی * ۱۲۸

۳،۸۶۷- مَوَقَّر — سلام اُن پر وہ دستِ حق کے شہکارِ مُفَخَّر[۱]
رَسولوں اور نبیوں میں جو ہیں سب سے مَوَقَّر ○ ۸۷

مَولیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم

وہ دانائے سُبُل، خَتمُ الرُّسُل، مَولائے کُل، جس نے
غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیِٔ سینا
(اقبالؒ)

۳،۸۶۸- مَولیٰ — اشکوں کی شبنم میں پھولوں کی خوشبو کو گھولوں
تیرے نام سے پہلے مَولیٰ، مُشک سے منہ کو دھولوں * ۱۲۳

۳،۸۶۹- مَولیٰ — تیرے پاس یہ ٹھان کے آئی، حالت ساری بولوں
منہ سے بات نہ نکلے مَولیٰ، آنچل نِیر بھگولوں * ۱۲۳

۳،۸۷۰- مَولیٰ — کیا بتلاؤں من کی بِپتا، کیسے تجھ پر کھولوں
سب کچھ چھوڑوں تجھ پر مَولیٰ، چپکے چپکے رولوں * ۱۲۳

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- مُفَخَّر: باعثِ افتخار، مایۂ ناز

۳،۸۷۱- مَولیٰ
من کی اندھی، اندھیاروں میں در دیوار ٹٹولوں
دیپک بن کر آجا مَولیٰ، مَیں رستے پر ہولُوں
*۱۲۳

۳،۸۷۲- مَولیٰ
پاپ کی گٹھڑی بھاری بھر کم سخت صِراط کی منزِل
ہاتھ کو تھام کے لے چل، مَولیٰ، اَوگن پگ پگ ڈولوں
*۱۲۴

۳،۸۷۳- مَولیٰ
کرموں کی اَگنی میں سُلگوں، گور اندھیری کالی
تیری رحمت کی ٹھنڈک ہو، مَولیٰ، چَین سے سوُلوں
*۱۲۴

۳،۸۷۴- مَولیٰ
اللہ نے تو تیرے سر سے ہر اِک بوجھ ہٹایا
مَیں کیسے بِن تیرے، مَولیٰ! اپنے بوجھ کو ڈھولوں
*۱۲۴

۳،۸۷۵- مَولیٰ
تیرے جل تھل فیض سے ساگر ساگر لابھ اُٹھاؤں
جان سے بڑھ کر دل میں رکھوں، مَولیٰ تم سے جو لُوں
*۱۲۴

۳،۸۷۶- مَولیٰ
رحمت، عَفو، شفاعت کا ہُن تیرے در پر برسے
جھولی کھول کھڑی ہوں، مَولیٰ، جو کچھ بھی تم دو، لُوں
*۱۲۴

۳،۸۷۷- مَولیٰ
باتیں مِیٹھی مِیٹھی دل کے اندر اُتری جائیں
بول نجات کے ضامِن مَولیٰ، کِن ہیروں میں تولُوں
*۱۲۴

۳،۸۷۸- مَولیٰ
تیری گلیوں کی مٹی ہے میری آنکھ کا سرمہ
تیرے در کے کنکر، مَولیٰ، بیٹھی موتی رولوں
*۱۲۵

۳،۸۷۹- مَولیٰ
اِک ٹھنڈک آنکھوں کو بخشے، گنبد کی ہریالی
جِھلمِل نور کی کرنیں، مَولیٰ، چُن چُن ہار پرولوں
*۱۲۵

۳،۸۸۰- مَولیٰ
چومُوں روضے کی جالی کو، چِمٹی چِمٹی جاؤں
تیرے پیار کی لہریں مَولیٰ، تن من بیچ سمولوں
*۱۲۵

۳،۸۸۱- مَولیٰ — نِس دن ہجر کی آگ جلائے، مسلم چین نہ پائے
دل کو خون کروں مَولیٰ مَیں، آنکھوں میں رَت گھولوں — * ۱۲۵

-•-•-

۳،۸۸۲- مَولیٰ — مَولیٰ تمہارے ذِکر میں ہو زندگی تمام
تسبیح ہو مِرے یہ سنین و شُہور کی — * ۹۱

۳،۸۸۳- مَولیٰ — جب بھی ہجومِ یاس میں اُن کا لیا ہے نام
مَولیٰ نے ہر خَلِش مرے سینے سے دُور کی — * ۹۲

۳،۸۸۴- مَولیٰ — آشا کے پٹ کھول کے بیٹھی، مَولیٰ تیرے پگ میں
سَو شاہی سے بڑھ کر تیرے دَر کی ایک غلامی — * ۱۲۷

۳،۸۸۵- مَولیٰ — منہ ہے چھوٹا، مگر ہے بڑا مُدَّعا
میرے مَولیٰ ہے تُو میرا مشکِل کُشا — * ۱۳۷

۳،۸۸۶- مَولیٰ — وہی محمدؐ ہے میرا مَولیٰ وہی محمدؐ ہے میرا آقا — * ۲۸۹

۳،۸۸۷- مَولیٰ — وہ دانت جن کی ہے آب موتی، رہینِ مِنَّت چمک گُہر کی
نظر شفَق کی، ادا فلَق کی، جلالِ باری، جمالِ مَولیٰ — * ۲۹۸

۳،۸۸۸- مَولیٰ — عجز سے کہنا کہ اے مَولیٰ، شفیعِ کل اُمَم
یہ سلامِ عاجزاں لیجے شہِ جُود و کرَم — ❖ ۶۸

۳،۸۸۹- مَولیٰ — جلد پھر مَولیٰ بلا دربار میں
ہجر سے مت کر دلِ مسلِم ملول — ❖ ۷۱

۳،۸۹۰- مَولیٰ — مئے معرفت سے ہے سرشار مسلِم
نظر اُس کی پُرکار، دِل تختِ مَولیٰ — ⌘ ۱۹۹

۳،۸۹۱- مَولیٰ — سلام اُن پر وہ جان و دِل کے ہیں آقا و مَولیٰ
معاً کی رہبری رحمت نے جب مَیں راہ بُھولا ○ ۶۱

* * *

۳،۸۹۲- مہِ مُنوَّر — مُنیر، تاباں، مہِ مُنوَّر
اندھیری شب میں سِراجِ انور * ۲۸۳

۳،۸۹۳- مہِ نُورِ مُبیں — سلام اُن پر مہِ نُورِ مُبیں ہے جن کی ذات
سَحر آئی، جہالت کی کٹی تاریک رات ❖ ۹۳

۳،۸۹۴- مہِ ہدایت — مہِ ہدایت ہے، مِہرِ حِکمت ہے
سراجِ ظُلمت کی، کہکشاں مَدّاح * ۱۴۷

۳،۸۹۵- مَہجورِ وطن — اے یتیم و اُمّی و مظلوم و مَہجورِ وطن
بحرِ عِلم و صاحبِ حُکمِ شریعت اَلسَّلام ❖ ۵۷

۳،۸۹۶- مہدی — سلام اُن پر جو نظمِ دہر کے مسند نشیں ہیں
نجی اللہ[۱] و مہدی، ہادیٔ دنیا و دِیں ہیں ○ ۱۵۱

۳،۸۹۷- مِہرباں — سلام اُن پر اُنہیں کیا خطرۂ آزار، مسلّم
محمدؐ ہے مُربّی، مِہرباں، غنّام جن کا ○ ۵۸

۳،۸۹۸- مہرباں — سلام اُن پر، ہمارے دادگر ہیں وہ حَکَم ہیں
بہم رنجش میں، مسلّم، مہرباں، ہمدرد ثالِث ○ ۷۸

۳،۸۹۹- مِہرباں — سلام اُس میرِ لشکر، پیشوا، صاحِب لِوا پر
سَحابِ سایہ گستر، مہرباں، صاحِب رِدا پر ○ ۷۹

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- نجی اللہ: خلیلِ رب، ہمرازِ باری تعالیٰ

۳،۹۰۰- مہربان — سلام اُن پر کہ جو ہیں مہربان و بندہ پرور
ہوئے ہیں دُور جن کی برکتوں سے سب دَلِدّر — ○ ۸۵

۳،۹۰۱- مِہربان — سلام اے مہربان و مُشفِق و غم خوار و مُحسِن
سرِ کونین ہیں دُھومیں ترے دستِ سخا کی — ○ ۱۷۸

۳،۹۰۲- مہربان — سلام اُن پر کہ جو ہیں صَیقلِ فہم و وُقوف
مُعلّم، مِہربان و لُطف فرما و عَطوف — ❖ ۱۶۲

۳،۹۰۳- مِہرِ حُسنِ سیرت — سلام اے نیّرِ اخلاص، مِہرِ حُسنِ سیرت
گُلِ اَخلاق سے تیرے مُعطّر پردۂ جاں — ○ ۱۱۳

۳،۹۰۴- مِہرِ حِکمت — مَہِ ہدایت ہے، مِہرِ حِکمت ہے
سِراجِ ظلمت کی، کہکشاں مَدّاح — * ۱۴۷

۳،۹۰۵- مِہرِ دُرُخشاں — سلام اے شمعِ اِرشاد وہُدیٰ مِہرِ دُرُخشاں
سلام اے قاطعِ اوہام تیغِ نورِ ایماں — ○ ۱۱۰

۳،۹۰۶- مِہرِ دُرُخشانِ حقیقت — سلام اُن پر جو ہیں مِہرِ دُرخشانِ حقیقت
جِلا بخشِ گُل و برگِ خیابانِ حقیقت — ○ ۷۵

۳،۹۰۷- مِہرِ رحمت — اِک کِرَن اُس مِہرِ رحمت کی ہوئی تھی مُنعکِس
قلب کی تاریک راتوں کی سَحَر ہوتی گئی — * ۱۹۷

۳،۹۰۸- مِہرِ زرتاب — سلام اے روشنیٔ مشعلِ لیلِ مَضَلَّت
سلام اے مہرِ زرتابِ طُلوعِ صُبحِ ایماں — ○ ۱۱۱

۳،۹۰۹- مِہرِ عَجم — سلام اُن پر کہ جو مِہرِ عَجم، بدرِ عَرَب ہیں
اندھیروں میں سراجِ نُور ہیں، قِندیلِ شب ہیں — ○ ۱۳۷

۳،۹۱۰- مِہرِ عَرَب
سلام اُن پر جو ہیں مصباحِ حق، مِہرِ عَرَب
مُنوَّر ہیں ضیا سے جن کی میرے روز و شب ٭ ۸۵

۳،۹۱۱- مِہرِ فروزاں
سلام اُن پر ہدایت کے جو ہیں مِہرِ فروزاں
جہاں پر مطلعِ ایمان ہے اِنعام جن کا ○ ۵۸

۳،۹۱۲- مِہرِ مُنوَّر
سلام اُن پر کہ ہے مِہرِ مُنوَّر آپ کی لَو
قمر میں بھی دُرُخشَندہ رُخِ انور کی ہے ضَو ○ ۱۵۵

۳،۹۱۳- مِہرِ مُنوَّر
مِہرِ مُنوَّر، نورِ مُشکَّل
دینِ متیں کی شرحِ مفصَّل ٭ ۴۸

۳،۹۱۴- مِہر و اِحسانِ مُجسَّم
سلام اے صاحبِ بخشائش و اِکرام و غُفراں
سلام اے سر بسر رحمت، مُجسَّم مِہر و اِحساں ○ ۱۱۱

۳،۹۱۵- مِہر و رحمۃً لِّلعالَمیں
سلام اُن پر جو مِہر و رحمۃ لِلعالَمیں ہیں
رحیم و رحمتِ عالَم، شفیعَ المُذنبیں ہیں ○ ۱۵۲

۳،۹۱۶- مِہر وعَفُو
ظُلمتوں کی تم سَحَر ہو
مِہر و عَفُو و دَرگزر ہو ٭ ۳۵

۳،۹۱۷- مِہرِ وَفا
سلام اُن پر کہ جو ہیں منبعِ صِدق وصَفا
وہی ہیں صادِق الوعدُ الاَمیں، مِہرِ وَفا ٭ ۷۹

۳،۹۱۸- مِہرِ یقیں
اے مِہرِ یقیں، قِندیلِ ہُدیٰ
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ * ۱۷۳

۳،۹۱۹- مَہک چمن در چمن
محمدؐ کہ مہکے چمن در چمن
محمدؐ سے ہے زینتِ انجمن ☆ ۱۴۷

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ٭ کاروانِ حرم ☆

۳،۹۲۰- مہک راحت فزا — سلام اُن پر ہے جن کے حُسن کی گُل میں لہک
مشامِ جاں کو ہے راحت فزا جن کی مہک ❖ ۱۶۷

مہمانِ عرشِ الٰہی صلی اللہ علیہ وسلّم

۳،۹۲۱- مہمان — ثنا اُس کی محمدؐ سا نبی جس نے ہے بھیجا
سلام اُس پر جو ہے محبوب اور مہمان اُس کا ○ ۴۳

۳،۹۲۲- مہمانِ حریمِ خاص — بہت ہے رحمت و نعمت تری اُن پر خدایا
بصد شفقت حریمِ خاص میں مہمان بلایا ○ ۵۲

۳،۹۲۳- مہمانِ حریمِ خاص — وہ مہمانِ حریمِ خاص، یارِ روبرو
تصور سے سِوا بخشا جنہیں حق نے عُلو ❖ ۱۸۵

۳،۹۲۴- مہمانِ حق — سلام اُن پر حبیبِ حق ہیں جو ارمانِ حق ہیں
حریمِ خاص کے محبوب ہیں، مہمانِ حق ہیں ○ ۱۴۰

۳،۹۲۵- مہمانِ خاصِ کِردِگار — سلام اُن پر جو ہیں مہمانِ خاصِ کِردِگار
جو ہیں دونوں جہاں میں کامگار و بختیار ❖ ۱۱۸

۳،۹۲۶- مہمانِ خدا — خدا کے مہمان کا مدینہ
حبیبِؐ رحمان کا مدینہ * ۲۸۲

۳،۹۲۷- مہمانِ داوَر — سلام اُن پر جو ہیں مشہودِ حق، مہمانِ داور
بشر اور واصلِ عرشِ بریں، اللہ اکبر ○ ۸۴

۳،۹۲۸- مہمانِ دِل — ازل سے وہی میرے مہمانِ دل ہیں
خدا جن کا ہے میزباں، اللہ اللہ غ م

۳،۹۲۹- مہمانِ ربِّ عالی — سلام اے ربِّ عالی کے رفیعُ الشّان مہماں
ہوا ہے فرش پابوسی کو تیری عرشِ رحماں ○ ۱۱۱

۳،۹۳۰- مہمانِ رفیعُ الشّان — سلام اے ربِّ عالی کے رفیعُ الشّان مہماں
ہوا ہے فرش پابوسی کو تیری عرشِ رحماں ○ ۱۱۱

۳،۹۳۱- مہمانِ سرِ عرشِ بریں — حریمِ خاص کے وہ سَیر ہیں سب سے الگ
وہ مہمانِ سرِ عرشِ بریں سب سے الگ ❖ ۱۷۱

۳،۹۳۲- مہمانِ عرش — سلام اُن پر جو ہیں مہمانِ عرشِ حق تعالیٰ
عجب تھی بزمِ حق میں پیشوائی، پُر تپاکی ○ ۱۷۷

۳،۹۳۳- مہمانِ عرشِ الٰہی — حبیبِ خدا، اَفضلُ الانبیاء
وہ مہمانِ عرشِ الٰہی ہُوا ☆ ۱۳۶

۳،۹۳۴- مہمانِ عرشِ حضور — وہ عبدیت و بندگی کا زَبور
پہ رِفعت میں مہمانِ عرشِ حضور ☆ ۱۵۱

۳،۹۳۵- مہمانِ فلک — تُو مہمانِ فلک کا سوہنے، تیرے اونچے درجے
خود خالق کے دل کو بھائی تیری عرش خرامی * ۱۲۷

❁ ❁ ❁

۳،۹۳۶-مہِ مطلعِ نورِ ایماں — مہِ مطلعِ نُورِ ایمانِ کُل
گئے عِلم و فن کے سبھی باب کُھل ☆ ۱۶۶

۳،۹۳۷- میانہ خو — میانہ گامی، میانہ خوئی، کوئی کمی ہے، نہ کوئی بیشی
کمالِ صورت، کمالِ سیرت، کمالِ اُسوہ، کمالِ جلوہ * ۲۹۹

صفحہ نمبر زبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۳،۹۳۸- میانہ گام

میانہ گامی، میانہ خوئی، کوئی کمی ہے، نہ کوئی بیشی
کمالِ صورت، کمالِ سیرت، کمالِ اُسوہ، کمالِ جلوہ
* ۲۹۹

۳،۹۳۹- میرِ افواج

محمدؐ رَسولوں کا سرتاج ہے
سرِ کارواں، میرِ افواج ہے
☆ ۱۴۷

۳،۹۴۰- میرا مَالِک

وہی چراغِ صِراطِ سالِک
غلام ہوں مَیں وہ میرا مَالِک
* ۲۹۰

۳،۹۴۱- میرِ انبیاء

سلام اُن پر جو میرِ انبیاء، صدرُ العُلیٰ ہیں
حبیبِ ربّ ہیں، بامِ عرش پر صلِّ علیٰ ہیں
○ ۱۳۳

۳،۹۴۲- میرِ سپاہ

محمدؐ ہے کونین کا سر براہ
پیمبر، نبی، ہادی، میرِ سپاہ
☆ ۱۵۵

۳،۹۴۳- میرِ سیادت

یومِ ازل سے میرِ سیادت
نقطہء ختمِ سِلکِ رسالت
⁘ ۴۹

۳،۹۴۴- میرِ عَرب

سلام اُن پر ہے جن کے زیرِ پا باغِ اِرَم
اُولُوالاَمرِ جہاں، میرِ عَرَب، شاہِ عجم
⁘ ۱۷۸

۳،۹۴۵- میرِ قافلہ

سلام اُن پر جو میرِ قافلہ، صاحِب لِوا ہیں
بھٹکتے کارواں کے واسطے بانگِ دَرا ہیں
○ ۱۳۵

۳،۹۴۶- میرِ کارواں

سلام اُن رہبرِ حق پر جو میرِ کارواں ہیں
جو واقف کارِ منزل، والیِ باغِ جناں ہیں
○ ۱۴۶

۳،۹۴۷- میرِ لشکر

سلام اُس میرِ لشکر، پیشوا، صاحِب لِوا پر
سَحابِ سایہ گُستر، مہرباں، صاحِب رِدا پر
○ ۷۹

۳،۹۴۸- میرِ مقالیدِ اُمور — ہے وہی میرِ مقالیدِ اُمور
عُقدہ ہائے زیست سب یکسر کُھلے — ۲۰۶ *

۳،۹۴۹- میرِ مقالیدِ اُمورِ بزمِ اِمکاں — سلام آقا کہ جبرائیل بھی ہے تیرا دربان
تُو ہی میرِ مقالیدِ اُمورِ بزمِ اِمکاں — ۱۱۱ ○

۳،۹۵۰- میرِ مقالیدِ اُمورِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں وجہِ ظہورِ زندگی
جو ہیں میرِ مقالیدِ اُمورِ زندگی — ۱۹۹ ❖

۳،۹۵۱- میرِ مقالیدِ اُمورِ علم وحِکمت — سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ بُرہان وحُجّت
جو ہیں میرِ مقالیدِ اُمورِ عِلم و حِکمت — ۶۸ ○

۳،۹۵۲- میرِ مقالیدِ زمانہ — سلام اُن پر جو ہیں میرِ مقالیدِ زمانہ
اسیرِ حلقۂ زنجیر ہیں سعدَین[۱] جن کے — ۱۹۶ ○

۳،۹۵۳- میرِ منزِل — دلیل و سرِ کارواں، میرِ منزِل
نہاں منزلوں کا پتا دینے والے — ۲۳۲ *

۳،۹۵۴- میرِ مَہامِ زندگی — سلام اُن پر وہ سردار وامامِ زندگی
امیرِ کارواں، میرِ مَہامِ زندگی — ۲۰۹ ❖

۳،۹۵۵- میرِ نظامِ دو عالَم — سلام اُن پر جو ہیں میرِ نظامِ ہر دو عالَم
نبوّت، رُشد، امر و سلطنت جن کے لئے ہے — ۲۱۹ ○

۳،۹۵۶- میرِ نوعِ بشَر — بعدِ حق معتبر، میرِ نوعِ بشَر
وہ ہے خیرُالوریٰ، مصطفیٰؐ، مصطفیٰؐ — ۱۹۱ *

۳،۹۵۷- میرِ وریٰ وماورا — میرِ وریٰ وماورا صَلِّ علیٰ محمدٍ — ۴۱ ❖

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- سعدَین: دو مبارک ستاروں مشتری وزہرہ کا اجتماع، قِرانِ سعدَین (سعدِ اکبر: مشتری و سعدِ اصغر: زُہرہ)

ن:

۳،۹۶۸- ناخدا — سلام اُن پر جو سیلابِ بلا میں ناخدا ہوں
سفینہ، بادباں، ساحل ہوں، وہ موجِ ہوا ہوں ○ ۱۲۷

۳،۹۶۹- ناخدا — جو میرے رہنما و ناخدا ہیں
محمدؐ ہی نکالیں گے بھنور سے * ۲۱۶

۳،۹۷۰- ناخدا — در پہ آکے سوالی کھڑا ہوں بحرِ عصیاں میں کچّا گھڑا ہوں
ناخدا اب کنارے لگاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ * ۲۵۹

۳،۹۷۱- ناخدا — گھرے بھنور میں جو ناؤ تو ناخدا ہے وہی
کرَم سے اپنے وہ بیڑے کو پار کردے گا * ۲۶۷

۳،۹۷۲- ناخدا (سیلِ بلا میں) — شکستہ ناؤ کے ہیں ناخدا سَیلِ بلا میں
بوقتِ ابتلا ہے دستگیری کام جن کا ○ ۵۸

۳،۹۷۳- نازِ ارض وسَماء — باعثِ کل جہاں، کیا زماں کیا مکاں
نازِ ارض و سَماء، مصطفیٰؐ، مصطفیٰؐ * ۱۹۱

۳،۹۷۴- نازِشِ جہانِ ازل — اَے نُورِ کائنات، شہِ آسماں خرام
اَے نازشِ جہانِ اَزل سرورِ اَنام * ۸۶

۳،۹۷۵- نازِشِ دوستان — وہ ایثار میں نازشِ دوستاں
ہے قلبِ صفا خوابِ شیشہ گراں ☆ ۱۴۰

۳،۹۷۶- نازِشِ ربُّ العالمیں — نازِش و شہکارِ رَبُّ العالَمین
رَحمتً لِلعالَمیں، شانِ وحید * ۱۵۴

۳،۹۷۷- نازِ کردِگار
سلام اُن پر جو ہیں محبوب و نازِ کردِگار
جو ہیں دونوں جہاں میں کامیاب و کامگار
۱۱۶ ❖

۳،۹۷۸- ناصِرِ بدنصیباں
سلام اُن پر جو ہیں اُمیدِ ہر کوتاہ و قاصِر
یتیموں، بدنصیبوں اور بیواؤں کے ناصِر
۹۱ ○

۳،۹۷۹- ناصِرِ بیوگاں
سلام اُن پر جو ہیں اُمیدِ ہر کوتاہ و قاصِر
یتیموں، بدنصیبوں اور بیواؤں کے ناصِر
۹۱ ○

۳،۹۸۰- ناصِرِ یتامیٰ
سلام اُن پر جو ہیں اُمیدِ ہر کوتاہ و قاصِر
یتیموں، بدنصیبوں اور بیواؤں کے ناصِر
۹۱ ○

۳،۹۸۱- ناظِر
سلام اُن پر جو ہیں خود ہی نظَر، منظور، ناظِر
وہی ہیں منظرِ اوّل، وہی حُسنِ مناظِر
۹۰ ○

۳،۹۸۲- ناظِمِ آئینِ رُسُل
سلام اُن پر کہ جو سِلکِ نبوّت کے ہیں خاتم
ازل کے دن سے آئینِ رُسُل کے جو ہیں ناظِم
۱۰۹ ○

۳،۹۸۳- ناظِمِ بزمِ جہاں
اُسی سے بزمِ جہاں مُنظَّم
وہی ہے شیرازہ بندِ عالَم
۲۸۴ *

۳،۹۸۴- نامِ پاک
مَیں نے وُفورِ شوق میں چُوما ہے بار بار
آپس میں نامِ پاک پہ جب میرے لب ملے
۲۲۱ *

۳،۹۸۵- نامور
سلام اُن پر نہیں جن سا شہیر و نامور بھی
فقیرِ بے غرض بھی وہ، جہاں کے تاجوَر بھی
۱۶۴ ○

۳،۹۸۶- نامہ بَرِ رَبّ
سلام اُن پر جو ہیں بُشریٰ ءِ رَبِّ بحر و بر بھی
جو ہیں عینُ النعیمِ خاص، رَبّ کے نامہ بَر بھی
۱۶۴ ○

۳،۹۸۷- نامہ برِ رحمانِ مُرسِل — سلام اُن پر جو ہیں نامہ برِ رحمانِ مُرسِل
خبر دیتے ہیں جن کی سب رَسولوں کے رسائل ○ ۱۰۴

۳،۹۸۸- نائبِ حق — سلام اُن پر جو ہیں بزمِ جہاں میں حق کے نائب
اُنہیں کے تابعِ فرماں ہیں، حاضر ہوں کہ غائب ○ ۶۵

۳،۹۸۹- نائبِ حق — سلام اُن پر جو خلوت خانۂ حق کے مکیں ہیں
جہاں میں نائبِ حق ہیں، خدا کے جانشیں ہیں ○ ۱۵۰

۳،۹۹۰- نائفِ اَوجِ تصوُّر — سلام اُن پر جو ہر اَوجِ تصوُّر سے ہیں نائف[۱]
فلک سے جن کو آتے ہیں درودوں کے تحائف ○ ۹۷

۳،۹۹۱- نبضِ دلِ جہانِ ما — نبضِ دلِ جہانِ ما — صَلِّ علیٰ محمدٍ ❖ ۴۷

۳،۹۹۲- نبضِ سابق الاولوں — سلام اُن پر دلِ مومن میں ہے جن سے حرارت ○ ۱۳۱
اُنہیں کی نبضِ دِل تھی سابِقونَ الاوّلوں میں

نبی صلی اللہ علیہ وسلّم

۳،۹۹۳- نبیؐ — یا نبیؐ سلامُ علیکَ — یا رَسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۳

۳،۹۹۴- نبیؐ — حُبِّ نبیؐ میں خاتمہ بالخیر ہو مِرا
دِل کو ہوَس نہیں کوئی حُور و قصُور کی * ۹۲

۳،۹۹۵- نبیؐ — شہرِ نبیؐ میں قلب پہ بارانِ رُشد و نور
لذّت بڑی عجیب تھی کیف و سُرور کی * ۹۲

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- نائف: معزّز، بلند مرتبہ

۳،۹۹۶- نبیؐ

جگہ ہو مِری خاکِ پائے نبیؐ میں
یہی دل سے مستلم دعا بن کے نکلے

* ۱۳۶

۳،۹۹۷- نبیؐ

اے بخت کیا یاد مجھے، میرے نبیؐ نے
بے اِذن سعادت نہیں پائی یہ کسی نے

* ۱۴۲

۳،۹۹۸- نبیؐ

زمیں بھی مَدّاح، آسماں مَدّاح
مِرے نبیؐ کے ہیں دوجہاں مَدّاح

* ۱۴۸

۳،۹۹۹- نبیؐ

حشر میں یا نبیؐ، ہو شفاعت مِری
ہر خطا بخشوا، مصطفیٰؐ، مصطفیٰؐ

* ۱۹۲

--•--•--

۴،۰۰۰- نبیؐ

خوش بخت و خوش مآل ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
اِک کیفِ بے زوال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں

* ۲۰۹

۴،۰۰۱- نبیؐ

ہر آن ہے نگاہ میں وہ جلوۂ جمال
آئینۂ جمال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں

* ۲۰۹

۴،۰۰۲- نبیؐ

رعنائیٔ خیال کی اللہ رے اُڑان
خوش فکر و خوش خیال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں

* ۲۰۹

۴،۰۰۳- نبیؐ

محبوبِ ربّ ہے جو، وہی میرا حبیب ہے
ہم ذوقِ ذُوالجلال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں

* ۲۰۹

۴،۰۰۴- نبیؐ

دل اُن کے عکسِ نُور سے ہے رشکِ آفتاب
اِک شمعِ لَم یزال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں

* ۲۱۰

۴،۰۰۵- نبیؐ

قلب و نگاہ لطف سے اُن کے ہیں لالہ زار
پتّھر تھا، دَر کا لال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں

* ۲۱۰

۴،۰۰۶- نبیؐ
وہ سَربَسر کرم کا ہیں دریائے بے کنار
سَر تا قدم سوال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۰

۴،۰۰۷- نبیؐ
مسلّم ملی ہے نعمتِ دربارِ مصطفیٰؐ
رحمت سے مالا مال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۰

-•-•-

۴،۰۰۸- نبیؐ
مسرور و مستِ حال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہُوں
یارب بہت نہال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۱

۴،۰۰۹- نبیؐ
پیتا ہوں روز چشمۂ خضراء سے بھر کے جام
مستِ مئے جمال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۱

۴،۰۱۰- نبیؐ
پھرتا ہوں مَرغزار میں رحمت کے بےخطَر
مَیں رشکِ صد غزال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۱

۴،۰۱۱- نبیؐ
ہُوں خوشہ چینِ گلشنِ خُلقِ حضورؐ مَیں
ذی حُسن و باکمال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۱

۴،۰۱۲- نبیؐ
ہے وہ طبیبِ خاص ہی میرا مَرض شناس
بے حُزن و بے ملال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۲

۴،۰۱۳- نبیؐ
اُس نورِ پاک سے ہوئی دل کی مرے جِلا
وہ صاحبِ جمال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۲

۴،۰۱۴- نبیؐ
محبوبِ بے مِثال ہیں، دل کا قرار ہیں
خوش بختِ بے مِثال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۲

۴،۰۱۵- نبیؐ
مجھ کو نبیؐ کے باغ کی مسلّم لگی ہَوا
شاداب ہوں، نہال ہوں، شہرِ نبیؐ میں ہوں
٭ ۲۱۲

-•-•-

۴،۰۱۶- نبیؐ　جس نے دیکھی ہے نبیؐ کے سنگِ در کی روشنی
ہیچ ہے اُس کے لئے لعل و گہر کی روشنی　* ۲۴۱

۴،۰۱۷- نبیؐ　نبیؐ کے شہر سے ہو کر صبا نکلتی ہے
لئے شمیمِ رُخِ مصطفیٰؐ نکلتی ہے　* ۲۴۳

۴،۰۱۸- نبیؐ　زمیں صدف ہے گُہر مدینہ　مرے نبیؐ کا ہے گھر مدینہ　۲۷۶ *

۴،۰۱۹- نبیؐ　نقوشِ پائے نبیؐ سے روشن　ہدایتِ و علم و فن کا مخزن　۲۷۷ *

۴،۰۲۰- نبیؐ　نقوشِ پائے نبیؐ دُرخشاں　کہ کہکشاں نے چُنی ہے افشاں　۲۷۸ *

۴،۰۲۱- نبیؐ　کئے نشاں ثبت وہ نبیؐ نے　کہ آسماں نے چُنے نگینے　۲۷۸ *

۴،۰۲۲- نبیؐ　نبیؐ کے نقشِ قدم کا صدقہ　کمالِ رحمت، کرم کا صدقہ　۲۷۹ *

۴،۰۲۳- نبیؐ　درِ نبیؐ کے گدا کا زینہ　مراحمِ بے بہا کا زینہ　۲۸۲ *

۴،۰۲۴- نبیؐ　شمیمِ وجہِ نبیؐ بداماں　چمن چمن نکہتِ فراواں　۲۸۳ *

۴،۰۲۵- نبیؐ　جہانِ لفظ و بیاں ہے نادِم، نہیں قلم کی مجال مسلّم
لکھے ثنائے نبیؐ ءؐ خاتم، رقم محمدؐ کا ہو سراپا　* ۳۰۰

۴،۰۲۶- نبیؐ　ثنا اُس کی محمدؐ سا نبی جس نے ہے بھیجا
سلام اُس پر جو ہے محبوب اور مہمان اُس کا　○ ۴۳

۴،۰۲۷- نبیؐ　وہ لوحِ دل پہ حرفِ وحدتِ حق کے مُحرِّر
سخن وَر تو ہے خالق، پر نبیؐ ٹھہرے مُقرِّر[۱]　○ ۹۲

صفحہ نمبر زَبورِ نعت *　زمزمۂ سلام ○　زمزمۂ درود ❖　کاروانِ حرم ☆

۱- وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰى ○ (۳۵۔النجم۔۳/۴) ''وہ (رسولِ کریمؐ) اپنی خواہش نفسانی سے کچھ نہیں کہتے، اُن کا کلام تمام تر وحی الٰہی ہے (کلامِ خدا) ہے، جو ان پر نازل کی جاتی ہے''۔

صفحہ نمبر زبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۴۰۰۴۳- نبیؐ آخرینؐ — اوّل و آخر بھی تُو ہے، ظاہر و باطن بھی تُو
باعثِ تخلیقِ عالَم یا نبیؐ آخرینؐ — ١٠٨ *

۴۰۰۴۴- نبیؐ باکمال — سلام اُن پر جو ہیں ہر خوبی و جوہر کے حامِل
نبیؐ لازوالؐ و باکمال و مردِ کامِل — ١٠٥ ○

۴۰۰۴۵- نبی جیؐ — اَرفع تیری شان نبی جی — اللہ کی بُرہان نبی جی — ١٦٣ *

۴۰۰۴٦- نبی جیؐ — تیری بات رضا ہے اُس کی — سر تا سر قرآن نبی جی — ١٦٣ *

۴۰۰۴۷- نبی جیؐ — ہے آباد تِری ہی یاد سے — میرا قریۂ جان نبی جی — ١٦٣ *

۴۰۰۴۸- نبی جیؐ — تیرا نام ہے دھڑکن دھڑکن — میرے دین ایمان نبی جی — ١٦٣ *

۴۰۰۴۹- نبی جیؐ — میرے ماں اور باپ فدا ہوں — مَیں تجھ پر قربان نبی جی — ١٦٣ *

۴۰۰۵۰- نبی جیؐ — ابرِ رحمت، نُورِ ہدایت — تُو ظلِّ رحمان نبی جی — ١٦٣ *

۴۰۰۵١- نبی جیؐ — دھوپ گنہ کی سخت کڑی — رحمت چھتری تان نبی جی — ١٦۴ *

۴۰۰۵٢- نبی جیؐ — مَیں تقصیرِ مجسّم، پر تُو — بخشایش کی کان نبی جی — ١٦۴ *

۴۰۰۵٣- نبی جیؐ — تیرے لطف ہی سے بچتی ہے — حشر میں میری جان نبی جی — ١٦۴ *

۴۰۰۵۴- نبی جیؐ — اپنے رب سے مانگ لے میری — بخشش بن میزان نبی جی — ١٦۴ *

۴۰۰۵۵- نبی جیؐ — ہے محتاج نظر کا تیری — تیرا پاکستان نبی جی — ١٦۴ *

۴۰۰۵٦- نبی جیؐ — ایک نگاہِ لطف کا اِحساں! — بن جاؤں انسان نبی جی — ١٦۴ *

۴۰۰۵۷- نبی جیؐ — دونوں تیرے دَر کے منگتے — مسلم اور حسّان نبی جی — ١٦۴ *

۴۰۰۵۸- نبی جیؐ — جب نبیؐ جی اُدھر گئے ہوں گے — دِن فلک کے سنور گئے ہوں گے — ١٦٧ *

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۴،۰۵۹- نبیّ ءصلِّ علیٰ — نبیّ ءصلِّ علیٰ کا زینہ رسولِ خیرُالورٰیؐ کا زینہ * ۲۸۱

۴،۰۶۰- نبیّ ء لازوالؐ — سلام اُن پر جو ہیں ہر خوبی و جوہر کے حامِل
نبیّ ء لازوالؐ و باکمال و مردِ کامِل ○ ۱۰۵

۴،۰۶۱- نبیّ ء مُرسَلؐ — نبیِّ مُرسَلؐ، خدائے مُرسِلؐ
یہی ہے علم و یقیں کا حاصِل * ۲۸۸

۴،۰۶۲- نبیؐ مُصَوَّر — خدا مُصَوِّر، نبیؐ مُصَوَّر
تو کیوں نہ ہو بے مثال پیکر * ۲۸۴

۴،۰۶۳- نبیؐ، مُعلِّم — نبیؐ، مُعلِّم، کتاب و قرآں
بحقّ و باطل تمیز و فرقاں * ۲۸۵

❁ ❁ ❁

۴،۰۶۴- نَبِیل — سلام اُن پر جو ہیں راحت رساں، غَوث و نَبِیل [۱]
ہے آساں جن کے دم سے زِیست کی راہِ طویل ❖ ۱۷۶

۴،۰۶۵- نجات بخشِ ضلالت — تُونے ہی قعرِ ضلالت سے ہمیں بخشی نجات
جَہل کی تِیرہ شبی میں عِلم کے ماہِ مُبیں * ۲۶۵

۴،۰۶۶- نجمِ ثاقِب — سلام اُس نجمِ ثاقِب پر جو ہے سب سے دُرُخشاں
ہے جس کے نُور سے بزمِ دو عالَم میں چَراغاں ○ ۱۱۹

۴،۰۶۷- نجی اللہ — سلام اُن پر، جو نظمِ دہر کے مسند نشیں ہیں
نجی اللہ [۲] و مہدی، ہادیِٔ دنیا و دیں ہیں ○ ۱۵۱

۴،۰۶۸- نجیب — سلام اُن پر، نہیں جن سے کوئی بڑھ کر نجیب
مُجابِ حق ہیں بے شک اَور ہیں میرے مُجیب ❖ ۸۷

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- نَبِیل: اعلیٰ نسب، صاحبِ الشَّرَف

۲- نجی اللہ: خلیلِ ربّ، ہمرازِ باری تعالیٰ

۴،۰۶۹- نجیبِ محبت — محمدؐ، کہ یارب، ہے تیرا حبیب
محبت سے تیری ہُوا جو نجیب ☆ ۱۰۷

۴،۰۷۰- نخلِ تیقُّن — سرابِ تذبذُب میں نخلِ تیقُّن
قیاس و گماں کو مٹا دینے والے * ۲۳۲

۴،۰۷۱- نخیلِ زندگی — تذَبذُب کی تپش میں ہیں نخیلِ زندگی
شِفا بخشندۂ طبعِ علیلِ زندگی ❖ ۲۰۷

۴،۰۷۲- ندائے تسکیں — سلام اُن پر جو تخیئلِ پریشاں کی دوا ہوں
دلِ آوارۂ مسلم کو تسکیں کی ندا ہوں ○ ۱۲۶

۴،۰۷۳- نذیر — اندھیری شبوں میں سراجِ مُنیر
نقیبِ صداقت، بشیر و نذیر ☆ ۱۴۶

۴،۰۷۴- نذیر — عبادِ اطاعت کے حق میں بشیر
ضلالت میں بھٹکے ہوؤں کو نذیر ☆ ۱۴۹

۴،۰۷۵- نذیرِ گروہانِ شر — پیامِ نجات و اَماں کا بشیر
گروہانِ طغیان و شر کو نذیر ☆ ۱۶۲

۴،۰۷۶- نذیرِ گروہانِ طغیاں — پیامِ نجات و اَماں کا بشیر
گروہانِ طغیان و شر کو نذیر ☆ ۱۶۲

۴،۰۷۷- نذیرِ گمرہاں — یا بشیرِ اہلِ ایماں، یا نذیرِ گمرہاں
یا سِراجِ رُشد و نُور و ہادی و حق" مُبیں * ۱۰۸

۴،۰۷۸- نذیر و مُنذِر — نذیر و مُنذِر رؤف و رہبر
کبھی مُبَشِّر کبھی مُبَشَّر * ۲۸۴

۴،۰۷۹- نَردُبانِ رحمت — قدم قدم نَردُبانِ[1] رحمت — فلک فلک کہکشانِ رحمت ۲۹۰ *

۴،۰۸۰- نرمیٔ پرنیاں — کرَم، عَفو اور حِلم کا سائباں — دمِ گفتگو نرمیٔ پرنیاں ۱۳۹ ☆

۴،۰۸۱- نرمیٔ ریشم — قلبِ متیں میں نرمیٔ ریشم — صلی اللہُ علیہِ وسلّم ۴۹ ❖

۴،۰۸۲- نزدیک ترِ قوسَین — قُرب میں قوسَین سے نزدیک تر
اَور جلوے ہیں کہ تاحدِّ نظَر ۱۰۳ *

۴،۰۸۳- نزدیک ترِ قوسَین — سلام اُن پر جو تھے قوسَین سے نزدیک تر بھی
مگر بہکی نہ بھٹکی ہے ذرا جن کی نظَر بھی ۱۶۳ ○

۴،۰۸۴- نُزہتِ فکر و فن — نزہتِ فکر و فن، راحتِ جان و تن
موجِ بادِ صبا، مصطفٰےؐ، مصطفٰےؐ ۱۹۰ *

۴،۰۸۵- نسَبِ عالی — شرَف میں ہے مُعظَّم جو حسَب ہے اِختصاص
مکرَّم، محترم، عالی نسَب ہے اِختصاص ۱۴۶ ❖

۴،۰۸۶- نسیمِ مِہر و وفا و الفت — نسیمِ مِہر و وفا و الفت
حیاتِ رُوح و کمالِ نعمت ۲۸۷ *

۴،۰۸۷- نشاطِ دِل — محبت اور الفت کی مہکتی چاندنی
نشاطِ دل، حبیبِ دل نوازِ زندگی ۲۰۱ ❖

۴،۰۸۸- نشانِ منزل — نشانِ منزل، حصولِ حاصِل
سفینۂ جستجو کا ساحِل ۲۷۷ *

۴،۰۸۹- نِصابِ زندگی — وہ نورِ اُمُّ الکتاب بھی ہے
وہ زندگی کا نِصاب بھی ہے غ م

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆ — غیر مطبوعہ غ م

[1]- نَردُبان : زینہ

۴،۰۹۰- نصیر و ناصِر — بشیر و ہادی، نصیر و ناصِر
اِمامِ اَوّل، اِمامِ آخِر — * ۲۸۴

۴،۰۹۱- نصیر واماندگاں — نصیر و مددگارِ واماندگاں
اندھیروں میں اِک شعلۂ ضَوفِشاں — ☆ ۱۴۰

۴،۰۹۲- نظَر — سلام اُن پر جو ہیں خود ہی نظَر، منظور، ناظِر
وہی ہیں منظرِ اوّل، وہی حُسنِ مناظِر — ○ ۹۰

۴،۰۹۳- نظَر نظَر جلوۂ مکرّر — قدم قدم زندگی کے منظر
نظَر نظَر جلوۂ مکرّر — * ۲۷۵

۴،۰۹۴- نعمت — وہ دولت ہے، نعمت ہے، رحمت وہی
ہماری امیدِ شفاعت وہی — ☆ ۱۳۲

۴،۰۹۵- نعیم و نعمت — غیاث و غَوث و نعیم و نعمت
نزولِ غَیثِ سَحابِ رحمت — * ۲۸۷

۴،۰۹۶- نغمہ سراءِ اِقراء — سلام اُن پر حِرائے قلب میں وہ جلوہ زا ہوں
لبوں سے ''اِقرَاُ بِاسُمِ رَبِّکَ'' نغمہ سرا ہوں — ○ ۱۲۵

۴،۰۹۷- نغمہ و نَے — تُو لارَیب ہے جانِ رگ و پے
تُو نغمہ و نَے، تُو لَحن تُو لَے — * ۱۷۲

۴،۰۹۸- نفع و سُودِ زندگی — تیری طاعت اور محبت میری ہستی کا جواز
مَاحصَل تُو زندگی کا، تُو ہی نفع و سُود بھی — * ۱۷۷

۴،۰۹۹- نفع و سُودِ زندگی — اِس سے بڑھ کر اور کیا سوداگری جینِ حیات
اِتبّاعِ مصطفیٰؐ ہے زندگی کا نفع و سُود — * ۱۹۴

۴،۱۰۰- نقش و نگارِ قرآں
محمدؐ ترا شاہد و شاہ کار
محمدؐ سے قرآں کے نقش و نگار ☆ ۱۴۷

۴،۱۰۱- نقطہ ٔ ابتداء
نقطہ ٔ ابتداء، مرکزِ زندگی
مصدر و مُدَّعا، مُنتہیٰ آپؐ ہیں * ۱۵۹

۴،۱۰۲- نقطہ ٔ اِختتام
سر آغازِ حق، نقطہ ٔ اِختتام
وہ ختمِ رُسُل خاتَمِ کُل پیام ☆ ۱۵۹

۴،۱۰۳- نقطہ ٔ اِرتقا
تاجِ رُوحِ بشَر، مُنتہائے نظَر
نقطہ ٔ اِرتَقاء، مصطفےٰؐ، مصطفےٰؐ * ۱۹۲

۴،۱۰۴- نقطہ ٔ ختمِ سِلکِ رسالت
یومِ اَزل سے میرِ سیادت
نقطہ ٔ ختمِ سِلکِ رسالت ❖ ۴۹

۴،۱۰۵- نقیب امن و آشتی
سلام اُن پر کہ جو ہیں میری حالت پر رقیب
جو حُسنِ خُلق و امن و آشتی کے ہیں نقیب ❖ ۸۸

۴،۱۰۶- نقیب حُسنِ خُلق
سلام اُن پر کہ جو ہیں میری حالت پر رقیب
جو حُسنِ خُلق و امن و آشتی کے ہیں نقیب ❖ ۸۸

۴،۱۰۷- نقیبِ دو جہاں
ترے نام کا دو جہاں میں نقیب
مُبلِّغ، مُبشِّر، مُؤذِّن، خطیب ☆ ۱۰۷

۴،۱۰۸- نقیب رشد و ہدایت
ہے ترا نقشِ قدم رُشد و ہدایت کا نقیب
جادۂ معراج راہِ منزلِ عینُ الیقیں * ۲۶۵

۴،۱۰۹- نقیبِ روشنی
روشنی کا نقیب، وہ خدا کا حبیب
رحمتوں کی گھٹا، مصطفےٰؐ، مصطفےٰؐ * ۱۹۰

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمہ ٔ سلام ○ زمزمہ ٔ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۴،۱۱۰- نقیبِ صداقت — اندھیری شبوں میں سِراجِ مُنیر
نقیبِ صداقت، بشیر و نذیر ☆ ۱۴۶

۴،۱۱۱- نقیضِ پیچِ مشکل — وہی عُقدہ کُشا ہیں پیچِ مشکل کے نقیض[1]
سِراجِ نُورِ بُرہاں، ظُلمتِ دِل کے نقیض ❖ ۱۵۱

۴،۱۱۲- نقیضِ سدِّ حائل — سلام اُن پر کہ جو ہیں کفر و باطل کے نقیض
سبیلِ راستی میں سدِّ حائل کے نقیض ❖ ۱۵۱

۴،۱۱۳- نقیضِ ظُلمتِ دل — وہی عُقدہ کُشا ہیں پیچِ مشکل کے نقیض
سِراجِ نُورِ بُرہاں، ظُلمتِ دِل کے نقیض ❖ ۱۵۱

۴،۱۱۴- نقیضِ کفر و باطل — سلام اُن پر کہ جو ہیں کفر و باطل کے نقیض
سبیلِ راستی میں سدِّ حائل کے نقیض ❖ ۱۵۱

۴،۱۱۵- نکتہ داں — سلام اُن شاہدِ اوّل پہ ہو جو نکتہ داں ہیں
شہیدِ بزمِ حق ہیں، اور حق کے ترجماں ہیں ○ ۱۴۴

۴،۱۱۶- نکتہ دانِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں جانِ جہانِ زندگی
وہی ہیں فی الحقیقت نکتہ دانِ زندگی ❖ ۲۱۰

۴،۱۱۷- نکتہ نوازِ زندگی — مُعلِّم، راہبر، مُرشِد، خطیبِ دل نشیں
سُخن وَر، دیدہ وَر، نکتہ نوازِ زندگی ❖ ۲۰۰

۴،۱۱۸- نکتہ وَر — سلام اُن پر جو ہیں اِشکالِ ذہنی کے مُیسّر
حکیم و نکتہ وَر، عُقدہ کُشا، ہادی، مُوثّر ❖ ۹۳

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- نقیض : ضِدّ- منسوخ کردینے والے- مٹادینے والے

۴،۱۱۹- نکہتِ برگِ لطیف — زندگی ہے اہلِ دل کو نکہتِ برگِ لطیف
منکروں کو تیغِ بُرّاں ہے وہ اِک صحرا کا پھول — ۹۹ *

۴،۱۲۰- نَکہتِ فراواں — شمیم وجہِ نبیؐ بداماں
چمن چمن نَکہتِ فراواں — ۲۸۳ *

۴،۱۲۱- نکہت مآب — سلام اُن پر پسینہ جن کا ہے رشکِ گلاب
انہیں کو زیب ہے کہیئے اگر نکَہت مآب — ۸۴ ❖

۴،۱۲۲- نِکھارِ علم و ہُنر کا — محمدؐ کہ حِکمت کا ہے آبشار
محمدؐ سے عِلم و ہُنر کا نِکھار — ۱۴۴ ☆

۴،۱۲۳- نِکھار گلستانِ جہاں پر — سلام اُن پر ہے جن سے بزمِ گیتی میں بہار
گلِستانِ جہاں پر حُسن کا جن کے نِکھار — ۱۱۷ ❖

۴،۱۲۴- نگارِ افتتاحِ محفلِ کون و مکاں — تو نگارِ اِفتتاحِ محفلِ کون و مکاں
ہیں مقالیدِ اُمورِ اِنعام اَلفتّاح سے — ۱۱۴ *

۴،۱۲۵- نگارِ دستِ خالق — سلام اُن مشعلِ محفِل، عرِیسِ کُن فکاں پر
نگارِ دستِ خالِق، محوَرِ کون و مکاں پر — ۸۰ ○

۴،۱۲۶- نگارِ محمِلِ محبت — ترے ہی بس عشق میں جیوں مَیں، ترے ہی بس عشق میں مروں میں
مسافرِ دشتِ عشق ہوں مَیں، تری محبت نگارِ محمِل — ۱۱۱ *

۴،۱۲۷- نگاہِ لطف — تسکینِ قلب، جادۂ اِیقاں، نگاہِ لُطف
کیا کیا یہاں نہ خاک سے لعل و گُہر ملے — ۲۲۳ *

۴،۱۲۸- نگہبانِ گمرہانِ بے بِضاعت — سلام اے صاحبِ منہاج و واقف کارِ منزِل
سلام اے گمرہانِ بے بِضاعت کے نگہباں — ۱۱۲ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۴،۱۲۹- نگہبانِ متاعِ دین وایمان — سلام اُن پر حریمِ قلب ہے جن سے فروزاں
متاعِ دین وایماں کے مِرے، مسلّم، نگہباں ۱۱۹ ○

۴،۱۳۰- نگہدارِ پریشان وضعیف — سلام اُن پر جو ہیں اُمیدِ نادار و نحیف
نگہدار و مددگارِ پریشان و ضعیف ۱۶۴ ❖

۴،۱۳۱- نگہدارِ طنابِ سائبانِ زندگی — سلام اُن پر کہ جو ہیں پاسبانِ زندگی
نگہ دارِ طنابِ سائبانِ زندگی ۲۱۰ ❖

۴،۱۳۲- نگینِ ختمِ نبوّت — تُو ہے اُمّی پر مُجسّم شہرِ علم و آگہی
تاجدارِ انبیاء، ختمِ نبوّت کا نگیں ۱۰۸ *

۴،۱۳۳- نگینِ ختمِ نبوّت — سلام اُن پر کہ جو ختمِ نبوّت کے نگیں ہیں
جو سِلکِ انبیاء کی آب ہیں، دُرِّ ثمیں ہیں ۱۵۱ ○

۴،۱۳۴- نگینۂ ختمِ نبوّت — سلام اُن پر جو ہیں ختمِ نبوّت کا نگینہ
اُنہیں کے لطف سے صیقل ہے دل کا آبگینہ ۱۵۷ ○

۴،۱۳۵- نمِ سحر — نمِ سحر، آفتاب بھی ہے
چمن میں بُوئے گلاب بھی ہے ۲۸۸ *

۴،۱۳۶- نُمو پردازِ جاں — خدا سے ارمغاں ہے بس یہی ذکرِ لذیذ
نَمو پردازِ جاں ہے بس یہی ذکرِ لذیذ ۱۱۴ ❖

۴،۱۳۷- نُمودِ زندگی — سلام اُن پر کہ جن سے ہے نُمودِ زندگی
وہی ہیں وجہِ تخلیقِ وُجودِ زندگی ۱۹۵ ❖

۴،۱۳۸- نُمودِ صبحِ عرفاں — ہے اُسی کے نُور سے فکر ونظر کی روشنی
ظُلمتِ شامِ خِرَد میں صبحِ عِرفاں کی نُمود ۱۷۵ *

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۴،۱۳۹- نُمودِ کشتِ ہست — سلام اُن پر کہ جو ہیں سر بسر بارانِ جُود
ہے کِشتِ ہست میں اُن کے قدم ہی سے نُمود — ۱۱۱ ❖

۴،۱۴۰- نمونہءِ خُلقِ حَسَن — نمونہ محمدؐ کا خُلقِ حَسَن
قیامت تلک زینتِ انجمن — ۱۴۸ ☆

۴،۱۴۱- نُموئے جہانِ فکر — سلام اُن پر جہانِ فکر کی جن سے نُمو
بہر سُو عام تھا جن کی ہدایت کا سَبو — ۱۸۶ ❖

۴،۱۴۲- نَوا میری — کس نے مجھ کو کہا مسلمِ بے نَوا
میری ہر اِک نَوا، ہر دُعا آپؐ ہیں — ۱۶۰ *

۴،۱۴۳- نَوازش اللہ کی — سلام اُن پر جو ہیں اللہ کی ہم پر نَوازِش
جنہوں نے ختم کر دی کفر کی ہر مکر و سازِش — ۹۴ ○

۴،۱۴۴- نَوالِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں شمعِ خیالِ زندگی
طفیلِ ذاتِ اقدس ہے نَوالِ[1] زندگی — ۲۰۵ ❖

۴،۱۴۵- نَوائے راحت — سلام اُن پر جو شادابی و راحت کی نَوا ہیں
خزاں دیدہ چمن میں اِک بہارِ جاں فِزا ہیں — ۱۳۵ ○

۴،۱۴۶- نَوائے شادابی — سلام اُن پر جو شادابی و راحت کی نَوا ہیں
خزاں دیدہ چمن میں اِک بہارِ جاں فِزا ہیں — ۱۳۵ ○

۴،۱۴۷- نَوائے وحدتِ حق — سلام اُن پر وہی ہیں نیّرِ صحنِ حقیقت
نَوائے وحدتِ حق سر بسر لحنِ حقیقت — ۷۷ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- نَوال: بخشش، عطا، احسان

نُورِ مُبِین صلی اللہ علیہ وسلّم

۴،۱۴۸- نُور
نور سے کیوں کر جدا ہو نور کی محفل میں نور
جلوۂ جانانہ کیسے جاناں سے پردہ کرے
* ۱۰۶

۴،۱۴۹- نُور
مُصلح و مِصباح و نُور و اَلسّراجُ، اَلمُنیر
رحمتً لِلعالمیں خیرُالبشرؐ کی روشنی
* ۲۴۲

۴،۱۵۰- نُورِ آخر
نُورِ اَوّل، نُورِ آخر، واقفِ منشائے حق
شاہدِ ہنگامِ کُن، بزمِ ابَد کے سَیر بیں
* ۲۱۷

۴،۱۵۱- نُورِازل
محمدؐ مُجَسّم خدا کا جمال
یہ نورِ ازل تا ابد لازوال
☆ ۱۴۸

۴،۱۵۲- نُورِازل
اے نُورِ ازل میری شبِ تیرہ سحَر ہو
پھر بادِ مخالف میں مِرے دل کا دِیا ہے
* ۲۵۵

۴،۱۵۳- نُورِاِستصباح
ہیں زُجاجِ دل میں روشن ذِکر کے تیرے چراغ
رونقِ مشکاتِ جاں، اِس نورِ اِستِصباح سے
* ۱۱۴

۴،۱۵۴- نُورُالہُدیٰ
سلام اُن پر جو انوارِ خدا، نُورُالہُدیٰ ہیں
جو مصباحِ صِراطِ حق، سِراجِ انبیاء ہیں
○ ۱۳۴

۴،۱۵۵- نُورُالہُدیٰ
سلام اُن پر جو ہیں سر تا قدم نُورُالہُدیٰ
کہا حق نے بھی جن کے نام پر صلِّ علیٰ
❖ ۷۶

۴،۱۵۶- نُورُالہُدیٰ
رہبرِ اِنس و جاں، رہنمائے جہاں
مشعلِ راہ، نُورُالہُدیٰ آپؐ ہیں
* ۱۵۹

۴،۱۵۷- نُورِ اُمُّ الکتاب
وہ پیغامِ حق، نورِ اُمُّ الکتاب
محمدؐ سے کون و مکاں فیض یاب ☆ ۱۶۱

۴،۱۵۸- نُورِ اُمُّ الکتاب
وہ نورِ اُمُّ الکتاب بھی ہے
وہ زندگی کا نِصاب بھی ہے غ م

۴،۱۵۹- نُورِ اُمّید
صبحِ نو آپؐ، بادِ صبا آپؐ ہیں
نورِ اُمّید، موجِ رَجا آپؐ ہیں * ۱۵۹

۴،۱۶۰- نُورِ اوّل
نُورِ اَوّل، نُورِ آخر، واقفِ منشائے حق
شاہدِ ہنگامِ کُن، بزمِ ابَد کے سَیر بیں * ۲۱۷

۴،۱۶۱- نُورِ اوّلیں
سلام اُن پر جو نُورِ اوّلیں ہیں، مُبتدیٰ ہیں
دُرود و رحمت و احسانِ حق کے مُنتہیٰ ہیں ○ ۱۳۲

۴،۱۶۲- نُورِ اوّلیں
سلام اُن پر جو شہکارِ ازل، محبوبِ رَبّ ہیں
ہیں نُور اوّلیں، تخلیقِ عالَم کا سبب ہیں ○ ۱۳۷

۴،۱۶۳- نُورِ اَولیٰ
ثنا اُس کی کہ جو ہے مالِکُ القدّوس و اعلیٰ
سلام اُس پر جو ہے تخلیقِ اوّل، نُورِ اَولیٰ ○ ۴۴

۴،۱۶۴- نُور بارِ قلب و نظَر
سلام اُن پر جو ہیں قلب و نظَر پر نُور بار
ہوا معدوم سب قلب و نظَر کا اِنتشار ❖ ۱۱۷

۴،۱۶۵- نُورِ بصَر
سلام اُن پر ہے جن سے حُسن و آب و تابِ بزمی
جو نُورِ دیدہ ہیں، نُورِ بصَر ہیں، نُورِ چشمی ○ ۱۸۵

۴،۱۶۶- نُورِ پاک
اُس نورِ پاک سے ہوئی دل کی مِرے جِلا
وہ صاحبِ جمال ہوں شہرِ نبیؐ میں ہوں * ۲۱۲

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆ غیر مطبوعہ غ م

۴،۱۶۷- نُور پیکر
حبیبِ داور، وہ نور پیکر، وہ حُسنِ ارض و سما کا محوَر
ہو میرا دل، میری جاں نچھاور، جری، شجیع و جوانِ رعنا ۲۹۹ *

۴،۱۶۸- نُورتَن
سلام اُن نُور تَن پر جو کہ مِصباحِ ہُدیٰ ہیں
ہم اُن کے مقتدی ہیں، وہ ہمارے مقتدیٰ ہیں ۱۳۴ ○

۴،۱۶۹- نُورِجاں پرور
ڈھل گئی گردِ ظلام و جہل و شبہات و گماں
جگمگائے نورِ جاں پرور سے میرے روز و شب ۲۶۱ *

۴،۱۷۰- نُورِ چشمی
سلام اُن پر ہے جن سے حُسن و آب و تابِ بزمی
جو نُورِ دیدہ ہیں، نُورِ بصر ہیں، نُورِ چشمی ۱۸۵ ○

۴،۱۷۱- نُورِ حُسنِ دوعالَم
آنکھوں میں نُورِ حُسنِ دو عالم کی جلوَ گی
لوحِ خیال پر رُخِ زیبا کا اِرتِسام ۸۴ *

۴،۱۷۲- نُورِ حق
اوّلیں نُورِ حق، آخریں نُورِ حق
آپؐ سے ابتدا، انتہا آپؐ ہیں ۱۶۰ *

۴،۱۷۳- نُورِ حق
یا محمدؐ، میرے آقا، نُورِ حق، شاہِ عرب
جامعِ اوصافِ جملہ انبیاء محبوبِ ربّ ۲۶۰ *

۴،۱۷۴- نُورِ حق
تُجھی سے اے سِراجِ نُور ساری روشنی ہے
مِری مشکوٰۃِ دل بھی نورِ حق سے کر فروزاں ۳۰۵ *

۴،۱۷۵- نُورِ حق مُصوَّر
سلام اُن پر جو سر تا پا ہیں نورِ حق مُصوَّر
جمالِ شب ہے جن کا پر تو زُلفِ مُعنبّر ۸۷ ○

۴،۱۷۶- نُورِ حِکَم
اےنُورِ حِکَم اے صبحِ ذکا
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ ۱۷۳ *

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۴،۱۷۷- نُورِ حِکمت
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت
صِراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حِکمت ○ ۶۷

۴،۱۷۸- نُورِ خدا
سلام اُن پر جو لیلِ جَہل میں شمعِ ہُدیٰ ہیں
چراغِ راہ، قِندیلِ ضیا، نُورِ خدا ہیں ○ ۱۳۴

۴،۱۷۹- نُورِ دَبستانِ حقیقت
سلام اُن پر جو ہیں نُورِ دَبستانِ حقیقت
ہے اُن کے ہاتھ میں مُسلّم قلمدانِ حقیقت ○ ۷۶

۴،۱۸۰- نُورِ دیدہ
سلام اُن پر ہے جن سے حُسن و آب و تابِ بزمی
جو نُورِ دیدہ ہیں، نُورِ بصَر ہیں، نُورِ چشمی ○ ۱۸۵

۴،۱۸۱- نُورِ رَجا
سلام اُن پر جو لیلِ یاس میں نُورِ رَجا ہوں
قیامت کی تمازت میں وہ رحمت کی گھٹا ہوں ○ ۱۲۸

۴،۱۸۲- نُورِ روشنِ ازَل
تیرا نُور ازَل سے روشن
تُو ہے ہر اِک دل کی دھڑکن * ۲۹۵

۴،۱۸۳- نُورِ سحَر
سلام اُن پر شبِ ظُلمت میں جو نُورِ سحَر ہیں
جو صحرائے گُماں میں منبعِ عِلم و ہُنر ہیں ○ ۱۳۸

۴،۱۸۴- نُورِ سحَر
بُوئے گُل تیرے پسینے کی ہے مرہونِ کرَم
جُز ترے عکسِ جبیں نورِ سحَر میں کچھ نہیں * ۲۶۳

۴،۱۸۵- نُورِ سِراجِ زندگی
گُلِ اُمید، تسکینِ دلاں، روحِ حیات
شبِ تیرہ میں وہ نورِ سراجِ زندگی ❖ ۱۹۳

۴،۱۸۶- نُورِ شبِ ظُلمت
اے موجۂ جاں پرور، اے لالۂ صحرائی
اے نُورِ شبِ ظُلمت، سرچشمۂ دانائی * ۲۲۹

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۴،۱۸۷- نُورِ طریقِ حق نما — نُورِ طریقِ حق نما صَلِّ علیٰ محمدٍ ❖ ۴۱

۴،۱۸۸- نُور طلوع سورج کا — سلام اُن پر ہے جن کے نور سے سورج طلوع
نشانِ پا سے روشن کہکشاؤں کی شُموع ❖ ۱۵۷

۴،۱۸۹- نُورِ عیاں — کس نے دیکھا ہے سورج کا سایہ
ایک نورِ عیاں ہے محمدؐ * ۱۲۲

۴،۱۹۰- نُورِ عین — سلام اُن کامِل و اکمل پہ جو خیرُ البشرؐ ہیں
جو نُورِ قلب، نُورِ عین ہیں، نُورِ نظر ہیں ○ ۱۳۸

۴،۱۹۱- نُورِ عین — سلام اُن پر جو ہیں آئینہ بھی، آئینہ گر بھی
وہ نُورِ عین بھی، نورِیں بدن، خیرُ البشرؐ بھی ○ ۱۶۳

۴،۱۹۲- نُورِ عین — وہ جو ہے محبوبِ ربِّ مشرقَین و مغربَین
کہہ سلام اُس سے کہ جو ہے راحتِ جاں نورِ عَین ❖ ۶۷

۴،۱۹۳- نُورِ عین — دلنواز و روح پرور، زیست بخش و نورِ عین
وحشتِ عصیاں کا درماں ہے وہ اِک صحرا کا پھول * ۹۹

۴،۱۹۴- نُورِ قلب — سلام اُن کامِل و اکمل پہ جو خیر البشرؐ ہیں
جو نُورِ قلب، نُورِ عین ہیں، نُورِ نظَر ہیں ○ ۱۳۸

۴،۱۹۵- نُورِ قلبِ مُصَیقَل — سلام اُن پر کہ جو ہیں سربَسَر نُورِ مُشکَّل
انہیں کے نُور نے بخشا مجھے قلبِ مُصَیقَل ○ ۱۰۳

۴،۱۹۶- نُورِ قلب و بصَر — نورِ قلب وبَصر، ظُلمتوں کی سَحَر
ذہن و دل کا دِیا، مُصطفےٰؐ، مُصطفےٰؐ * ۱۸۸

۴،۱۹۷- نُورِ قُلوبِ عارفیں
سلام اُن پر جو ہیں نورِ قُلوبِ عارفیں
سکونِ قلب و جاں عینُ الیقیں، حقُ الیقیں ❖ ۱۸۴

۴،۱۹۸- نُور کا مُبتدیٰ
کون یومِ ازل کی ِنہاد
نُور کا مُبتدیٰ اَور کون * ۱۶۲

۴،۱۹۹- نُور کا مُنتہیٰ
کون ہے تا اَبد راہبر
نُور کا مُنتہیٰ اَور کون * ۱۶۲

۴،۲۰۰- نُورِ کائنات
اَے نُورِ کائنات، شہِ آسماں خرام
اَے نازشِ جہانِ ازل سرَورِ انام * ۸۶

۴،۲۰۱- نُورِ کون و مکاں
شمعِ بزمِ جہاں ہے محمدؐ
نورِ کون و مکاں ہے محمدؐ * ۱۱۷

۴،۲۰۲- نُورِ کون و مکاں
نُورِ کون و مکاں، مرجعِ دو جہاں
مُرتضیٰ، مجتبیٰ، مُصطفےٰؐ، مُصطفےٰؐ * ۱۸۷

۴،۲۰۳- نُورِ لَم یزل
تیری تجلّیوں سے ہی اے نورِ لَم یزل
سب کائنات صورتِ مشکوٰۃ ہوگئی * ۲۸۳

۴،۲۰۴- نُورِ مُبتدیٰ و مُنتہیٰ
سلام اُن پر ہے جن کی گردِ پا خورشیدِ خاوَر
وہ نُورِ مُبتدیٰ و مُنتہیٰ، تنویرِ داوَر ○ ۸۹

۴،۲۰۵- نُورِ مبین
اے قیمِّ دیں، اے حق کی ضیا
اے نُورِ مُبیں، اے دل کی جِلا * ۱۷۱

۴،۲۰۶- نُورِ مبین
وہ پیغامِ خدا، نورِ مُبیں سب سے الگ
مِلیں جو نعمتیں اُنؐ کو مِلیں سب سے الگ ❖ ۱۷۲

۴،۲۰۷- نُورِ مبین
سلام اُن پر کہ جو ہیں شمعِ راہِ سالکیں
مجسّم مظہرِ آیاتِ حق، نورِ مُبیں
❖ ۱۸۴

۴،۲۰۸- نُورِ مبین
سلام اُن پر جنہیں حق نے کہا نورِ مبیں
وہی ہیں چشمہء موجِ شعاعِ زندگی
❖ ۲۰۲

۴،۲۰۹- نُورِ مبین
وہ نورِ مُبیں وہ چراغِ ہدایت
وہ اِک رحمتِ بے کراں اللہ اللہ
غ م

۴،۲۱۰- نُورِ مُجسّم
سلام اُن پر مجسّم نور ہے جن کا وُجود
سلام وا مَن کا منشور ہے جن کا وُجود
غ م

۴،۲۱۱- نُورِ محمدؐ
اے نُورِ محمدؐ صلِّ علیٰ
سُبحان اللہ، سُبحان اللہ
* ۱۷۳

۴،۲۱۲- نُورِ مشارِق
سلام اُن پر تبسُّم جن کا ہے نورِ مشارِق
نویدِ صبح گاہی ہیں، شبِ ظلمت میں طارِق[۱]
○ ۹۹

۴،۲۱۳- نُورِ مُشکّل
سلام اُن پر کہ جو ہیں سربسر نُورِ مُشکّل
انہیں کے نُور نے بخشا مجھے قلبِ مُصَیقَل
○ ۱۰۳

۴،۲۱۴- نُورِ مُشکّل
مِہرِ منوّر، نورِ مُشکّل
دینِ متیں کی شرحِ مفصّل
❖ ۴۸

۴،۲۱۵- نُورِ نظر
سلام اُن کامِل و اکمل پہ جو خیرُ البشرؐ ہیں
جو نُورِ قلب، نُورِ عین ہیں، نُورِ نظر ہیں
○ ۱۳۸

۴،۲۱۶- نُور و بشَر کا امتزاج
ربّ کے ہو واقفِ مزاج
نُور و بشَر کا امتزاج
❖ ۴۱

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمہ سلام ○ زمزمہ درود ❖ کاروانِ حرم ☆ غیر مطبوعہ غ م

۱- طارِق: ستارہٴ صبح (وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ - ۸۶:۱)

۴،۲۱۷- نُور و عِلم و حِکمت
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ ارشاد و دعوت
صِراطِ مستقیم و نُور و عقل و عِلم و حِکمت
۶۷ ○

۴،۲۱۸- نُوروں کا نُور
صورت نہ اَور بڑھ کے تھی حُسنِ ظُہور کی
اِک نُور سے نمود ہو نُوروں کے نُور کی
۹۱ *

۴،۲۱۹- نُورِ ہدایت
ابرِ رحمت، نُورِ ہدایت
تُو ظلِّ رحمان نبی جی
۱۶۳ *

۴،۲۲۰- نُورِ ہدایت
وہ ہدایت کا نُور، وہ ہی شمعِ شُعور
مشعلِ اِتّقا، مُصطفٰےؐ، مُصطفٰےؐ
۱۸۹ *

۴،۲۲۱- نُورِ ہدایت
نورِ ہدایت، رہبرِ اعظم
صلی اللہُ علیہِ وسلّم
۴۸ ❖

۴،۲۲۲- نُورِ ہدایت
لہو میں فروزاں حرارت وہی
اندھیروں میں نورِ ہدایت وہی
۱۳۲ ☆

۴،۲۲۳- نُورِ ہدایتِ مُبیں
نورِ ہدایتِ مُبیں
سرورِ جملہ مُرسَلیں
۴۶ ❖

۴،۲۲۴- نُورِ ہُدیٰ
تُو چراغِ رہِ دین و نُورِ ہُدیٰ
کِشتِ اولادِ آدمؑ پہ ابرِ کرَم
۱۳۷ *

۴،۲۲۵- نُورِ ہُدیٰ
تُو نورِ ہُدیٰ تُو صُبحِ عطا
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
۱۷۱ *

۴،۲۲۶- نُورِ ہُدیٰ
لبوں پہ رخشاں کرَن سحَر کی، لُٹائے نورِ ہُدیٰ کے موتی
بچھاؤ دامن، پَسارو جھولی، کرم کا اُس کے کُھلا خزانہ
۲۹۹ *

۴،۲۲۷- نُورِ ہُدیٰ
السّلام اے رحمتِ ہر دو جہاں، نورِ ہُدیٰ
السّلام اے سرورِ عالم محمدؐ مصطفیٰ
۶۷ ❖

۴،۲۲۸- نُورِ ہُدیٰ
گماں کے اندھیروں میں نورِ ھُدیٰ
محمدؐ اَزل تا ابد رہنما
۱۳۸ ☆

۴،۲۲۹- نُوریں بدن
سلام اُن پر جو ہیں آئینہ بھی، آئینہ گر بھی
وہ نُورِ عین بھی، نوریں بدن، خیرُ البشرؐ بھی
۱۶۳ ○

٭٭٭

۴،۲۳۰- نوعِ بشر میں یکتا
وہ لحنِ شیریں بلند آہنگ، کلام عِطرِ کمالِ فرہنگ
جہاں میں کوئی نہیں ہے پاسنگ، بشر، پہ نوعِ بشر میں یکتا
۲۹۹ *

۴،۲۳۱- نویدِ اِتمامِ نعمت
مِل گئی اِتمامِ نعمت کی نوید
بابہائے رحمتِ داور کُھلے
۲۰۷ *

۴،۲۳۲- نویدِ بقا
حیاتِ یقیں، موجۂ روحِ ایماں
فنا میں نویدِ بقا دینے والے
۲۳۱ *

۴،۲۳۳- نویدِ صبح گاہی
سلام اُن پر تبسّم جن کا ہے نورِ مشارِق
نویدِ صبح گاہی ہیں، شبِ ظلمت میں طارِق
۹۹ ○

۴،۲۳۴- نویدِ فصلِ غُفراں
دامنِ رحمت کی جاں پرور ہوا
کشتِ دل کو فصلِ غُفراں کی نوید
۱۵۳ *

۴،۲۳۵- نہادِ بزم
آپؐ سے بزم کی نہاد
آپؐ ہیں گوہرِ مُراد
۴۲ ❖

۴،۲۳۶- نہادِ محفلِ دو جہاں
نہاد و سَرِ محفلِ دو جہاں
فصاحت میں لازیب حق کی زباں
۱۳۹ ☆

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۴،۲۳۷- نہادِ یومِ ازل — کون یومِ ازل کی نہاد / نُور کا مُبتدیٰ اَور کون — ۱۶۲ *

۴،۲۳۸- نہانِ حجلۂ دِل — سلام اُن پر جو میرے حجلۂ دل میں نہاں ہیں / مرے فکر و نظر میں ہیں، حیاتِ جسم و جاں ہیں — ۱۴۷ ○

۴،۲۳۹- نہایت — ابتدا بھی اِس کی تجھ سے، انتہا بھی اِس کی تو / تو بِنائے بزمِ اِمکاں، تو نہایت اَلسَّلام — ۵۷ ❖

۴،۲۴۰- نہایتِ نظمِ عالم — سلام اُن پر ہے جن سے نظمِ عالم کی بِدائت / سلام اُن پر کہ جو ہیں نظمِ عالم کی نہایت — ۷۲ ○

۴،۲۴۱- نہایۂ بارانِ رحمت — ثنا اُس کی کہ جو ہے بے عدیل و بے بَدایہ / سلام اُس پر جو ہے بارانِ رحمت کی نہایہ — ۴۴ ○

۴،۲۴۲- نہرِ جُود — صاحبِ آیاتِ بَیِّن، دینِ فطرت کے امیںؐ / گلشنِ احسان، نہرِ جُود، جوئے انگبیں — ۲۶۴ *

۴،۲۴۳- نیازِ بزمِ کُن فکاں — سلام اُن پر جو بزمِ کُن فکاں کی، تھے نیاز[1] / انہیں کی چشمِ رحمت سے درِ بخشش ہے باز — ۱۲۹ ❖

۴،۲۴۴- نیازِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں دانائے رازِ زندگی / جو ہنگامِ ازل سے تھے نیازِ[1] زندگی — ۲۰۰ ❖

۴،۲۴۵- نیّرِ اِخلاص — سلام اے نیّرِ اخلاص، مہرِ حُسنِ سیرت / گلِ اَخلاق سے تیرے مُعطّر پردۂ جاں — ۱۱۳ ○

۴،۲۴۶- نیّرِ صَحنِ حقیقت — سلام اُن پر وہی ہیں نَیّرِ صَحنِ حقیقت / نوائے وحدتِ حق سربسر لَحنِ حقیقت — ۷۷ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- نیاز: آرزو، تمنا

۴،۲۴۷- نیّر عالم
سلام اُن نیّرِ عالم پہ جو شمس الضّحیٰ ہیں
جہالت کی شبِ تاریک میں بدر الدّجیٰ ہیں ○ ۱۳۴

۴،۲۴۸- نَیلِ مَرام
تُو ہی شاہد ہے تُو ہی مشہود ہے
تُو ہی مقصد اور تُو نَیلِ مَرام ❖ ۵۳

۴،۲۴۹- نَیلِ مَرام
وہ مقصد، وہ حاصل، وہ نَیلِ مَرام
محمدؐ پہ لاکھوں دُرود اور سلام ❖ ۶۰

۴،۲۵۰- نَیلِ مَرامِ زندگی
سلام اُن پر جو ہیں نَیلِ مَرامِ زندگی
ثمرور جن سے مسلّم صبح وشامِ زندگی ❖ ۲۰۹

و:

۴،۲۵۱- واجب الاحترام
وہی محترم، واجب الاِحترام
محمدؐ پہ لاکھوں دُرود اور سلام ❖ ۶۱

۴،۲۵۲- وارثِ دینِ حقّانی
سلام اُن پر وجودِ دوجہاں ہے جن کے باعِث
وہ مختارِ ہدایت، دینِ حقّانی کے وارِث ○ ۷۸

۴،۲۵۳- واسطہ درمیاں
سَہل ہے منزلِ لن ترانی
واسطہ درمیاں ہے محمدؐ * ۱۲۲

۴،۲۵۴- واصِلِ حقیقت
رہِ اِرتقا کی ہے منزِل وہی
حقیقت سے کرتا ہے واصِل وہی ☆ ۱۳۲

۴،۲۵۵- واصِلِ خدا
سلام اُن پر کہ ہر توصیف کے قابل وہی ہیں
ہیں مَوصُوفِ خدا، مَوصُول[1] ہیں، واصِل[2] وہی ہیں ○ ۱۵۴

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ دُرود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- موصول: پہنچے ہوئے ۲- واصِل: صاحبِ وصول، پہنچنے والے: یہ سب اسمائے گرامی حضور سرورؐ ہیں۔

۴،۲۵۶- واصِلِ ذاتِ حق — امینِ وَحی و رسولِ طاہر، نہیں ہے تیرا کوئی مماثِل
بشر ہے تیرا وجودِ ظاہر، حقیقتاً ذاتِ حق سے واصِل * ۱۱۱

۴،۲۵۷- واصِلِ عرشِ بریں — سلام اُن پر جو ہیں مشہودِ حق، مہمانِ داوَر
بشر اور واصلِ عرشِ بریں! اللہ اکبر ○ ۸۴

۴،۲۵۸- واصِلِ لامکاں — واقفِ کُن فکاں ہیں آپؐ
واصلِ لامکاں ہیں آپؐ ✧ ۴۱

۴،۲۵۹- واقفِ اَسرارِ حق — یا حکیمُ یا کریمُ، یا رؤفُ، یا رحیم
واقفِ اسرارِ حق اے مہر والفت کے امیں * ۱۰۸

۴،۲۶۰- واقفِ اَسرارِ ربّ — سلام اُن پر وہی ہیں واقفِ اَسرارِ ربّ
سکھائے ہیں جنھوں نے زندگی کرنے کے ڈھب ✧ ۸۵

۴،۲۶۱- واقفِ اَسرارِ ربّانی — سلام اُن پر جو ہیں اَسرارِ ربّانی سے واقِف
خبرَ افلاک سے لا کر جنہیں دیتا تھا ہاتِف ○ ۹۶

۴،۲۶۲- واقفِ اَسرارِ معارِف — سلام اُن پر جو ہیں حق بیں وذاتِ حق کے عارِف
کُھلے جن پر ضمیرِ حق کے اَسرار و معارِف ○ ۹۶

۴،۲۶۳- واقفِ سِرِّ ربِّ علیم — امینِ صداقت، حکیم و کریم
وہی واقفِ سرِّ ربِّ علیم ✧ ۶۱

۴،۲۶۴- واقف کارِ منزِل — سلام اے صاحبِ منہاج و واقف کارِ منزِل
سلام اے گمرہانِ بے بِضاعت کے نگہباں ○ ۱۱۲

۴،۲۶۵- واقف کارِ منزِل — سلام اُن رہبرِ حق پر جو میرِ کارواں ہیں
جو واقف کارِ منزِل، والیِ باغِ جناں ہیں ○ ۱۴۶

۴،۲۶۶- واقفِ کُن فکاں

واقفِ کُن فکاں ہیں آپؐ
واصلِ لامکاں ہیں آپؐ
۴۱ ❖

۴،۲۶۷- واقفِ لَوح و قلم

سلام اُن پر جو اصلاً صاحبِ جاہ و حشم ہیں
رفیقِ ربِّ اعلیٰ، واقفِ لَوح و قلم ہیں
۱۴۲ ○

۴،۲۶۸- واقفِ مزاجِ ربّ

ربّ کے ہو واقفِ مزاج
نُور و بشَر کا امتزاج
۴۱ ❖

۴،۲۶۹- واقفِ مُضمَرات

محمدؐ کہ ہے واقفِ مُضمَرات
ہے اصلاً وہی صاحبِ مُعجزات
۱۵۶ ☆

۴،۲۷۰- واقفِ منشائے حق

نُورِ اَوّل، نُورِ آخر، واقفِ منشائے حق
شاہدِ ہنگامِ کُن، بزمِ ابَد کے سَیر بیں
۲۱۷ *

۴،۲۷۱- والا تبار

بفیضِ حضرتِ خیرُ البشرؐ والا تَبار
ہوا قائم فلک پر آدمی کا اعتبار
۱۱۹ ❖

۴،۲۷۲- والا حسَب

سلام اُن پر جو مکّی، ہاشمی، اعلیٰ نسَب ہیں
نہیں جن سا کوئی عالَم میں وہ والا حسَب ہیں
۱۳۷ ○

۴،۲۷۳- والا حسَب

طاہر و مسعود و طیّب، سیّد والا حسَب
آلِ ابراہیمؑ میں والا حشَم والا نسَب
۲۶۰ *

۴،۲۷۴- والا حشَم

طاہر و مسعود و طیّب، سیّد والا حسَب
آلِ ابراہیمؑ میں والا حشَم والا نسَب
۲۶۰ *

۴،۲۷۵- والا مَرتبت

سلام اُن پر ہے جن کے واسطے ہر عِزّ و جاہ
گرامی قدر، والا مَرتبت، والا نِگاہ
۱۸۸ ❖

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ دُرود ❖ کاروانِ حرم ☆

۴،۲۷۶- والا نسَب — طاہر و مسعود و طیّب، سیّد والا حسَب
آلِ ابراہیمؑ میں والا حشم والا نسَب — ۲۶۰ *

۴،۲۷۷- والا نِگاہ — سلام اُن پر ہے جن کے واسطے ہر عزّ و جاہ
گرامی قدر، والا مَرتبت، والا نِگاہ — ۱۸۸ ❖

۴،۲۷۸- والا نِگاہی — سلام اے منبعِ لطف و کرَم والا نِگاہی
سلام اے مرجعِ دل خستگاں عالم پناہی — ۱۸۸ ○

۴،۲۷۹- والی — حشر میں ہے تُو ہی والی
رحمتیں ہیں تیری عالی — ۳۸ ❖

۴،۲۸۰- والی — دم بدم ہے راحتِ جاں تیرا نام
تُو جو والی ہے تو دوزخ ہے حرام — ۵۱ ❖

۴،۲۸۱- والیءِ باغِ جِناں — سلام اُن رہبرِ حق پر جو میرِ کارواں ہیں
جو واقف کارِ منزل، والیءِ باغِ جِناں ہیں — ۱۴۶ ○

۴،۲۸۲- والیءِ جہاناں — اے محمدؐ جہانوں کے والی
سر بسر رحمتِ ربّ عالی — ۲۳۴ *

۴،۲۸۳- والیءِ دنیا و دِیں — صادِق و صِدق و امیں ہو
والیِ دنیا و دِیں ہو — ۳۴ ❖

۴،۲۸۴- والیءِ طَیبہ — اے بطحا کے چاند محمدؐ، بے چاروں کے سوامی
تیرے بِن طَیبہ کے والی کون ہے میرا حامی — ۱۲۶ *

۴،۲۸۵- والی و مختار — سلام اے غمگسار و والی و مختار و آقاؐ
دلِ محزونِ مسلّم نے ترے دَر پر صدا کی — ۱۲۸ ○

صفحہ نمبر زبورِ نعت * — زمزمہ سلام ○ — زمزمہ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۴،۲۸۶- والیءہر دو حرَم — والیِ ہر دو حرَم سے جا کے پھر کہنا سلام
صاحبِ جُود و کرَم سے جا کے پھر کہنا سلام ☆ ۶۷

۴،۲۸۷- وجہِ حسیں — جم گیا نظروں میں مستلم اِک وہی عکسِ جمال
باعثِ تسکینِ قلب و جاں وہی وجہِ حسیں * ۱۱۰

۴،۲۸۸- وجہِ حسیں — ہے مکمل ذات میں تیری جمالِ کائنات
باعثِ شادابِی گلشن ترا وجہِ حسیں * ۲۱۸

۴،۲۸۹- وجہِ سُکونِ قلبِ زخمی — سلام اُن پر جو ہیں وجہِ سُکونِ قلبِ زخمی
ہے جن کی چشمِ رحمت کی ہمیں اُمید حتمی ○ ۱۸۵

۴،۲۹۰- وجہِ ظُہورِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں وجہِ ظُہورِ زندگی
جو ہیں میرِ مقالیدِ اُمورِ زندگی ❖ ۱۹۹

۴،۲۹۱- وجہِ عِرفانِ حق — وہ ہے بُرہانِ حق، وجہِ عِرفانِ حق
ترجمانِ خدا، مصطفیٰ، مصطفیٰ * ۱۹۰

۴،۲۹۲- وجہِ قرارِ رُوح وجاں — اے کہ تو وجہِ قرارِ رُوح و جاں
سایۂ دامن میں تیرے ہے اماں ❖ ۵۲

۴،۲۹۳- وجہِ قیامِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں وجہِ قیامِ زندگی
وہی تا حشر ہیں جَذرِ[۱] دوامِ زندگی ❖ ۲۰۹

۴،۲۹۴- وجہِ وجودِ جہاں — اور ہے کون وجہِ وجودِ جہاں
سرورِ بزم صدرُ العُلیٰ آپؐ ہیں * ۱۵۸

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * — زمزمۂ سلام ○ — زمزمۂ درود ❖ — کاروانِ حرم ☆

۱- جَذر: جڑ، بنیاد، اصل

۴،۲۹۵- وجہِ وجودِ دوجہاں　　سلام اُن پر کہ جو وجہِ وجودِ دوجہاں ہیں
جو زَینِ بزمِ گیتی ہیں، امیرِ کُن فکاں ہیں　　۱۴۴ ○

۴،۲۹۶- وجہِ وجودِ زندگی　　سلام اُن پر کہ جن سے ہے نمودِ زندگی
وہی ہیں وجہِ تخلیقِ وُجودِ زندگی　　۱۹۵ ✧

۴،۲۹۷- وحید وواحِد　　وحید و واحِد، امینِ وحدت
رسولِ یکتا، سرِ نبوّت　　۲۸۶ *

۴،۲۹۸- وسیعُ الرَحمت　　سلام اُن پر ہے جن کی رحمت و شفقت وسیع
دعا جن کی ہے مقبولِ دلِ ربُّ السَّمیع　　۱۵۸ ✧

۴،۲۹۹- وسیعُ الشفقت　　سلام اُن پر ہے جن کی رحمت و شفقت وسیع
دعا جن کی ہے مقبولِ دلِ ربُّ السَّمیع　　۱۵۸ ✧

۴،۳۰۰- وسیعُ الفیضان　　مَعدنِ جود و کرَم، سرچشمۂ عِلم و حِکَم
بے کراں رحمت تری، فیضان ہے تیرا وَسیع　　۱۷۹ *

۴،۳۰۱- وسیلہ　　وسیلہ ہیں، میانِ بندہ و معبود پُل ہیں
گلستانِ براہیمی کے برگ و بار و گُل ہیں　　۱۴۱ ○

۴،۳۰۲- وسیلہ　　سلام اُن پر جو پیغامِ ہُدیٰ کے پاسباں ہیں
وسیلہ جو ہمارے اور خدا کے درمیاں ہیں　　۱۴۵ ○

۴،۳۰۳- وسیلہ　　کون ہے تیرے سِوا، میرا وسیلہ یا رسولؐ
کس سے ہو تیرے سِوا فریاد اے عبدُ السَّمیع　　۱۸۰ *

۴،۳۰۴- وُضُوحِ وحدتِ حق　　سلام اُن پر سرِ کونین جو حق کی اذاں ہیں
وُضُوحِ وحدتِ حق، قاطعِ وہم و گماں ہیں　　۱۴۴ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت *　　زمزمۂ سلام ○　　زمزمۂ درود ✧　　کاروانِ حرم ☆

۴،۳۰۵- وَقارِ بندگی

پھر مُشرّف ہوگئے شہر و دِیارِ بندگی
بڑھ گیا دم سے محمدؐ کے وَقارِ بندگی
* ۲۴۷

۴،۳۰۶- وَقارِ زندگی

آپؐ وَقارِ زندگی آپؐ مدارِ زندگی
❖ ۴۷

۴،۳۰۷- وَقارِ زندگی

سلام اُن پر کہ ہے جن سے وَقارِ زندگی
ہے قائم جن کے دم سے اعتبارِ زندگی
❖ ۱۹۸

۴،۳۰۸- وَقارِ نوعِ بشَر

سیادت میں کونَین کا شہریار
قیادت میں نوعِ بشَر کا وَقار
☆ ۱۴۴

۴،۳۰۹- وَقیعُ القَول

اُسوۂ کامِل تِرا آئینہ دارِ اَلکتاب
ہر عمَل تیرا سَنَد، ہر قَول ہے تیرا وَقیع
* ۱۷۹

۴،۳۱۰- وَقیعِ بزمِ عالم

سلام اُن پر قیامت میں جو ہیں سب کے شَفیع
کہاں ہے بزمِ عالم میں کوئی اُن سا وَقیع
❖ ۱۵۸

۴،۳۱۱- وکیل

سلام اُن پر بروزِ حشر جو ہوں گے وکیل
شفیع و عُروَۃُ الوُثقیٰ و مختار و کفیل
❖ ۱۷۶

۴،۳۱۲- وَلی

سلام اُن پر کہ وہ ہوں گے وَلی یومِ حِساب
بفضلِ ایزدی ہوگا مِرا دن مُستطاب
❖ ۸۳

۴،۳۱۳- وَلی

سلام اُن پر جو تابندہ ہیں، ظاہر ہیں، مُبیں ہیں
وَلی و سیّد و ذُوالفضل و سردارِ متیں ہیں
○ ۱۵۱

❁ ❁ ❁

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ دُرود ❖ کاروانِ حرم ☆

ہ:

ہادیِٔ مہرباں صلی اللہ علیہ وسلّم

۴،۳۱۴- ہاد
چمک اُٹھے قلب کے بام و دَر، گئی تیرگی، وہ ہوئی سَحر
اُسے گمرہی کا ہے کیا خطَر، کہ تُو ہاد جس پہ رقیب ہو * ۱۳۱

۴،۳۱۵- ہادِ اِنس و جاں
سلام اُن پر جو دانائے سُبُل، ختمِ رُسُل ہیں
وہ شہرِ علم، ہادِ اِنس و جاں، صدر ُودِ فرہنگ ○ ۱۰۲

۴،۳۱۶- ہادی
سلام اُن پر جو ہیں اِشکالِ ذہنی کے مُیسِّر
حکیم و نُکتہ وَر، عُقدہ کُشا، ہادی، مُوثِّر ○ ۹۳

۴،۳۱۷- ہادی
سلام اے رہنما و ہادی و مِصباحِ ظُلمت
اندھیروں میں تری اُمّت ہے پھر غلطاں و پیچاں ○ ۱۱۵

۴،۳۱۸- ہادی
سلام اُن پر کہ جو ہیں صاحبِ آیاتِ قرآں
دلیل و داعی و ہادی و سرخَیلِ رَسولاں ○ ۱۱۸

۴،۳۱۹- ہادی
میرا اُس شمس الضُّحیٰ، بدرُ الدُّجیٰ اسے کہہ سلام
ہادی و کہفُ الوریٰ صدرُ العُلیٰ سے کہہ سلام ✧ ۲۶

۴،۳۲۰- ہادی
سلام اُن پر جو ہیں منشائے خالِق کے علیم
اتالیقِ بنی نوعِ بشَر، ہادی، حکیم ✧ ۱۷۹

۴،۳۲۱- ہادی
محمدؐ ہے کونَین کا سربراہ
پیمبر، نبی، ہادی، میرِ سپاہ ☆ ۱۵۵

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ✧ کاروانِ حرم ☆

۴،۳۲۲- ہادیءِانس وجاں — اے کہ تُو ہے ہادیءِ اِنس وجاں، اے کہ تو ہے رہبرِ دو جہاں
ہے دعائے مسلّمِ خستہ جاں، کبھی تیری رَہ کا غریب ہو — * ۱۳۳

۴،۳۲۳- ہادیءِ برحق — سلام اُن پر نظر جن کی صِراطِ حق کی مشعَل
وہی ہیں ہادیء برحق وہی ہادیِ مُرسَل — ○ ۱۰۳

۴،۳۲۴- ہادیءِ دنیاودیں — سلام اُن پر جو نظمِ دہر کے مسند نشیں ہیں
نجی اللہ و مہدی، ہادیء دنیا و دیں ہیں — ○ ۱۵۱

۴،۳۲۵- ہادیءِ سُبُل — رہبر و ہادیء سُبُل سید و خاتَمِ رُسُل — ❖ ۴۵

۴،۳۲۶- ہادیءِ صادِق — سلام اُن پر جو دو عالم پہ ہیں اِنعامِ رازِق
مُصدِّق ہیں، مُصدَّق ہیں، وہی ہادیِ صادِق — ○ ۹۹

۴،۳۲۷- ہادیءِ ظُلمت — سلام اے رہنما و ہادیؐ و مِصباحِ ظُلمت
اندھیروں میں تری اُمّت ہے پھر غلطاں وپیچاں — ○ ۱۱۵

۴،۳۲۸- ہادیء کُل — سلام اُن پر جو آقائے جہاں ہادیء کُل ہیں
سرورِ قلبِ مسلّم، رحمت والفت کی مُل ہیں — ○ ۱۴۱

۴،۳۲۹- ہادیءِ مُرسَل — سب صحیفے، سب نبی، مسلّم رہے جس کے نقیب
تو ہے وہ ہادیء مُرسَل، احمدِ مَوعُود بھی — * ۱۷۸

۴،۳۳۰- ہادیءِ مُرسَل — سلام اُن پر نظر جن کی صراطِ حق کی مشعَل
وہی ہیں ہادیء برحق وہی ہادیء مُرسَل — ○ ۱۰۳

۴،۳۳۱- ہادیءِ مہرباں — ہادیء مہرباں ہے محمدؐ
رہبرِ رہبراں ہے محمدؐ — * ۱۱۹

۴،۳۳۲- ہادی وحقِّ مُبیں — یا بشیرِ اہلِ ایماں، یا نذیرِ گمرہاں
یا سراجِ رُشد و نُور و ہادی و حقِّ مُبیں — ۱۰۸ *

۴،۳۳۳- ہادی و حق نما — وہی رہبر و ہادی و حق نما
وہی صاحبِ لطف و جُود و سخا — ۱۴۹ ☆

۴،۳۳۴- ہادی و منزِل — تو راہ بھی، رہبر بھی، تُو ہی ہادی و منزِل
تُو مقصد و حاصِل بھی، تُو ہی دل کی دعا ہے — ۲۵۶ *

❀ ❀ ❀

۴،۳۳۵- ہاشمی — سلام اُن پر جو مکّی، ہاشمی، اعلیٰ نسب ہیں
نہیں جن سا کوئی عالَم میں وہ والا حسَب ہیں — ۱۳۷ ○

۴،۳۳۶- ہدایت — خیر و ہدایت و فلاح منبعِ خوبی و صلاح — ۴۲ ✧

۴،۳۳۷- ہدایت بخشِ زندگی — سلام اُن پر جو ہیں آبِ زُجاجِ زندگی
ہدایت بخش و دانائے مزاجِ زندگی — ۱۹۳ ✧

۴،۳۳۸- ہر دعا — کس نے مجھ کو کہا مسلّمِ بے نَوا
میری ہر اک نَوا، ہر دعا آپؐ ہیں — ۱۶۰ *

۴،۳۳۹- ہر نَوا — کس نے مجھ کو کہا مسلّمِ بے نَوا
میری ہر اک نَوا، ہر دعا آپؐ ہیں — ۱۶۰ *

۴،۳۴۰- ہمدرد — سلام اُن پر، ہمارے داد گر ہیں وہ حَکَم ہیں
بہم رنجش میں، مسلّم، مہرباں، ہمدرد ثالِث — ۷۸ ○

۴،۳۴۱- ہمدمِ شِکَستہ خاطراں — شِکَستہ خاطروں کے یار و ہمدم ہیں تو آپؐ
دلوں کے درد کا درمان و مرہم ہیں تو آپؐ — ۹۰ ✧

۴،۳۴۲- ہمہ گیرِ اَجزائے ہستی — سلام آقا ترے دم سے ہے تزئینِ گلستاں
تجھی سے ہیں بہم ہستی کے اَجزائے پریشاں — ۱۱۳ ○

۴،۳۴۳- ہَوائے جاں پرَور — دامنِ رحمت کی جاں پرَور ہَوا
کِشتِ دل کو فصلِ غُفراں کی نوید — ۱۵۳ *

۴،۳۴۴- ہَوائے دامنِ رحمت — دامنِ رَحمت کی جاں پرَور ہَوا
کِشتِ دل کو فصلِ غُفراں کی نوید — ۱۵۳ *

۴،۳۴۵- ہَوائے شَفاعت — بادباں ہے مَوجِ رَحمت، ہے شَفاعت کی ہَوا
اِنتسابِ ساحلِ بخشش ہے کس ملاّح سے — ۱۱۴ *

۴،۳۴۶- ہیبتِ قلبِ دشمناں — سلام اُن پر جو بارانِ کرَم بر دوستاں ہیں
جو ہَیبت، رُعب واندیشہ بہ قلبِ دشمناں ہیں — ۱۴۶ ○

۴،۳۴۷- ہَیبتِ قلبِ غنیم — سلام اُن پر نہیں کونَین میں جن سا زعیم
اُولُو اَلعزم و شجیع و ہَیبتِ قلبِ غنیم — ۱۸۰ ⁘

ی:

۴،۳۴۸- یار — خوشا وہ حُسنِ مُلاقاتِ یار کا منظر
وہ میزبانِ سماء میہماں سے مِلتا ہے — ۱۰۰ *

۴،۳۴۹- یار — ہر منزلِ خیال سے آگے تھی دسترَس
کشفِ رَمُوزِ یار کے جتنے تھے ڈھب کُھلے — ۲۰۳ *

۴،۳۵۰- یار — سلام اُن پر جو صِدّیقوں کے یارِ مہرباں ہیں
شہیدانِ سبیل اللہ نورِ عین جن کے — ۱۹۸ ○

۴،۳۵۱- یارِ رُوبرو — وہ مہمانِ حریمِ خاص، یارِ رُوبرو
تصور سے سِوا بخشا جنہیں حق نے عُلو ❖ ۱۸۵

۴،۳۵۲- یارِ شِکَستہ خاطراں — شِکَستہ خاطروں کے یار و ہمدم ہیں تو آپؐ
دلوں کے درد کا درمان و مرہم ہیں تو آپؐ ❖ ۹۰

۴،۳۵۳- یارِ مہرباں — سلام اُن پر جو صِدّیقوں کے یارِ مہرباں ہیں
شہیدانِ سبیل اللہ نورِ عین جن کے ○ ۱۹۸

۴،۳۵۴- یار و ہمدم — شِکَستہ خاطروں کے یار و ہمدم ہیں تو آپؐ
دلوں کے درد کا درمان و مرہم ہیں تو آپؐ ❖ ۹۰

۴،۳۵۵- یتیم — اے یتیم و اُمّی و مَظلوم و مَہجورِ وطن
بحرِ عِلم و صاحبِ حُکمِ شریعت اَلسَّلام ❖ ۵۷

۴،۳۵۶- یتیم پرور — غریب پَرور، یتیم پَرور
رسولِؐ رَحمت، شفیعِ محشرؐ * ۲۸۴

۴،۳۵۷- یٰسین — تُو محمودؐ، محمدؐ، حامِدؐ، تُو احمدؐ، تُو انورؐ
سارے سُندر نام ہیں تیرے، تو یٰسینؐ، تہامیؐ * ۱۲۷

۴،۳۵۸- یکتا دلبر — لُطف و عنایت، رحمت و شفقت، ضبط و تحمُّل، عَفو و کرَم
کیا بتلائیں ہم نے وہ کیسا یکتا دِلبر دیکھا ہے * ۲۰۲

۴،۳۵۹- یکتا شفاعت کار — ثنا اُس کی وہ بخشایش گر و غفّار یکتا
سلام اُس پر جو ہے غُفراں، شفاعت کار یکتا ○ ۴۵

۴،۳۶۰- یکتائے زماں — توکل میں یکتائے جملہ زماں
قناعت میں تمثالِ کوہ گِراں ☆ ۱۴۸

۴،۳۶۱- یکتائے زمانی
سلام اُن پر نہیں عالم میں کوئی جن کا ثانی
وہ یکتائے مکانی ہیں وہ یکتائے زمانی ○ ۱۸۷

۴،۳۶۲- یکتائے علم و فضل
سلام اُن پر منوّر جن سے ہیں ابوابِ مذہب
وہ علم و فضل میں یکتا مگر اُمّی مُلَقَّب ○ ۶۳

۴،۳۶۳- یکتائے مکانی
سلام اُن پر نہیں عالم میں کوئی جن کا ثانی
وہ یکتائے مکانی ہیں وہ یکتائے زمانی ○ ۱۸۷

۴،۳۶۴- یکتائے نوعِ بشر
وہ لحنِ شیریں بلند آہنگ، کلام عِطرِ کمالِ فرہنگ
جہاں میں کوئی نہیں ہے پاسنگ، بشر پہ نوعِ بشر میں یکتا * ۲۹۹

۴،۳۶۵- یمِ بے کرانِ تحمّل
تحمّل میں وہ اک یمِ بے کراں
ترحّم کا اک چشمہء جاوداں ☆ ۱۴۰

☆☆☆

حرفِ ندا

اَے :

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❊ کاروانِ حرم ☆

۴،۳۷۴- اَے
اے بطحا کے چاند محمدؐ، بے چاروں کے سوامی
تیرے بن طیبہ کے والی کون ہے میرا حامی
* ۱۲۶

۴،۳۷۵- اَے
ہو مری فغانِ سحر گہی کہ طرازِ سحرِ ادیب ہو
کریں سب طلب کہ نظر تری اِدھر اے خدا کے حبیب ہو
* ۱۳۱

۴،۳۷۶- اَے
اے کہ تُو ہے ہادیءِ اِنس وجاں، اے کہ تو ہے رہبرِ دوجہاں
ہے دعائے مسلمِ خستہ جاں، کبھی تیری رہ کا غریب ہو
* ۱۳۳

۴،۳۷۷- اَے
مِٹ جائیں سبھی رنج و غم و ظلمتِ عصیاں
اے مشفق و مامُون لگا لے مجھے سینے
* ۱۴۲

۴،۳۷۸- اَے
تُو اے سراجِ نُور، وہ انوار کر عطاء
کچھ ظلمتِ نگاہ کو رستہ سُجھائی دے
* ۱۴۴

* * *

۴،۳۷۹- اَے
اَے رحمتِ عالَم صلِّ علیٰ سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
اَے مظہرِ شانِ ربِّ عُلا سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
۱۷۱ * * ۱۷۱

۴،۳۸۰- اَے
اے قیّمِ دیں، اے حق کی ضیا اے نُورِ مُبیں، اے دل کی جِلا
ہر لفظ ترا اَسرار کُشا سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
۱۷۱ * * ۱۷۱

۴،۳۸۱- اَے
اے احمدِ مُرسلؐ سیّدُنا اے رہبرِ اکمل سیّدُنا
مُشکِل ہو مری حل سیّدُنا سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
۱۷۲ * * ۱۷۲

۴،۳۸۲- اَے
اے نُورِ محمدؐ صلِّ علیٰ سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
اے مِہرِ یقیں، قندیلِ ہُدیٰ سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
۱۷۳ * * ۱۷۳

۴،۳۸۳- اَے
ظُلمت شب غم کی دُور ہوئی مِشکوٰۃِ خرَد پُر نُور ہوئی
اے نُورِ حِکَم اے صبحِ ذکا سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ
۱۷۳ * * ۱۷۳

۴،۳۸۴-اَے
اے روحِ مری، اے جانِ بدن غنیوں کے غنی، اے بحرِ مِنَن
صَد فخر کہ مَیں ہوں تیرا گدا سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ *۱۷۴

۴،۳۸۵-اَے
یہ سوزِ جگر، یہ دیدہ ٔ تَر بس اب تو اِدھر، آقا ہو نظر *۱۷۴
اے دافعِ حُزن و رنج و بلا سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ

۴،۳۸۶-اَے
اِک حرفِ شفاعت، عفوِ خطا
اے صاحبِ رحمت و لطف و عطا
ہے مسلمِ خستہ تیرا گدا
سُبحَان اللہ، سُبحَان اللہ *۱۷۴

* * *

۴،۳۸۷-اَے
کون ہے تیرے سِوا، میرا وسیلہ یا رسولؐ
کس سے ہو تیرے سِوا فریاد اے عبدُ السّمیع *۱۸۰

۴،۳۸۸-اَے
پھر ہے یلغارِ گماں کی زد میں یہ قلبِ ضعیف
اے طبیبِ کج دِلاں، کر چارۂ طبعِ رَقیع *۱۸۰

۴،۳۸۹-اَے
کھینچتی ہے پھر تری خُوشبو مدینے کی طرف
اے گُلِ ایمانِ مسلم، اے گلستانِ یقیں *۲۱۸

۴،۳۹۰-اَے
اے موجۂ جاں پرور، اے لالۂ صحرائی
اے نُورِ شبِ ظُلمت، سر چشمۂ دانائی *۲۲۹

۴،۳۹۱-اَے
ہر بات اَدھوری تھی، جو بزم تھی سُونی تھی
اے جانِ جہاں تجھ سے ہے انجمن آرائی *۲۲۹

۴،۳۹۲-اَے
اے محمدؐ جہانوں کے والی
سر بسر رحمتِ ربِّ عالی *۲۳۴

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

* * *

۴،۴۰۳- اَے | سلام اے دست گیر وراعی وداعی اِلیٰ اللہ
پریشاں حال ہے تیرے غلاموں کا یہ گلّہ | ۵۹ ○

* * *

۴،۴۰۴- اَے | سلام اے سرورِ کون ومکاں محبوبِ سُبحاں
سلام اے سیّدِ کونین فخرِ بزمِ اِمکاں | ۱۱۰ ○

۴،۴۰۵- اَے | سلام اے شمعِ اِرشاد وہُدیٰ مہرِ درخشاں
سلام اے قاطعِ اوہام تیغِ نورِ ایماں | ۱۱۰ ○

۴،۴۰۶- اَے | سلام اے ماہتابِ ظُلمتِ فصلِ زمستاں
سلام اے آفتابِ مطلعِ صبحِ بہاراں | ۱۱۰ ○

۴،۴۰۷- اَے | سلام اے رحمتِ عالم، جہانِ عفو واحساں
پشیماں ہے ترا مسلم بصد حالِ پریشاں | ۱۱۰ ○

۴،۴۰۸- اَے | سلام اے صاحبِ لطف وعطا، بخشش کے عنوان
تجھے اللہ نے بخشا شفاعت کا قلمداں | ۱۱۰ ○

۴،۴۰۹- اَے | سلام اے صاحبِ بخشائش واِکرام وغُفراں
سلام اے سر بسر رحمت، مجسّم مہر واِحساں | ۱۱۱ ○

۴،۴۱۰- اَے | سلام اے ربِّ عالی کے رفیعُ الشّان مہماں
ہوا ہے فرش پابوسی کو تیری عرشِ رحماں | ۱۱۱ ○

۴،۴۱۱- اَے | سلام اے روشنیِ مشعلِ لیلِ مَضَلَّت
سلام اے مہرِ زرتابِ طُلوعِ صُبحِ ایماں | ۱۱۱ ○

۴،۴۱۲- اَے | سلام اے دافعِ خَلجانِ قلبِ تنگ وحیراں
سلام اے جامعِ شیرازۂ قلبِ پریشاں | ۱۱۲ ○

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * | زمزمۂ سلام ○ | زمزمۂ درود ❖ | کاروانِ حرم ☆

۴،۴۱۳- اَے
سلام اے صاحبِ منہاج و واقف کارِ منزل
سلام اے گمرہانِ بے بِضاعت کے نگہباں
○ ۱۱۲

۴،۴۱۴- اَے
سلام اے رہبر و عقدہ کُشا، مِفتاحِ دانش
سلام اے عِلم و عِرفان و خرد کے بحرِ جولاں
○ ۱۱۲

۴،۴۱۵- اَے
سلام اے صاحبِ خیر وصَواب و شہرِ خوبی
سلام اے منبعِ علم و شعور و فکرِ تاباں
○ ۱۱۲

۴،۴۱۶- اَے
سلام اے صاحبِ ایثار وحِلم وجُود و شفقت
سلام اے موجۂ عفو و عطا و رَوح و رَیحاں[۱]
○ ۱۱۲

۴،۴۱۷- اَے
سلام اے نیّرِ اخلاص، مہرِ حُسنِ سیرت
گُلِ اَخلاق سے تیرے مُعطّر قریۂ جاں
○ ۱۱۳

۴،۴۱۸- اَے
سلام اے قصرِ حُسنِ خُلق، ہمدردی کے اَیواں
سلام اے مرہمِ قلبِ حزیں اے راحتِ جاں
○ ۱۱۳

۴،۴۱۹- اَے
سلام اے معدنِ اسرارِ حق تفسیرِ قرآں
ترے فیضِ نظر سے منزلِ عرفاں ہے آساں
○ ۱۱۳

۴،۴۲۰- اَے
سلام اے چشمۂ جُود و کرم اے رُودِ حیواں
مٹادے دل سے میرے ہر نشانِ یاس وحِرماں
○ ۱۱۴

۴،۴۲۱- اَے
تُجھی سے اے سراجِ نُور ساری روشنی ہے
مری مشکوٰۃِ دل بھی نورِ حق سے کر فروزاں
۱۱۴

۴،۴۲۲- اَے
سلام اے رہنما و ہادیؐ و مِصباحِ ظلمت
اندھیروں میں تری اُمّت ہے پھر غلطاں و پیچاں
۱۱۵

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ۔(۵۶۔الواقعہ۔۸۹) رحمت اور خوشبو،(نیز مغفرت و آرام) اور جنتِ نعیم ہے۔

۴،۴۳۲- اَے

سلام اے صاحبِ عزّ و شرف اے عرش جاہی
سلام اے اِسراء و معراج کے بے مِثل راہی ○ ۱۸۸

۴،۴۳۳- اَے

سلام اے سایہ گُستر ، عاطِف و ظِلِّ الٰہی
مُراد عاشقاں ، مطلوبِ عالَم ، میرے ماہی ○ ۱۸۸

* * *

۴،۴۳۴- اَے

نصابِ زیست اے عُقدہ کُشا بے حد اَدق ہے
کبھی آنکھوں پہ پردہ ہے، کبھی دل میں نَفَق[۱] ہے ○ ۲۰۷

* * *

۴،۴۳۵- اَے

اے پناہِ عاصیاں پیارے رسولؐ
ہو سلامِ مسلم عاجز قبول ❖ ۳۹

۴،۴۳۶- اَے

اَے کہ تو وجہِ قرارِ روح وجاں سایۂ دامن میں تیرے ہے اماں
مقتدی تیرے ملائک، اِنس وجاں اے رسولوں اور نبیوں کے اِمام ❖ ۵۲

۴،۴۳۷- اَے

کِشتِ کردار و عمل ویران ہے ہاتھ خالی ہیں لبوں پر جان ہے
بس شفاعت پر ہی تیری مان ہے اے رحیم و محسنِ عالی مقام ❖ ۵۵

۴،۴۳۸- اَے

اب تُو درمانِ دل رنجور کر میری جانب بھی رُخِ پُرنور کر
قلبِ مسلم کی سیاہی دُور کر اے سراجِ نور مصباحُ الظّلام ❖ ۵۵

* * *

۴،۴۳۹- اَے

اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلام اے جانِ رحمت اَلسَّلام
اَلسَّلام اے مظہر و منشائے قدرت اَلسَّلام ❖ ۵۶

۴،۴۴۰- اَے

اَلسَّلام اے صاحبِ اِذنِ شَفاعت اَلسَّلام
اَلسَّلام اے خاتمِ وَحی و نبوت اَلسَّلام ❖ ۵۶

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۱- نَفَق: سُوراخ، سُرنگ، مجازاً کج دِلی و کم ہمتی (مادہ: نِفاق)

❁ ❁ ❁

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

حرفِ ندا

یا

۴،۴۵۰- یابشیر
یا بشیرِ اہلِ ایماں، یا نذیرِ گمرہاں
یاسراجِ رُشد و نُور و ہادی و حق، مُبیں
* ۱۰۸

۴،۴۵۱- یاحکیم
یا حکیمُ یا کریمُ، یا رؤفُ، یا رحیم
واقفِ اسرارِ حق اے مہر والفت کے امیں
* ۱۰۸

۴،۴۵۲- یارحمۃً لِلعالَمین
یا محمدؐ مصطفیٰؐ یا رحمۃً لِلعالَمیں
تُو پناہِ عاصیاں ہے یا شفیعَ المُذنِبیں
* ۱۰۷

۴،۴۵۳- یارحیم
یا حکیمُ یا کریمُ، یا رؤفُ، یا رحیم
واقفِ اسرارِ حق اے مہر والفت کے امیں
* ۱۰۹

* * *

۴،۴۵۴- یا رَسولؐ
گُھٹتی ہے سانس آپ سے دُوری میں یارسولؐ
قُربِ حضورِؐ پاک کا دائم ہو اِلتزام
* ۸۶

۴،۴۵۵- یا رَسولؐ
منتظرکب سے حضوری کے لئے ہوں یارسولؐ
رُوئے زیبا اب بہر لطف و کرم دکھلایئے
* ۹۴

۴،۴۵۶- یارَسولؐ
تُو ہے آئینۂ حق نُما یارسولؐ
تُو ہی ٹھیرا حبیبِ خدا یارسولؐ
* ۱۳۹

۴،۴۵۷- یارَسولؐ
فیض سے اپنے اب تو مِٹا یارسولؐ
قلبِ بیمارِ مسلِم کے رنج و اَلم
* ۱۳۹

۴،۴۵۸- یا رَسولؐ

کون ہے تیرے سِوا، میرا وسیلہ یا رسولؐ
کس سے ہو تیرے سِوا فریاد اے عبدُ السَّمیع
* ۱۸۰

۴،۴۵۹- یا رَسولؐ

آرزو ہے خواب ہی میں ہو حضوری یا رسولؐ
یہ نہیں تو میری چشمِ بے بصر میں کچھ نہیں
* ۲۶۲

❖ ❖ ❖

۴،۴۶۰- یا رَسولؐ

اب جدائی کی گھڑی ہے یا رسولؐ
یہ سلامِ الوداعی ہو قُبول
❖ ۶۹

۴،۴۶۱- یا رَسولؐ

یا گزر جاؤں میں اب جی جان سے
یا یہیں کا ہو رہوں پھر یا رسولؐ
❖ ۶۹

۴،۴۶۲- یا رَسولؐ

دے رہا ہوں یہ شہادت یا رسولؐ
تجھ سے سب پیغامِ حق پایا وُصول
❖ ۶۹

❖ ❖ ❖

۴،۴۶۳- یا رَسولؐ

چھوڑ کر جاتا ہوں اپنا دل یہیں پر یا رسولؐ
ہو سلامِ مسلمِ رنجور از اِحساں قُبول
❖ ۶۸

۴،۴۶۴- یا رَسولؐ

معافی ملے اب مجھے یا رسولؐ
سلامِ محبت مِرا ہو قبول
☆ ۱۶۵

۴،۴۶۵- یا رَسولؐ اللہ

یارسول اللہؐ، شفاعت کیجئے یومِ نُشور
یارسول اللہؐ، رحمت کی نظر یومِ کُشُود
* ۱۹۴

۴،۴۶۶- یا رؤف

یا حکیمُ یا کریمُ، یا رؤفُ، یا رحیم
واقفِ اسرارِ حق اے مِہر والفت کے امیں
* ۱۰۸

۴،۴۶۷- یا سِراج

یا بشیرِ اہلِ ایماں، یا نذیرِ گمرہاں
یا سراجِ رُشد و نُور و ہادی و حق" مُبیں
* ۱۰۸

صفحہ نمبر زَبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۴،۴۶۸- یا شفیع
کون تجھ بِن شافعِ روزِ قیامت یا شفیع
ہے طلبگارِ شفاعت نوعِ انسانی جمیع
* ۱۷۹

۴،۴۶۹- یا شفیعُ المُذنِبین
یا محمدؐ مصطفیٰؐ یا رحمۃً لِلعالمین
تُو پناہِ عاصیاں ہے یا شفیعَ المُذنِبین
* ۱۰۷

۴،۴۷۰- یا شفیعُ المُذنِبین
یا شفیعَ المُذنِبین ازراہِ لطفِ و التفات
حشر کے دن ہو مرا تیرے غلاموں میں شمار
* ۱۶۶

۴،۴۷۱- یا شفیعُ الوریٰ
ایک اُمیدِ بخشش ہے رحمت تری
یا شفیعَ الوَریٰ تُو ہی رکھنا بھرم
* ۱۳۹

۴،۴۷۲- یا عزیز
تو محمدؐ، تو ہی احمدؐ، حامِد و محمود تو
سارے اچھے نام تیرے، یا عزیز یا متیں
* ۱۰۸

۴،۴۷۳- یا کریم
یا حکیمُ یا کریمُ، یا رؤفُ، یا رحیم
واقفِ اسرارِ حق اے مِہر والفت کے امیں
* ۱۰۸

۴،۴۷۴- یا متین
تو محمدؐ، تو ہی احمدؐ، حامِد و محمود تو
سارے اچھے نام تیرے، یا عزیز یا متیں
* ۱۰۸

۴،۴۷۵- یا محمدؐ
یا محمدؐ مصطفیٰؐ چشمِ کرم فرمایئے
دل کو گھر کر لیجئے آنکھوں میں رچ بس جایئے
* ۹۳

۴،۴۷۶- یا محمدؐ
یا محمدؐ، مصطفیٰؐ، خیرُ البشرؐ
تیری اعلیٰ شان مَازاغَ البَصَر
* ۱۰۲

۴،۴۷۷- یا محمدؐ
یا محمدؐ مصطفیٰؐ یا رحمۃً لِلعالمیں
تُو پناہِ عاصیاں ہے یا شفیعَ المُذنِبیں
* ۱۰۷

۴،۴،۷۸- یا محمدؐ
دامنِ ایماں ہے خارِ معصیت سے تار تار
یا محمدؐ ڈھانپ لے کملی میں اب میرے تئیں ۱۰۹ *

۴،۴،۷۹- یا محمدؐ
اپنے قدموں میں بلالو یا محمدؐ ایک بار
پھر نہ جیتے جی کبھی چھوڑوں یہ فردوسِ بریں ۱۰۹ *

۴،۴،۸۰- یا محمدؐ
یا محمدؐ نِگاہ میں رکھئے
حشر میں بخشوایئے رَبّ سے ۱۴۱ *

۴،۴،۸۱- یا محمدؐ
پھر تڑپتا ہے دِل مسلم حضوری کے لئے
یا محمدؐ اِذن کا ہے منتظر یہ خاکسار ۱۶۶ *

❁ ❁ ❁

۴،۴،۸۲- یا محمدؐ
یا محمدؐ ہو اب تو حضوری
جان میری یہ لے لے گی دُوری ۱۸۱ *

۴،۴،۸۳- یا محمدؐ
دل مِرا ہے کہ برقِ تپاں ہے سر پہ عِصیاں کا بارِ گراں ہے
کوئی مجھ سا نہیں ہے قُصوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۱ *

۴،۴،۸۴- یا محمدؐ
ہوں سیہ کار اور دِل ہے کالا اِس میں ایمان کا ہو اُجالا
ایسی قِندیل روشن ہو نُوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۱ *

۴،۴،۸۵- یا محمدؐ
ساقیٔ آبِ تسنیم و کَوثر دے شَفاعت کے شربت کا ساغَر
ایک جامِ شرابِ طہوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۲ *

۴،۴،۸۶- یا محمدؐ
مجھ کو ہر طَور پختہ یقیں ہے وہ ہے مالک اگر تُو امیں ہے
اور باتیں ہیں سب بے شُعوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۲ *

۴،۴،۸۷- یا محمدؐ
کاش پھر میں ترے دَر پہ آؤں کاش پھر نُور آنکھوں کا پاؤں
یہ تمنّائے مسلم ہو پوری یا محمدؐ ہو اب تو حُضوری ۱۸۲ *

۴،۴۸۸-یا محمدؐ
جان میری یہ لے لے گی دُوری
یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری
*۱۸۲

۴،۴۸۹-یا محمدؐ
یا محمدؐ ہو اِذنِ مدینہ — دُور تجھ سے نہیں کوئی جینا
زندگانی ہے مسلم ادھوری — یا نبیؐ ہو میسّر حضُوری
*۱۸۴

۴،۴۹۰-یا محمدؐ
یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری
جان لے لے گی ورنہ یہ دُوری
*۱۸۵

۴،۴۹۱-یا محمدؐ
تُو ہی اَوج و شرَف میں ہے کامِل — حق و باطِل میں اِک حدِ فاصِل
اُونچی تیری ہے شانِ ظہوری — یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری
*۱۸۵

۴،۴۹۲-یا محمدؐ
دِل میں خوفِ الٰہی کی لَو ہو — اور تیری محبت کی ضَو ہو
حاصلِ زیست ہے یہ سُرُوری — یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری
*۱۸۵

۴،۴۹۳-یا محمدؐ
عہد کر کر کے میں ڈولتا ہوں — آنسوؤں کے گُہر رولتا ہوں
چھائی ہے ظلمتِ ناصُبوری — یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری
*۱۸۶

۴،۴۹۴-یا محمدؐ
بس وہی مالکِ یومِ دیں ہے — اور تُو رحمتِ عالَمیں ہے
اور سب کاذبی و کُفوری — یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری
*۱۸۶

۴،۴۹۵-یا محمدؐ
تیری رحمت کا ہے باب عالی — مسلم خستہ جاں ہے سوالی
اُس پہ آساں ہو یومِ نُشوری — یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری
*۱۸۶

۴،۴۹۶-یا محمدؐ
جان میری یہ لے لے گی دُوری
یا محمدؐ ہو اب تو حضُوری
*۱۸۶

❁ ❁ ❁

۴۴۹۷- یا محمدؐ یا محمدؐ دل سے میرے دھویئے غفلت کا زنگ
پھر مجھے سکھلایئے ایمان سے جینے کا ڈھنگ ۲۲۷ *

۴۴۹۸- یا محمدؐ یا محمدؐ اب شفاعت کیجئے اللہ سے
ہے اُسے محبوب خُلقِ احمدی کا انگ انگ ۲۲۸ *

***

۴۴۹۹- یا محمدؐ یا محمدؐ مدینے بلالو دل ہے بیتاب دل کو سنبھالو
اب نہیں تاب دُوری کی مجھ کو اب بلا لو گلے سے لگا لو ۲۳۳ *

۴۵۰۰- یا محمدؐ خاتمُ الانبیاء یا محمدؐ سیّدُ الاَصفیاء یا محمدؐ
تم ہو بدرُالدُجیٰ یا محمدؐ چادرِ نور مجھ پر بھی ڈالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۳ *

۴۵۰۱- یا محمدؐ اے محمدؐ جہانوں کے والی سر بسر رحمتِ ربِ عالی
دید کے منتظِر ہیں سوالی اب تو چہرے سے پردہ ہٹالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۴

۴۵۰۲- یا محمدؐ کون تم سا فصیحُ اللّساں ہے دل میں اُترے جو ایسا بیاں ہے
مَیں ہوں گرداب ِوہم وگُماں ہے کشتیٔ دل کو میری سنبھالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۴ *

۴۵۰۳- یا محمدؐ صاحبِ آبِ تسنیم و کوثر شافعِ مُذنبیں روزِ محشر
رحمتِ عالمیںؐ سب کے سرور اپنی رحمت میں مجھ کو چھپالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۴ *

۴۵۰۴- یا محمدؐ عمر گزری ہے گمراہیوں میں کچھ خیالوں میں کچھ وسوسوں میں
سانس گُھٹتی ہے تاریکیوں میں قعرِ ظُلمت سے اَب تو نکالو
یا محمدؐ مدینے بلالو ۲۳۵ *

صفحہ نمبر زبورِ نعت * زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ❖ کاروانِ حرم ☆

۴،۵۰۵- یا محمدؐ گردشِ عصر میں ہے مقدّر
شب ہے تاریک اور دل بھی مضطر
اے مدینے کے بدرِ منوّر
نورِ ایمان سینے میں ڈھالو
یا محمدؐ مدینے بلالو
* ۲۳۵

۴،۵۰۶- یا محمدؐ میں اسیرِ گناہ و خطا ہوں
طالبِ لطف و مہر و عطا ہوں
سخت عاجز ہوں بے دست و پا ہوں
گر پڑا ہوں مگر تم اُٹھالو
یا محمدؐ مدینے بلالو
* ۲۳۵

۴،۵۰۷- یا محمدؐ آپ کے دَر پہ نظریں گڑی ہیں
میرے دل میں اُمیدیں بڑی ہیں
یہ جدائی کی گھڑیاں کڑی ہیں
یا بلاؤ یا آ کے پتا لو
یا محمدؐ مدینے بلالو
* ۲۳۶

* * *

۴،۵۰۸- یا محمدؐ
یا محمدؐ تحفۂ دردِ محبت ہو قبول
نذر ہَیں گلہائے دل، زخمِ جگر کی روشنی
* ۲۴۲

۴،۵۰۹- یا محمدؐ یا محمدؐ آپ کے قدموں سے دُور
ایک ساعت بھی گزر ہوتی نہیں
* ۲۴۹ *

۴،۵۱۰- یا محمدؐ یا محمدؐ ہجر میں تسکینِ جاں
ایک لمحہ، ایک پَل ہوتی نہیں
* ۲۵۴ *

* * *

۴،۵۱۱- یا محمدؐ
غم جو دل کے ہیں سارے مِٹاؤ
پھر شفاعت کا مژدہ سناؤ
یا محمدؐ مجھے بخشواؤ
* ۲۵۷ *

۴،۵۱۲- یا محمدؐ شب اندھیری ہے گھڑیاں کڑی ہیں
آندھیاں ظلمتوں کی چلی ہیں
اپنی رحمت کی شمعیں جلاؤ
یا محمدؐ مجھے بخشواؤ
* ۲۵۷

۴،۵۱۳- یا محمدؐ لاکھ کرتا ہوں توبہ کے پیماں
نفسِ سرکش ہُوا دشمنِ جاں
سایۂ عاطفت میں چھپاؤ
یا محمدؐ مجھے بخشواؤ
* ۲۵۷

۴،۵۱۴- یا محمدؐ ختم ہو بھی عزائم کی لرزش کالعدم ہو تذبذب کی یورِش
علم و عرفاں کی فصلیں اُگاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۴،۵۱۵- یا محمدؐ دُور وہم و گُماں کے ہوں ڈیرے دِل میں ایمان کے ہوں سویرے
پھول عین الیقین کے کِھلاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۴،۵۱۶- یا محمدؐ ڈر کے اپنے ہی اعمال سے میں وسوسوں کے حَسیں جال سے میں
بھاگ کر آ گیا ہوں بچاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۴،۵۱۷- یا محمدؐ دامنِ دل میں ویرانیاں ہیں اور لاکھوں پشیمانیاں ہیں
رحمتوں کے خزانے لٹاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۴،۵۱۸- یا محمدؐ خوابِ غفلت میں سوتا رہا ہوں حاصلِ عمر کھوتا رہا ہوں
میرے خوابوں سے مجھ کو جگاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۸ *

۴،۵۱۹- یا محمدؐ در پہ آ کے سوالی کھڑا ہوں بحرِ عصیاں میں کچّا گھڑا ہوں
ناخدا اب کنارے لگاؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۹ *

۴،۵۲۰- یا محمدؐ مسلم خستہ جاں ہے بھکاری تم شفاعت کی بادِ بہاری
مغفرت کی بشارت سناؤ یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۹ *

۴،۵۲۱- یا محمدؐ
غم جو دل کے ہیں سارے مِٹاؤ
یا محمدؐ مجھے بخشواؤ
پھر شفاعت کا مژدہ سناؤ
یا محمدؐ مجھے بخشواؤ ۲۵۹ *

❁ ❁ ❁

۴،۵۲۲- یا محمدؐ
یا محمدؐ، میرے آقا، نُورِ حق، شاہِ عرب
جامعِ اوصافِ جملہ انبیاء محبوبِ ربّ ۲۶۰ *

۴،۵۲۳- یا محمدؐ یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام
تاجدارِ اصفیاء تجھ پر سلام ❖ ۵۱

۴،۵۲۴- یا محمدؐ پیکرِ مہر و وفا خیرالانام منبعِ صدق و صفا فیضُ الکرام
دم بدم ہے راحتِ جاں تیرا نام تُو جو والی ہے تو دوزخ ہے حرام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۱

۴،۵۲۵- یا محمدؐ کس زباں سے ہوں بیاں تیری صِفات عرش سے تا فرش ہے بانگِ صلاۃ
جلوۂ انوار تیرا شش جہات آسمانِ رُشد کے ماہِ تمام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۲

۴،۵۲۶- یا محمدؐ اے کہ تو وجہِ قرارِ روح و جاں سایۂ دامن میں تیرے ہے اماں
مُقتدی تیرے ملائک، اِنس و جاں اے رَسولوں اور نبیوں کے اِمام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۲

۴،۵۲۷- یا محمدؐ صبحِ رُخسار و شبِ گیسوئے تو والضّحیٰ والّیل شانِ رُوئے تو
جُود و لطف و عفو و رحمت خُوئے تو از نگاہِ رحمتے کُن شاد کام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۲

۴،۵۲۸- یا محمدؐ تُو ازل سے تا ابد موجود ہے وجہِ آدم میں تُو ہی مَسجود ہے
تُو ہی شاہد ہے تُو ہی مشہود ہے تُو ہی مقصد اور تُو نیلِ مرام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۳

۴،۵۲۹- یا محمدؐ رحمت'' لِلعٰلَمیں تیرا وُجود عرش سے تجھ پر ہے بارانِ دُرُود
در ترا ہے چشمہ سارِ لطف و جُود تیرے حرفِ لب میں اِک کیفِ دوام
یا محمد مصطفیٰؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۳

۴،۵۳۰- یا محمدؐ تجھ سے قائم ہے رگِ تارِ حیات — تجھ سے نغمہ زن لبِ تارِ حیات
ہے تو ہی شمعِ شبِ تارِ حیات — ہے سحر تیرا ہی نقشِ اِبتسام
یا محمد مصطفٰیؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۳

۴،۵۳۱- یا محمدؐ ایک ہل چل ماسوا میں آج ہے — زمزمہ پیرا شبِ معراج ہے
آرہا ہے وہ کہ جس کا راج ہے — قدسیو دیکھو یہ عزّ و اِحتشام
یا محمد مصطفٰیؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۴

۴،۵۳۲- یا محمدؐ سج رہے ہیں چرخ کے دیوار و بام — یہ چراغاں کہکشاں یہ دھوم دھام
دم بخود ہے آج قدرت کا نظام — دیدہ و دل فرشِ راہِ خوش خرام
یا محمد مصطفٰیؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۴

۴،۵۳۳- یا محمدؐ ہیں غم و اندوہ سے دل لالہ فام — ہے عمل کے باب کا مضمون خام
خشک لب ہیں حشر میں اب تشنہ کام — ساقیِ کوثر ملے رحمت کا جام
یا محمد مصطفٰیؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۴

۴،۵۳۴- یا محمدؐ کِشتِ کردار و عمل ویران ہے — ہاتھ خالی ہیں لبوں پر جان ہے
بس شفاعت پر ہی تیری مان ہے — اے رحیم و محسنِ عالی مقام
یا محمد مصطفٰیؐ تجھ پر سلام ❖ ۵۵

۴،۵۳۵- یا محمدؐ اب تو درمانِ دلِ رنجور کر — میری جانب بھی رُخِ پُر نور کر
قلبِ مسلم کی سیاہی دُور کر — اے سراجِ نور مصباحُ الظّلام
یا محمد مصطفٰیؐ تجھ پر سلام
تاجدارِ اصفیاء تجھ پر سلام ❖ ۵۵

❁ ❁ ❁

۴،۵۳۶-یا محمدؐ
یا محمدؐ، ہو کرم، اور جلد ہو
پھر نصیبوں میں زیارت کا حصول
۷۱ ٭

۴،۵۳۷-یا نبی
اَنتمُ الاَعلَون کا مژدہ سنا کر یا نبیؐ
سر بلندی کی عطا، اِحسان سے، اِصلاح سے
٭ ۱۱۴

٭ ٭ ٭

۴،۵۳۸-یا نبی
یا نبیؐ ہو میسّر حضُوری
جان لے لے گی ورنہ یہ دُوری
٭ ۱۸۳

۴،۵۳۹-یا نبی
تُو ہی دُکھتے دِلوں کا ہے درماں
دشت تیری نظر سے گُلستاں
شانِ فیضانِ رحمت وُفوری
یا نبیؐ ہو میسّر حضُوری
٭ ۱۸۳ ٭

۴،۵۴۰-یا نبی
دل مُذبذب، اِرادوں میں لرزِش
اور وہم و گماں کی ہے یورِش
اب سہارا ہے تیرا ضروری
یا نبیؐ ہو میسّر حضُوری
٭ ۱۸۳ ٭

۴،۵۴۱-یا نبی
تیرے قدموں میں میرا ٹھکانا
مجھ کو اللہ سے بخشوانا
اُس کی عادت غَفوری، شکوری
یا نبیؐ ہو میسّر حضُوری
٭ ۱۸۴ ٭

۴،۵۴۲-یا نبی
تجھ سے ہے میرے آقا گزارِش
حشر میں کرنا ربّ سے سفارِش
جس کی وافِر ہے شانِ غفوری
یا نبیؐ ہو میسّر حضُوری
٭ ۲۸۴ ٭

۴،۵۴۳-یا نبی
یا محمدؐ ہو اِذنِ مدینہ
دُور تجھ سے نہیں کوئی جینا
زندگانی ہے مسلّم ادھوری
یا نبیؐ ہو میسّر حضُوری
٭ ۲۸۴ ٭

۴،۵۴۴-یا نبی
جان میری یہ لے لے گی دُوری
یا نبیؐ ہو میسّر حضُوری
٭ ۲۸۴

٭ ٭ ٭

۴،۵۴۵-یا نبی
حشر میں یا نبیؐ، ہو شِفاعت مِری
ہر خطا بخشوا، مصطفیٰؐ، مصطفیٰؐ
٭ ۱۹۲

صفحہ نمبر زَبورِ نعت ٭ زمزمۂ سلام ○ زمزمۂ درود ✣ کاروانِ حرم ☆

۴،۵۴۶ - یا نبیؐ

عالمِ کُن میں ہوئی جب آمدِ خیر الانام
عرش سے تا فرش یوں برپا ہوئی بزمِ سلام
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۳

۴،۵۴۷ - یا نبیؐ

مظہرِ شانِ خدا ہو سرورِ ہر دوسَرا ہو
رہبرِ دینِ ہُدیٰ ہو تم امامِ انبیاء ہو
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۴

۴،۵۴۸ - یا نبیؐ

صادِق و صِدق و امیں ہو والیِ دنیا و دِیں ہو
تم شفیع المُذنبیں ہو رحمتُ لِلعالَمیں ہو
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۴

۴،۵۴۹ - یا نبیؐ

تم سِراجِ بزمِ اِمکاں بارشِ انوارِ ایماں
دانش و حکمت کے عُنواں باعثِ تکریمِ انساں
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۴

۴،۵۵۰ - یا نبیؐ

صنعتِ تقدیر تم سے بارورِ تدبیر تم سے
حُسن کی تصویر تم سے بندگی توقیر تم سے
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۵

۴،۵۵۱- یا نبیؐ ظلمتوں کی تم سحَر ہو مِہر و عَفو و دَرگزر ہو
عاصیوں کے چارہ گر ہو اِس طرف بھی اِک نظر ہو
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۵

۴،۵۵۲- یا نبیؐ نورِ اَولیٰ کی ضیا ہو مُبتدا ہو مُنتہا ہو
حق بھی ہو اور حق نُما ہو تم دلیل و مُدّعا ہو
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۵

۴،۵۵۳- یا نبیؐ شاہد و مشہود و طٰہٰ دوجہاں کے بادشاہا
خود خدا نے تجھ کو چاہا اور دُرودوں سے سراہا
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۶

۴،۵۵۴- یا نبیؐ تم اِمامِ مُتّقیں ہو تم سراجِ سالکیں ہو
مشعلِ دینِ مُبیں ہو مرہمِ قلبِ حزیں ہو
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۶

۴،۵۵۵- یا نبیؐ ظلمتوں میں اَلضُّحٰی ہو ہر مرض کی تم شِفا ہو
سایۂ ربِّ عُلا ہو شافعِ روزِ جزا ہو
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۶

۴،۵۵۶- یا نبیؐ ، عرش پر جس کا گزر ہو تم بظاہر اِک بشَر ہو
حق بھی ہو اور حق نگر ہو منبعِ علم و ہنر ہو
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۷

۴،۵۵۷- یا نبیؐ قلب و جاں تم سے منوّر محفلِ اِمکاں معطّر
ساقیِ تسنیم و کوثر حشر میں دو جام بھر کر
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۷

۴،۵۵۸- یا نبیؐ خُلق کی تکمیل تم سے عِلم کی تحصیل تم سے
حُسن کی تجمیل تم سے عشق کی تکمیل تم سے
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۷

۴،۵۵۹- یا نبیؐ رتبۂ معراج تیرا سب سے اعلیٰ تاج تیرا
ہے زمیں پہ راج تیرا کل ہے تیرا، آج تیرا
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۸

۴،۵۶۰- یا نبیؐ حشر میں ہے تو ہی والی رحمتیں ہیں تیری عالی
تیرے دَر پہ ہاتھ خالی ہم کرَم کے ہیں سوالی
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۸

۴،۵۶۱- یا نبیؐ
ٹھوکریں دَر دَر کی کھا کے عمر کو یونہی گنوا کے
آ گئے ہیں سر جُھکا کے دے اماں اب رحم کھا کے
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۸

۴،۵۶۲- یا نبیؐ
اے صبا طَیبہ کو جانا طشت اشکوں سے سجانا
حالِ مسلم کہہ سنانا اور اَدب سے سر جھکانا
یا نبیؐ سلامُ علیکَ
یا رسولؐ سلامُ علیکَ ❖ ۳۹

❁ ❁ ❁

۴،۵۶۳- یا نبیؐ
یا نبیؐ محدود ہوں الفاظ میں تیری صفات
یا نبیؐ ہرگز نہیں میری یہ جرأت اَلسّلام ❖ ۵۸

۴،۵۶۴- یا نبیءِ آخریں
اوّل و آخر بھی تُو ہے، ظاہر و باطن بھی تُو
باعثِ تخلیقِ عالَم یا نبیءِ آخریں * ۱۰۸

۴،۵۶۵- یا نذیر
یا بشیرِ اہلِ ایماں، یا نذیرِ گمرہاں
یا سراجِ رُشد و نُور و ہادی و حق" مُبیں * ۱۰۸

❁ ❁ ❁

اکیسویں صدی کا لازوال تہذیبی سرمایہ

اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم (پیراہنِ شعر میں)

اسماءُ النبی صلی اللہ علیہ وسلّم (صدفِ ضمائر میں)

"حضورؐ سے فریاد و استغاثے، تخاطب، نعت اور درود و سلام میں اسمائے ضمیر خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔
قرآنِ کریم میں باری تعالیٰ نے ضمائر کو نہ صرف اپنی ذاتِ ذُوالجلال والاِکرام کے لیے،
بلکہ اپنے رسولِ محبوبؐ، دیگر انبیاء علیہم السلام اور بندوں کے لیے بکثرت استعمال
کیا ہے --- ضمائر میں تلطّف و قُرب کا خاص رنگ بہار دیتا ہے"۔

"۴،۵۶۵ اشعار میں اَسمائے گرامی کو "پیراہنِ شعر" -- اور
۳،۷۰۵ اشعار کو "صدفِ ضمائر" میں لانا
"کاوِ کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی" کے مترادف ہے"

"یہ دونوں کاوشیں حضرتِ ع س مسلم مد ظلہٗ کی حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم سے محبت و
مودّت کا شہکار ہیں اور اکیسویں صدی کا لازوال تہذیبی سرمایہ ہیں --- یہ ایک
سعیءِ عظیم ہے جو اِس سے پہلے کسی نعت گو شاعر نے نہیں کی اور نہ ہی
آیندہ کسی سے ہو سکے گی، اِلّا ماشآءاللہ"۔

خاکپائے علماء و ادباء و شعراء
بشیر حسین ناظم، تمغۂ حسنِ کارکردگی
علامہ اقبال خصوصی طلائی تمغہ

القمر انٹرپرائزز، رحمٰن مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور
فون: 042-37237500

ROAD TO HARAM

"کاروانِ حرم"۔ منظوم انگریزی ترجمہ

By Abul Imtiaz Ain Seen Muslim

"The book has multi layers: it's both a travelogue of Haj and a spiritual journey; it's as it were a book of philosophy, invigorating ritual practice of Haj, and above all it is a portrayal of prophet's life. Profound Qur'anic allusions add further gravity to the narration. The theme is highly sublime, and there is hardly a place where its seriousness is halted. So is the language. One feels of Miltonic poetic style."

Prof. (Dr) Syed Khalid Iqbal Haider
Head of the Department of English
Preston University, Ajman Campus, UAE

Published by: Dar Al-Faqih, P.O.Box: 7766,
Abu Dhabi, U.A.E. Tel:+9712-6678920
Email:alfaqih@emirates.net.ae

◦ – ◦ – ◦

قافلة الحرم

عین شمس یونیورسٹی، قاہرہ (مصر) کی اُستاذہ دکتورہ ایمان شکری کا
"کاروانِ حرم" پر تحقیقی و تدقیقی مقالہ اور عربی میں ترجمہ،
جس پر موصوفہ کو ڈاکٹریٹ کی امتیازی ڈگری عطا کی گئی۔
انشاءاللہ عنقریب اشاعت پذیر ہوگا۔

ابو الامتیاز ع س مسلم - شخصیت اور شاعری

مقالہ پی ایچ ڈی، ڈاکٹر غزالہ یونس

ونوبا بھاوے یونیورسٹی، ہزاری باغ

شائع کردہ:

علامہ قتیل اورینٹل لائبریری و مرکزِ تحقیق

دانا پور کینٹ پٹنہ، بہار (بھارت)

❀ ❀ ❀

ابو الامتیاز ع س مسلم کی تصانیف اور اُن پر تحقیقی کتب

ملنے کا پتا:

القمر انٹر پرائزز، رحمٰن مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور

فون: 042-37237500

ISBN 978-969-8981-50-1